کولتار

COAL TAR

مصنفہ

مرزا عظیم بیگ چغتائی

SAML 32

جملہ حقوق محفوظ

کولتار

مُصنِفہ

جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی، بی اے ایل ایل بی، (علیگ)
وکیل چیف کورٹ مارواڑ

بسعی واہتمام

مولوی شاہد احمد بی اے (آنرز) دہلوی
مُدیر مجلہ "ساقی" دہلی

مطبوعہ دلی پرنٹنگ ورکس دہلی

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
(۱)	فہرست	(ب)
(۲)	پیشکش	(ج)
(۳)	دیباچہ	(د)
(۴)	ٹکٹ چیکر	(۲)
(۵)	کولنار	(۱۸)
(۶)	اِنقلاب	(۴۵)
(۷)	میلاد شریف	(۵۷)
(۸)	جَم والی	(۶۸)
(۹)	ہنڈیا میں نمک پھیکا	(۹۳)
(۱۰)	گُلاب خاص	(۱۳)
(۱۱)	بجی	(۱۱۵)
(۱۲)	آلو کا بھُرتہ	(۱۲۴)
(۱۳)	فیروزہ	(۱۴۸)
(۱۴)	اُلٹی میٹم	(۱۵۵)
(۱۵)	گُڑ کے لڈّو	(۱۶۲)
(۱۶)	اجسامِ نفرت	(۱۸۰)
(۱۷)	شاہدہ کی شادی	(۲۰۳)
(۱۸)	!	(۲۱۰)

پیشکش

لابیلاڈیم سائنس مرسی آف علیگڈھ

محترمہ۔ میں اپنی اس ناچیز تصنیف کو آپ ہی کی خدمت میں

کیون نہ پیش کردوں!

گر قبول افتد زہے عز و شرف

آپ کا

ن۔ ا۔ آرس

عظیم بیگ چغتائی

حودھ پور۔ یکم جنوری ۳۲ء

ہر افسانہ پر آپ کو واقعہ کا دھوکا ہوگا!
اور ہر واقعہ پر ایک افسانہ کا!!

دیباچہ

میں اپنی اس ناچیز تصنیف کو ناظرین کی خدمت میں کسی جھجک کے ساتھ نہیں پیش کرتا۔ بلکہ ایک فخر اور اعتماد کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔ اگر یہ فخر اور بلندیِ خیال کسی طرح بھی خودستائی کی تعریف میں آتی ہے اور آسکتی ہے تو اس کے ذمہ دار نہ صرف میرے خاص قدردان اور دوست احباب ہیں بلکہ اس کی ذمہ داری اُس شخص پر عاید ہوتی ہے۔ جو اردو پڑھنا لکھنا جانتا ہے اس کے خاص خاص ابواب ہدیۂ ناظرین ہو کر بیحد مقبول ہو چکے ہیں۔ محض ایک باب "آلو کا کُھرتہ" لیجئے۔ ملا مُبالغہ جسوقت سے وہ نیرنگ خیال میں شائع ہوا ہے (جسکو سال بھر کا عرصہ ہونے آتا ہے) لگاتار مختلف رسالوں اور اخباروں میں تادمِ تحریر شائع ہو رہا ہے، میری تعلّی معاف ہو۔ کیا ابتک کسی مُصنف کے کسی افسانہ نے یہ مقبولیت حاصل کی ہے؟ کیا اردو کی تاریخ میں کوئی دوسرا افسانہ اس سے زیادہ مقبولِ عام ہوا ہے؟ پھر اگر میرا دماغ خراب ہو جائے اور میں سوچنے لگوں کہ "ہمچو من دیگرے نیست" تو حضرت اسمیں خطا ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے مجھے سر پر چڑھایا نہ کہ میری۔ میری تعلّی۔ میری شیخی۔ میری خودپسندی اور کبر و نخوت کے میرے

لہ اس سلسلہ میں یہ سانحہ حالی اردو لکھنے سے ہوگا کہ اس لسحہ کے مطابق ایک حاتوں نے آلو کا کھُرتہ پکایا اور مجھے اطلاع کرائی کہ کچھ ایسا عمدہ نہیں رہا۔

قدرداں ذمہ دار ہیں نہ کہ میں۔

اس مختصر سخنی کے بعد میں کتاب کے بارہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں سب سے اول گذارش یہ ہے کہ تمام افسانے معاشرتی اور اخلاقی ہیں اور اپنے زاویۂ نگاہ سے ہر افسانہ میں میری کوشش یہی ہے کہ کسی خاص مقصد۔ کسی خاص کلیہ کی اشاعت ہو، وہ مقصد یا کلیہ کیا ہے؟ شاید میں خود بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ ہر افسانہ کا مقصد کسی خاص بات کی اشاعت ہے اور نصیحت کو میں نے اسقدر پیچ در پیچ پھولوں میں لپیٹنے کی کوشش کی ہے کہ شاید آپ کو جب پتہ چلے گا جب آپ اسکو قبول کر چکے ہونگے۔ واللہ اعلم اس میں مجھے کہانتک کامیابی ہوئی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ تمام افسانے اسمیں اوریجنل ہیں میں نے کسی انگریزی یا یورپین افسانہ سے نہ تو کسی کا پلاٹ لیا ہے اور نہ خیالات میں کسی کی تتبع کی ہے۔

سب سے زیادہ ضروری بات جو ہے، وہ یہ کہ میں نے اس کتاب میں کسی معاشرت کا فوٹو نہیں کھینچا ہے اور نہ ملک کی مانہ ناز ادبی معاشرتی ناول لکھنے والی محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ کی طرح کوئی اپنا ماڈل پیش کیا ہے بلکہ اُس معاشرت کی یہ ایک جھلک ہے جسمیں قدیم اور جدید تہذیب دونوں کی چاشنی موجود ہے۔ مگر بدقسمتی سے جو لوگ اِس ماحول سے دور ہیں اور دراصل ماوجود ریل کی صبا رفتاری کے ان سے اب بھی دلّی اتنی ہی دور ہے جتنی پہلے اور ان کے گرد و پیش جو معاشرت ہے اس کے دیکھتے ہوئے اِس محدود معاشرت کا وجود انکو خیالی معلوم ہوتا ہے تو وہ حق بجانب ہیں کہ ان افسانوں کو خواہ کسی فرضی معاشرت کا ماڈل تصور کریں یا کچھ اور۔

لیکن جو خود اِس ناؤ میں بیٹھے ہیں وہ ان افسانوں کو پڑھ کر چونک سے پڑتے ہیں اور اِس سلسلہ میں میری کتاب "روحِ طرافت" پر جو ریویو علیگڈھ میگزین میں شایع ہوا ہے اس کا ذیل کا اقتباس خالی از دلچسپی نہوگا۔

"... اکثر افسانے علیگڈھ کی مجموعی زندگی کا چربہ معلوم ہوتے ہیں۔ گویا کہ مختلف صورتوں میں مناسبت وقت کے لحاظ سے کچھ گھٹا بڑھا کر یہاں کی (یعنی علیگڈھ کی) زندگی کو بکمال لطفِ بیان تشکیل دیدیا ہے۔ اکثر مقامات پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں گرد و پیش کا کوئی واقعہ بیان کر رہے ہیں لیکن کھل کر نہیں کہتے اور "عاقلان را اشارہ کافی ست" کے پردہ میں خوب خوب گل کھیلتے ہیں۔۔
..... "کوتار" میں سعدی کے اس نظریہ کو کہ۔۔

نہ ہما عشق از دیدار خیزد بسا کیں لدت از گفتار خیزد

بہت دلچسپ پیرایہ میں بیان کیا ہے ..... "(علیگڈھ میگزین تعطیلات نمبر صفحہ نمبر ۱۹۰)

چنانچہ اسی وجہ سے میں ضروری اور اشد ضروری خیال کرتا ہوں کہ عرض کروں بلکہ اعلان کردوں کہ اس کتاب کے تمام افسانے معہ اپنے کیرکٹروں کے بالکل فرضی، بالکل منگھڑت اور محض خیالی ہیں۔ نہ کسی افسانہ کے اصلی ہیرو کا وجود ہے اور نہ کسی کو حق حاصل ہے کہ وہ کسی افسانہ کے اکھڑے اکھڑے واقعات لیکر اسمیں سے کچھ گھٹا بڑھا کر اوکھا زیچھا ڑکر اور اپنے حالات کے مطابق بنا کر مصنف کی جان کو اٹک جائے اور اسپر الزام یہ دے کہ حضرت ایسا نہیں بلکہ ایسا ہوا تھا۔ یہ آپ نے میرے ساتھ کیسے ظلم کیا اور اپنی طرف سے جوڑ کر یہ ایسا کیوں لکھدیا۔ مگر میرا عذر کہ یہ افسانے ہیں اور بالکل خیالی ہیں میں جانتا ہوں کہ کچھ لوگ ہرگز نہیں سنیں گے اور ضرور خیال آرائی کو دخل دیں گے۔ چنانچہ ملاحظہ ہو کہ اس کتاب کے سرٹل باب پر ہمارے بھائی اور نادیدہ دوست حضرت۔ ایم۔ اسلم نے اپنی نادر الوجود مراجیہ کتاب "مرزاحی" میں خود میرے اوپر ہاتھ صاف کر دیا! اور واللہ کیا تاکہ کو پہنچے ہیں! واقعہ یہ ہوا کہ رسالہ ساقی کے ظریف نمبر ۱۹۳۱ء میں حضرت ایم۔ اسلم کا مضمون دعوتی رقعہ چھپا تھا جو انکی کتاب "مرزاحی" کا ایک باب ہے اور اسی نمبر میں اس کتاب کا سرٹل افسانہ "کوتار" بھی چھپا تھا۔ حضرت ایم۔ اسلم کا

"دعوتی رقعہ" مجھے ظریف نمبر کی جان معلوم ہوا اور میں نے اڈیٹر صاحب رسالہ ساقی کو اسکے بارہ میں خط لکھا کہ یہی رسالہ کا بہترین مضمون رہا اور اُدھر بدقسمتی سے حضرت ایم۔ اسلم۔ اسی قسم کا خط "کولتار" کے بارہ میں لکھ چکے تھے چنانچہ اس عجیب اتفاق پر حضرت ایم اسلم اپنی کتاب "مرزا جی" کے باب "ایڈیٹر اور شرم" میں حسب ذیل لطیفہ درج کرتے ہیں۔

... ہماری منصفانہ رائے کی رُو سے ہی رسالہ (ساقی) "ظریف نمبر" (اس بہترین چیز جناب مرزا صاحب کا "کولتار" تہایا تھی۔ اور جناب یہ واقعہ ہے کہ ہم نے "کولتار" صاحب اتنی بار پڑھا یا پڑھ کر سنایا جتنی کہ خداوند کریم نے ہم پر اور خاص کر آپ لوگوں پر نمازیں فرض کر رکھی ہیں ہمارے خیال میں جناب مرزا عظیم بیگ صاحب دام وکالتہ نے یہ بے حد دلچسپ افسانہ کچھ اس انداز سے بیان فرمایا تہا کہ ؎

دیکھا جو "کولتار" تو مجھکو ہوا گماں ! حضرت کی اپنی ہی نہ کہیں سرگذشت ہو

اب بتائیے اس کا کیا علاج! لہذا اس معذرت کے بعد اب عام اجازت میری طرف سے ہو کہ جسکا جی چاہے ان واقعات کو اپنے حالات زار یا اپنے واقعات سے چسپاں کر کے علیگڈھ کو سر پر صرف اُٹھا ہی نہ لے بلکہ اٹھا کر میرے سر پر دے مارے۔ مگر یہ واضح رہے کہ اگر کسی نے ایسا کیا تو تمام ایسے خطوط آئندہ اڈیشن میں بطور تتمہ دیدیئے جائیں گے۔

ایک عرض اس کتاب کے بارہ میں اور ہے۔ وہ یہ کہ یہ کتاب سب کے لئے لکھی گئی ہے مگر ہاں اُن حضرات کے لئے نہیں جن کی ذہنیت کا یہ عالم ہے کہ بس یہیں کہ واقعی اپنی گھر والیوں کو "آلو کے بُھرتہ" کی مثال پیش کر کے اس سے بھی زیادہ ذلیل کریں۔ میری دانست میں "آلو کا بُھرتہ" طبقۂ اُناث کی اُس ذلت کو ظاہر کرتا ہے جسکو ہمارے نام نہاد معاشرتی بادرچی دسترخوانِ معاشرت کی زینت و زیبت سمجھتے ہیں بجائے اس کے کہ وہ محسوس کریں کہ مسلمان عورتیں کیسی ذلت کا شکار ہو رہی ہیں اور کوشش کریں کہ ایسے مردوں کا ہو جائیں وہ تلقین کرتے ہیں کہ سب بیویوں کو ایسا ہی (ذلیل) ہو جانا چاہیئے۔ انکی دانست میں عورت کو اتنا ہی دبنا چاہیئے، انکی دانست میں عورت کا عین فرض ہی یہی ہے۔ انکی دانست میں مرد کا حق ہے کہ وہ اگر زیر ہو تو محض اسی حربہ سے۔ اللہ رے فرعونیت! اب دیکھنا یہ ہے کہ کتنے بڑے ہے والے ایسے ہیں جو شکایت کریں کہ واقعی

میں نے آلو کا بھرتہ میں عورت ذات کی انتہائی ذلت کی ہے مگر حسرت یہ واضح رہے کہ یہ آلو کا بھرتہ اسی زمانہ میں اور جمعیۃ العلماء ہند کے راج میں پک سکتا ہے۔ ورنہ آج سے ساڑھے تیرہ سو برس پہلے اگر سرزمین حجاز میں اس کا امکان ہوتا تو اسلام کب کا فنا ہو چکا ہوتا۔

آخر میں میری درخواست ہے کہ کتاب میں اگر کوئی لغزش ہو۔ زبان کی غلطی یا اور کوئی ادبی سہو ہو تو چشم پوشی سے کام لیں۔ اگر کہیں مضمون بے ربط ہو یا پلاٹ کی کمزوری عیاں ہو تو مطلع کریں تاکہ آیندہ اڈیشن میں کتاب کی اور بھی جلا ہو جائے۔

اس کتاب کی ترتیب میں جو کچھ بھی ناقابل معافی دیر ہوئی ہے اس کا میں ذمہ دار ہوں۔ مگر یقین دلاتا ہوں کہ اس میں بہتری ہوئی۔ ورنہ اس حسن ترتیب کے ساتھ جو پیش نظر ہے اس کا پیش کیا جانا امر محال تھا۔

اس سلسلہ میں میرے دلی شکریہ کے مستحق برادرم مسٹر شاہد احمد بی۔ اے۔ (آنرز) اڈیٹر رسالہ ساقی ہیں جنکی انتھک کوششوں سے اور جنکی مسلسل جدوجہد سے اس کتاب کی ترتیب ممکن ہوئی نہ صرف انہوں نے مجھے ترتیب میں امداد دی ہے بلکہ اصل رہبری انہوں نے کی ہے اور یہ کتاب محض انہی کی فرمایش پر ترتیب دی گئی ہے اور یہ انہی کی ہمت تھی کہ خود مجھ سے زیادہ انہوں نے اس کے مکمل کرنے میں محنت کی۔ اگر یہ کتاب اچھی کہی جا سکتی ہے اور مصنف کی تعریف کی جا سکتی ہے تو بجا آدھی سے زیادہ تعریف کے مستحق خود برادرم شاہد صاحب ہیں۔

اس کتاب کے ساتھ ساتھ میری دوسری کتاب "روح لطافت" بھی شائع ہوتی ہے یہ دونوں کتابیں تو پریس سے نکلتی ہیں اور تیسری اور کتابیں ساتھ ہی پریس میں جاتی ہیں۔ دیکھیں آپ پڑھتے پڑھتے تھکتے ہیں یا ہم لکھتے لکھتے۔ فقط

جودھپور
مورخہ یکم فروری ۳۲ء

عظیم بیگ چغتائی
وکیل چیف کورٹ مارواڑ

كيمياء

باب (۱)

ٹکٹ چیکر

ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ کالج میں چار روز کی چھٹی ہوئی۔ اور لوگ تو دہلی سیر کرنے اُسی روز چلدیئے مگر ہماری تقدیر کی خوبی سے ہمیں منی آرڈر وصول کرنے کی وجہ سے ایک دن کی دیر کرنی پڑی۔ ہم نے اپنے ساتھیوں کو رخصت کرتے وقت کہا کہ چلو بھئی ہم بھی کل تک پہونچ جائیں گے۔ بغیر ہمارے دوستوں کو کوفت تو ہوئی مگر مجبوری۔

دوسرے روز اسٹیشن پر پہونچے تو ایک اور دوست ملے۔ یہ حضرت بے ٹکٹ سفر کرنے کے ہمیشہ سے عادی تھے رُہتک کے رہنے والے تھے اور پندرہ روز کی چھٹی لیکر ایک ضروری کام سے (غالباً اپنی بیوی کی شادی میں) گھر جا رہے تھے۔ ہمارا کیا نقصان تھا اگر ہمارے ساتھ یہ بے ٹکٹ سفر کریں ہم سے اُنھوں نے وعدہ لے لیا کہ ہم اُنھیں اپنا ٹکٹ غازی آباد کے اسٹیشن پر دیدیں گے تاکہ یہ باہر جاکر وہاں سے رُہتک کا ٹکٹ لے لیں۔

(۱)

غازی آباد کے اسٹیشن پر ہمنے اپنا ٹکٹ اپنے دوست کو دیا اور وہ اسکو لیکر باہر ٹکٹ خریدنے گئے ہم اپنی جگہ پر بیٹھے ہوئے سگریٹ کے دھوئیں کے چھلّے سا رہے تھے کہ اتنے میں ایک صاحب بہادر نے ہماری ناک کی طرف ٹکٹ چیک کرنے کی قینچی بیتی کی۔ وہ باہر پلیٹ فارم پر تھے اور ہم

اندر اُن کی صورت ہی سوال تھی، یہ کہنے کی صرورت ہی نہ تھی کہ ٹکٹ چاہیئے۔ ہم نے قصداً کوئی توجہ نہ کی کیونکہ ہمارا ٹکٹ ہمارے دوست کے پاس تھا۔ تھے دراصل یہ صاحب انگریز مگر روپیہ میں صرف دو ڈھائی آنہ بھر۔

ہم نے تو ٹکٹ دیا نہیں مگر اور لوگ اُن کی خدمت میں ٹکٹ پیش کرنے لگے۔ جب سب کے ٹکٹ یہ دیکھ چکے تو پھر ہماری صورت پہ نازل ہوئے، مگر جب اُنہوں نے دیکھا کہ ہم ان کی طرف دیکھتے ہی نہیں تو کچھ بُرا مانکر انہوں نے کہا "ٹکٹ"۔

ایک معمولی قواعد داں یا ربان دان جانتا ہے کہ از روئے قواعد و زبان دُنیا کی کسی ایک شے کا نام لینے سے مکمل جُملہ نہیں بن سکتا۔ ہم ٹھہرے طالبعلم چنانچہ صروری معلوم ہوا کہ انکو کچھ قواعد کا بھی سبق دیں۔ اوپر سے نیچے تک انکو ہم نے غور سے دیکھا اور یہ سوچکر کہ یہ حضرت نامکمل جملہ بولتے ہیں ہمنے بھی ذرا کرخت لہجہ میں ان سے کہا "سوڈا واٹر"۔

وہ بولے "ریلوے ملازمین سے مذاق کرتے ہو" کچھ بگڑکر۔

ہمنے کچھ ترشروئی سے کہا "مسافروں کو تکلیف دیتے ہو"

"ہماری ڈیوٹی ہے ۔ ہماری یہ ڈیوٹی ہے کہ ہم ٹکٹ چیک کریں" کچھ زور دیکر۔

"ہماری بھی یہ ڈیوٹی ہے کہ ہم انہیں اسا ٹکٹ دکھائیں" کچھ برافروختہ ہوکر۔

"تو پھر آخر ٹکٹ کیوں نہیں دکھاتے" وہ بولے۔

ہمنے واقعہ کہا کہ "مگر تم نے ہم سے ایک ٹکٹ نہیں مانگا"۔

"میں نے مانگا"۔

"غلط کہتے ہو۔ تم نے ہرگز ہم سے ٹکٹ نہیں مانگا۔ تمنے صرف "ٹکٹ" کہا اور اس نامکمل جُملہ سے ہم نہیں سمجھے کہ تم کیا کہتے ہو کیونکہ از رُوئے قواعد یہ نامکمل جُملہ ہے۔ تمکو کہنا تھا کہ ٹکٹ دکھاؤ تاکہ ہم

چیک کریں۔"

کچھ مسکرا کر وہ بولے "معمولی عقل کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ لفظ ٹکٹ کہنے سے مطلب ہی یہ ہے کہ ٹکٹ دکھاؤ۔"

ہم نے کہا "کیا ریلوے میں کوئی قاعدہ ایسا بھی ہے جسکی رُو سے ایسے لوگ سفر نہیں کر سکتے جنکے پاس معمولی عقل بھی نہو۔"

بہت خوش ہو کر اور اس مذاق کو پسند کر کے ہنستے ہوئے بولے "اچھا میں عقل چیک نہیں کرتا ٹکٹ دکھاؤ۔" اور مسافر بھی ہنسنے لگے۔

"ٹکٹ ہم تھوڑی دیر بعد دکھائیں گے۔"

"کیوں"؟

"بات دراصل یہ ہے کہ ہمارے ایک دوست بے ٹکٹ سفر کر رہے ہیں اور ہمارا ٹکٹ لیکر وہ ایسا ٹکٹ یہاں سے خرید لے گئے ہیں۔ ابھی آئے ہونگے ذرا دیر بعد آئیگا۔"

مسافر اس پر ہنسنے لگے اور ٹکٹ چیکر صاحب نے کہا "میں مذاق نہیں کرتا۔"

ہم نے کہا "میرا بھی یہی حال ہے۔" لوگوں نے قہقہہ لگایا۔

"میں تمہیں پولیس میں دے سکتا ہوں۔"

یہ ہم سُنکر بگڑ کھڑے ہوئے اور محض جھگڑا مول لینے کی نیت سے گاڑی میں سے اُتر کر اُن کے سامنے آ کھڑے ہوئے اور اُن سے کہا "ہم تمہاری رپورٹ کریں گے۔"

عجب نہیں کہ بات بڑھ جاتی کہ اتنے میں ہمارے دوست ٹکٹ لیکر آ گئے ہمنے ان سے ایسا ٹکٹ لیکر دکھاتے ہوئے کہا۔ "دیکھئے ہم مذاق نہیں کرتے یہ ابھی ٹکٹ لیکر آ رہے ہیں۔"

ناظرین کو شاید تعجب ہو کہ ہمنے ایسے دوست کو اس طرح کیوں پکڑوا دیا تو بات دراصل

یہ ہے کہ ہمارے اس فعل سے دوستی میں کوئی فرق ہی نہیں آتا۔ اُنکو ہم سے اس کی بیشتر سے توقع تھی اور انصاف کی بات یہ ہے کہ اگر کہیں کوئی دلچسپی پیدا ہو سکنے کی امید ہو تو ایسا ضرور کرنا چاہیئے۔ نہ کوئی ڈراما ہے کی بات ہی نہیں۔

ہمارا ٹکٹ چیک کرنے کے بعد وہ ہمارے دوست کی طرف متوجہ ہوئے اور اُن سے پوچھا "آپ کہاں جا رہے ہیں؟"

نہایت ہی سنجیدگی سے انہوں نے سچ سچ کہدیا "گھر"

"گھر"؟

"گھر"

"یعنی ۔ ؟"

بات کاٹکر "یعنی گھر" زور سے قہقہہ لگا۔ ٹکٹ چیکر صاحب بگڑ گئے اور بولے "کونسا اسٹیشن ہے آخر گھر تو سب ہی جا رہے ہیں۔ آپ اسٹیشن بتائیے"

"میں نہیں بتاتا" وہ تنکر بولے "لیکن آپ ٹکٹ دیکھ سکتے ہیں"۔ یہ کہکر انہوں نے ٹکٹ مینیں کیا۔ چیکر صاحب نے ٹکٹ دیکھا۔ سیر دروازہ کی چیکنگ کا نشان تھا۔ ٹکٹ غازی آباد سے رُہتک کا تھا۔ انہوں نے اُلٹ پلٹ کر کہا "آپ کہاں سے رہے ہیں؟"

"جہنم سے" انہوں نے جلکر کہا "مجھے ۔ فضول وقت ضائع نہ کیجئے"

ٹکٹ چیکر صاحب بولے "آپ علیگڈھ سے آرہے ہیں اور میں آپ سے چارج کرونگا"

"میں کہہ چکا کہ میں ۔ " یہ کہکر انہوں نے ٹکٹ چیکر کے ہاتھ سے ٹکٹ اچک لیا اور کود کر ڈبہ میں آئے وہ بھی لپکے مگر یہ حضرت لوٹا لیکر پاخانہ میں۔ ریل چلدی۔

اب اِس دوران میں ایک صاحب سے ہمنے ایسا ٹکٹ بدل لیا۔ یہ ٹکٹ کا پیو رسی دہلی کا تھا۔

ٹکٹ چیکر صاحب کہکر بیٹھ گئے کہ دہلی پر ان کو مزا چکھاؤنگا۔ یا خانہ سے ہمارے دوست جو نکلے تو پھر وہی باتیں، ٹکٹ دکھانے سے اِدھر سے انکار اور اُدھر سے اصرار۔ تصفیہ اس امر پر ہوا کہ دہلی کے اسٹیشن پر دیکھ لیں گے۔

اب ہمنے بڑی صفائی سے ایسے کہ ٹکٹ چیکر دیکھ نہ لے اپنے دوست کا ٹکٹ لیکر اس کے عوض میں دوسرا ٹکٹ اُنکو چپکے سے دیدیا اور رہتک کا ٹکٹ لیکر اب ایک اور صاحب سے جو ہم سے بہت زیادہ عقلمند تھے انکا ٹکٹ لیا جو ٹونڈلے سے دہلی تک کا تھا۔ اب اطمینان سے دونوں دہلی کے منتظر۔

دہلی کے اسٹیشن پر قبل اس کے کہ ٹکٹ چیکر صاحب ہم سے کہیں اُلٹا ہم نے اُن کا ہاتھ پکڑا کہ آپ کو اسٹیشن ماسٹر کے پاس چلنا ہوگا قصہ مختصر اسٹیشن ماسٹر تو ملا نہیں ڈپٹی اسٹیشن ماسٹر کی قسم سے کوئی انگریز ملا ہم دونوں پہونچتے ہی گو بابر بس پڑے اور اُس سے کہا کہ "ٹکٹ چیکر صاحب شاید شراب کے نشہ میں ہیں اور ہمیں تنگ کر مارا ہے"۔ بیان کرنے کا موقعہ ٹکٹ چیکر صاحب کو دیا گیا اور انہوں نے واقعہ بیان کیا۔ ہم نے سنکر کہا "ارے یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں"۔ تمام واقعات سے یکسر لاعلمی ظاہر کرکے ہمنے کہا کہ "یہ بالکل غلط کہتے ہیں ہم دونوں آپس میں دوست کجا ایک دوسرے کو جانتے بھی نہیں اور پھر علاوہ اسکے چیکر صاحب تو ہمیں یہاں اس بات پر لائے کہ ہم اوں سے لڑتے ہیں اور اب یہ قصہ!" اور پھر اُن کی طرف مخاطب ہوکر کہا "کیا آپ اب بھی نشہ میں ہیں؟"

ہم دونوں نے اپنے اپنے ٹکٹ دکھائے بہت کافی دلیلیں اور محنت ہوئی۔ گواہ ڈھونڈھنے اُس ڈبہ میں ٹکٹ چیکر صاحب گئے تو ایک بھی نہ ملا غرض ہم دونوں وہاں سے بری ہوئے کیونکہ خوش قسمتی سے یہ حضرت شاید کبھی شراب پی کر مسافروں سے اُلجھ چکے تھے کیونکہ ڈپٹی اسٹیشن ماسٹر نے

ہوں سُکیڑ کر اُن سے کہا "اس قسم کے قصے میں نہیں پسند کرتا" اور ہم دونوں سے کہا "آپ جائیے"
یہ گویا ان ٹکٹ چیکر صاحب سے ہماری پہلی ملاقات تھی۔

(۲)

ہمارے پاس والد صاحب قبلہ کا خط امتحان کے بعد ہی آیا تھا کہ تم "وہاں" ہوتے ہوئے گھر پر آنا۔ گو ہم خود گھر پر تھے اور والد صاحب ملازمت پر مگر دراصل گھر وہ تھا کہ اصلی وطن جہاں ہم پڑھ رہے تھے، امتحان کے پرچے تمام چوپٹ ہو گئے اور نتیجہ شائع ہونے والا ہی تھا۔ اگر ہم "وہاں" پہونچتے تو ساتھ ساتھ امید تھی کہ "وہیں" ہمارے فیل ہونے کی خبر بھی ہمارے ساتھ ساتھ پہونچے گی۔ لہٰذا "وہاں" کا جانا "مشروط بہ کامیابی در امتحان" قرار پایا۔

پاس ہونے کی خوشی کا اندازہ لگانا دراصل مشکل ہے خصوصاً جبکہ تمام اُمیدیں منقطع ہو گئی ہوں اور پھر تہرڈ ڈویژن ماردی جائے۔ ہمارے ایک دوست کا یہ حال ہوا کہ بیان سے باہر۔ دراصل ہم اپنے بارہ میں تو کہہ سکتے ہیں کہ شادیِ مرگ کے نظریہ کے قائل ہوتے ہوتے رہ گئے، دو تین سکنڈ تک تو یہ گمان رہا کہ مر رہے ہیں۔ مارے خوشی کے اوس روز کوئی قتل ہمیں نہیں کیا یہی غنیمت ہے۔ تار دینے کے لئے ڈاکخانہ گئے تو بابو کو مارتے مارتے چھوڑا اور پھر اس روپیہ کو نہایت ہی بیدردی سے خرچ کرے مارا دوڑے جس کا پائی پائی کا حساب ہمیں دینا تھا مگر اب بھلا کسی کی کیا مجال تھی کہ اس روپیہ میں سے کوڑی بھی لیلے کیونکہ یہ واقعہ ہے کہ پاس ہونے کے گھیلے میں اسکا خورد بُرد کر دینا آسان تھا جو سب جانتے تھے کہ پاس ہونے پر دو چار دن تک کیا بلکہ ہفتوں حقگیاں پاس نہیں آتیں اور پھر حساب فہمی کے معاملات معرضِ التوا میں پڑ جاتے ہیں، اس طرح روپیہ جیب میں اور ہم "وہاں" ہوتے ہوئے گھر جا رہے تھے لیکن دو چار مودی اور مل

گئے اور انہوں نے کہا کہ اب "وہاں" ہوتے ہوئے گھر جانے کے بجائے بہتر ہے کہ پہلے لکھنؤ اور پھر "وہاں" اور پھر والد صاحب کے پاس جاؤ ہم راضی ہو گئے کئی ایک ٹائیاں اور سی ٹوپی کے علاوہ کئی جوڑی موزے لئے کہ وہ لوازمات تھے جو ہم نے فوراً خریدے اور پھر یہ سوچکر کہ لوگ سمجھیں کہ یہ گھر پر ہمیشہ سلیم شاہی جوتہ پہنتا ہے اسلیپ لورڈنگ کے بیرے کے سر پر مارا اور نیا خریدا اب گویا ہم امیدوار بنکر "برد کہاوے" کے لئے اپنی محورہ سسرال جانے کیلئے تیار تھے

بڑی اچھی ساعت سے ہم دوستوں کے ساتھ روانہ ہوئے تھے کیونکہ ٹونڈلہ کے اسٹیشن پر ہمارے دو اور ساتھی مل گئے جو لکھنؤ سے بھی آگے جا رہے تھے۔ ٹونڈلہ پر ایک طالب علم مُناحصرت ہماری گاڑی میں آئے۔ بے تکلفی مگر فراخ دلی سے اُنہوں نے سگرٹ خرچ کر چکے بعد مسکرا کر کہا "در اٹکٹ چیکر کو دیکھتے رہیئے گا میں بے ٹکٹ ہوں"۔ ہم نے نوٹ کر لیا اور حسب الارشاد دیکھتے رہے۔

خوش قسمتی یہ خوش قسمتی کے ہم اپنے ساتھیوں کے ساتھ اطمینان سے باتیں بھی نہ کرنے پائے تھے کہ کیا دیکھتے ہیں کہ پلیٹ فارم کے اُس پار وہی ٹکٹ چیکر صاحب کھڑے ہیں جن سے چار پانچ ماہ پیشتر کبھی غازی آباد کے اسٹیشن پر قصہ رہا تھا۔ فوراً ایک قلی سے کہا کہ جاکر صاحب سے کہو کہ تمہارے ایک بڑے پرانے دوست بُلاتے ہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں وہ آکھڑے ہوئے اور ہمیں نہ پہچان کر قلی سے بولے "کون بُلاتا ہے؟"

ہم "ہمنے آپ کو بلایا ہے"

وہ "کیوں کس واسطے؟"

ہم "اسلئے کہ آپ سے روپیہ کی ریزگاری لینا ہے۔ اگر ہو تو عنایت کیجئے"۔ روپیہ نکالکر دکھایا

بجائے خفا ہونے کے چیکر صاحب شاید اپنے حافظہ پر زور دیکر ہمیں پہچان گئے لیکن یاد نہ پڑتا تھا لہٰذا ہم نے اُنکی امداد کی اور بول اٹھے "غازی آباد"

اُنکے چہرہ سے پتہ چلا کہ ہمیں پہچان گئے اور کچھ غصہ بھی آیا مگر تھے سمجھدار آدمی اور کچھ نہ بولے ورنہ ہمارے ساتھ سوقت کئی موذی تھے۔

وہ حضرت جو بے ٹکٹ تھے اب ہمنے انکی طرف اشارہ کرکے کہا کہ "ٹکٹ چیکر صاحب دراصل ہمنے آپکو بلایا تو تھا ان حضرت کی وجہ سے کیونکہ انکا حکم تھا کہ ہم آپکو دیکھتے رہیں" کہکر ہمنے اپنا ٹکٹ پیش کیا اور ان نے ٹکٹ حضرت کو پکڑوا دیا قبل اسکے کہ وہ ہمارے ڈبہ کے تمام ٹکٹ چیک کریں ہمنے پہلا کام یہ کیا کہ حتی الامکان ہر خوانچہ والے کو قلی کو غرض جو بھی ریلوے سے تعلق رکھتا تھا کوشش کرکے ٹکٹ چیکر صاحب کے پاس یہ کہکر بھیجا کہ تم کو صاحب بُلاتے ہیں۔ کچھ دیر اس کا لطف رہا مگر حسبِ دلخواہ کامیابی نہ ہوئی ہم ناکام لوٹ کر اپنی جگہ پر آئے تو دیکھا کہ ٹکٹ چیکر صاحب دوسری طرف کی بنچ پر بیٹھے ایک بابو صاحب سے باتیں کر رہے ہیں آپ یقین کریں کہ ہمیں باوجود باتونی ہونے کے چند قسم کی باتوں سے بڑی اُلجھن ہوتی ہے۔ مثلاً حب کئی پولیس والے بیٹھکر رپٹ اور چالان اور گواہوں کا مسلسل تذکرہ چھیڑ دیں یا پھر ریلوے ملازمین آپس میں بیٹھکر "ٹوڈاؤن اور فوراپ" کر رہے ہوں۔ اس وقت یہی ہو رہا تھا اور ہماری جان ہی تو جل گئی۔ ٹکٹ چیکر صاحب ان بابو صاحب سے جو ریلوے ملازم تھے یہی باتیں کر رہے تھے۔

فوراً ہم اپنی گاڑی میں سے اُتر کر دوسری گاڑی میں ہو کر اس طرف پہونچے اور دوسری طرف سے پہونچکر آہستہ سے اپنی گاڑی کے پائیدان پر چڑھے اور موقعہ دیکھکر ہم نے چیکر صاحب کی دونوں آنکھیں اپنے دونوں ہاتھوں سے ایک دم سے بند کرلیں۔ وہ حضرت سمجھے کہ کوئی دوست ہے اور انہوں نے ہمارے ہاتھ ٹٹول کر اپنے دوستوں کے نام لینا شروع کئے "ڈیوڈ"، "یار کر"

"میکی" وغیرہ وغیرہ مگر چونکہ ہم ان میں سے کوئی نہ تھے لہذا ہاتھوں کو زور سے دبا باتا کہ اونکو تکلیف ہو اور یوبت بہ اینجا رسید کہ ہم انکی آنکھیں پھوڑے ڈال رہے تھے کہ انہوں نے ہنستے ہوئے ہاتھ ہمارے چھڑا کر جو ہمیں دیکھا تو بس جل ہی تو گئے۔ غضبناک ہو کر انہوں نے ٹکٹ چیک کرنے کی قینچی ہمارے ہاتھ پر اس زور سے ماری کہ ہم بلبلا ہی تو گئے۔ انہوں نے دوسرا حملہ کیا۔ لیکن ہم نے انکی قینچی پکڑ لی اور کھینچا تانی کر کے چھینکر کود کر بھاگے فوراً گاڑی چلدی اور ہمنے ایک تیسرے درجہ میں داخل ہو کر ٹکٹ چیک کرنا شروع کر دیے۔

(۳)

جیسے ہی دوسرا اسٹیشن آیا ہم فوراً اتر پڑے ہمیں اب صرف اپنے ہی ڈبہ میں پناہ مل سکتی تھی کیونکہ ہم خوب جانتے تھے کہ ٹکٹ چیکر صاحب ہمارا ڈبہ چھوڑ کر ہماری تلاش میں نکلیں گے ہم تیزی سے اتر کر پشت کی طرف سے اپنی جگہ آ بیٹھے حسب توقع معلوم ہوا کہ ٹکٹ چیکر صاحب اور وہ بابو جو اُن سے باتیں کر رہے تھے اور ہمیں ٹکٹ چیکر صاحب کا پرانا دوست سمجھکر بیٹھے انکی آنکھیں پھڑوا باکئے اور کچھ نہ بولے ہماری تلاش میں گئے ہیں ہمیں اپنے ساتھیوں سے معلوم ہوا وہ ہمیں پولیس میں دینے کو کہتے ہیں۔ ہم نے دل میں کہا کہ کچھ پرواہ نہیں۔ پاس ہو گئے ہیں برد کہاوے کو نہ پہونچ سکیں گے اس سے زیادہ نقصان ناممکن۔ چھٹیاں اب کے جیل ہی میں کاٹیں گے۔ سب سے پہلے ہمنے یہ کام کیا کہ ٹکٹ چیک کرنے کا آلہ ٹکٹ چیکر صاحب کی گدی کے نیچے کھڑکی کے پاس ہی رکھدیا اور اپنی جگہ اطمینان سے بیٹھ گئے ہمارے ساتھیوں نے پوچھا کہ اب وہ آتا ہوگا کیا کروگے تو ہم نے بھی کہا کہ اوس نے ہماری انگلی پر جو قینچی ماری ہے اس کا بدلہ لیں گے۔ ہم ان حضرت سے غلط فہمی کی معافی مانگ رہے تھے جنہوں نے ہم سے کہا تھا کہ ٹکٹ چیکر پر نظر رکھنا اور جنہیں ہمنے بے ٹکٹ ہونے کی وجہ سے پکڑوا دیا تھا کہ ٹکٹ چیکر

صاحب آگئے ہم نے دیدہ و دانستہ انکی طرف سے نظر پھیر لی تھی کہ ہمارا ہاتھ انہوں نے دراسخی سے پکڑا ہم نے ڈپٹ کر اُن سے کہا "تمنے ہماری اُنگلی میں اپنی قینچی کیسے ماری؟"

"میں تمہیں پولیس میں دیدوں گا ورنہ تم میرا ٹکٹ چیک کرنے کی قینچی) لاؤ"

"نہیں دیتے" ہمنے تنکر کہا "تمنے ہمیں کیوں مارا؟" یہ کہکر ہمنے اپنی انگلی انکی چونچ کی طرف ایک دم سے بڑھا کر کہا "یہ دیکھو"

اتنے میں وہ دوسرے بابو صاحب جو اوں سے باتیں کر رہے تھے بولے کہ "بابو صاحب آپ نے جُرم کیا ہے"

"ارے!" ہم نے کہا "بھئی لینا ذرا انکے لعل ٹھونکنا"

جلکر وہ بولے "اجی بابو صاحب ذرا ہوش "

بات کاٹکر ہم نے کہا "تمہارے بابو کہیں جھک مار رہے ہونگے۔ اب کی مرتبہ اگر تمنے ہمیں بابو والو کہا تو یاد رکھو کہ بابو سے آدمی بنا دیئے جاؤ گے"

غرض بہت جلد تُہکّا فصیحتی ہونے لگی اور حیقلش کی صورت دربیں ہونیوالی تھی کہ ہمارے ایک نالایق ساتھی نے دو ایک مسافروں کی امداد سے بیچ میں پڑکر ٹکٹ چیکر صاحب سے کہا کہ "لڑکے سے کوئی فائدہ نہیں اسٹیشن آجائے تو اِن سے سمجھ لیجئے گا" گاڑی چل رہی تھی ہم دونوں اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے۔ مگر پھر صاحب سے ہم سے جھائیں جھائیں ہونے لگی اور ہم نے اب بہتر سمجھا کہ اُنہیں اور طرح تنگ کریں چنانچہ اُن سے پھر ہم نے اور ہمارے ساتھیوں نے تمام بحث چھوڑکر روپیہ کے پیسہ مانگنے شروع کئے ایک کہتا کہ انہیں نہ دیجئے گا مجھے دیجئے گا اور دوسرا کہتا کہ مجھے دیجئے گا انکا روپیہ کھوٹا ہے تو تیسرا کہتا کہ مجھے ایک پیسہ کم دیجئے گا غرض کوئی ہاتھ جوڑتا تو کوئی خوشامد کرتا کہ روپیہ کے پیسے مجھے دیجئے گا۔ تمام بحث اس طرح ختم ہوئی اور اب اگر خفا ہوں تو اس کا بھی یہی جواب کہ روپیہ

کے پیسے لاؤ۔ صبط سے جب اُنہوں نے کام لیا تو ہم لوگ جگہ چھوڑ کر پیسے مانگنے پر تُل گئے اور پھر لڑائی ہونے لگی مگر اب لڑائی کی صورت ہی اور تھی۔ ہمارا حربہ اور ڈھال دونوں یہی حملہ تھا کہ روپیہ کے پیسے دیدیجئے۔

اتنے میں گاڑی کی رفتار میں ذرا کمی ہوئی تو ہم نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اسٹیشن آ رہا ہے تم لوگ کھڑکی پر آکر ایسے جمع ہو جانا کہ ہم تو گاڑی رکتے ہی نکل جائیں اور ٹکٹ چیکر صاحب ایک لمحہ بھر کیلئے رُک جائیں، ایسا ہی کیا گیا۔ ہم گاڑی رُکتے ہی فرار ہو گئے اور ہمارے ساتھی کھڑکی میں ایسے اُڑ گئے کہ ہمیں مُہلت کافی مل گئی۔ ٹکٹ چیکر صاحب کو کھڑکی سے نکلنے کے لئے زور لگاتا چھوڑ کر ہم بھاگے اور دوڑ کے ایک تیسرے درجہ میں گھسکر پاخانہ میں قلعہ بند ہو گئے۔

ہمیں کچھ پتہ نہیں کہ ٹکٹ چیکر صاحب نے ہمارا پتہ لگانے کی کیا کوشش کی۔ جب ریل چلی تو ہم اپنے قلعہ سے نکلے تو سخت گھبرائے کیونکہ وہ ناہنجار معہ ایک عدد کانسٹبل کے ہمارا منتظر ہی تھا، ہم نکلے ہی تھے کہ ٹکٹ چیکر صاحب نے کانسٹبل کو ہماری طرف شکاری کُتے کی طرح دوڑا دیا۔ اس شرط پر ہمنے اپنے کو محبوراً کانسٹبل کی حراست میں دیدیا کہ ٹکٹ چیکر صاحب الگ خاموش بیٹھے رہیں اور ہمیں ہاتھ نہ لگایا جائے اب ہم یہ سوچ رہے تھے کہ کیا ہوگا دل میں سوچ رہے تھے کہ کہیں سچ مچ قید و بند نہ ہو جائیں۔ اتنے میں ایک آدمی نے ٹھٹھکر کہا "میاں سلام کہاں جا رہے ہو؟ کیا معاملہ ہے؟" ہم نے سر اوپر کر کے اپنے چچا صاحب کے ملازم کو دیکھا۔ معلوم ہوا کہ چچی صاحبہ بھی ہماری ہم سفر ہیں اور میری مریدی کے چکر میں روپیہ ضائع کر رہی ہیں اور لکھو جا رہی ہیں، دلمیں ہم سوچنے لگے کہ اگر گرفتاری سے بچ گئے تو یان اور ماستہ کا ٹھیک ہو ہی گیا۔

(۴)

اسٹیشن آیا اور ہم اُتارے گئے۔ ایک خطرناک قسم کے اسٹیشن ماسٹر کے سامنے ہماری پیشی

ہوئی ہمارے ساتھی بھی اُتر آئے۔ بہت جلد ہمیں اس مخمصہ سے خلاصی پالی کیونکہ دیکھا جائے تو واقعہ ہی کیا تھا۔ صرف اتنا ہی تو تھا کہ ایک دوست کے دھوکہ میں چیکر صاحب کی آنکھیں ہم نے پیچھے سے بند کرلی تھیں ٹکٹ چیک کرنے کا نیز خود جہاں وہ بیٹھے تھے موجود ہی تھا اور روپیہ ہمیں پیسوں کی بیحد ضرورت تھی اور اب ہی ہم ایک پیسہ کم لینے کو تیار تھے یہ سب کچھ تھا مگر نرمی سے کام چلا اور ہمیں ناضابطہ خوشامد کرنی پڑی اور اپنی غلطیوں کی معافی مانگنی پڑی۔ لیکن معافی مانگنے کے بعد ہم پھر بھی نہ مانے اور کہا کہ "ابتو روپیہ کے پیسے دیدیجئے" کیونکہ یہ دوسرے لہجہ میں کہا تھا لہذا ٹکٹ چیکر صاحب ہنس دیئے اور قصہ ختم۔

یہ ٹکٹ چیکر صاحب اب بھی جب کبھی ملجاتے ہیں ان سے صاحب سلامت ہوتی ہے اور ٹکٹ ہم سے کبھی نہیں مانگتے۔

(۵)

اس گڑبڑ سے جب آیندہ کیلئے فرصت ہوگئی تو ہم چچی صاحبہ کی مزاج پرسی کیلئے دوسری اسٹیشن پر پہونچے ایک صاحب کوئی اور بھی کھڑے ایسے گھر کی عورتوں سے باتیں کررہے تھے۔ تھوڑی دیر تک باتیں کرتے رہے کہ اس عورت نے انکو ایک لفافہ دیا تاکہ وہ لیٹر بکس میں ڈالدیں حورنانہ درجہ کے سامنے ہی تھا مگر چچی صاحبہ کو یاد آگیا کہ ایک کارڈ انکے پاس بھی ڈالنے سے رہ گیا ہے چنانچہ انہوں نے نکالکر دیا اور ہم سے کہا کہ اسے ڈالدو وہ حضرت لیٹر بکس میں خط ڈالکر چلے گئے اور گاڑی نے سیٹی دی ہم بھی لپک کر کارڈ ڈالنے پہونچے کیا دیکھتے ہیں کہ لیٹر بکس کے منہ میں ایک لفافہ اڑا ہوا ہے یہی لفافہ تھا جو لایرواہ حضرت اپنی دانست میں لیٹر بکس کے اندر ڈالکر گئے تھے۔ ہم نے اس بیت سے اسکو نکالا کہ اپنا کارڈ ڈالکر اسکو بھی ڈالدیں۔ قدرتی طور پر لفافہ کے پتہ پر نظر پڑی ایک دم سے ہمارے منہ سے نکلا "ارے" ریل نے سیٹی دی اور ہم نے کارڈ تو ڈالدیا مگر لفافہ جیب میں رکھکر اپنے درجہ میں بھاگ کر چڑھ گئے

آپ خود خیال کیجئے کہ کیونکر ہم اس لفافہ پر قبضہ نہ کرتے۔ اس لفافہ پر پتہ ایک لڑکی کا درج تھا

اور پھر لڑکی بھی وہ جو کہ ہمارے دستِ حق پرست پر مسلمان ہونے کے لئے منتخب کی گئی تھی۔

ایک طرف کو ذرا اپنے ساتھیوں سے الگ ہو کر ہم نے خط جیب سے نکالا اور کھول کر اپنے اخلاقی گناہوں کی فہرست میں فوراً ایک اور گناہ کا اضافہ کیا۔ ہم اس خط کو پڑھکر حیرت میں رہ گئے کیونکہ خط کا مضمون ہی ایسا تھا جو خلاصہ درج ذیل ہے۔

"میری پیاری بہن زاہدہ۔

میں کس طرح تمہیں اپنی پریشانیوں کا حال لکھوں، اماں جان کے بچنے کی اب کوئی امید نہیں۔ روز بروز ان کی حالت خراب ہوتی جا رہی ہے۔ آج ہم دلّی سے شام کو روانہ ہونگے ورنہ پھر کل صبح کی گاڑی سے تو ضرور ہی پندرہ میں روز علاج رہا مگر کوئی افاقہ کی صورت نہیں۔ ڈاکٹری معائنہ سے معلوم ہوا کہ اماں جان کو دق تو نہیں ہے مگر خطرہ ضرور ہے، حکیم صاحب نے بھی یہی کہا مگر دراصل انکی حالت ہی اور ہے، انکی وجہ سے میری بھی حالت خراب ہے۔ آگے وہ جائیں گے تو پیچھے میں جاؤنگی خدا جانتا ہے کہ زندگی سے اب جان تنگ ہے۔

یہ خط جلدی میں لکھ رہی ہوں اور مفصل گھر پہونچکر لکھوں گی۔ کلکتہ والی سے صرف ایک روز دہلی میں ملاقات ہوئی تھی۔ فقط۔"

یہ تو خط کا اصل مضمون تھا مگر خط کے حاشیہ پر پنسل سے جو عبارت تھی وہ ایک معمہ تھی حاشیہ پر لکھا تھا کہ "یہ خط اب ریل میں سے ڈلوا رہی ہوں۔ دہلی میں بھول گئی، اسوقت میرا دل بیحد پریشان ہے کیونکہ ابھی ابھی میں نے اپنے اور اماں جان کے قاتل کو دیکھا ہے جو ابھی چچی سے باتیں کر رہا تھا، مجھے اسکی صورت سے نفرت ہے اور دیکھنے سے اختلاج پیدا ہو گیا۔"

ناظرین غور کریں کہ ہمیں کیونکر اس خط سے دلچسپی نہ ہوتی۔ اول تو مکتوب الیہ ہماری بیوی معلقہ اور پھر اسپر یہ حاشیہ کی عبارت، ہم سخت چکرائے کیونکہ اپنی چچی سے تو ہم ہی باتیں کر رہے تھے۔

جب یہ خط ڈالا گیا تھا۔ لیکن یہ سمجھ میں نہ آیا کہ آخر وہ قاتل کون ہے کیونکہ ہمنے کوئی قتل وتل کبھی نہ کیا تھا، بہت سوچا لیکن کچھ معاملہ سمجھ میں نہ آیا ہم نے اب تہیہ کرلیا کہ ہر اسٹیشن پر اُتر کر چچی کے پاس جائیں گے تاکہ اپنے علاوہ کسی اور چچی کے بھتیجہ کو تلاش کریں، ہمیں اطمینان تھا کہ ہم ضرور اس معمہ کو حل کرلیں گے اور سوچ رہے تھے کہ کسی نہ کسی اسٹیشن پر تو وہ بھتیجہ اپنی چچی سے ہماری طرح باتیں کرنے آخر کو آئے ہی گا۔

ہم ہر اسٹیشن پر چچی کے پاس جاتے اور ساتھ ہی یہ بھی کوشش کرتے کہ خط لکھنے والی کی ایک جھلک دیکھ لیں مگر اوّل تو وہ برقعہ اوڑھے منہ چھپائے کھڑکی کی آڑ میں اور پھر چچی سامنے نہیں۔ ہوتے ہوتے کانپور کا اسٹیشن آگیا مگر باوجود ہماری کوشش کے ان بھتیجہ کا پتہ نہ چل سکا حتیٰ ہمیں اسقدر تلاش تھی، رہ رہ کر ہم ایسے ہی کوتہا بھیجہ باتے تھے بھتیجہ تو بھتیجہ کوئی بھتیجہ نما شخص تک زمانہ درحہ کے پاس نہ پھٹکا۔

کانپور کے اسٹیشن پر ہم نے اپنا اور چچی صاحبہ کا اسباب آسانی کیواسطے ملا لیا کیونکہ ہمارے ساتھ ہمارے تین اور ساتھیوں کا بھی اسباب تھا۔ یہاں ہمیں لکھنؤ جانے کے لئے اسٹیشن بدلنا تھا، ایک ہی گاڑی پر سب اسباب بار کرا لیا گیا اور دوسرے اسٹیشن پر پہونچے۔ کانپور سے لکھنؤ پہونچ گئے مگر ان بھتیجہ صاحب کا پتہ نہ چلنا تھا نہ چلا۔ لکھنؤ کے اسٹیشن ہی پر سے ہم چچی صاحبہ سے رُخصت ہوتے کیونکہ وہ سیدھی اپنے پیر کے یہاں جارہی تھیں۔

(۶)

ہم اپنے دوست کے یہاں ٹھہرے گھر پہونچکر ہم نے اپنا سیاہ رنگ کا سوٹ کیس مُاٹرنک جو کھولا تو ہمارے تعجب کی کوئی انتہا ہی نہ رہی کیونکہ وہاں ہمارے سامان کے بجائے زنانہ کپڑے اور سنگار کی چیزیں تھیں، ہم بہت گھبرائے اور اوپر نیچے چاروں طرف سے ٹرنک کو دیکھا یہ کسی اور کا تھا اور بدل گیا۔ ہمارا بھی سیاہ تھا اور یہ بھی سیاہ تھا۔ ہمارا بھی نیا تھا اور یہ بھی نیا تھا۔ اوسمیں بھی اوپر کا تالا

نہ تھا اور اسمیں بھی کوئی اوپری تالا نہیں پڑا تھا۔ یہ تو طے تھا کہ چچی صاحبہ کے ساماں میں ہمارا سامان مل گیا اور اسی میں یہ بدل گیا ہے مگر چچی صاحبہ کا یہ بکس ہو ہی نہیں سکتا تھا کیونکہ یہ تو کسی فیشن ایبل چھوکری کا ساماں معلوم ہوتا تھا نہ کہ ایک عمر والی عورت کا۔ ہمنے فوراً اس بکس کی تلاشی لی تو ہمیں اسمیں متعدد خطوط اور کاغذ ملے۔ ان خطوط کے پتے پڑھکر ہم چونکے خط ایک ایک کرکے ہم نے سب پڑھے اسمیں سب خط زاہدہ کے تھے یعنی اُس لڑکی کے جسسے ہماری شادی تجویز ہو رہی تھی علاوہ اسکے خطوں کے ایک لمبا چوڑا خط کا مسودہ ملا جو زاہدہ کو لکھا گیا تھا۔ اسکو ہمنے شروع سے آخر تک پڑھا ہم پڑھتے جاتے تھے اور سناٹے میں آتے جاتے تھے خط پڑھ چکنے کے بعد ہم اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔ کیونکہ اب سارا معمہ حل ہو گیا۔ اس خط کے مسودہ نے راز کھولدیا یہ واقعہ تھا کہ وہ قاتل ہیتجہ جسکا کہ ذکر اس خط میں تھا سوائے ہمارے کوئی نہ تھا! "یا اللہ اب میں کیا کروں" ہم نے تنگ آکر اور پریشان ہو کر کہا۔ ہم ایک عجیب فکر میں پڑ گئے۔ ایک عجیب خلجان تھا۔ بیشک ہماری ہی خطا تھی مگر اس خطا کی وجہ سے ہمیں قاتل کہنا کہاں تک درست تھا اسکا اندازہ ہم خاموش بیٹھے ہوئے لگا رہے تھے، کیونکہ جو کچھ بھی ہمارے علم میں آیا اگر وہ صحیح تھا (اور بیشک تھا ہی) تو ضرور بالضرور اور بیشک یہ خوفناک لفظ یعنی "قاتل" ہمارے لئے بالکل سزاوار تھا مگر پھر بھی گجالیت تھی!

ہمارے پاس اب اسکا علاج کیا تھا جو ہم اپنی شرارتوں کے سلسلہ میں کر گذرے تھے شرارتوں کے سلسلہ میں اپنے سے زائد تیر شخص سے شکست کھا کر خص اپنی شرارت کے جواب کا بدلہ کمینہ پن سے لینے کے لئے جو کچھ ہم کر گذرے تھے۔ ہمارا ضمیر ہمارے فعل کے اوپر ملامت کر رہا تھا اور طبیعت کا یہ حال تھا کہ کسی طرح جو کر گذرے اس کی تلافی کیجائے۔ بہت کچھ سوچا مگر تلافی کی کوئی صورت ہی نظر نہ پڑتی تھی۔ سوائے ایک کے تلافی تو ممکن تھی مگر مرحلے طے کرنے تھے تاہم ممکن صورت تھی فوراً دلمیں ہمنے کچھ ٹھان لیا۔ "وہاں" جانا بالفعل ملتوی کیا گیا۔ اور جا بھی نہ سکتے تھے۔ کیونکہ ہمارا بہترین سوٹ اور

ٹائیاں اور کالر ہمارے ٹرنک میں تھے جو بدل گیا تھا اور برد کھاوے کیلئے ہمارے پاس جیسے کپڑے ہم چاہتے تھے ویسے نہ تھے۔ غرض برد کھاوے کو ملتوی کیا اور گھر یعنی والد صاحب کے پاس سیدھے جانے کی ٹھانی۔

یہاں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ خط اور صندوق معہ سامان کے ہم نے ضبط کر لیا اور کسی طرح بھی کوشش نہ کی کہ اس صندوق کو دیکر اپنا صندوق واپس لیں۔ خوش قسمتی سے ہمارے صندوق میں کوئی ایسی چیز نہ تھی جس سے ہمارا پتہ چل سکتا۔

ہم نے کیا خطا کی تھی اور کیا شرارت ہمارے ساتھ ہوئی تھی اور ہم نے کیا کمینہ پن کیا تھا؟ اور درصل معاملہ کیا تھا؟ اور پھر ہم نے اپنے کئے کی کیا تلافی کی اور کس طرح کی؟ یہ سب باتیں درصل بالکل پرائیویٹ ہیں اور قارئین کو نہیں بتائی جا سکتیں اور امید ہے کہ تمام قارئین شرافت سے کام لیتے ہوئے اس شکایت کا خیال ہی دل میں۔ لائیں گے کہ مضمون ادھورا اور نامکمل رہ گیا فقط۔

نوٹ

مندرجہ بالا قصہ تو یہیں ختم ہو گیا اور اگر کوئی اپنے پرائیویٹ معاملات صیغہ راز میں رکھنا چاہتا ہے تو کوئی مضائقہ نہیں اور ہمیں امید ہے کہ قارئین شرافت سے کام لیتے ہوئے اس شکایت کا خیال بھی دل میں نہ لائیں گے کہ مضمون ادھورا اور نامکمل رہ گیا۔ مگر خوش قسمتی سے ہمیں ایک دوسرے ذریعہ سے کچھ واقعات معلوم ہوئے ہیں اور آیندہ ماہ میں ہم اس سلسلہ میں ایک محترمہ کی سرگذشت خود انکی زبانی پیش کریں گے جس سے ان واقعات پر کافی روشنی پڑ سکے گی۔

باب ۲

کولتار

(۱)

ایک روز کا ذکر ہے کہ دوپہر کا وقت تھا اور گھر میں بالکل سناٹا تھا۔ ملازمہ کھانا پکا کر جا چکی تھی اور اماں جان بھی ایک جگہ چلی گئی تھیں وہ آج کل کچھ خرچ کی وجہ سے پریشان تھیں۔ کرایہ داروں نے کرایہ ابتک نہ دیا تھا۔ اسوجہ سے روپیہ پیسہ کی طرف سے تکلیف تھی۔ گھر میں سوائے ہم دو ماں بیٹیوں کے کوئی نہ تھا۔ اور جب اماں جان بھی چلی گئیں تو میں نے مکان کا دروازہ اندر سے بند کر لیا اور وقت گذاری کے لئے ایسی ملی کے بچوں کا گھر بنانے لگی۔

اماں جان کو گئے ہوئے مشکل سے گھنٹہ بھر ہوا ہو گا کہ دروازہ پر کسی نے زور سے دستک دی "دروازہ کھولو" کوئی زور سے دروازہ کو پیٹ رہا تھا میں دروازہ کی طرف گئی تو یہی آواز آئی میں نے دل میں کہا کہ الٰہی یہ کون ہے جو زور زور سے دروازہ پیٹ رہا ہے اور چلا رہا ہے، دبے پاؤں آہستہ آہستہ دروازہ کے پاس پہنچی۔ دروازے میں سے کچھ دکھائی نہ دے سکتا تھا میں نے دروازہ سے کان لگائے اور باتوں سے فوراً معلوم کر لیا کہ ہمارے کرایہ دار لڑکے ہیں شاید کرایہ دینے آئے ہیں اتنے میں پھر دروازہ اس زور سے پیٹا کہ میں چونک سی پڑی اور پکار کر کہا "کرایہ لے لیجئے دروازہ کھولو۔ کوئی ہے؟" میں چپ رہی پھر آپس میں

باتیں کرنے لگے اتنا مجھکو معلوم ہی تھا کہ تین لڑکے ہیں۔ اور اسوقت بھی شاید تینوں ہونگے۔ اب میں کھڑی سوچ رہی تھی کہ کیا کروں یہ جانتی ہی تھی کہ اماں جان کو روپیہ کی کتنی سخت ضرورت ہے اور وہ ماما سے کہہ بھی چکی تھیں کہ لڑکوں سے تقاضا کرکے کرایہ لے لینا ورنہ اگر موقعہ نکل گیا تو پھر دوسرے مہینہ تک انتظار کرنا پڑے گا۔ لڑکوں کا یہی دستور تھا کہ اگر کرایہ پہنچاتا تو وصول ہوتا سب خرچ کر ڈالتے تھے۔ غرض اماں جان کو روپیہ کی سخت ضرورت تھی میں کھڑی دروازہ کے پاس سوچ رہی تھی۔ اتنے میں ایک لڑکے نے کہا "جب کرایہ لاؤ تو کوئی لیتا نہیں اور پھر شکایت ہوتی ہے کہ وقت پر نہیں دیتے"

دوسرا بولا "اب اس کا علاج یہ ہے کہ پندرہ دن بعد خوب پریشان کرکے کرایہ دیا جائے"۔ ایک اور بولا کہ "بس بس یہی ٹھیک ہے اب چلو" "چلو چلو" دونوں نے کہا۔

روپیہ پیسہ کی ضرورت بھی بُری چیز ہے میں نے جو یہ سُنا اور دیکھا کہ کرایہ وصول ہونا پھر مشکل ہو جائیگا تو مجھ سے نہ رہا گیا اور میں نے بھی اندر سے آہستہ سے دستک دی یعنی کواڑ پر ہاتھ مارا۔ "صاحب کرایہ لے لیجئے" کسی نے سخت بگڑ کر غصہ کے لہجہ میں کہا۔ "ہم گھنٹہ بھر سے کواڑ پیٹ رہے ہیں"

اب میری سمجھ میں نہ آیا کہ کیا کروں۔ میں چپ رہی اور سوچ رہی تھی کہ پھر اُسی لڑکے نے کہا "اگر ماما نہیں تو دروازہ کی آڑ میں سے خود لے لیجئے ورنہ پھر آج ہم لوگ ایک جگہ جا رہے ہیں اور اس مہینہ میں ادا نہ کر سکیں گے"

اب ایسے موقعہ پر آپ خود خیال کریں کہ میں مجبور ہو گئی آڑ میں سے روپیہ لینے کے واسطے دروازہ کھولنے کو ہوئی کہ پھر رُک گئی "تو پھر ہم جاتے ہیں" اسی نے کہا۔ باقی دونوں لڑکے خاموش تھے۔ چاہئے تھا کہ میں کچھ زبان سے کام لیتی اور کہدیتی کہ پڑوس کو دیتے جاؤ اور جاتے ہو تو جاؤ۔

پھر حال آیا کہ ایک چھوڑ تین لڑکے ہیں، دن کا وقت ہے۔ اور سر راہ کوئی نقصان نہیں، لاؤ کرایہ لے لوں کہ اتنے میں پھر انہوں نے کہا "اوبھ چلو جی"۔ میں نے یہ سُنکر ورا کنڈی کھولدی اسکی آواز سُنکر اُسی لڑکے نے کہا "لیجئے"۔ میں نے دروازہ کو ذرا سا آہستہ سے کھولا اور اسکی منتظر ہوئی کہ کوئی روپیہ دے گا کہ بیخبری میں انکا ایکی دروازہ کے دونوں کواڑوں کو اس لڑکے نے ایسا دھکا دیا کہ دونوں دروازے ایک دم سے کھل گئے اور میں تینوں لڑکوں کے سامنے کھڑی تھی! ہوش بھی بجا نہ ہوئے تھے کہ آمنا سامنا ہوتے ہی اس لڑکے نے جو سب سے آگے کھڑا تھا ڈپٹکر کہا "کولتار"۔ کیا بتاؤں کہ میرے کیسے ہوش گئے اور میں کیسی مدحواس ہو کہ گرتی پڑتی بے تحاشا بھاگی کہ ایک پرانے کوئلہ کے کسٹر میں اُلجھ کر گری اور میرے گرنے پر پھر اُس نے کہا "کولتار"۔ میں سلھکر دیوانوں کی طرح بھاگی۔ اور ڈیوڑھی کے دوسرے دروازہ کو تیزی سے بند کیا۔ ایسے میرے اوسان گم ہوئے تھے کہ شل ہو گئی تھی۔ تن بدن میں رعشہ سا تھا اور پسینہ پسینہ ہو گئی۔ اس تیزی سے دل دھڑک رہا تھا کہ وہیں کی وہیں دروازہ سے سر ٹکا کر بیٹھ گئی۔ لڑکے جا چکے تھے اور تھوڑی دیر بعد جب دراول کی دھڑکن بند ہوئی ہوش بجا ہوئے تو اوٹھی، لڑکوں کی اس کمینہ حرکت پر بہت غصہ آرہا تھا یہ بالکل غیر معمولی بات تھی۔ لڑکوں نے کبھی کسی قسم کی بات نہ کی تھی اور آج یہ میں دیکھکر بہت متعجب تھی اور اس غیر معمولی شرارت کی وجہ دریافت کرنا چاہتی تھی، چنانچہ سیدھی جہت پر پہونچی

(۲)

اماں جان مرحوم کے زمانہ میں اوپر کے دونوں کمرے ایک تھے، لیکن اُن کے مرنے کے بعد بیچ کا دروازہ اینٹوں سے چنوا کر برابر والا کمرہ الگ کر دیا گیا تھا۔ لیکن اب بھی دونوں کمروں کے آگے کا چھجہ جو سڑک کی طرف تھا ایک ہی تھا۔ برائے نام چھجہ کو اس طرح علیحدہ کر دیا گیا تھا۔ کہ لوہے کی چادر کی ایک دیوار سی کھڑی کر دی گئی تھی، وہ اس طرح کہ چادر میں سوراخ کر کے لکڑی کے

کھمبوں سے باندھ دا تھا اور یہ کافی تھا کہ اِدھر کا آدمی اُدھر نہ جا سکے اور اُدھر کا اِدھر نہ آسکے، لیکن یہ آڑ دیکھا جائے تو برائے نام ہی تھی کیونکہ لکڑی کے کھمبہ کو پکڑ کر چھجہ کے گٹھرے پر سے ہو کر اِدھر یا اُدھر سے اِدھر آنا کوئی زیادہ مشکل کام نہ تھا۔ ہمارے کمرے کے چھجہ کے سامنے پردہ کے خیال سے چقیں پڑی ہوئی تھیں۔ میں دبے پاؤں اس چھجہ پر پہونچی اور ٹین کے پاس کان لگا کر لڑکوں کی باتیں سننے لگی۔

لڑکے خوب ہنس رہے تھے اور مجھکو سخت غصہ آیا جب معلوم ہوا کہ میرا نام "کولتار" نہیں بلکہ "کولتار صاحب" رکھا گیا ہے میں نے غور سے لڑکوں کی شرارت آمیز باتیں سُنیں اور مجھکو معلوم ہوا کہ یہ شریر میری آواز سُنکر آپس میں میری صورت شکل کے بارے میں اندازے لگایا کرتے تھے۔ اور آپس میں بحث کرتے تھے۔ اور اس بحث کو طے کرنے کے لئے عرصہ سے مجھکو کسی نہ کسی طرح دیکھنے کی فکر میں تھے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ ان لوگوں کو معلوم تھا کہ آج اسوقت گھر پر سوائے میرے کوئی نہیں۔

اتنے میں ایسا معلوم ہوا کہ جیسے ملازم برف لایا۔ لوٹا اٹھانے اور پھر برف کو چھجہ پر دھونے کی آواز آئی۔ میں نے سوچا کہ اب جاؤں اور جانے ہی کو تھی کہ ایک دم سے ٹین کی پردہ کی دیوار کے پاس والی حق اٹھی اور اُسی شریر لڑکے نے اپنا سر ڈالکر جھانکا۔ اس کا میرا پھر آمنا سامنا ہو گیا اور اب کی مرتبہ تو اسقدر قریب سے کہ اگر ذرا بھی میں اور آگے کو ہوتی تو سر سے سر ٹکرا جاتا کیونکہ میں سڑک کی طرف مُنہ کئے کان لگائے ہوئے تھی اور اسی طرف سے اُس نے اپنا سر ڈالا تھا ایسا سامنا ہوتے ہی زور سے اس نے کہا "کولتار" اور اتنے قریب سے کہ اس کے مُنہ کا سانس میرے مُنہ پر لگا۔

میں اس دوسری شرارت کے لئے قطعی تیار نہ تھی اور ایسی لو کھلائی کہ گرتے گرتے بچی

اور فوراً اپنے کمرے میں گھس گئی اور دروازہ بند کرکے بیدم ہو کر پلنگ پر گر پڑی برابر کے کمرے سے ہنسے اور تیری سے باتیں کرنے کی آوازیں آرہی تھیں۔ جب ذرا طبیعت ٹھکانے ہوئی تو میں نے اب اس دروازہ سے کان لگائے جو ایٹ سے چُن دیا گیا تھا۔ جب کچھ صاف نہ سنائی دیا تو میں نے ایک جگہ سے بہت آسانی سے ایک بڑی سی کیل سے سوراخ کرلیا کیونکہ صرف ایک ایٹ کی دیوار تھی اور اسی جگہ میں پہلے بھی سوراخ کرنیکی کوشش کرچکی تھی۔

اب اس چھوٹے سے سوراخ میں سے دیکھا کہ دو لڑکے کرسیوں پر بیٹھے ہیں۔ تیسرا ذرا الگ تھا اور اسکی صرف ٹانگیں دکھائی دیتی تھیں۔ ان دونوں کے ہاتھ میں دودھ کے شربت کے گلاس تھے اور دونوں گلاسوں میں برف بجا بجا کر اطمینان سے باتیں کر رہے تھے اور شربت پی رہے تھے، اب میں نے باتیں اطمینان سے سُنیں۔

اُسی شریر نے باتوں کے سلسلہ میں کہا "لاحول ولاقوۃ، تم بھی عجیب آدمی ہو" دوسرے نے کہا "جی ہاں۔ جو وہ اپنی ماں سے کہدے تو کیا ہوگا؟"

"کیا ہوگا؟" اس شریر نے اپنا گلاس مُنہ سے ہٹا کر کہا "کیا ہوگا؟ یہی کہدیگے کہ صاحب ہم نے آواز دی اور جب گنڈی کھلی تو ہم نے یہ جان کر کہ مُلازمہ ہے دروازہ کھولدیا۔ اس میں بھلا ہماری کیا خطا۔ گلی کا معاملہ۔ راہ گیر بھی ہونگے، بھلا کوئی شرارت ایسی جگہ ممکن ہے کسی کو گمان بھی نہیں ہوسکتا۔"

"خیر جناب یہ کوئی نہ مانیگا" اس نے کہا۔

"مت مانے دو جی" اس نے لاپرواہی سے کہا "کیا میں نے اسے کھالیا؟" اس نے زور سے ہنسکر کہا۔ "میں نہ کہتا تھا کہ آج موقع خوب ہے اور سوائے "کولتار صاحب" کے گھر میں کوئی نہیں۔"

اسیر تیسرا بولا "بھئی انصاف کی بات تو یہ ہے کہ کالی تو ہے نہیں اور "کولتار" نام ٹھیک نہیں۔ کچھ جچتا نہیں"

"یہ کہتے ہوئے زور سے اس نے قہقہہ لگا کر کہا" تم خود ملیک جاپان (Black Japan) (ایک سیاہ ولایتی روغن) ہو۔ . "

اس پر ایک قہقہہ لگا اور اس نے کہا"۔ چنانچہ اب ہمارا ارادہ ہو رہا ہے کہ تمہاری شادی کا پیغام دیں . " پھر زور سے قہقہہ لگا اور ادھر میرا مارے غصہ کے بُرا حال، میں نہایت ہی نفرت آمیز غصہ سے اس شریر کو دیکھ رہی تھی۔

پھر اس نے کہا" ہم پیغام دیں گے اور صاف کہدیں گے کہ صاحب ملا لو اگر ہمارا لڑکا کالو پچ میں کم ہو تو دام واپس"۔ پھر زور سے قہقہہ لگا۔

اس "ملیک جاپان" کا خطاب پانے والے حضرت نے ہنستے ہوئے کہا" بھئی میں تو کالا ہوں اور مانتا ہوں مگر وہ کالی نہیں۔ ہرگز نہیں، اچھا کھلتا ہوا رنگ ہے بلکہ . . . "

"بلکہ خوب گوری چٹی سرخ و سفید پوریں کی نانی ہے" اس نے طنزاً جملہ پورا کیا۔ اس پر پھر ہنسی ہوئی۔

پھر کہا" ارے میاں تم تو احمق ہو۔ مانا کہ وہ کالی نہیں اور گوری ہے۔ مگر ذرا یہ نہیں دیکھتے کہ بے ایمان نکلی"

وہ کیسے؟" ملیک جاپان صاحب بولے۔

اس شریر نے کہا" وہ ایسے کہ آواز اسکی سُنکر عرصہ سے جو خیال اس کے بارہ میں ہم نے اپنے دل میں قایم کیا تھا اس سے بالکل ہی مختلف۔ ذرا یہ نہیں دیکھتے کہ ہم تو سر پر تو اماندھ کر جائیں اس

نیت سے کہ بڑی حسین گوری چٹی سُرخ و سفید چاند کے ٹکڑے کو دیکھیں گے۔ اور وہاں ہمیں معمولی لڑکی دیکھنے کو ملے تو تم ہی انصاف سے کہو کہ مُنہ سے "کولتار" نہ نکلے تو اور کیا نکلے، جیسا اس کی آواز سے ہمیں اس کو اپنے دلمیں سوجھا تھا اس کی نسبت واقعی کولتار یا لہذا مُنہ سے بھی کولتار نکل گیا اور پھر اسکو ہمارے اپنے قایم کردہ معیار سے گورا کہنا تو واقعی جُرم ہے اور جُرم بھی کیسا . . قابل دست اندازی پولیس"۔

ملیک حایاں صاحب بولے "یہ اور بات ہے مگر کالی تو نہیں"۔

میری بِلّی سامنے کُرسی پر بیٹھی تھی اور ان باتوں کو چھوڑ کر اس نے کہا "بھئی کولتار صاحب کی بِلّی کو تھوڑا شربت اور دو"۔ یہ کہکر اس نے ایک پیالی بِلّی کے آگے رکھ دی اور تینوں نے تھوڑا تھوڑا لیے گلاسوں میں سے بِلّی کو دیا۔ اب میں نے اس لڑکے کو دیکھا جس کا نام ملیک حایان تھا کیونکہ اتنک یہ آڑ میں تھا۔ اس کا رنگ واقعی سانولا تھا۔ بقیہ دونوں بھی اچھی خاصی صورت شکل کے لڑکے تھے۔ جس نے یہ تمام شرارت کی تھی اور میرا نام کولتار رکھا اس کا رنگ ذرا زیادہ صاف تھا ناک نقشہ بھی اچھا تھا۔ مجھکو تسلیم کرنا پڑا کہ مجھ سے کہیں زیادہ اس کا رنگ صاف ہے یہ سب کچھ تھا مگر اسوقت اسکی صورت پر ایک کمبخت برس رہا تھا۔

اب دوسری باتیں ہونے لگیں اور کچھ کہانے یکانے کا قصہ شروع ہو گیا میں چلنے کو ہوئی کہ پھر رُک گئی کیونکہ پھر اسی شریر نے کہا "کیوں بھئی کیا رائے ہے آج کولتار صاحب کی دعوت رہے"۔ اس کے چہرے پر شرارت برس رہی تھی اور آنکھوں میں تیزی تھی جس سے میں صاف سمجھ گئی کہ اب پھر یہ کوئی شرارت سوچ رہا ہے۔ "وہ کیسے؟" دوسرے نے کہا۔

"وہ ایسے کہ آج رات کو کھیر پکے اور کولتار صاحب کو بھی کھلائی جائے"۔

"شاید مُراما میں اور دلیس کر دیں"۔

اس نے کہا "ہمیں انہوں نے عید پر سیویاں بھیجی تھیں اور پھر اکثر کچھ نہ کچھ بھیجا کرتی ہیں اگر انہوں نے کھیر وایس کر دی تو آئندہ ہم بھی اُن کے ہاں کی کوئی چیز نہ لیں گے"

چنانچہ یہ طے ہو گیا کہ کھر کے پیالے آج میرے لئے بھیجے جائیں گے۔ میں نے دل میں جلکر کہا کہ اگر وایس نہ کرائے تو کوئی کام نہ کیا۔

اس کے بعد میں نے کمرہ بند کر دیا اور نیچے چلی آئی۔ نیچے آکر ڈیوڑھی کا دروازہ کھولکر دبے پاؤں ڈیوڑھی میں جاکر بڑا دروازہ بند کر دیا۔

اب میں یہ سوچ رہی تھی کہ آخر اس شرارت کا ذکر اماں جان سے کروں یا نہ کروں۔ مجھکو دراصل اسمات پر بہت غصہ آرہا تھا کہ اس شریر نے میرا نام کولتار رکھدیا۔ آج تک کسی نے مجھکو کالا توکالا سانولا تک نہ کہا تھا۔ قدرتی طور پر میں لڑکوں کی آئیں کی باتوں کا خیال کر کے غور کر رہی تھی کہ کیا واقعی میں کالی ہوں۔ آئینہ کے سامنے جاکر کھڑی ہوئی۔ دیر تک دیکھتی رہی اور غور کرتی رہی کچھ عجیب سی ہو گئی نہ اسوجہ سے کہ میرا اپنا رنگ و روپ کچھ کالا یا پھیکا تھا بلکہ اس وجہ سے کہ شاید مجھے "کولتار" کہنے والے کا رنگ مجھ سے زیادہ کہلتا ہوا تھا۔ پھر بھی مجھکو رہ رہ کر سخت غصہ آرہا تھا۔

شام کو ملازمہ آئی تو فوراً میں نے اسکو کرایہ وصول کرنے بھیجا۔ میں وصو کر رہی تھی کہ ملازمہ ایک رقعہ لیکر آئی۔ رقعہ کبھی نہ آتا تھا میں نے بھیگے ہاتھوں ہی سے رُقعہ دیکھا تو اسپر لکھا تھا "کرایہ مابت ماہ مئی"۔ یہ لکھنے کی بھلا کیا ضرورت۔ رُقعہ میں نے پھینکدیا۔ وہ اُڑکر نیچے گرا مگا میں نے پھر اُٹھایا۔ کیونکہ اسکی پشت پر بھی کچھ لکھا تھا میں جل ہی گئی جب میں نے دیکھا کہ جلی قلم سے لکھا ہے "کولتار صاحب"۔ میں نے جلکر رقعہ پھینک دیا مگر پھر اٹھالیا کہ ملازمہ اماں جان سے کہے گی کہ ایک رقعہ اور کرایہ لاکر دیا تھا۔ رقعہ اماں کے بغیر دکھائے پھاڑنا نہ چاہئے۔

مار سے فارغ ہونے کے بعد باورچیخانہ میں گئی۔ بلّی چولہے کے پاس بیٹھی ہوئی تھی غور سے دیکھا تو اس کے سُرخ ساٹھ کے پیٹھے پر چاروں طرف لفظ "کولتار" لکھا ہوا تھا۔ میں نے غصہ میں بلّی کو پیٹ ڈالا کہ کمبخت وہاں جاکر کیوں مرتی ہے۔ پکڑ لے گئی اور سرخ ٹیڑیا گھولکر پوستی گئی اور تحریر مٹائی گئی۔ مجھکو بیحد غصہ آرہا تھا۔ بلی کو چھوڑا ہی تھا کہ اس کے سفید سفید پیٹ پر نظر پڑی۔ روشنائی سے بڑے بڑے حرفوں میں بڑی اُستادی سے اس طرح بال رنگے گئے تھے کہ صاف کولتار تحریر تھا۔ مارے کھسیانہ پن اور غصہ کے میری آنکھوں میں سے آنسو نکل آئے، پہلے تو بلی کو خوب پیٹا اور پھر پانی سے بڑی مشکل سے مال رگڑ رگڑ کر مٹایا۔ دھبہ پھر بھی نہ گیا۔ بڑی دیر تک مجھکو اس حرکتوں پر غصہ آیا کیا۔ اور سوچ رہی تھی کہ اماں جان سے کہکر اس بلّی کو نکلواؤنگی۔

شام کو اماں جان آگئیں میں نے بہت چاہا کہ کہدوں۔ بار بار ہمت کرکے آتی۔ ایک مرتبہ تو مخاطب ہی کرلیا مگر کہتے کہتے رہ گئی۔ زبان ہی بند ہوگئی۔ کچھ اور بات کہکر ٹالدیا۔

رات کو ملازمہ جانے والی ہو رہی تھی کہ کسی نے دروازہ پر آواز دی۔ میں نے آواز پہچان لی۔ لڑکوں کا نوکر تھا۔ اُف مجھے یاد آیا۔ کیا دیکھتی ہوں کہ ماما ایک سیپی لئے چلی آرہی ہے۔ میں سمجھ گئی کہ کھیر ہے۔ میں کچھ بیچین ہوکر گھبرا سی گئی اور وہ محض اسوجہ سے کہ جاتی تھی کہ مجھے بھیجی ہے۔ اماں جان سے ملازمہ نے کہا "لڑکوں نے سلام کہا ہے اور یہ کھیر بھیجی ہے" میں نے فوراً اماں جان کو صلاح دی کہ واپس کردو۔ یہ کیسی کھیر ہے۔ اسپر ماما بولی "نوکر نے کہا ہے کہ لڑکوں نے کسی شہید کی نیاز دلوائی ہے" میں پھر بھی نہ مانی اور اماں جان سے میں نے اصرار سے کہا کہ کھیر واپس کردیں۔ جب میں نے بہت کہا تو اماں جان نے محبت سے کہا "نہ بیٹی بدرکی کھیر ہے۔ بھلا یہ بھی کوئی بات ہے کہ کوئی تو محبت سے تحفہ بھیجے اور ہم واپس کردیں۔ یہ کوئی ڈھنگ نہیں" لیکن میں نے

پھر ضد کی اور کہا کہ "پردیسیوں کا خواہ مخواہ کا احسان ہم کیوں لیں"۔
اماں جان بولیں "ایسا ہی ہے تو تم خود کبھی احسان اُتار دینا"۔
میں نے جلکر کہا "ان کمبختوں کا ہم احسان ہی کیوں لیں جو اتارنے پھریں"۔
اس پر اماں جان کچھ خفا ہو کر بولیں "ایسا ہی ہے تو بھیک دے مگر میں واپس نکر دونگی"۔
محورًا اس بڑبڑاتی ہوئی لونڈی اور لالٹین لیکر پیالے نعمت خانہ میں رکھنے لگی، پیالوں پر چاندی کے ورق تو نہ تھے، لیکن پستہ کی باریک ہوائیاں ضرورت سے زیادہ چھڑکی ہوئی تھیں۔ میں نے جو غور سے دیکھا تو بس جل ہی تو گئی کیونکہ چاروں پیالوں پر نہایت ہی صفائی سے بڑے بڑے حرفوں میں پستوں کی ہوائیوں سے لفظ "کولتار" لکھا ہوا تھا۔ جلدی جلدی میں نے انگلی سے پستہ کی ہوائیاں ادھر اُدھر کر کے تحریر بگاڑ دی۔ میں غصہ میں سلگ رہی تھی اور پیالوں کو رکھکر بڑبڑاتی ہوئی پلنگ پر جا بیٹھی، اماں جان نے ملازمہ سے کہا "کہدیا کہ دعا کہی ہے"۔
اماں جان نے دعا کہلوائی اور میں کوس رہی تھی کہ دیکھو تو اس شریر نے کیا میرا پیچھا لیا ہے کہ اتنے میں ملازمہ سیدھی دیکر واپس آئی اور کہا کہ لڑکوں کا ملازم ڈیوڑھی پر کھڑا ہے اور کہتا ہے کہ کہ لڑکوں نے کہا ہے کہ "تھوڑا سا ہمیں کولتار دیدیجئے سخت ضرورت ہے"۔ یہ سنکر میں آپے سے باہر ہو گئی اور جلکر میں نے کہا "کہدو زیادہ مدتمیری نہ کریں۔ یہاں کولتار کہاں سے آیا"!
اماں جان بولیں "بیٹی تجھے کیا ہو گیا ہے۔ حق ناحق کی لڑکوں سے دشمنی ہو گئی ہے؟ آخر رسایت سے کام کیوں نہیں لیتی"۔ بھلا میں اس کا کیا جواب دیتی اور کس طرح اماں جان سے کہتی کہ یہ شریر بھیجو کولتار کہہ رہے ہیں اور دراصل مجھکو چھیڑ رہے ہیں۔
اماں جان نے ملازمہ سے کہا کہ "جاکر کہدو کہ ہمارے یہاں کولتار نہیں ہے"۔
ملازمہ چلی گئی اور لوٹ کر آئی تو کہا "ملازم کہتا ہے کہ لڑکوں نے کہا ہے کہ "ہم نے آج ہی

خود ڈیوڑھی میں دیکھا تھا۔" یہ سُنکر میں دھک سے ہوگئی کہ یا اللہ یہ کیا ستم ہو رہا ہے۔ کہیں یہ تیر صاف صاف خود نہ کہدیں کہ یہ یہ معاملہ ہے اور ہمنے کولتار نام رکھا ہے، میرے مُنہ سے اب بات نہ نکل رہی تھی۔ اس کا اندازہ لگانا دشوار ہے کہ میرا اسوقت کیا حال ہوا ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ڈر تھا کہ نہ تو میں نے مُلازمہ سے کہا تھا اور نہ ماما سے کہا تھا کہ انکی غیر موجودگی میں دروازہ پر لڑکے آئے تھے۔ لیکن غصہ ڈر پر غالب آیا اور میں نے حل مُہنکر کہا "کمبخت پاجی پن اور کمینہ پن کر رہے ہیں۔"

میری مدر نانی پر اماں جان بگڑ کھڑی ہوئیں اور مجھے سیکڑوں باتیں سُنا ڈالیں کہ کُنواری ہوکر ڈیڑھ ہاتھ کی زبان لئے پھرتی ہے۔ میں دن بھر چھیڑی گئی تھی ویسے ہی چڑچڑی ہو رہی تھی اماں جان کی سخت و سست باتوں کو برداشت نہ کرسکی اور کوسنہ میں مُنہ چھپا کر خوب روئی۔

اماں جان نے لڑکوں سے کہلوا دیا کہ کولتار نہیں ہے۔ انکو خیال گذرا کہ ڈیوڑھی میں لڑکوں نے کوئلوں کا پیپہ دیکھا ہوگا جس میں میں الجھ کر گری تھی اور لڑکوں سے بھی یہی کہوا دیا کہ "وہ ٹین دراصل کوئلوں کا ہے کولتار کا نہیں ہے۔"

(۳)

دوسرے روز کا ذکر ہے کہ مجھکو گذشتہ دن کے واقعات کا خیال بھی نہ تھا کہ میں باورچی خانہ میں گئی۔ میری بلی آئی۔ میں نے تو دیکھا بھی نہیں اماں جان نے کہا "یہ بلّی کے گلے میں کاغذ کیسا ہے؟" میں دھک سے ہوگئی۔ لڑکوں کے ساتھ بلّی روزانہ ناشتہ کرنے جاتی تھی۔ کاغذ میں نے بلّی کے پٹھے میں سے نکالا۔ اسپر سیکڑوں جگہ تیزی سے خط شکست میں "کولتار" لکھا ہوا تھا۔ میں نے بلّی کو گھونسا مار کر کہا "کمبخت روزانہ وہیں جاتی ہے اور ایسی گت ہوتی ہے۔"

یہ کہکر خدا ماں جاں کو دیدیا۔ انہوں نے اِدھر اُدھر دیکھکر لاپرواہی سے مڑوڑکر پھینکدیا۔ میں نے تھوڑی دیر بعد جھری سے لیکر پٹھا ہی کاٹ دیا کہ کہیں پھر یہی شرارت ہو۔

تھوڑی دیر بعد جو چھت پر گئی تو کیا دیکھتی ہوں کہ دیوار کے پاس بہت سی ردّی کاغذ کی مڑوڑیاں پڑی ہیں غیر معمولی طور سے جو میں نے انکو یہاں دیکھا تو اس سے ایک کو اُٹھا کر پڑھا وہی شرارت تھی یعنی اسیر "کولتار" لکھا ہوا تھا۔ دو تین اور ردی کے ٹکڑے دیکھے سب پر یہی لکھا تھا۔ یہ کوڑا اُس طرف سے دیوار یار میری طرف محض مجھکو تنگ کرنے کے لئے پھینکا گیا تھا ایک دفعہ دل میں تو آیا کہ پھر وایس اُدھر ہی پھینکدوں مگر کچھ سوچکر سب کو جمع کرکے کوڑے میں ڈالدیا۔ میں کمرے میں پہنچی اور سوراخ میں سے دیکھا تو وہ حضرت کوئی کتاب پڑھ رہے تھے۔ اسوقت میں نے ان کو اطمینان سے دیکھا۔ میرے برابر یا مجھ سے کچھ کم عمر تھے حالانکہ کتاب پڑھ رہے تھے مگر صاف معلوم ہوتا تھا کہ لڑکا کیا ہے شرارت کی پڑیا ہے۔ میں نہیں بیان کرسکتی کہ میں اس شخص سے کیسی نفرت کرنے لگی تھی اور مجھکو تمام باتوں کا خیال کرکے کسقدر غصہ آتا تھا۔

اس شریر نے دس پندرہ روز میری جان وہ مصیبت میں رکھی کہ بیان نہیں کرسکتی۔ اپنے کمرے کی جتنی ردّی ہوتی اس پر لفظ "کولتار" لکھ لکھ کر میری طرف پھینکدیتے بلی کا بچہ کٹ گیا تو اسکی دم میں ڈور سے کاغذ باندھکر اس پر بیسیوں جگہ کولتار لکھدیا جاتا پھر اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ میرے چھجہ پر آکر کوئلہ سے تمام دیوار پر "کولتار" ہی "کولتار" لکھ مارا۔ میں کوسے دیتی جاتی تھی اور مٹاتی جاتی تھی۔ میرے مٹانے سے اور ضد سی ہوگئی۔ بار بار مٹاتی اور بار بار وہ لکھ جاتے طرہ یہ کہ میں نے اپنے کانوں سے سُنا کہ ان کے ساتھی ان حرکتوں کو منع کرتے مگر

وہ بھلا کاہیکو کسی کی سُنتا تھا۔

مجھکو بھی تھوڑی بہت کرید ہی ہوگئی تھی کہ دیکھوں یہ لوگ کیا باتیں [illegible] ہیں اکثر ان لوگوں کی باتیں جا جاکر سُنا کرتی تھی اکثر اپنا دکر سنتی تھی ایک روز میں نے سُنا کہ وہ حضرت میری شان میں قصیدہ پڑھ رہے ہیں تمام اشعار میں طرح طرح سے لفظ کولتار کا استعمال کیا گیا تھا تمام واقعات کو نظم میں لکھنے کی کوشش کی گئی تھی بعض اشعار تو واقعی ایسے تھے کہ باوجود سخت غصہ کے مجھکو بھی ہنسی آگئی مگر زیادہ تر تمام اشعار ایسے تھے کہ میں سن سن کر لال پیلی ہو رہی تھی جب شاعری ختم ہوگئی تو معلوم ہوا کہ یہ قصیدہ پورا کا پورا میرے چھجہ کی دیوار پر کل دوپہر کو چسپاں کر دیا جائیگا۔

تھوڑی دیر تک میں اُن کی حماقت آمیز گفتگو سنا کی پھر چلی آئی اور دل میں یہ سوچ رہی تھی کہ تمام سلسلہ چھیڑ چھاڑ کا اس وجہ سے اور بھی ہے کہ میں چھجہ کی دیوار کی تحریر مٹا دیتی ہوں۔ اب یہ سوچھی کہ چھجہ پر جاؤنگی ہی نہیں خود تھک کر چھوڑ دیں گے۔ کمرہ بند کر کے میں سیجے جا رہی تھی کہ میں نے اپنی بلی کو بڑی تیزی سے سامنے کے پاخانہ میں جاتے دیکھا یہ پاخانہ بالکل استعمال نہ ہوتا تھا اور میں یہ دیکھنے کو گئی کہ بلی دوڑتی ہوئی کیوں گئی۔ وہاں میں نے دیکھا کہ ایک قدمچہ پر بلی بیٹھی ہوئی ہے اور سامنے طاق کو دیکھ رہی ہے۔ جو روشندان کی طرح آر پار کھلا ہوا تھا میں نے جو طاق کی طرف دیکھا تو مجھے پھریری سی آئی کیونکہ طاق کے بیچوں بیچ میں پیلی بھڑوں کا ایک بڑا سا چھتہ لگا ہوا تھا۔ یہ چھتہ بالکل گول تھا اور اس پر اتنی بھڑیں لپٹی ہوئی تھیں کہ بالکل زرد ہو رہا تھا۔ دیکھتے دیکھتے میرا خیال نہ معلوم کہاں سے کہاں پہونچا اور میں کچھ سوچکر چلی آئی۔

(۴)

رات کو میں چپکے سے اُٹھی اور ایک بڑا سا ٹین کا ڈبہ لیکر اوپر پاخانہ میں پہنچی۔ اندھیرا

(9863)

کچھ [illegible] زیادہ نہ تھا اور [illegible] میں چھتہ لگا ہوا صاف نظر آرہا تھا میں کچھ ہچکچائی مگر پھر ہمت کرکے آگے بڑھی اور چھتہ کو صفائی سے ڈبہ میں لیکر ایسی طرف تیزی سے گھسیٹ کر فوراً ڈھکنے سے بند کر دیا۔ اب یورا کا پورا چھتہ مع بھڑوں کے ڈبہ میں بند تھا۔ کان سے لگا کر میں نے ہڑونگی کھسکاہٹ سنی اور میرے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ ڈھکنے کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے تھی کیونکہ یہ ڈھکنا اس ڈبہ کا نہ تھا بلکہ کسی دوسرے ڈبہ کا تھا۔ کمرے میں آکر میں نے اسپر سیاہی سے بڑے بڑے حرفوں میں "کولتار" لکھدیا۔ آہستہ سے دروازہ کھولکر میں نے اس آفت کے ڈبہ کو دیوار کے پاس ہی رکھدیا اور واپس چلی آئی۔

میں جانتی تھی کہ کس وقت ان لوگوں کو فرصت ہوتی ہے۔ دراصل تمام شرارتیں مدرسہ سے آکر کھانا کھانے سے پہلے ہی کرتے تھے۔ چنانچہ دوسرے روز میں اس تماشہ کو دیکھنے کمرہ پر پہونچی۔ میرا دل دھڑک رہا تھا اور کئی مرتبہ میں نے ارادہ کیا کہ ڈبہ ہٹالوں زیادہ مجھکو انتظار نہ کرنا پڑا۔ گلی میں سناٹا تھا اور وہ حضرت اب موقعہ پاکر اس طرف چھجہ کی دیوار پر قصیدہ خیاں کرنے پہونچے۔ ٹین کے اس طرف آنے کی صاف آہٹ بھی سنائی دی۔ کیونکہ میں کان لگائے ہوئے تھی اور چھتے کے گرنے کی آواز کے ساتھ پیر کی آہٹ بھی سنائی دی۔ اب میں منتظر تھی کہ دیکھوں کیا ہوتا ہے ظاہر ہے کہ چھجہ پر آئے تھے تو عقل اپنے کمرہ میں چھوڑ آئے تھے۔ ایک دم سے میں نے ایک دبی ہوئی چیخ اور پیر پٹکنے کی آواز سنی اور ساتھ ہی اس کے دبی اور گھٹی ہوئی آوازیں اور منہ پیٹنے کی تڑاتڑ جیسے طمانچے پڑ رہے ہوں۔ بوکھلا کر ساتھیوں کو پکارا تمام صبط رخصت ہوا اور ایک ہڑبونگ سی مچ گئی۔ معلوم ان کے ساتھی کیا کر رہے تھے۔ مگر یہ حضرت چھجہ پر پیتر بدل رہے تھے۔ ساتھیوں کا دبی آواز میں خود غل مچا کر ان سے کہنا کہ غل نہ مچاؤ اور انکا ایسی آواز کو دبانا

اور کودنا اور بلبلانا۔ دراصل بیچارے بُری طرح گھرے تھے۔ اُدھر تو بہتریں غصہ میں بھری ہوئی اُدھر
چہچہ پر چیقیں پڑی ہوئی گویا بہتروں کے ساتھ یہ سد ہو گئے تھے، پریشان ہو کر چہچہ سے اس سرے کا میرے
کمرے کا دروازہ پیٹنے لگے۔ جتم روں میں اس بُری طرح دروازہ کو دھڑ دھڑایا کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں یہ
کھل نہ جائے۔ کیونکہ صرف اُوپر کی چٹخنی لگی ہوئی تھی جو ویسے بھی ڈھیلی تھی۔ نیچے کی مگڑی ہوئی تھی اور لگتی
ہی نہ تھی میری لطر چٹخنی پر تھی اور میں کمرہ سد کر کے جانے والی ہو رہی تھی کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ چٹخنی ضرور
کھل جائیگی۔ لیک کر میں دروازہ کے پاس پہونچی کہ جلدی سے چٹخنی مضبوط کر کے نیچے جاؤں کہ اس حضرت
نے اوپر سے اس زور سے دھکا دیا کہ دروازہ کھل گیا اِدھر سے میں تیزی سے پہونچی اور اُدھر سے وہ بہتروں
سے نیچے کو گھسے، بس ٹکر ہوتے ہوتے بچی۔ مگر واہ ری طبیعت کہ اس مصیبت میں بھی شرارت نہ چھوڑی۔
دیکھتے ہی مجھکو "کولتار" کہکر بُری طرح جھپٹا۔ خیر گذری ورنہ اس شریر نے مجھکو پکڑ ہی لیا ہوتا۔ اس کا اندازہ
لگانا مشکل ہے کہ میں کس طرح بھاگی اور جھٹ سے کمرہ کا دروازہ سد کر کے سیدھی نیچے پہونچی اطمینان
کا سانس جب لیا جب اماں جان کو بدستور سوتے پایا۔

جب کافی دیر ہو گئی تو میں پھر اوپر پہونچی کمرہ کو خالی پا کر اچھی طرح سد کیا۔ سوراخ میں سے جھانکر
دیکھا تو میری طبیعت بیحد خوش ہوئی۔ سارا منہ جناب کا سُوج کر کُپا ہو رہا تھا۔ کچھ دوا لگائی جا رہی تھی۔
اور دونوں ساتھی مذاق اڑا رہے تھے۔ آئینہ ہاتھ میں لئے کہہ رہے تھے کہ اس کا بدلا ایسا لیا ہو کہ
یاد ہی کرے۔ اور ساتھی یہ کہہ رہے تھے کہ اب بھول کر اس طرف رُخ بھی نہ کرنا۔ اُس روز کے بعد
تمام جوش اُنکا رخصت ہو گیا۔ اور میں نے بھی خاموشی اختیار کر لی۔

کچھ دنوں تک تو ایسی شرارت کا لطف اٹھانے کی نیت سے جا کر سوراخ میں سے جھانکتی
بھی تھی لیکن پھر یہ بھی رفتہ رفتہ کم ہو گیا۔ کچھ عرصہ بعد ہی تمام باتیں آئی گئی ہو گئیں۔ لیکن اتنا ضرور رہتا
کہ مجھے جب کبھی بھی ان باتوں کا خیال آتا تھا تو طبیعت خوش ہو جاتی تھی کہ میں نے بھی خوب

سبق پڑھایا۔

(۵)

جیسا کہ میں کہہ چکی ہوں تمام باتیں رفت گذشت ہو ہی چکی تھیں اور پانچ چھ مہینے بعد انکا خیال بھی پرانا ہو گیا تھا کہ ایک سیاہی سگوفہ کھلا۔

بدقسمتی سے یا خوش قسمتی سے میری شادی دو جگہ لگ کر چھوٹ چکی تھی اب تیسری جگہ طے ہوئی تھی جس کے ساتھ میری شادی طے ہوئی تھی وہ علیگڈھ میں بی اے میں پڑھتا تھا امان جان کو جتنی میری شادی کی فکر تھی شاید ہی کسی ماں کو ہو۔ جب دو مرتبہ میری شادی طے ہو کر چھوٹ گئی تھی تو میں دیکھ چکی تھی کہ ان کا کیا حال ہوا تھا اب ان کے رونے اور پریشان ہونے سے مجھے معلوم ہو گیا کہ ضرور کچھ دال میں کالا ہے۔ دو مرتبہ وہ صاحب آئے جن کی معرفت یہ شادی طے ہو رہی تھی بڑی دیر تک باتیں ہوا کیں نتیجہ بہت جلد صاف معلوم ہو گیا۔ ملازمہ کے بڑبڑانے سے مجھے اصلیت کا علم ہوا۔ دبی زبان سے کام کرتے میں وہ لڑکوں کو برا بھلا کہتی جاتی تھی۔ لڑکوں کے ذکر سے چونک سی پڑی اور ایک دم سے میرے خیالات نہ معلوم کہاں سے کہاں پہونچ گئے میرا دل بیٹھ گیا۔ اور ایسی طبیعت گھبرائی کہ اپنے کمرے میں آکر منہ لپیٹ کر خوب ہی روئی۔ کیونکہ میں سمجھ گئی کہ کس وجہ سے میری نسبت اس جگہ سے چھوٹی ہے۔ اس تحریر کا سنجیدہ لہجہ میں اپنے ساتھیوں سے کہا کہ میں سخت بدلہ لونگا۔ اس طرح میرے اور لڑکوں کے کمروں کا یکجا ہونا اور پھر لڑکوں کی رہائیں۔ خدا اُن کے شر سے محفوظ رکھے۔ اس کے بعد ہی بہت جلد لڑکوں کو نکال دیا گیا اسی دوران میں ملازمہ نے مجھکو بغیر دریافت کئے یا مخاطب ہوئے گویا سب کچھ ہی بتا دیا۔ واقعہ دراصل یوں ہی تھا کہ ساری کارستانی انہی حضرت کی تھی جنکو میں نے بھڑوں سے کٹایا تھا۔ بدقسمتی یا خوش قسمتی سے یہ اُس لڑکے کے ساتھ کسی اسکول کے

بورڈنگ میں رہ چکے تھے جس کے ساتھ میری نسبت ہوئی تھی وہ ان کے پاس آیا تھا یا انکو کہیں ملا تھا اور اس سے انہوں نے نہ معلوم کیا کیا میرے بارے میں طرح طرح سے کہدیا۔ میری آزادی اور بیباکی اور شرارت کے فرضی قصے اور نہ معلوم کیا کیا۔ قصہ مختصر اس طرح مجھ سے انہوں نے گویا ہڑ ہو کٹانے کا بدلہ لیا۔ اس نے یہاں آکر یا پھر زبانی سب ہی کچھ سُنا ہوگا۔ کیا معلوم میرے نام "کولتار" ہی سے وہ بھڑک گیا ہو۔ قصہ مختصر آخر انسان ہی تہا۔ بہت کچھ والدین نے جب زور لگایا تو اُس نے صاف کہدیا کہ واقعہ دراصل یوں ہے اور وہ لڑکی ٹھیک نہیں۔

میں نہیں کہہ سکتی کہ یہ تمام باتیں سُنکر میرا کیا حال ہوا مجھ پر اُس شخص نے خواہ مخواہ کا ظلم کیا۔ اس کا اندازہ وہی آسانی سے لگا سکتی ہے۔ جو غریب ہو اور شریف ہو۔ بیکس و بے مددگار ہو اور دن رات اپنی لڑکی کی شادی کے غم میں رو رو کر اپنی جان کھو رہی ہو۔ یہی حال اماں جان کا۔ روتے روتے انکا بُرا حال ہوگیا جب روتے روتے تھک جاتی تہیں تو ٹھنڈا سانس لیکر کہتی تہیں "خدا کی شان ہے کہ میں نے اپنے کرایہ داروں کو کوئی تکلیف نہ دی اور انہوں نے میرے ساتھ یہ سلوک کیا شاید میرا گھر اسی دن کے لئے اُجڑا تہا، یہ کہکر پھر وہ اس بُری طرح روتی تہیں کہ گہٹ گہٹ کر اپنی جان تباہ کر ڈالتی تہیں۔ میرا یہ حال تھا کہ مارے شرم کے اماں جان سے آنکھ نہ ملائی جاتی تہی۔ حالانکہ وہ جانتی تہیں کہ خوالرام بھی میرے اوپر لگائے گئے ہیں وہ سراسر جھوٹ اور غلط ہیں۔ اور میں بالکل معصوم ہوں مگر پھر بھی مجھے بیحد شرم آتی تہی۔ مجھے اور انہیں اب دونوں کو یقین ہوگیا تھا کہ اب میری شادی کہیں نہ ہوسکے گی۔ مجھے ویسے ہی اپنی شادی کی فکر برابر پریشان رہتی تھی مگر یہ دیکھکر میرا دل کٹا جاتا تھا کہ اماں جان اپنے تئیں اس غم میں ہلاک کئے ڈالتی ہیں، بہت جلد ہی گہر درج کا مونہ بن گیا اُدہر وہ دن رات روتی تہیں اِدہر میں انکی حالت زار دیکھ دیکھکر

روتی تہی۔ دو دو وقت کھانا نہ پکتا تہا۔ اماں جاں سے ملازمہ پوچہتی کہ کیا پکاؤں تو وہ کہدیتیں کہ مجہے بھوک نہیں۔ اور یہی میں کہدیتی۔ غرض گہر کیا ماتم کدہ اور مستقل طور پر ماتم کدہ ہو رہا تہا اور پھر مصیبت یہ مصیبت کہ کوئی صورت بہتری کی بہی نظر نہ آتی تہی۔

میری سہیلی یا ملنے والی بھی کوئی نہ تھی سوائے ایک راہدہ کے، یہی میری رازدار اور تنہا غمخوار تھی مگر بدقسمتی سے وہ بھی دوسرے شہر میں کوسوں دور میں نے اُسکو عرصہ سے کوئی خط نہ لکہا تھا۔ اس کا ایک خط آیا تہا جسمیں اُس نے میری شادی کا کچھ تذکرہ کیا تہا اور کچھ اپنی شادی کا بھی ذکر کیا تہا اس کے جواب میں میں نے اُسکو ایک دردبھرا طول وطویل خط لکہا۔ اس خط میں میں نے شروع سے آخر تک لڑکوں کی شرارت کا قصہ تفصیل کے ساتھ لکہا تھا اور پھر اپنی مصیبت کا رونا رویا تہا۔ کہ کس طرح ہمارے شریر کرایہ دار نے ہمارے اوپر مصیبت کا پہاڑ توڑا ہے اور کس طرح ہم دونوں ماں بیٹیوں کو دوزخ میں ڈالا ہے، اس پریشانی کی تفصیل کہا تہی گویا میرے ماتم کدہ یعنی گہر اور میرے غمکدہ یعنی دل کے حالات کا آئینہ تھی۔ یہ خط میں نے رو رو کر لکہا تھا اور لکہدیا تہا کہ بہن آنسو پوچہتی جاتی ہوتی ہوں اور لکھتی جاتی ہوں۔

اس بات کو کچھ زیادہ عرصہ نہ گذرا تہا کہ اماں جاں نے رو رو کر اپنے کو بیمار ڈال لیا۔ وہ صاحب فراش تہیں نہ وہ کہاتی تہیں اور نہ پیتی تہیں، انکو حرارت ہوگئی اور سوکھ کر کانٹا ہوگئیں۔ انکی پریشانی اور مصیبت میں انکی بیماری نے یہ حال کر دیا تہا کہ جو دیکہتا وہ یہی کہتا کہ انہیں دق ہوگئی ہے۔ رفتہ رفتہ بخار زیادہ رہنے لگا اور طبیعت خراب ہی ہوتی چلی گئی۔ جب طبیعت زیادہ خراب ہوئی تو سب نے یہی کہا کہ دہلی جائیں۔ وہ تو کسی طرح بھی نہ جاتیں لیکن

میرے رونے پیٹنے سے وہ راضی ہوگئیں اور اپنے ایک رشتہ کے بھائی کو لیکر دہلی پہونچیں۔ کچھ عرصہ تک وہاں علاج ہوتا رہا۔ مگر کوئی افاقہ نہوا۔ بلکہ حالت اور بھی زیادہ خراب ہوگئی میں گویا اب اماں جان کو قبر میں پیر لٹکائے دیکھ رہی تھی اور یہ بھی جانتی تھی کہ ان کے بعد ہی بہت جلد میرا نمبر آئیگا۔ اِدھر وہ روتی تھیں اور اُدھر میں۔ اب سب شرم وحیا اُٹھ گئی تھی اور میں کہتی تھی کہ آپ خواہ مخواہ میری وجہ سے کیوں غم کھاتی ہیں۔ مگر یہ سب کچھ بیکار تھا۔ رہ رہ کر وہ اُنہیں حضرت کو دعائیں دیتی تھیں جنہوں نے میری لگی لگائی شادی چھڑائی تھی۔ وہ بار بار کہتی تھیں کہ یا اللہ میں نے تو کبھی اس لڑکے کو دیکھا تک نہیں۔ نام تک نہیں جانتی تکلیف دیا تو ایک دور کی بات ہے۔ پھر آخر یہ مجھ سے اُسکو کیوں دشمنی ہوگئی۔ پھر خود ہی سر پکڑ کر بیٹھ جاتیں اور کہتیں کہ یہ سب کچھ تقدیر کا نوشتہ ہے۔ یہ کہتے کہتے انکی آنکھوں سے آنسوؤں کا دریا امنڈ آتا۔

(۶)

بہت جلد دہلی کے علاج سے جی اُکتا گیا اور واپسی ہوئی۔ ریل میں زیادہ بھیڑ بھاڑ نہ تھی، ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ ایک سٹیشن پر گاڑی رُکی کیا دیکھتی ہوں کہ ایک بی بی سے جو ہماری ہم سفر تھیں وہی حضرت کھڑے ہوئے باتیں کر رہے ہیں، یہ بی بی ٹونڈلہ کے اسٹیشن سے ہمارے ساتھ بیٹھی تھیں، اماں جان تو اُن حضرت کو پہچانتی نہ تھیں۔ لیکن نام مجھکو بھی معلوم نہ تھا۔ ظاہر ہے کہ میرا اُنکی صورت دیکھکر کیا حال ہوا ہوگا خصوصاً جبکہ وہ بھی سامنے کھڑے ہوں اور مردہ سے بدتر ماں بھی سامنے ہو۔ نفرت اور ایسی نفرت کے جذبات میرے سینہ میں جوش زن تھے جو کسی جانی دشمن کے خلاف ہی ہو سکتے ہیں۔ اور اسمیں شک نہیں کہ جانی دشمن ہونے میں کوئی کلام ہی نہیں تھا۔ گاڑی چلی تو اُن بی بی سے معلوم ہوا کہ اُن کا بھتیجہ ہے لکھنؤ کسی کام سے جا رہا ہے، یہ خبر سنکر آیا ہے۔ ایف اے۔ میں پاس ہوا ہے وغیرہ وغیرہ اِس وقت محض اتفاقیہ مل گیا

ہے ورنہ وہ اپنے مُلازم کے ساتھ سفر کر رہی ہیں۔

دوسرے اسٹیشن پر پھر وہ اپنی چچی سے باتیں کرنے لگے۔

چلتے وقت میں نے دہلی سے راہدہ کو خط لکھا تھا۔ ارادہ تھا کہ ڈاک میں ڈلوا دونگی۔ مگر سفر کی جلدی میں دہلی میں ڈلوا نہ سکی۔ اور رہ گیا اب اسوقت اتفاقاً یاد آیا اور وہ بھی جب گاڑی کے سامنے ہی اسٹیشن پر لیٹر بکس نظر پڑا۔ جلدی سے میں نے اپنے سیاہ رنگ کے سوٹ کیس نما ٹرنک کو کھولا اور اس میں سے لفافہ نکالا۔ ابھی سدہ کیا تھا کھولکر جلدی سے حاشیہ پر اپنا اور لکھدیا کہ "یہ خط اب ریل میں سے ڈلوا رہی ہوں اور اتفاق تو دیکھو کہ میرا اور اماں جان کا قاتل بھی سامنے کھڑا اپنی چچی سے باتیں کر رہا ہے جو ہماری ہم سفر ہیں چونکہ مجھکو اسکی کمینہ صورت ہی سے نفرت ہے مجھے اختلاج سا ہو رہا ہے ورنہ کچھ اور لکھتی"

اس خط میں میں نے ان حضرت کے لئے لفظ قاتل بیشتر ہی استعمال کیا تھا اور اپنی اماں جان کی پریشانی کا مفصّل حال لکھا تھا کہ اب واپس جا رہی ہوں۔ زاہدہ جانتی ہی تھی کہ یہ قاتل کون ہے۔ اماں جان سے میں نے کچھ نہ کہا کہ ان بیوی کے بھتیجہ صاحب جو سامنے کھڑے ہیں یہی ہماری تمام مصیبت کا باعث ہوئے ہیں۔

خط بند کر کے میں نے ماموں کو دیدیا اور اُنھوں نے سامنے لیٹر بکس میں ڈالدیا ریل نے سیٹی دی اور ماموں خط ڈالکر بیزی سے اپنے ڈبہ کی طرف چلے گئے ریل چلنے کو ہی تھی کہ ان بیوی نے بھی ایک کارڈ جلدی سے اپنے بھتیجہ کو دیکر کہا کہ اسکو لیٹر بکس میں ڈالدو۔ میں نے دیکھا کہ ادھر وہ خط ڈالنے لیٹر بکس کے پاس پہونچے اور اُدھر گاڑی چلدی۔ یہ بی بی کہنے لگیں کہ خوب تم نے ایسا خط ڈلوا کر مجھے یاد دلایا ورنہ میرا کارڈ رہ ہی گیا تھا جو بہت ضروری تھا۔

میں نے ان حضرت کو لکھنؤ کے اسٹیشن تک دیکھا برابر وہ ہر اسٹیشن پر اپنی چچی سے باتیں کرنے آتے رہے۔ مجھکو اس کی صورت سے نفرت تھی۔

کانپور کے اسٹیشن پر ہمیں اسٹیشن بدلنا پڑا تھا۔ گھبراہٹ میں میرے اپنا سیاہ رنگ کا سوٹ کیس نما ٹرنک جو کھولا تو سخت چکرائی۔ وہاں بجائے میرے سامان کے۔ صابون۔ کالر۔ ٹائیاں حجامت بنانے کا سامان دو مردانہ قمیصیں اور ایک سوٹ علاوہ اور بہت سی چھوٹی چھوٹی مردانہ چیزوں کے اوپر نیچے چاروں طرف غور سے دیکھنے پر معلوم ہوا بالکل میرا ہی سا کسی دوسرے کا بکس ہے۔ کس سے بدل گیا اس کا اندازہ لگانا دشوار تھا۔ میں بیحد پریشان ہوئی اور میرے حواس جاتے رہے خاص طور پر اسوجہ سے کہ میری اس میں ایک تصویر تھی اور پھر مجھکو اپنے ان خطوں کا خیال تھا جو راہدہ کے پاس سے آئے تھے اور پھر سب سے زیادہ اُس خط کا جو میں نے سب سے پہلے راہدہ کو لکھا تھا اور جس کا ذکر کر آئی ہوں کہ روتی جاتی تھی لکھتی جاتی تھی اُس خط کی ایک نقل اسی صندوق میں تھی۔ مجھکو بڑا بُرا معلوم ہو رہا تھا کیونکہ میں جانتی تھی کہ جس ہاتھ میرا صندوق پڑے گا وہ تمام میری راز کی باتیں مع پتہ وغیرہ کے جان جائیگا۔ کیونکہ راہدہ کے تمام خط بھی اسی میں مع لفافوں کے رکھے تھے جن پر میرے گھر کا پتہ درج تھا۔ میں پریشان ہوکر رونے لگی۔ مگر بھلا اس سے کیا ہو سکتا تھا۔ اماں جان بھی مجبور تھیں۔ ماموں بھی جا چکے تھے۔ صبر کیا۔

(۷)

بکس کا کھو یا جانا تھوڑے ہی دن میں پرانا قصہ ہو گیا نہ معلوم کس کا تھا کہ میرا پتہ معلوم ہونے پر بھی اپنا ٹرنک لیلے اور میرا واپس کرنے نہ آیا

اماں جان کی حالت بدستور بھی بد سے بدتر ہو رہی تھی۔ ماموں نے ڈاکٹروں کو دکھایا،

اُنھوں نے یہ رائے قایم کی کہ خیر سے کہا نسی نہیں ہے۔ ورنہ جاں کی خیر نہ تھی۔ پھر بھی دق ہونے کا سخت اندیشہ ہے۔ لہذا پہاڑ لیجاؤ۔ بڑی مشکل سے اماں جاں نہ معلوم کس طرح راضی ہوئیں لیکن واقعہ ہے کہ مجھکو اس کی جان بچنے کی قطعی امید نہ تھی۔

پہاڑ جیسا خوشگوار مقام بھی ہمکو خوش نہ کرسکا سچ ہے جب دلکو چین نہیں ہوتا تو دنیا کی کوئی چیز اچھی نہیں معلوم ہوتی اماں جاں مہینہ بھر بعد ہی بالکل گھبرا گئیں میں روکے ہوئے تھی ورنہ وہ کب کی واپس ہو چکی ہوتیں مگر دل اچاٹ ہو گیا تھا اور طبیعت خراب تھی میں جانتی تھی کہ بس کسی روز ایکدم سے اسباب سدھے لگے گا۔ عرض واپسی کا دن رات ذکر کرتی تھیں۔

اسی دوران میں ایک عجیب واقعہ رونما ہوا جس نے تمام واقعات کی حالت ہی بدل دی بہت مختصر طور پر بیان کرتی ہوں۔ میری شادی کی نہ تو اب انکو ہی کچھ امید تھی اور نہ مجھکو ایک روز کا ذکر ہے کہ ماموں ایک تار لائے۔ میں کھانا پکا رہی تھی میں نے تار دیکھا اور وہیں سے پکانا چھوڑ کر دوڑی کہ الٰہی یہ کیا معاملہ ہے "کیسا تار ہے؟" میں نے دوڑ کر اماں جان سے پوچھا۔ ایک عجیب لہجہ میں اماں جاں نے کہا "ہے تم کھانا دیکھو۔ جاؤ۔ جاؤ" میں نے ایک نظر اماں جان کو دیکھا پھر ماموں کو کچھ عجیب سُستہ سا ہوا اور سر مردہ ہو کر چلی آئی نہ معلوم کیا باتیں ہوئیں اماں جاں خوش معلوم ہو رہی تھیں۔ جلدی سے تار کا جواب تار میں دیا گیا میں چکر میں تھی کہ الٰہی یہ کیا معاملہ ہے۔ کیا کہیں مگر تو نہ کرو ایسا سیال بھی نہ آسکتا تھا مگر اماں جاں کا چہرہ اسقدر بشاش تھا کہ مجھکو کچھ یقین سا ہو گیا اور مارے شرم کے میری ہمت نہ پڑی کہ اُن سے کچھ دریافت کروں کئی تار دیئے گئے اور دوسرے روز بھی کئی تار آئے اور گئے دوسرے ہی روز سب معاملہ معلوم ہو گیا مارے خوشی کے اماں جاں مجھ سے لپٹ گئیں اور اس روز سے مجھے دیا یا کہ میں گھبرا گئی۔ انکی آنکھیں تر تھیں اور میری بھی یہی حالت تھی "یا اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ یا اللہ ساتھ خیر و خوبی کے انجام پائے"۔

اماں جان نے آنسو پوچھتے ہوئے کہا اور مجھکو معلوم ہوگیا کہ میری شادی طے ہوگئی۔ اسباب سدھنے لگا۔ لیکن یہ کہ کس سے طے ہوئی۔ لڑکے کا نام کیا ہے کیا کرتا ہے تو یہ سب باتیں خود اماں جان کو بھی معلوم نہ تھیں، مجھے کیا معلوم ہوتیں۔ بس جو کچھ معلوم تھا وہ یہ کہ بریلی والے چچا کی معرفت شادی طے ہوئی ہے لہذا لازمی ہے کہ مناسب جگہ ہوگی۔ اب میں اماں جان کو دیکھتی تھی اور کہتی تھی کہ الٰہی یہ کیا ماجرہ ہے کہ دو تین ہی تار آنے جانے سے انکی طبیعت کی مردنی جاتی رہی۔ بجائے گھر کے ایک دم سے اماں جان مجھکو بریلی لیکر پہونچیں۔ وہاں پہونچکر اپنی چچازاد بہن سے مجھے صرف اتنا معلوم ہوسکا کہ جس کے ساتھ میری شادی ہو رہی ہے اُس کا نام کیا ہے اور کیا کرتا ہے۔ کس کا لڑکا ہے اور کہاں کا رہنے والا ہے اور بس۔ اس سے زاید کچھ نہ معلوم ہوسکا کہ آخر شادی ایک دم سے کیسے طے ہوگئی میری شادی بجائے گھر سے ہونے کے یہاں سے ہونا طے قرار پائی۔ یہ چچا میرے والد صاحب مرحوم کے چچازاد بھائی تھے اور بریلی میں وکالت کرتے تھے ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوا کہ اس ہفتہ میں شادی ہوجائیگی۔ اماں جان کا بس نہ تھا کہ فوراً ہی ہوجائے انکو دراصل ہر دم یہی ڈر لگا رہتا تھا کہ گڑبڑ ہوکر چھوٹ نہ جائے۔ اسیوجہ سے یہ تجویز تھی کہ مجھے یہیں سے رخصت کردیا جائے۔ میرے جہیز کا بھی کچھ انتظام نہ کرنا تھا، وجہ اسکی یہ تھی کہ بجائے رسمی جہیز کے تمام مکانات و دوکانات معہ سارے گھر کے سامان کے حتیٰ کہ پھوٹے گھڑے اور جھاڑو سے لیکر مسہری اور لوہے کی الماری تک مع کُل سامان سب میرے جہیز میں شامل تھا۔ پھر بھی دوسرا سامان اور ضروری چیزیں یعنی لوازماتِ شادی جو عرصہ سے گھر پر تیار رکھی تھیں ماموں لے آئے لیکن اماں جان کہتی تھیں کہ بس ایک ٹرنک اور ایک بستر تو گھر بھر میں میرا ہے باقی کُل میری لڑکی کا جہیز ہے، بہت جلد تمام مکانات اور دوکانات اور گھر کے سامان کی بڑی سی فہرست تیار کی گئی اور یہی فہرست مجھکو جہیز کے طور پر دے جانا قرار پائی جس میں ہر چیز کی تفصیل موجود تھی۔

۸۱

ایماں کی بات یہ ہے کہ اگر کسی کو موت سے بچے کی خوشی ہو سکتی ہے تو مجھکو بھی ایسی شادی کی خوشی تھی۔

مجھے کوئی سی بات معلوم ہی نہ ہو سکی کیونکہ گھر میں سوائے میری چچا زاد بہن کے اور کوئی ہم عمر لڑکی ہی نہ تھی۔ اور یہ بہن بھی عمر میں مجھ سے بہت چھوٹی تھی۔ بہت مختصر بارات سُسے میں آئی مگر خدا معلوم کہاں کی عورتیں گھر میں پھٹ پڑیں۔ گانا بجا ناچا اور اس پر عُل غپاڑہ، قصہ مختصر آنے کے چوتھے روز میرا نکاح ہو گیا۔ اور اسی روز میں رُخصت ہو کر دولہا والوں کے ہاں پہونچی۔

رات کا وقت تھا اور مجھکو چھت پر لاکر بٹھایا گیا۔ میں کپڑوں میں لپٹی لپٹائی بیٹھی تھی حالانکہ موسم میں قدرے خُنکی آچکی تھی مگر مجھے گرمی معلوم ہو رہی تھی۔ میں نہیں کہہ سکتی کہ کہاں تھی چاروں طرف سے عورتوں کا نرغہ تھا۔ مگر عورتیں زیادہ نہ تھیں۔ تھوڑی دیر تک تو میری حالت عجیب رہی کیونکہ عورتیں میرا مُنہ کھول کھول کر دیکھتی تھیں۔ خدا کا شکر ہے کہ اس جلدی جلدی میں میری شادی تمام فضول رسموں سے پاک رہی اور یہاں آکر تو مجھکو کسی رسم سے بھی پالا نہ پڑا جب دراہٹر لونگ کم ہوئی تو عورتیں ایک ایک کر کے چلی گئیں تھوڑی ہی دیر بعد سنّاٹا چھا گیا اور سوائے گھر کی ایک مُلازمہ کے اور کوئی نہ رہا۔ میں نے اطمینان سے زاید چادر علیحدہ کی اور مُنہ کھولا میں ایک کمرے میں تھی۔ سامنے کمرے کے دروازے کُھلے ہوئے تھے، اور ایک باغ نظر آرہا تھا نہایت ہی خوشگوار ہوا آرہی تھی ایسی کہ میں نے بہت جلد بجلی کا پنکھا بند کر دیا۔ مُلازمہ نے ٹھنڈا پانی پلایا اور میری جان میں ایک تازگی سی آئی، میں ایک مسہری پر بیٹھی ہوئی تھی اور تھکن کی وجہ سے سرہانے تکیہ لگائے بیٹھی تھی۔ ملازمہ مجھ سے نہ معلوم کہاں کہاں کی فضول باتیں کر رہی تھی جو میں سُن بھی نہ رہی تھی۔ کہا تا آیا تو میں نے جوں کا توں دیں

کر دیا۔ اس کے بعد پھر اطمینان سے تکیہ کا سہارا لیکر بیٹھ گئی میری نظر باغ کی طرف تھی مگر خیالات نہ معلوم کہاں تھے، مجھکو اسوقت ایک عجیب خوشی تھی نہ اس وجہ سے کہ میری شادی ہوگئی بلکہ بار بار تمام گذشتہ واقعاتِ زندگی حوالی سے بھرے ہوئے تھے، ایک ایک کرکے سامنے آرہے تھے، اور پھر آخر میں نتیجہ یہ کہ میں یہاں بیٹھی ہوئی ہوں جس کا مجھکو یا اماں جان کو وہم و گمان بھی نہ تھا، کہاں تو موت سامنے تھی اور کہاں حالت یکسر خدا نے بدل دی۔ میں خدا کی عنایت اور مہربانی پر غور کر رہی تھی کہ کس طرح میری شادی تین جگہ طے ہوئی اور کس طرح چھوٹ گئی اور پھر ہونا تھی تو یوں ہوئی یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ ان خیالات کی اُدھیڑ بُن میں ان حضرت کا جب خیال آتا تھا تو میرا کیا حال ہوتا تھا۔ نفرت کے جذبات کامیابی کی خوشی میں ملکر عجیب ہی کیفیت پیدا کرتے تھے۔ شکر کرتی تھی کہ خدا نے اس شریر کو ناکام اور مجھکو کامیاب کیا۔

میں انہی خیالات میں مستغرق تھی کہ اُونگھ گئی طرح طرح کے خواب میں نے بہت قلیل عرصہ میں دیکھ ڈالے کبھی اپنے آپ کو گھر پر دیکھا۔ کبھی دیکھا کہ سوراخ میں سے اس شریر کو دیکھ رہی ہوں۔ کبھی اسٹیشن پر خط ڈالنے کا سین پیشِ نظر تھا۔ رہ رہ کر میں یہی دیکھتی تھی کہ کس طرح مجھکو خدا نے تمام مصیبتوں سے چھڑایا۔ ایک ایک مصیبت سامنے آتی تھی۔ اور ہر سین کے بعد اس شریر کے خلاف نفرت بڑھتی تھی جس نے میری زندگی تباہ کرنے میں کوئی کسر ہی نہ اٹھا رکھی تھی۔

اسی نیند میں دیکھتے دیکھتے کیا دیکھتی ہوں کہ وہی شریر سیاہ دھاری دار سوٹ پہنے کھڑا ہے جیسا کہ آخری مرتبہ میں نے اسٹیشن پر اپنی چچی سے باتیں کرتے دیکھا تھا۔ ایک شرارت آمیز شیطنت کی مسکراہٹ عیاں۔ تیز اور شریر آنکھیں جیسے کہ شرارت کا کوئی پہلو ڈھونڈ رہی ہیں۔ یہ میں نے ایک فاصلہ ہی سے دیکھا اور انتہائی منافرت کے ساتھ دل ہی دل میں کہا کہ تم میرا کچھ نہ بگاڑ سکے۔

ایک دم سے کیا دیکھتی ہوں کہ جیسے یہ الفاظ اس تحریر نے سُن لئے۔ حالانکہ میں نے یہ الفاظ دل ہی میں کہے تھے اور مجھکو بُری طرح گھور کر کہا "کولتار" کیا کہا؟ کیا میں کچھ نہیں کر سکتا؟"

"تم کچھ نہیں کر سکتے" میں نے کپکپاتی ہوئی آواز میں انتہائی غصہ اور نفرت سے کہا "تم میرا کچھ نہیں کر سکتے۔"

"ٹھہر تو جا۔ کولتار" اس نے سخت شرارت آمیز لہجہ میں کہا۔ چہرہ سے معلوم ہو رہا تھا کہ کوئی شرارت دماغ میں ہے۔ اور میرا یہ حال تھا کہ حالانکہ یہ سب خواب کے واقعات تھے، لیکن اس قابلِ نفرت شکل کو دیکھ کر مارے غصہ کے کانپ رہی تھی۔

اتنے میں ملازمہ نے ناروکر کر ہلا دیا اور نہ معلوم جھٹکے سے کیا کہا۔ میں چونک سی پڑی لیکن سمجھ گئی اور جھٹ سے پھر اُسی طرح اوڑھ لپیٹ کر گھٹنوں میں مُنہ چھپا کر بیٹھ گئی۔

میرا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔ بڑی دیر تک میں اسی طرح بیٹھی رہی کہ پھر میرے دماغ میں وہی خیالات ہجوم کر آئے۔ پھر وہی قابلِ نفرت شکل گویا میرے سامنے تھی۔ رہ رہ کر مجھے اس شخص کی خیالی صورت دیکھ دیکھ کر نفرت آ رہی تھی۔ ہر جبیر اس کی قابلِ نفرت معلوم ہوتی تھی۔ کیا اس نے سری اور اماں جان کی جان لینے میں کوئی دقیقہ اٹھا رکھا تھا؟ جب یہ خیال کرتی تھی خون کھولنے لگتا تھا۔

میں اسی خیال میں تھی کہ کسی کے آنے کی کمرہ میں آہٹ ہوئی میں گویا اُچھل پڑی اور پھر دل دھڑکنے لگا۔ میں سمجھ گئی کہ آنے والا کون ہے۔

میں نے کسی کے اپنے قریب آنے کی آہٹ سُنی میرا دل مانسوں اوچھل رہا تھا اور ایک ناقابلِ بیان پریشانی کہ اتنے میں آنے والے نے میرے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ کان کے پاس

مُنہ کرکے کہا "کولتار صاحب، سلام علیکم"

میرے اوپر گویا بجلی گری اور میں چونک پڑی، غنیمت ہوا کہ چیخی نہیں تن بدن میں رعشہ تھا اور بدن میں ایک سنسنی دوڑ گئی۔ جس شخص کا خیال میرے دل میں تھا جسکو عالمِ خواب میں ابھی ابھی دیکھا تھا اور جس کے خلاف انتہائی نفرت کے جذبات میرے سینہ میں ابھی ابھی موجزن تھے کیا یہ وہی نہیں ہے!! یہ لہجہ۔ یہ شرارت آمیز لہجہ میرے لئے نیا نہ تھا۔ میں خوب جانتی تھی۔

"کیا یہ وہی شخص نہیں جس نے میری اور اماں جان کی زندگی تلخ کردی تھی . . . . . یا اللہ اس سے تو انتہائی نفرت تھی . . . مگر اب! . . . . . !"

جتنے ردِ میں مندرجہ بالا خیالات میرے دماغ میں آئے اور گئے اور قبل اس کے کہ میں اس انقلابِ عظیم پر غور کروں پھر اُسی عزیز ترین شخص نے کہا "اجی کولتار صاحب . . . مزاج شریف . وہ بھڑوں کا چھتہ . . . . میرے تمام منہ پر لپٹ گئی تھیں . . . . جناب کولتار صاحب . قبلہ اجی کرایہ لیجائیے . "

غرض بہت کچھ کہہ ہا کر کے مجھے ہلایا جلایا مگر یہاں جواب نہ دارد۔

بات ۳

اِنقلاب

شادی اگر ہر لڑکی کے لئے ایک انقلاب ہے تو پھر میرے لئے ؟ شاید ایک حیرتناک استعجاب! وہ شخص جو میرے خیال میں میرا جانی دشمن تہا۔ دنیا میں جس سے مجھے سب سے زیادہ نفرت تہی یا ہو سکتی تھی وہی اور وہی شخص چہتم روز میں میرے لئے عزیز ترین شخص تھا۔ عقل نہیں کام کرتی کس طرح انتہائی نفرت معدوم ہو گئی جس کا خیال ہی اپنے ضمیر کو قابلِ نفرین معلوم ہوتا ہے! کیونکر تہی ؟ یہی معمہ معلوم ہوتا ہے۔

(۱)

مولٰنا!! الٰہی خیر! سسرال کے اسٹیشن پر پہونچتے ہی یہ لفظ پہلی مرتبہ عمر میں اس طرح میں نے سُنا کہ دنگ رہ گئی۔ وہ بھی ایک قلی کے مُنہ سے!

اسٹیشن سے گھر تک موٹر میں یہی سوچتی رہی کہ واقعی کیا میں "مُلّانی" ہوں!

واللہ اعلم۔ دل میں میں نے کہا۔ "خاندانی مولانا ہوں گے۔ مولویوں کے گھرانے کے"۔ میں اپنے کمرہ میں اُتری۔ چاروں طرف دیکھا۔ شاید میری آمد کے سلسلہ میں کمرہ ضرورت سے زیادہ آراستہ پیراستہ تہا۔ ایک نظر دیکھتے ہی معلوم ہوتا تہا کہ طالعلم کا کمرہ ہے۔ میں دیکھ ہی رہی تھی اِدہر اُدہر کہ آپہونچے۔ "کولتار صاحب" مسکرا کر اُن عجیب و

غریب مولسنا نے چپکے سے میرے کان میں ستانہ ہلاکر کہا۔

میں نے سر اٹھاکر آنکھوں میں آنکھیں اچھی طرح ملاکر شاید پہلی مرتبہ دیکھا۔ کچھ عجیب معلوم ہوا میں نے گردن نیچی کرلی کہ پھر کہا "کولتار صاحب" وہی لفظ "کولتار" جو تن بدن میں آگ ایسی لگادیتا تھا۔ اُسی لفظ کولتار نے اور پھر اُسی زبان سے اسوقت میری روح کو ستابد فرحت سے لبریز کردیا۔ بمصداق ع

حمالِ ہم نشیں در من اثر کرد

پہلی مرتبہ میں نے بھی تُرکی بہ تُرکی جواب دیا "مولسنا صاحب" میں نے جس طرح سن پڑا کہا

"یہ کچھ نہیں" مولسنا نے کہا۔

"وہ بھی کچھ نہیں" میں نے جواب دیا مگر مولسنا کا کہنا صحیح تھا کیونکہ مجھے بعد میں بہت جلد ہی معلوم ہوگیا کہ ہر وہ شخص جو سوٹ پر سلیم شاہی یا اچکن پر ہیٹ لگائے یا کتابیں بغل میں دبا کر کالج کی طرف منہ کرے آدمی بعد میں اور مولسنا پہلے ہے خواہ اس کے ڈاڑھی ہو یا ہر چہارا برو کا صفایا کرتا ہو۔ اس سے کچھ بحث نہیں۔

میری شادی میرے لئے ایک معمہ تو تھی ہی لیکن اب وہ معمہ حل ہی ہوچکا تھا دہلی سے گھر آنے میں ریل پر میرا ایک سیاہ رنگ کا سوٹ کیس ٹرنک مل گیا تھا۔ وہ اب ملا کمرے کے ایک کونہ کی طرف مولسنا نے انگلی اُٹھائی میں نے دیکھا۔ کھولا جو سہی تو ایسی تمام چیزیں جوں کی توں موجود پائیں ہاں تصویر مدارد تھی جو البم میں ملی۔ مولسنا کی امانت یعنی اُن کے کپڑے وغیرہ لکھنو میں کسی صندوق کے کونے میں پڑے چھوڑ آئی تھی۔ پھر ساتھ ہی وہ خط بھی ملا جو میں نے اپنی سہیلی راہدہ کو ماموں سے ریل میں سے ڈلوایا تھا اور جس کے

حاشیہ پر لکھا تھا کہ میرا قاتل میرے سامنے کھڑا ہے اب عقل نہیں کام کرتی کہ زاہدہ کو خط لکھوں تو کیونکر اور کیا کہیگی کہ میرے منگیتر کو چھین لیا۔ میں نے اس خط کو مولانا سے چھپٹ کر پھاڑ ڈالا۔

(۲)

تیسرے ہی روز کا ذکر ہے کہ میں اپنے کمرہ میں بیٹھی ہوئی تھی۔ مولانا کالج گئے تھے اور میری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیا کروں۔ اتنے میں برابر والے کمرہ سے کچھ دلچسپ باتوں کی آواز آئی۔ میں نے دروازہ ہی میں سے چپکے سے جھانک کے دیکھا، ایک بڑی بی نہایت ہی راز دارانہ لہجہ میں باجی اماں (میری خوشدامن صاحبہ) سے باتیں کر رہی تھیں۔

دُلہن کو جب بیاہ کے آتی ہے تو سسرال سے اچھا سا خطاب ملتا ہے۔ بہن وہ غریب ہوں تو کیا مگر دلہن کو بیگماتی خطاب دیتے ہیں۔ مگر بہن تمہارے یہاں کی ریت نرالی ہے! دولہن بیاہ کر آئی ہے تو اسے نگوڑا "تارکول" کا خطاب دیا! نانا بابا یہ باتیں تو ہم نے کبھی نہ سُنیں نہ دیکھیں!" (بڑی بی نے آخری جملہ کانوں پر ہاتھ رکھکر اپنے جھریوں دار چہرہ پر زلزلہ ڈال کر کہا)۔

"مجھے تو یہ خیال ہے کہ" باجی اماں خطرہ اور اندیشہ کے لہجہ میں بولیں کہ "دنیا کیا کہے گی!"

اس کے جواب میں بڑی بی نے اپنے مُنہ کو گول گول کر کے صفر بنایا اور پھر اس صفر کو بڑی تیزی سے ایک سطر کی شکل میں عجیب و غریب طریقہ سے تحلیل کر دیا۔ باجی اماں نے اس حیرت انگیز اظہار خیال کو غور سے نوٹ کیا اور پھر بولیں "کہو تو یہ ڈر ہیں کہ باپ سُنے گا تو کیا کہے گا۔ اور سُن ہی لیا ہے ..."

بات کاٹ کر بڑی بی تیزی سے پان کھاتے میں اپنی ٹھوڑی سے ناک کی پھننگ چھو کر

سر مٹکا کر بولیں۔

"باپ سُن لیگا تو نکال دے گا ... لکھ رکھو ہیں جو نکال نہ دے تو میرا نام پلٹ کر رکھدینا وہ ایسے ہیں ہی ... ہیں ہی وہ ایسے ہی" یہ کہکر بڑی بی نے آنکھیں نکالکر ٹھوڑی سے اپنی ناک پھر تیزی سے چھوکر چارپائی ہی پر اس طرح پینترا بدلا کہ جیسے یہ خود ہی نکال دینگی۔

"یہی تو میں کہتی ہوں" باجی اماں بڑی بی کے پینترے پر فدا ہوکر بولیں۔ "یہی تو میں کہتی ہوں۔ نہ اُسے میری پرواہ اور نہ اُسے دادی کا خیال اور نہ اُسے یہ خیال کہ بوا کل کو ساس سُنے گی تو کیا ہوگا" باجی اماں کچھ واقعی بیچین ہوکر بولیں۔ "بھلا میں کیا منہ دکھاؤنگی۔ جب وہ کہیں گی کہ "واہ بہن سمدھن! خوب میری اکلوتی بیٹی کی قدر کی ہے" وہ عادت کی اچھی نیک ہے، غریب طبیعت کی ہے تو کیا ہیں وہ ماں سے یہ بھی نہ کہیگی کہ مجھے کولتار کا حطاب سسرال سے ملا ہے!"

سر ہلا کر بڑی بی بولیں۔ "دلمیں کیا کہتی ہوگی!.. ." پھر کچھ آنکھیں جھپکائیں، چہرے کی کچھ کان نکالی اور بھنویں سکیڑ کر گویا معمہ حل کرنے بیٹھیں بولیں۔ "تو بوا یہ آخر بات کیا ہے؟ یہ "تارکول" کیوں کہتا ہے؟ . کیوں کہتا ہے؟" یہ کہکر پھر ایک پینترا بدلا اور گویا بات کی تہ کو پہونچ گئیں۔ "کیا جورو پسند نہیں کرتا؟" کچھ رازدارانہ لہجہ میں بڑی بی نے یہ بات کہی۔

"پسند نہیں کرتا!" باجی اماں نے گویا چیں بہ جبیں ہوکر کہا "لو اور سنو! بوا! تمہیں نہیں معلوم! اے لو امیں نے تو اسکی بات بڑی جگہ بھیجی تھی۔ بات چیت طے ہو چکی تھی۔ سگائی میں جاتے جاتے لوٹ آیا۔ پھر ابی بڑی چچی کو بیچ میں ڈلوا کر تین طوفان جوڑے! ایسے کہ بس جیٹ منگی بیٹ بیاہ۔ باپ نے بھی کہا۔ کہ ٹھیک ہے۔ اُنھوں نے تو چھوڑ ہی دیا ہے جو چاہو سو

کرو۔ تو مطلب یہ ہے کہ بہن خود ہی اپنی پسند سے شادی کی اب ماپسندی کا ہیکی!..
.. ریل میں دیکھ لیا تھا۔" باجی اماں بڑی بی کو ٹھوکا دیکر جھکے سے بولیں بڑی بی نے یہ سُنکر اس زور سے آنکھیں پھاڑی ہیں کہ میں تو یہی سمجھی کہ بس اب یہ چلیں، گول گول مُنہ انکا چُوہے کے بِل کی طرح نکل آیا۔ کچھ سنبھلکر بولیں "ہیں! اپنی پسند کی جورو اپنی پسند کی جُورو اتنی کر لینے دی!.. . . ." فوراً راستہ چھوڑ کر بولیں "مگر بڑی اچھی اور بھولی لڑکی ہے .
. . . مگر ہاں . . . . تو اپنی پسند کی جُورو لایا تو پھر کیوں . . . ؟"
"اُونہہ" باجی اماں بولیں "یہ بھی آج کل کے لڑکوں کی ادا ہے کہ جسکو چاہیں چوبچلہ میں آکر اسی کی گت سائیں۔ اُلٹے سیدھے نام دھریں۔ یہی بات ہے اور کوئی وجہ نہیں صورت شکل تمنے دیکھی ہی ہے۔ خاصی اچھی۔ گوری چٹی.. چاند کا سا ٹکڑا ہے۔"
باجی اماں کا یہ ریمارک۔ میری تعریف میں . . . . مبالغہ آمیز تو خیر تھا ہی مگر اظہار محبت کا شاید بہترین طریقہ تھا۔ ورنہ اصل بات تو یہ ہے کہ چاند تو رہیں سے واقعی بہت دُور ہے۔
"بڑی پیاری صورت کی بھولی بھولی بچی ہے۔" بڑی بی ایک عجیب لہجہ میں گویا رو کر بولیں۔
میں ہمہ تن اس مکالمہ کے سُننے میں مشغول تھی کہ آواز آئی "کولتار صاحب" میں ایک دم سے چونک سی پڑی مولانا کالج سے بے وقت آگئے تھے۔ میں نے مُڑکر دیکھا "یہ لو" کہکر انہوں نے ایک خط میری طرف پھینکا۔
خط میں نے ہاتھ میں لیا لیکن بجائے اسکو دیکھنے کے میں لفظ "کولتار" کے تلفظ کی خوبی پر غور کر رہی تھی۔ کتنا پیارا لفظ ہے۔ "کول تار" میں نے دل میں کہا کس طرح یہ

لفظ سُنتے ہی دل میں گڑ کر رہ جاتا ہے! کیا تمام دُنیا کے پُرسرور اور لطیف نغمے اس تلفظ میں مضمر نہیں۔ اگر ستار کے کسی تار کو مضراب سے چھیڑا جائے تو کیا یہی لفظ ایک طاقت رُبا جھنانٹے کے ساتھ ہوا میں نہیں تیرتا پھرے گا۔ یا ہارمونیم کے ہر پردہ سے یہی لفظ "کولتار" نہیں نکلتا۔ کبھی غور کیجئے گا۔ ہارمونیم کی آواز کا آخری سانس یعنی ہر پردہ کے ترنّم کی روح در اصل یہی لفظ ہے "کول .تار. ...ررررر"

یہ تو جملۂ معترضہ تھا۔ قصہ سُنئے۔ میں نے خط لیا اور قبل اس کے کہ کچھ کہوں دادی اماں کا دلچسپ چہرہ دروازہ سے ایک کھٹکے کے ساتھ اندر داخل ہوا۔ میں نے مُڑ کر دیکھا اور اُنکے کندھے کے بائیں جانب باجی اماں کا سر تھا اور اس کے مشرق میں اُن دلچسپ بڑی بی کی متحرک ٹھوڑی جو اسوقت سنگر کی متین کے "سٹل" کی طرح ناک کی پھننگ کی جانب برابر حرکت کرتی رہی تھی۔

"یاد رکھیو کہ مارے طمانچوں کے مُنہ توڑ دونگی۔" دادی اماں نے مولنا کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہا۔ "اکی میں یہ سنوں!"

یوتے صاحب اپنی دادی کو بہت پیارے تھے اور شاید اسی وجہ سے ضرورت سے زیادہ گستاخی سے دادی کو بھی تختۂ مشق بنانے سے نہ چُوکتے تھے سمجھ گئے کہ دادی اماں نے لفظ "کولتار" سُن لیا مگر نہایت ہی سادگی سے پُوچھا "کیا سُنا؟"

"یہی۔" دادی اماں نے ہاتھ جھٹک کر کہا "یہی!"

"کیا یہی"؟ مولنا نے دادی اماں سے پوچھا۔ تاکہ وہ خود لفظ کولتار کو دُہرائیں۔

"یہی جو تو کہتا رہتا ہے۔" دادی اماں نے کچھ سٹپٹا کر کہا۔

"آخر کیا کہتا رہتا ہوں؟ معلوم تو ہو!" مولنا نے زور دیکر پوچھا۔ "معلوم تو ہو۔ کچھ

بتایئے تو سہی"

دادی اماں کی حالت نہ صرف قابل رحم تھی بلکہ ہنسی کے قابل۔ اُنکو کچھ تو جھنجھلاہٹ آئی اور کچھ آئی ہنسی۔ آؤ دیکھا نہ تاؤ ایک دم سے حملہ آور ہوئیں، ایک دو تین ہاتھ ایسے دیئے کہ وہاں تو کیا چوٹ لگی ہوگی مگر خود اپنا ہاتھ پکڑ کر بیٹھ گئیں۔ اور ادھر مولانا نے ان کا پیچھا لیا کہ "آخر کچھ تو بتائیے کہ وہ کونسا لفظ ہے جو نہ کہا کروں" مگر دادی اماں نے نہ بتانا تھا نہ بتایا۔

باجی اماں البتہ بیٹھ گئیں سمجھانے۔ وہ بھی شاید مجھے سُنانے کو اور اپنی پوزیشن صاف کرنے کو کہنے لگیں "یہ بدتمیزی ہے ..... بدتہذیبی ہے .... نام پڑ جائیگا .. ... بہت بُری بات ہے .. .. بڑی شرم کی بات ہے .. جو سُنے گا نام دُہرے گا اور . پھر . .. . نام پڑ جائے گا .. ... غضب ہو جائے گا" وغیرہ وغیرہ۔ دادی اماں نے بجائے لیکچر دینے کے سخت گیری کا انتظام کیا اور کہنے لگیں "ابکی اگر میں نے سُنا تو رہاں کاٹ لونگی .... ہونھ .... لو اور سنو .. آیا وہاں سے .. .. بدتمیز .. ، کیسے نہیں کا . . ."

بڑی بی جواب تک خاموشی سے اپنی ٹھوڑی کو تیری سے "اُٹھک بیٹھک" کرا رہی تھیں سر ہلا کر بولیں "نابیٹا . بُری بات ہے"!

دادی اماں نے چلتے چلتے مجھ سے کہا "اب کی جو یہ کہے تو مجھ سے کہنا" میرا کندھا ہلا کر کہا "مجھ سے کہنا... ضرور"

میں نے مجبوراً کہا "بہت اچھا"

فطرت شاید میرا ہی خاصہ ہے۔ بہت ممکن ہے۔ جب کوئی نہ رہا تو تن کر میں نے مولنا سے کہا "جبردار جو تمنے مجھے انکی کولتار و دولتار کہا۔۔۔۔ کہدونگی دادی اماں سے؟ یہ آخر تمہیں ہو کیا گیا ہے؟ سب کے سامنے کہتے ہو۔۔۔۔۔ آخر کیا فائدہ اس سے"

مولنا نے اس اسپرٹ کو شاید پسند کیا۔ بیحد پسند کیا۔ اور ادھر میں نے اور ریاکاری برتی کیونکہ جانتی ہی تھی کہ یہ کہنا ہرگز نہ چھوڑیں گے یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ کچھ مہمان آگئے اس قسم کے کہ مولنا کمرہ سے نکالے گئے۔

(۳)

آنے والی بیوی مجھے دیکھ بہال کے ماحی اماں کی طرف چلی گئیں مگر اپنی بہو کو چھوڑ گئیں اور اُن سے میری ملاقات ہوئی۔ مجھ سے بڑی محبت سے ملیں۔ سانولا رنگ تھا بڑی خوبصورت اور چمکدار آنکھیں تھیں۔ بہت دلکش اور جاذبِ نظر اور نہایت ہی ملیح اور پُر نمک چہرہ تھا۔ مگر صورت یہ کچھ عجیب و غریب اُداسی چھائی ہوئی تھی۔ کچھ انداز گفتگو میں درد کی ایک کسک سی تھی۔ بہت صاف اور ستھرا پاکیزہ لباس پہنے ہوئے تھیں مگر ایک نظر سے معلوم ہوتا تھا کہ شاید اپنے اوپر جبر سا کیا ہے۔ غرض کچھ عجیب ہی "دل بجھی" سی ہیں میری ہم عمر تھیں شاید مشکل سے دو چار برس بڑی ہونگی۔ ویسے تو گھل مل کے باتیں کیں مگر جہاں اُن کے میاں کا ذکر آیا اور میں نے حال احوال پوچھا تو کچھ ٹال سی گئیں۔ پہلی ملاقات تھی میں نے بھی کچھ نہ پوچھا کہ اتنے میں ماحی اماں اور انکی ساس آگئیں۔ دو ایک باتیں اِدھر اُدھر کی کرکے ماحی اماں نے اُنکے میاں کا قصہ چھیڑا اور اُنکی خوشدامن صاحبہ سے حال دریافت کرنے لگیں۔

اُنھوں نے اپنے فرزند ارجمند کے بارہ میں کہا "کیا بتاؤں وہی حال ہے۔۔۔۔ کسی طرح راہِ راست پر نہیں آتا" یہ کہکر خاتون کی طرف دیکھا اور قصداً تیزی سے دوسرا ذکر

چھیڑ دیا۔ باجی اماں بھی شاید سمجھ گئیں کیونکہ بی خاتون بھی غیر متعلق باتوں میں تیزی سے مشغول ہوگئیں۔

کھانے کا وقت آیا تو میں نے اور بی خاتون نے کھانا ساتھ کھایا کھانے پر میری ہمت بڑی اور میں نے اُن سے اُن کے میاں کے بارہ میں پوچھا۔ میرے سوال پر ایک دم سے گم سُم سی ہوگئیں۔ میری طرف ایک عجیب بھولے پن سے دیکھنے لگیں، مجھے ان پر بڑا ترس آیا۔ کہنے لگیں "کیا بتاؤں بہن احدانہ میرا قصہ کسکو سُنوائے"! جب میں نے ان سے ضرورت سے زیادہ ہمدردی کا اظہار کیا تو مختصر الفاظ میں قصہ سُنایا۔

"میاں کو آوارگی سے فرصت نہیں۔ دن رات بدمعاشی میں بسر کرتے ہیں۔ جب میاہ کر لائے تو دو ایک مہینہ تو کچھ سہاگ رہا پھر اس کے بعد وہ دلت اور وہ گت بنائی کہ خدا کی پناہ۔ بڑے مکان ہی سے ملا ہوا چھوٹا مکان ہے جس میں اکیلی پڑی گھلتی رہتی ہوں اور یہی تقدیر میں بدا معلوم ہوتا ہے۔ میاں کو گھر میں آنے کی قسم ہے۔ دن اور رات باہر ہی رہتے ہیں اُن کے ملازم علیحدہ ہیں صرف کھانا گھر سے ملتا ہے اور جیب خرچ کو سو روپیہ ماہوار ملتے ہیں جس میں سے مجھے کوڑی نہیں ملتی۔ ماں کا یہ حال ہے کہ بیٹے کو سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں روپیہ چُپکے سے دیتی ہیں، پانچ پانچ ہزار کی ڈگریاں چُپکے سے چکا دیتی ہیں۔ دو ڈھائی سو روپیہ ماہوار رنڈیاں لے جاتی ہیں میری قسمت میں نہ ساس سے لکھا ہے اور نہ میاں سے۔ کبھی کبھار گھر میں آئے بھی کسی کام سے تو تیری سے نکلے چلے گئے۔ کچھ عرصہ گذرا دس ہزار روپیہ نقد بینک میں میرے نام میرے حصہ کا والد صاحب نے جمع کر دیا تھا وہ بھی لے لیا۔ ..."

"ارے!" میں نے کہا "وہ کیسے لے لیا؟"

"کیسے لے لیا!" وہ مسکرا کر بولیں "لے لیا کہ لاؤ"

میں نے کہا کہ "بینک کا روپیہ تو تمہارے دستخطوں بغیر نکل ہی نہ سکتا تھا۔ آخر کیسے لے لیا؟"

"مجھ سے دستخط لے لئے بلکہ میں نے خود دیدیئے"

"زبردستی دیئے یا خود خوشی سے؟"

ہنس کے بولیں "بہن زبردستی تو نہیں کی، تین مہینہ سے مجھ سے بات چیت نہ کی تھی۔ ایک روز آئے اور مجھ سے کہا دستخط کردو . . . ."

"آپ نے کر دیئے!" میں نے کہا۔

مسکرا کر بولیں "ہاں میں نے کر دیئے" والد صاحب اور والدہ صاحبہ آج تک خفا ہیں، اُن سے وعدہ کیا تھا کہ بغیر اُن سے پوچھے کبھی روپیہ نہ نکلواؤنگی"

"پھر کیوں دستخط کر دیئے؟" "اپنی خوشی سے کر دیئے" مسکرا کر بولیں "کیا منع کر دیتی؟"

"اور کیا" میں نے کہا "بیشک منع کر دینا چاہئے تھا"

"میں منع کر دیتی تو وہ اور خفا ہو جاتے اور یہ مجھے منظور نہیں۔ میں نے اسلئے کر دیئے کہ مجھ سے راضی ہو جائیں گے"

"تو پھر راضی ہوئے بھی یا نہیں؟"

"آج سات مہینہ پورے گذر گئے جب میں نے روپیہ دیا تھا اُس روز سے تو بالکل صورت تک نہیں دکھائی ہے۔ یہ آٹھواں مہینہ ہے جو اندر آئے تھے"

"تو کیا بالکل ہی نہیں آتے؟" میں نے پوچھا۔

"قطعی نہیں آتے، دیکھنے میں بھی نہیں آتے" خاتون بی بولیں۔

"پھر . . پھر آپ کیا کرتی ہیں . . ؟"

"کچھ نہیں۔ بس گھر میں دن رات پڑی رہتی ہوں۔ اپنے گھر بھی نہیں جاتی۔"

"جب آپ کو بالکل چھوڑ رکھا ہے تو آخر اپنے گھر کیوں نہیں چلی جاتیں؟"

"گھر دور ہی کونسا ہے مگر میں تو کہیں نہیں جاتی بس پڑی رہتی ہوں مہینوں اسی طرح پڑے پڑے گذر جاتے ہیں۔ اب دیکھئے گئے ہوتے ہیں آج کل باہر کہیں سیر کرنے کو رنڈی کو لیکر۔ معلوم کہاں گئے ہوئے ہیں اور کب آئیں گے۔"

"کہیں باہر گئے ہیں؟" میں نے پوچھا۔

"جی ہاں باہر ہی گئے ہیں۔ کسی میلہ میں گئے ہونگے۔ کیا معلوم کہاں کہاں جائیں گے۔"

"تو آپ نے روپیہ کیوں دیدیا؟" میں نے پھر زور دیکر پوچھا۔ "جب جانتی تھیں کہ سب رنڈیوں کو کھلا پلا کر برابر کردیں گے؟"

"اور کیا کرتی" وہ بولیں "مجھ سے مانگا ہی ایسے تھا۔"

"کیسے؟"

ایسے مانگا کہ عرصہ سے اندر ہی نہیں آتے تھے۔ آئے اور بیٹھ گئے۔ مجھ سے بات تک کی نہ کرتے تھے۔ کہنے لگے۔ "ایک بات کہیں تمسے مان جاؤ گی؟" بس میں کیا بتاؤں مجھے کتنی تکلیف ہوئی۔ میں نے کہا۔ "کوئی بات ایسی بھی ہو سکتی ہے جو آپ کہیں اور میں نہ مانوں آپ شوق سے کہیں۔" اے بہن اتنا کہنا تھا کہ مجھ سے کہا کہ "یہ لو کاغذ اسپر دستخط کردو۔"

میں کاغذ دیکھکر دیکھتی کی دیکھتی رہ گئی۔ سناٹے میں آگئی اور چپ گردن نیچی کرلی مجھ سے پوچھا "نہیں کروگی؟" ... "نہیں کروگی؟" میں نے ایک مرتبہ سر اوپر کرکے دیکھا اور پھر چپ ہو رہی۔ بس اوٹھکر چلنے لگے کہ "مت کرو۔" میں گویا ایک دم سے چونک پڑی اور پریشان ہوکر میں نے کہا۔ "لائیے۔ لائیے کردوں۔"

وہ بولے "رہنے دو مت کرو" یہ کہکر جانے لگے۔

میں نے لپک کر ہاتھ پکڑ لیا۔ اور میری آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔ ...."

"ارے! ارے!" میں نے پریشان ہو کر کہا۔ کیونکہ بات کرتے کرتے بی خاتون کی آواز گھٹ گئی اور ایک دم سے اُنہوں نے مُنہ چھپا لیا! وہ رو رہی تھیں جلدی سے اُنہوں نے آنسو پونچھ ڈالے۔ کھانا ہو چکا تھا باجی اماں آگئیں اور ان کی خوشامد صاحبہ بھی آگئیں اور بی خاتون اس طرح باتیں ہنس ہنس کر کر رہی تھیں کہ جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔

تیسرے پہر کے وقت وہ چلی گئیں۔ مجھ سے آنے کا وعدہ لیا۔ شام کو مولانا سے اور تفصیل معلوم ہوئی۔ اُن کے شوہر پرلے درجہ کے آوارہ اور رنڈی باز ہیں۔ حالہ کے لڑکے شوہر ہیں اور اسپر یہ ستم۔ روپیہ پیسہ کی کمی نہیں۔ اپنی بیٹھک میں بیٹھے رنڈیوں سے تاش کھیلتے رہتے ہیں نہ کسی کی حیا نہ شرم اور بیوی مکڑی کی طرح کونہ میں مُنہ دیئے بیٹھی رہتی ہے کسی قسم کا بیوی سے سروکار ہی نہیں بالکل چھوڑ دیا ہے۔

میں نے اس غریب لڑکی کی حالت پر غور کیا۔ خدا نے سب کچھ دیا ہے مگر ایک شخص کی نالائقی نے اسکی دُنیا تاریک کر رکھی ہے۔ اللہ رحم کرے۔

ہاں وہ خط جو مولانا نے دیا تھا وہ دراصل ایک میلاد شریف کا بُلاوا تھا اور کوئی خاص بات نہ تھی۔

باب (۴)

میلاد شریف

(۱)

ٹھیک پانچ بجے میں میلاد شریف کی محفل میں پہونچی میزبان صاحبہ مسکراتی ہوئی اُٹھیں اور مجھ سے کہا "بیٹی تمہاری ساس نہیں آئیں؟" میں نے کہا "خالہ میں اکیلی ہی آئی ہوں، باجی اماں کی کچھ طبیعت کسلمند تھی، اُنہوں نے کہدیا ہے کہ سر کا درد کم ہوا تو وقت کے وقت میں بھی ہو جاؤنگی۔"

بڑی محبت سے اُنہوں نے لیجاکر مجھے برآمدہ میں بٹھایا بڑی لوڑھیوں کا ایک مجمع کا مجمع تھا۔ میں نے سلام کیا اور بیٹھنے لگی کہ اوہوں نے کہا "تم ادھر آؤ۔" یہ کہکر مجھے کمرہ کے دروازہ کے پاس ہی بٹھا دیا۔ کمرہ کی چوکھٹ کے پاس ہی کمرہ میں میری ہمعمر لڑکیاں بیٹھی ہوئی تھیں۔ میری ان میں سے کسی سے ملاقات نہ تھی۔

میں بیٹھی ہی تھی کہ ایک بیوی نے مجھے گھور کے دیکھا۔ برابر والی سے کچھ پوچھا پھر سر ہلا کر میری طرف کچھ غصہ سے دیکھا کہ اتنے میں برابر والی ایک لڑکی نے میرے کان میں نہ معلوم کیا کہا کہ یہ بیوی لولیں "بیٹی۔ اللہ رکھے تم نئی دلہن ہو، تمہارے بھی وہی ہڑونگنوں کے سے ڈھنگ ہوگئے۔ خربورہ کو دیکھکر خربورہ رنگ پکڑتا ہے۔ نہ ناک میں نتھ نہ کان میں بیتہ بس ترچھی مانگ

میں افشاں چھڑک کے دولہن بن گئیں "

میں اس بے تکی برجستگی پر کچھ دھک سی ہو گئی، مجھے اس اعتراض پر بڑی جھینپ سی معلوم دی اور غصہ بھی آیا۔ لیکن اب اُنہوں نے سب پر چوٹ کی "سب کی سب! اے لو دیکھا" برابر والی بی بی کو مخاطب کر کے کہا۔ "سب کی سب بیاہی بن بیاہی ڈنڈا سے ہاتھ لئے بیٹھی ہیں۔ یہ آخر ان کے ڈھنگ کیا ہیں!!!"

(۲)

اِن بی بی کے دو تین ہی چھینٹوں کا یہ اثر ہوا کہ لڑکیاں کمرہ میں اور اندر کو سرکیں اور آہستہ آہستہ سرک کر دور ہو گئیں۔ میں نے تھوڑی ہی دیر بعد مُڑ کر دیکھا تو میں اکیلی تھی۔ اس کمرہ سے نکل کر لڑکیاں دوسرے کمرہ میں پہونچی تھیں جس کے دروازہ پر وہی لڑکی کھڑی تھی جو میرے پاس بیٹھی تھی۔ مجھے دیکھ کر اُس نے مسکرا کر ہاتھ سے بُلایا۔ میں خود یہاں تکلّف میں جکڑی بیٹھی تھی اِدھر اُدھر دیکھ کے لطریقا کے میں بھی سرک گئی۔

کمرہ میں جو پہونچی تو ایک طرف کیا دیکھتی ہوں کہ مارے ہنسی کے تین چار لڑکیوں کا دم نکلا جا رہا ہے۔ اتنے میں جس طرف سے میں آئی تھی اُدھر سے ایک اور صاحبہ آئیں۔ بغیر مجھے دیکھے ہوئے یا میری طرف متوجہ ہوئے وہ ایک دم سے ہنسنے والیوں کی طرف متوجہ ہو گئیں۔ ہنسی کی وجہ دریافت کی گئی تو معلوم ہوا کہ کچھ نہیں صرف یہ امر دریافت ہوا ہے کہ ایک بہن کے سگیتر کے ڈاڑھی ہے لہذا خواہ مخواہ انکو تختۂ مشق بنایا جا رہا تھا اور یہ تمام ہنسی، کا مرکز ہی ہوئی تھیں۔ بیچاری سے کچھ جواب ہی نہ بن پڑتا تھا کہ یہ نو وارد اس عریب پر پل ہی تو پڑیں۔ ایک دوہتر مار کر بیٹھ پر بولیں:۔

"مجھے کیا حسرت تھی کمبخت کہ تو ڈاڑھیوں پہ جان دیتی ہے! میرے محلہ کا مولوی لنڈورا ہی گھوم

رہا ہے تیرے میاں سے جوگی لمبی ڈاڑھی ہے۔ ماپ لیجو حت کیجیو ۔ اور پھر ۔"

اتنے میں جنہوں نے مجھے ہاتھ کے اشارہ سے بُلایا تھا انہوں نے دوڑ کر ان کا مُنہ بند کیا اور پکڑ کر میرا اُن سے تعارف کرایا۔ میں نے غور سے انہیں دیکھا گلابی ستلوار ساٹن کی اور اسی رنگ کا خوبصورت گلا کھلا جمپر پہنے تھیں۔ صورت شکل خوب جیکیلی اچھی گوری چٹی چمکدار آنکھیں اور نہایت ہی سُڈول نقشہ۔ ہنسی میں سر سے پیر تک گویا لسی ہوئی تھیں۔ آنکھوں سے ایک شوخی عیاں تھی اور تندرستی اور خوش دلی نے چہرہ پر وہ نکھار پیدا کیا تھا کہ پان جو کھائے ہوئے تھیں تو معلوم ہوتا تھا کہ چہرہ گویا دھک رہا ہے۔ ان شوخ و طرار بہن کا نام ساجدہ تھا۔ مجھ سے ہاتھ ملایا اور تعارف ہوتے ہی اُنکا چہرہ ایک دم سے شرارت سے دمک اٹھا۔ ہاتھ چھڑا کر ملائیں میری لیکر یہ شریر بولی۔ "ایلو بہن! تم سے ملنے کو تو سدی پھڑک رہی تھی۔ اے تمہیں ہو نا اس "ملیتہ" کی جورو؟ اے تمہیں "کولتار" ہو نا؟ "۔ میں ہکا بکا رہ گئی کہ لڑکیوں کو مخاطب کر کے وہ بولیں "اری کمبختوں۔ اری کمبختوں! اس ڈاڑھی والے پہ پھیرو جھاڑو۔ آگ لگے کمبخت جوگی کی ڈاڑھی کو۔ اری انہیں دیکھو انہیں!" یہ کہکر دو تین کو گھسیٹ کے میرے سامنے لا کھڑا کیا اور کہا "کمبختوں انہیں دیکھو۔ ان بیچاری کے کرم پھوٹ گئے وہ دیوانہ ملیتہ انہیں پکڑ لایا اور یہیں کچھ تو ان کا نام اس نے "کولتار" رکھدیا"۔ اسپر ایک قہقہہ لگا۔ میں کچھ جھینپی سی گھبرائی سی کھڑی مسکرا رہی تھی کہ مجھے ساجدہ نے گلے سے لگا کر چمکار کر کہا "نہ بہن رومت۔ دور مار اُسے ہم تیرا دوسرا کر دیں گے"۔ اسپر اور قہقہہ لگا۔

اب میں پختہ مشق بن گئی میں نے پہلا یہ تیری کبھی کا ہیکو دیکھی تھی۔ دل میں کہہ رہی تھی کہ عجب تماشا لڑکی ہے کہ اتنے میں ایک اور صاحبہ آئیں چہرے سے ان کے مال کٹے ہوئے تھے۔ کوئی سولہ سترہ برس کی عمر۔ روپٹہ گلوسد کی طرح بے تکلفی سے گلے میں ہار تھا۔ نہایت ہی ہارکسا

چشمہ لگائے تھیں جس کی سونے کی زنجیر واسے کان کے بُندے سے اٹکا رکھی تھی۔ بڑی سہانی شکل تھی اور کس خوبی سے غازہ اُنکے گلابی رخساروں پر چمک رہا تھا کہ میں اُن کو دیکھتی کی دیکھتی رہ گئی۔

اُن کے آتے ہی شاہدہ مجھے چھوڑ اُنپر جھک پڑی:۔

"ایلو! یہ جم والی سی آئی" یہ کہکر شاہدہ نے ایک ہاتھ ان جم والی کے کندھے پر رکھا اور دوسرا میرے کندھے پر اور ہم دونوں کو گھسیٹ کر گویا لڑا دیا۔ یہ کہکر "تم دونوں خوب مل کے رووٗ"

جھٹک کر جم والی علیحدہ ہوئیں کہ "یہ کیا بدتمیزی ہے!"

شاہدہ نے کہا "تم دونوں مل کے رووٗ اسلئے کہ" میری طرف اشارہ کرکے کہا "تمہارا مردوا دیوانہ ہے" پھر اونکی طرف اشارہ کرکے کہا "اور تم اسلئے کہ تو تمہارا میاں کانا ہے" ایک قہقہہ لگا اسپر۔

"چل دور ہو" جم والی چیخ کے بولیں "آئی وہاں سے بٹواری کی چھیتی کہیں کی"

اسپر بھی ایک قہقہہ لگا۔ معلوم ہوا کہ جس حضرت کے ساتھ شاہدہ کی شادی طے ہوئی ہے اُنہوں نے پٹواریوں کے نصاب تعلیم کے لئے کوئی کتاب لکھی ہے۔

اتنے میں صحن کی طرف سے کچھ آوازیں سی آئیں۔ شاہدہ دوڑ کے کمرہ میں گئی۔ اپک کے بجلی کی طرح واپس آئی "اری کمبختو" اس نے کہا "وہ جمیارہ چیخ رہی ہے"

یہ کہکر جلدی جلدی اُسے اپنا رومال گلے میں باندھ کے کھلا ہوا گلا بند کیا اور پھر تیری سے سر درست کیا کہ میں دیکھتی کی دیکھتی ہی رہ گئی اور پھر دوسری طرف ایسی بھاگی کے بس غائب ہی ہو گئی۔

"دیکھا تمنے اس شہدن کو" جم والی بولیں "زمیں چچی چیخ رہی ہیں، اب اُنکے پاس گئی ہے، ڈھونگ بنا کے، سب سے زیادہ وہ اس کمعت سے راضی رہتی ہیں"

شاہدہ آڑی مانگ کی سیدھی مانگ کرنے گئی تھی، یہاں پھر اُسی طرح عیبیں اڑنے لگیں، یہ جم والی بھی اب اُنہیں سہن پر تُل پڑیں جنکی نسبت کسی ڈاڑھی والے سے ہوئی تھی۔

(۳)

یہ ہو حق ہو ہی رہی تھی کہ اُس ٹری بی کو جنہوں نے میرے اوپر اعتراض کیا تھا یعنی زمیں چچی کو لیکر شاہدہ کمرے میں آئی اور پردہ اوٹھا کر اس نے کہا "یہ دیکھئے چچی.. یہ ہو رہا ہے"

زمیں چچی سئی یو دکی تو دشمن ہی تھیں اہوں نے جو یہ دہما چوکڑی دیکھی تو آگ ہوگئیں کوئی پچاس ساٹھ کی عمر۔ پُرانی وضع کی ٹری بدخو بیوی تھیں تیوری پہ بل ڈالکر بولیں "بے شرموں بے حیاؤں ہٹرو ابیگنیوں غضب خدا کہ میلاد شریف میں آئی ہو۔ لڑکیاں ہیں کہ گھوڑا نہ باپ کا لحاظ نہ ماں کی شرم نہ بزرگوں کا ادب نہ میزباں کا خیال، پہاڑیں جائے یہ چھٹا پا پڑی ہنس رہی ہیں ہی ہی ہی ہی"

"اور ابھیں دیکھئے چچی" شاہدہ نے جم والی کا رویہ کہسکا کر بال کٹا سر دکھایا۔

"موئی لونڈا کہیں کی" چچی زمین بولیں "شرم نہیں آتی نو بیبیوں مہماں آئی ہو، کچھ کام کرتیں، میزبان کا ہاتھ بٹاتیں، دیکھو ایک شاہدہ بھی تو لڑکی ہے، جب سے آئی ہے اپنی ٹانگیں توڑ رہی ہے چلو یہاں سے"

سب کی سب ہنستی ہوئی پھر سے ہوگئیں۔ میں الگ تھلگ ہوگئی۔ شاہدہ سب پر خفگی ڈلوا کے چچی کو لیکر واپس ہوئی۔ آگے آگے چچی اور پیچھے پیچھے شاہدہ بچوں کے مل ناچق کودتی۔ تھرکتی چچی کی نقل کرتی چلی مرا مارے ہنسی کے بُرا حال۔ برآمدہ سے جو ہی نکلیں اور لڑکیوں نے جو چچی کے پیچھے سر پر شاہدہ کو انکی نقل بناتے دیکھا تو بس کا مارے ہنسی کے بُرا حال ہوگیا

اور جھٹ سے لیک کے ساہدہ نے آگے بڑھ کے چچی سے کہا "دیکھا آپ نے یہ زینت کیسی آپ کو دیکھ کر ہنس رہی ہے"

"چچی جھاہو کر بولیں "زینت۔ یاد رکھیو کہ ایک روز ہڈی تیری توڑ دونگی لو اور سُنو بڑی بوڑھیوں پہ ہنستی ہے اور اوروں کو ہنساتی ہے"

"ہاں چچی جان" ساہدہ بولی "یہ سب انہیں کی حرکت ہے"

جلدی جلدی لڑکیاں اور بڑی بوڑھیاں سب صحن میں پہونچیں۔ وسیع صحن میں نہایت ہی پُر تکلف دسترخوان اِس سرے سے اُس سرے تک لگا ہوا تھا واقعی لڑکیوں نے بڑی زیادتی کی تھی کہ کچھ بھی میزبان کی امداد نہ کی گو اس کی صرورت ہی نہ تھی اور درجنوں لڑکیاں اور جادمائیں تیر سے دسترخوان چُن رہی تھیں دسترخوان پر مٹھائیاں انگریزی اور ہندوستانی کیک چاکلیٹ اور پھلوں کے علاوہ وہی بڑے۔ دال موٹھ اور دوسرے لوازمات کی بہار تھی۔ کہنے کو تو چائے تھی مگر یہاں پورا بیٹ بھرنے کا ساماں تھا۔ بی بیاں بیٹھنا شروع ہوئیں مگر زین چچی کو اب بھی ٹرٹرانے سے فرصت نہ تھی۔ وہ اسوقت لڑکیوں کے کھلے گلوں اور آدھی آستینوں اور اونچے اونچے جمپروں کی تشہیر کر رہی تھیں۔ اور ایک ایک کو نام دھر دھر کے رگید رہی تھیں لڑکیاں لڑکیاں سب ایک جگہ تھیں جم والی میرے داہنے ہاتھ کو بیٹھیں، بائیں ہاتھ پر بھی زینت بیٹھی تھیں اور سامنے وہ بیلی بیلی آنکھوں والی جنکے سنگیتر کے ڈاڑھی تھی۔ ساہدہ منتظم سی ہوئی تھی۔ زین چچی کو خوش کرنے کے لئے بادام کے چھوٹے چھوٹے کیک اس نے اُن کے آگے ڈھیر کے ڈھیر لاکر رکھ دیئے۔ علاوہ دوسری چیزوں کے پھر چائے والی لیکر اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر سارے مہمانوں کو چائے پہ چائے تقسیم کرنے لگی۔

یہاں لڑکیوں کا یہ حال کہ زین چچی کے جلدی جلدی کہانے پر ریمارک کس کے آپس
ں ہنس رہی تہیں۔ ایک نے کہا "بڑھیا کا کلا بولے سے زیادہ کہانے میں چلتا ہے" دوسری
ولی "گھر سے جورں کہا کے بڑھیا آئی ہے" تیسری بولی "اے دیکہو بی دال موٹھ کے پہیکے کے
پہیکے لگا رہی ہے۔ تو جیل میں آیا کر رہی ہے" چوتھی بولی "رین چچی دیکہو کس صفائی سے بجائے
ہانے کے تاست کیک پیتی ہیں" وغیرہ وغیرہ۔ ساہدہ شریر ہے جاکر ہم لوگوں کے خلاف
معلوم کیا زین چچی کے کان میں کہدیا "ہنستی کیوں ہو؟" رین چچی بولیں اور پھر اُنہوں نے
ہ گہور گہور کے ملاحی لڑکیوں کو سُنانا شروع کیں کہ اور بھی سبکو ہنسی آگئی۔ غرض اُنہوں نے
یک ایک کرکے مہانوں سے تمام لڑکیوں کی بُرائیاں گنوانے کی قسم کہائی تہی اور وہ زوروں
ں ہم سب کو جھاڑ رہی تہیں کہ شریر ساہدہ کو نئی سوجہی۔ اس نے ہم لوگوں کے کان میں آکر
ہا "دیکہو ابھی اس کترنی کی خبر لیتی ہوں" یہ کہکر وہ بھراں کی طرف پہونچی۔ ہم سب نے
یکہا۔ ساہدہ نے چچی سے کہا "چچی چائے لیجئے" اُنہوں نے انکار کیا تو وہ بولی "چچی ہماری
عاطر سے بس ایک پیالی" چچی ہم لوگوں کو جہاڑنے میں مشغول تہیں، برابر والی کو ایک ایک
کے عیوب گنا رہی تہیں۔ اُدہر ساہدہ نے اُنکی پیالی ہاتھ میں لیکر ٹہیک انکے سر کی سیدہ
ں کرکے اس میں چائے اُنڈیلنا شروع کی۔ پیالی لبریز ہوکر بہر گئی اور چائے بہہ کر پرچ میں
ہو چلی مگر ساہدہ نے اور چائے اُنڈیلی حتیٰ کہ کہولتی ہوئی چائے بہہ کر چچی زین کی گردن اور
سر پر گری۔ "ارے" کہکر ساہدہ نے شاید اور گرادی کہ رین چچی یہاں دہی تو پڑیں۔ ادہر اُنکا
یتاب ہوکر کُودنا اور اُدہر ہم سب کا ہنسی کے مارے بیحال ہونا۔ ساہدہ اُن سے سُوکھے مُنہ
سے معافی مانگ رہی تہی۔ ساہدہ سے بہلا وہ کس مُنہ سے خفا ہوتیں لہذا وہ بجائے ساہدہ
کے ہم لوگوں پر برس پڑیں۔ "لو اور سو بیویو! یہ لڑکیاں بڑی لوڑہیوں سے ٹہٹہ پر آگئیں"

یہ کہکر اُنہوں نے جو مُنہ میں آیا کہہ ڈالا۔ سب نی میاں حاتی تہیں کہ انہوں نے خود لڑکیوں سے اُلجھ اُلجھ کر ایسی اوقات خراب کی ہے۔ اور کوئی انکی طرف توجہ نہ کرتا تہا۔ اِدہر لڑکیوں کا یہ سب تماشا دیکھ کے بُرا حال ہوگیا۔ میں خود ہنسی نہ روک سکی۔ ایک ایک کرکے اُٹھنے لگیں۔ کسی نے رومال سے ہنسی کو روکا تو کسی کے حلق میں مارے ہنسی کے چائے کا پھندا پڑ گیا۔ نتیجہ یہ کہ سبکی سب اُٹھ گئیں اور ہاتھ دہو کر اُسی کمرہ میں پہونچیں۔ میں بہی وہیں پہونچی۔

(۵)

یہاں اب اطمینان سے سب ملکر بیٹھیں۔ اب میں گویا سوالوں کا مرکز بن گئی۔ سوال یہ تہا کہ ایسا پورا قصہ سناؤ۔ کسی نہ کسی طرح اُڑتی اُڑاتی کہانی سن چکی تہیں، اب میری خود کی زبانی سُنا چاہتی تہیں۔ لیکن میں نے پہلے تو سب سے تعارف حاصل کیا اور مجھے معلوم ہوگیا کہ کون کون ہے۔ جم والی مجھے سب میں زیادہ جاذب نگاہ اور مقناطیسی کشش رکہنے والی معلوم دیں۔ انکے میاں کا نام جمشید تہا اور عرفیت جم تھی جس کی وجہ سے یہ "جم والی" ہوگئیں۔ اِن کی زندگی بھی عجیب ہی پُرکیف تہی لوجہ اس کے کہ اِن کی شادی مسٹر جم سے جو ولایت میں تھے بذریعہ خط کے ہوئی تہی۔ یہ مجھے آج معلوم ہوا کہ طرفین سے ایجاب وقبول اور گواہی وغیرہ سب کچھ دستخطی کارروائی سے بذریعہ خط ہی ممکن ہوا کرتا ہے۔ اِنکی خط وکتابت بھی جم سے ہوگئی تہی جس کی وجہ سے یہ عموماً ایک تخیل اور جذبات کی رنگین دُنیا میں رہتی معلوم ہوتی تہیں جیسا کہ مجھے اِن کی خود کی اور دوسری لڑکیوں کی زبانی معلوم ہوا۔ دوسرے یہ کہ اِن کے شوہر مسٹر جم خوبصورت نوجوان تو تھے ہی مگر ساتھ ہی یہ خود اُن کے بارے میں اُن کے مردانہ حُسن کی عجیب وغریب ذریعہ سے روایتیں سُنکر اور بھی مخمور ہوگئی تہیں اور وہ بھی ضرورت سے زیادہ۔ حالانکہ انہوں نے کبھی خواب میں بھی جم کو نہ دیکہا تہا۔ مگر

جو کچھ بھی سُنا تھا اوس پر ایسا عقیدہ راسخ رکھتی تھیں کہ اگر کوئی کسی طرح یہ بات اشارتاً بھی کہدے کہ فلاں شخص جم سے زیادہ خوبصورت ہے تو انہیں ناگوار گذرتا تھا بُرا مانتی تھیں خفا ہو جاتی تھیں اور لڑ مرتی تھیں۔ مذاق میں بھی کوئی بُرا نہ کہے یہ چاہتی تھیں۔ جم سے تصویر منگائی جس کے آنے میں ضرورت سے زیادہ دیر ہو رہی تھی بلکہ جم کی طرف سے خطوں کو دیکھتے ہوئے حیلہ حوالہ کا شبہ ہو رہا تھا لہذا شاہدہ نے جسے یہ خط دکھایا کرتی تھیں یہ تاویل پیش کی کہ وہ کانے ہیں۔ جب سے شاہدہ کو خط بھی نہ دکھاتی تھیں۔

شاہدہ بھی آگئی اور میں نے ایسا سارا قصہ الف سے یے تک سُنا ڈالا مجھے یہ بھی اقبال کرنا پڑا کہ وہی لفظ "کولتار" جس شریر کے مُنہ سے سُنکر تن بدن میں آگ لگ جاتی تھی اب وہی لفظ کانوں کو بھلا معلوم ہوتا ہے۔

شاہدہ اور جم والی سے میری بہت گھُٹ کے علیحدہ باتیں ہوئیں۔ فوراً عزیز ترین بہن اور سہیلی کا پاک رشتہ قایم ہو گیا۔ جم والی نے مجھ سے خود ہی کہا "بہن میں تمہارے میاں سے پردہ کا ہیکو کرونگی"۔ اور پھر مجھ سے پختہ وعدہ لیا کہ تم بھی جم کے سامنے آنا۔ بھوئی سے انہوں نے کہا ہمارے ہاں پردہ نہیں ہوتا اور پھر یہاں کون ایسی لڑکی تھی جو اپنی سہیلی کے شوہر کے یا بھائیوں کے سامنے نہیں آتی تھی۔

(۶)

اسکے بعد ہی میلاد شریف شروع ہو گیا صحن میں بیچوں بیچ ایک تخت بچھا کر اردگرد قناتیں لگا کر اندر مولوی صاحب یعنی میلاد خواں صاحب گویا بند کر دیئے گئے تھے اور چاروں طرف بیویاں ہی بیویاں بیٹھی تھیں۔

میلاد شریف نعتیہ کلام سے شروع ہوا۔ میلاد خواں نہایت ہی خوالحان تھا اور

بی ساہدہ تبرک تقسیم کر رہی تھیں، دو دو نان خطائیاں سبز کاغذ میں لپٹی ہوئی بانٹتی پھر رہی تھیں۔ ہمارے پاس آئیں تو چپکے سے بولیں۔ "بی! یہ چنڈول کو پنجرے میں بند کر کے بستہ باندھتے ہیں تو کیوں زیادہ چہکتا ہے؟" میں اوّل تو نہ سمجھی پھر معلوم ہوا کہ مولوی صاحب پر کمبخت نے حملہ کیا تھا۔

نعت خوانی کے بعد مولوی صاحب نے روایتیں شروع کیں۔ ساہدہ بھی آکر بیٹھ گئی اور اب مولوی صاحب نے عجیب و غریب روایتیں بیان کرنا شروع کیں۔ جم والی نے ناک سکیڑ کر کہا۔ "بہن یہی وجہ ہے جو تعلیم یافتہ طبقہ کو ان نام نہاد میلاد کی محفلوں سے نفرت ہوتی جا رہی ہے" ابھی یہ بحث تھی کہ مولوی صاحب اور آگے بڑھے۔ اور ستم کرنے لگے دراوبر میں بیہودگی پر تل پڑے ولادت کا ذکر آیا ہے تو انہوں نے ستم ہی کر دیا ایک لیڈی ڈاکٹر تھیں وہ تو یہ کہکر اٹھ گئیں۔ "بہن تو بہلی ہے، مجھے تو ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ "مڈوائفری" کلاس میں بیٹھی ہوں اور دہلی کی پرنسپل صاحبہ لکچر دے رہی ہیں" یہ اٹھنے بھی نہ پائی تھیں کہ مولوی صاحب نے غضب کر دیا۔ اشرف الانساں کی یہ توہین! "اُف" کر کے بیویاں کانوں میں انگلی دیکر اٹھ کھڑی ہوئیں اور سب لڑکیاں بھی بھاگیں۔ کوئی کہتی "خدا اس سے بچائے" کوئی کہتی "یہ مولوی مدتمیز ہے، نکالو اسے" غرض مولوی صاحب کو پنجرے میں بیہودہ بکتا چھوڑ سب دور ہو گئیں مگر مولوی صاحب برابر بکے گئے۔

اتنے میں میری گاڑی آگئی۔ ساہدہ اور جم والی سے آنے کا پختہ وعدہ لیکر میزبان صاحبہ سے اجازت لیکر میں تو گھر چلی چلتے چلتے جم والی دوڑ آئیں اور جھپاک سے میری گلے میں ہاتھ ڈالکر میرے کان میں کہا۔ "تمہیں سب خط دکھاؤنگی ... جم کے" اُن کا چہرہ محبت اور مسرت سے دمک رہا تھا میں نے کہا "اچھا" اور رخصت ہوئی۔ سوچتی جاتی تھی کہ توبہ توبہ یہی میلاد شریف

تو اور جگہ بھی سُنتی تھی۔ مگر غور ہی اسات پر نہیں کیا۔ خدا کی پناہ کسیکو خیال ہی نہیں ہوتا۔ آج مجھے معلوم ہوا کہ کیوں میلاد کی محفلیں لکھے پڑے روشن خیال لوگوں سے ہمیشہ خالی رہتی ہیں۔

باب ۵

جم والی

(۱)

کالج کی چھٹی تھی اور مولانا مجھے انگریزی پڑھا رہے تھے کہ ایکدم سے ہمارے کمرہ کے سامنے ہی موٹر آکر رُکا اور قبل اس کے میں باہر نکل سکوں سلام علیکم کہکر جم والی داخل ہوئیں۔

جم والی دیکھکر کچھ مسکرائیں۔ مولانا سے بولیں "بھائی آپ انکو بید سے مارتے ہیں یا ہاتھ سے؟"

مولانا بولے "آنکھوں سے"

جم والی اس لایعنی جملہ کو سُنکر چُپ ہوگئیں کیونکہ جانتی تھیں، غیر ذمہ دار شخص ہیں اور جو مُنہ میں آئے گا کہڈالیں گے۔ لہذا میری طرف مخاطب ہوکے بولیں "بہن وہ پٹواری مرگیا۔ بیچاری شاہدہ"

"ارے!" میں نے کہا "کب؟"

جم والی بولیں "ابھی کل مجھے وہ ریت کے یہاں ملی تھی، سب تو کچھ نہیں مگر آج ہی صبح سُنا"

مولانا بولے "تو کیا شاہدہ بی کو افسوس ہوگا"

"خاک افسوس ہوگا" جم والی بولیں "کوئی بات بھی افسوس کی۔ آخر آدمی مرتے ہی ہیں،

کوئی نکاح تو ہو نہیں گیا تھا۔ ابھی تو بات ہی تھی۔"

میں نے کہا "بہن بات تو تھی مگر پختہ بات تھی۔ آخر کچھ تو ہوگا۔"

"اونہہ" جم والی اپنے خوبصورت چہرہ کو بنا کے بولیں۔ "ہوگا بہن تو اور ہیں ہوگا تو۔ چلو ذرا اُسے دیکھ آئیں۔"

"یہ جھجھٹ ہے" مولانا بولے۔ "چھٹی کے روز جو رُو گھر پہ رہتی ہے۔ اور پھر دال بھری روٹیاں پکی ہیں، تم ذرا اپنے کلیجہ پہ ہاتھ رکھ کے دیکھو، بھلا میرے حلق سے کیسے اُتریں گی کیونکہ کھانے کا وقت ہے، یہ جائیں گی تو کیا کھانا کھائے بغیر آئیں گی۔ موٹر تمہارا موجود ہے، بی شاہدہ کو بلا لو۔۔"

"واہ! آپ بھی عجیب آدمی ہیں۔" میں نے کہا۔ "ہم تو اس سے ہمدردی کرنا چاہتے ہیں۔ اُسے کیسے بلا لیں۔"

"دیوانی ہوئی ہو۔" مولانا نے کہا۔ "ذرا غور کرو۔ شاہدہ سے بھلا مرنے والے سے کیا تعلق۔"

"نہ سہی۔" میں نے کہا۔ "میں تو جاؤں گی۔" ادھر جم والی نے اصرار کیا تو مولانا راضی ہو گئے اور ہم دونوں شاہدہ کے یہاں پہونچیں۔ وہ کمبخت دیکھتے ہی ہمیں مسکرائی۔

"کہا گئی کمبخت بیچارے کو۔" جم والی نے کہا۔ "ڈائن کہیں کی۔"

"چُپ۔" شاہدہ نے کہا کہ اتنے میں حیر سے بہن زینت آپہونچیں۔ خالہ جان نے خوب ہم لوگوں کی خاطر کی۔ کھانا تیار ہی تھا۔ ریت کھا کر آئی تھی۔ کھانا کھانے کے بعد ہی ہم سب چھت پر کمرہ میں پہونچیں۔ پہونچتے ہی اوّل تو شاہدہ کو سب نے ہی مارا ایک ایک دھوکا پیٹھ پر دیا کہ کمبخت تو کیوں اپنے میاں کو کھا گئی۔

"مجھ رنڈ ماؤ کہیاری کو مار رہی ہو دیکھو پھر میں کہی ... ..." جم والی نے ڈر کر منہ شاہدہ کا
لر دیا اور چپ ہو گئیں کہ رہنے دو۔

اب شاہدہ سے دلکی بات پوچھی کہ کیا واقعی تجھے افسوس ہوا۔ شاہدہ نے دیکھا
کا نہیں تہا۔ کہنے لگی یونہی سا کچھ افسوس ہو رہا ہے وہ بہی اس ڈر کے مارے کہ کہیں کسی
ب جگہ شادی نہ ہو جائے۔ کہنے لگی "اری بہن میرے پاس ایک رنگین گلاس شیشہ کا تہا،
رغی نے توڑ ڈالا۔ رہ رہ کر مجھے اُسی کا خیال آتا رہا۔ بس ایسا ہی اس بیچارے کے مرنے کا
س ہو رہا ہے۔ مجھے تو بیچارہ جو زندہ رہتا تو اچھی طرح رکھتا" یہ عجیب وغریب باتیں حلد
لر کے اب جم والی کا دلچسپ قصہ سننے بیٹھی صرف یہ قصہ مجھے ہی سُنایا جاتا تہا اور اس کے
سب بیقرار تہیں۔

(۲)

قبل اسکے کہ اُن کا قصہ اُنہی کی زبانی یہاں پیش کروں ضروری ہے کہ بتا دوں کہ میری
نست میں جم والی کیا ہیں؟ بس گویا دنیائے تخیل وجذبات میں رہتی ہیں، اُنکی خوبصورت
خمور آنکھیں اُن کی نازک سی عینک کے شیشوں میں سے ہمیشہ بجیں دکہائی دیتی ہیں،
اپنے نادیدہ شوہر سے عشقِ حقیقی ہے۔ اُسکی خیالی تصویر ہر دم گویا انکی آنکھ کے سامنے ہی رہتی
ے۔ خوبصورت سے خوبصورت نوجوان اُن کی نظروں میں حقیر معلوم ہوتا ہے محض
ں بنا پر کہ جم اُس سے کہیں زیادہ خوبصورت اور سنا ندار ہیں۔ انکے نادیدہ شوہر میں انکے خیال
مطابق شاید خداوند تعالیٰ نے کوئی خوبی ایسی نہیں جو نہ رکہی ہو۔ رینت اور شاہدہ سے
موشی کا وعدہ لیکر آتش حصال جم والی نے ایسا قصہ اس طرح شروع کیا:۔

جم والی کی زبانی

"بہن میں کیا بتاؤں کہ تجھ سے مجھے کتنی محبت ہے اور وہ ستا یدا سوجہ سے کہ۔۔ ۔ "
جم والی نے شاہدہ اور زینت کی طرف دیکھا اور اُن دونوں سے چھپا کر میرے گلے میں ہاتھ ڈالکر کان میں مسکرا کر کہا "اسلئے کہ ۔ ۔۔۔"
کہٹاک سے شاہدہ نے ہم دونوں کے سر زور سے لڑا دیئے۔
جم والی نے ایسا سر پکڑ کر کہا "کمبخت، تجھے خدا سمجھے" ادھر میرا اور زینت کا ہنسی کے مارے بُرا حال۔ معلوم کیا بیچاری کہنے والی تھیں جو ماز رہی گیں کہنے لگیں "میں تمہیں بعد میں بتا دونگی" میں نے کہا "بہتر ہے اسوقت تم مزیدار قصہ سناؤ" جم والی نے اس طرح اب قصہ شروع کیا۔
"پرسوں کا ذکر ہے میں بڑی بیچینی سے چوکیدار کا انتظار کر رہی تھی۔ اتوار کے دن ولایتی ڈاک آتی ہے اور جم کا خط خود آتا ہے۔ میں صبح جلدی چوکیدار کو ڈاکخانہ بھیج دیتی ہوں۔ تکتے تکتے آنکھیں پتھر ہو گئیں کیونکہ خط کے ساتھ مجھے تصویر کا بھی انتظار تھا۔ آخر کار چوکیدار کمبخت پھاٹک میں داخل ہوا۔ اُسے کیا خبر کہ میں کس تکلیف میں ہوں، وہ مزے میں ٹہلتا چلا آرہا تھا کہ کسی سے باتیں کرنے کھڑا ہو گیا۔ میں روہانسی ہو گئی اور میں نے لڑکے کو دوڑایا۔ اس نے خط لاکر میرے ہاتھ دیا۔ بہن کیا بتاؤں میں نے کس طرح خط کھولا ہے۔ جلدی جلدی پڑھنا شروع کیا۔ کچھ افسردہ سی ہو کر رہ گئی۔ کیونکہ صرف دو چار ہی سطریں تھیں۔ یہ خط ہی جو ہے دیکھ لو" یہ کہکر جم والی نے خط نکالکر دکھایا جو حسب ذیل تھا۔۔
جم والی کو خوش رہو اور جلدی ملو۔ کیا بالکل ہی دیوانی ہو گئیں۔ کہتا ہوں نا کہ تصویر تمہارے پاس پہونچ جائے گی۔ آخر جلدی کیا ہے ڈاک سے یا اور کسی طرح غرض جلد پہونچے گی۔ دیر رصل

اسوجہ سے ہو رہی ہے کہ جو تصویر میں بھیجنا چاہتا ہوں اسکی تیاری معمولی کام نہیں جم والی نے جم کو کبھی نہیں دیکھا ہے اور نہ جم نے اسکو۔ مگر یہ دراصل غلط ہے۔ کیونکہ کسیکو بھی تصویر کی ضرورت نہیں۔ سچ کہتا ہوں نا؟ فقط ملیں گے جب

"جم"

میں نے پہلا ایسا چیستان خط کا ہیکو دیکھا یا سُنا تھا میں نے دو ایک سوال کئے کہ شاہدہ بولی۔ "بہن ہو ہو یہ اسکے جم ۔ کا ..." جم والی نے قتل "کانے" کہنے کے شاہدہ کا مُنہ بند کر دیا اور کہا چُپ رہو۔ میں نے ہی کہا کہ بہن قصہ ختم کرنے دو۔ جم والی نے پھر کہنا شروع کیا۔

"سب سے پیشتر میں جم کا خط اسے دکھاتی ہوں" رینت کی طرف مسکرا کے جم والی بولیں۔ "کیونکہ یہ پڑوس میں ہے۔

ایک دم سے خط پڑھکر میں اپنے کمرہ سے نکل کر سیدھی سُرقعہ لعل میں داب تیر کی طرح سنگلہ کی دیوار پار کر کے کھیت میں ہولی۔ کوئی نہ تھا۔ کیا خوشگوار ہوا تھی اور میں گویا چشم زدن میں کھیت ڈیڑھ ایک کا فاصلہ طے کر کے اس کے سنگلہ کی پشت پر گھوم کے پہونچی باغ میں داخل ہوئی۔ کس قدر میری طبیعت خوش تھی اور باغ کا خوشگوار سناٹا! کیلوں کی قطار کے برابر روش پر مجھے تیزی سے دوڑنے میں عجیب ہی لطف آیا اور میں اُڑی ہوئی سنگلہ کی پشت والے برآمدہ کے پاس نکلی اسی برآمدہ کے اوپر اس کا (رینت) کمرہ ہے"۔

رینت مسکرا رہی تھی اور شاید ہنسے ہی والی تھی کہ جم والی نے بات چھوڑ کر اپنی سرمگیں آنکھوں میں غیر معمولی چمک پیدا کر کے کہا "کمبخت تو ہنستی کیوں ہے؟ سچ میں بولی تو بس ..." اتنا کہکر پھر بولیں۔

"برآمدہ کے پاس مالی بیٹھا کچھ کھود رہا تھا۔ مجھے جانتا ہی تھا اور میں نے جلدی میں زینت کو ہاتھ

کے اشارہ سے پُوچھا۔ اُسنے جواب میں ہاتھ اُٹھاکر کچھ کہا مگر میں سہلا کہاں سُنتی تھی۔ میں جلدی کی ماری کمخت دو دو سیڑھیاں چڑھتی چھت پر پہونچی برآمدہ میں کمرہ کے دروازہ کے پاس آئینہ میں مَیں نے اپنا تمتمایا چہرہ دیکھا۔ درا رُک گئی کہ سانس قابو میں آجائے۔ کیونکہ جہانگ کے میں نے کمرہ دیکھا تو کوئی نہ تھا۔ ایک لحہ بہر بعد مُرقعہ آئینہ کے پاس رکھ کے میں کمرہ میں داخل ہوئی اور بیچوں بیچ کی چھوٹی میز پر میری نظر پڑی خط لکھنے کا کاغذ اور قلم رکھا ہوا تھا جیسے ابھی ابھی کوئی خط لکھنے والا تھا۔ میں گھومی جو سہی تو پلنگ کی طرف اب نظر پڑی۔ میں سمجھ گئی کہ زینت نے وہی پُرانی شرارت کی ہے۔"

زینت سے ضبط نہ ہو سکا اور وہ ہنس پڑی میں نے پوچھا "کیا شرارت؟" تو جم والی بولیں

"اس کی پُرانی عادت ہے کہ جب کبھی مجھے آتا دیکھتی ہے تو سو کام چھوڑ چھٹ سوتی بن جاتی ہے۔ اور پھر اُٹھائے نہیں اُٹھتی۔ درا غور کرو کہ میں تو شوق اور محبت سے دوڑی آوں اور یہ سوتی س جائے اور گھسیٹے سے نہ اٹھے۔ میں نے دیکھتے ہی دل میں کہا کہ ہرگز یہ نہیں سو رہی ہے بلکہ مجھے بُرا معلوم ہوا کہ یہ بھی کوئی مذاق ہے کہ ابھی ابھی مجھے دیکھکر خط لکھتے لکھتے چھوڑ چھاڑ چادر اوڑھ لیٹ گئیں مجھے تنگ کرنے کو۔ جانتی ہیں نا کہ آئے گی آج خط دکھانے ایسی خوشگوار ہوا میں چادر کا اوڑھنا؟ محض اسلئے کہ جب میں کھینچ کر جگاؤں اور ہنسی آئے تو چادر میں منہ چھپائے ہنستی رہیں۔ میں نے بھی دل میں کہا کہ رہ جا۔ نہ تیری آج وہ خبر لی ہو کہ یاد ہی کرے۔ اب میں سُوچی کہ کیا سزا دوں پہلے تو خیال آیا کہ لاؤ ٹرا تکیہ لیکر اسکا ذرا دم گھوٹوں پھر میری سمجھ میں ایک اور ترکیب آئی۔ اس کی ناک ایسی آج دہر کے مروڑوں کہ ہاتھ ہی میں ٹوٹ کے رہ جائے! یہ ٹھان کر میں آگے بڑھی اور اچھی طرح ایسی دانست میں اس کمخت کو ایک دم سے دبا کر اس زور سے ناک پکڑ کر مروڑی ہے کہ بس میں ہی جانتی ہوں ....."

اسپر زینت اس بُری طرح ہنسی کہ لوٹ پوٹ ہو گئی۔ شاہدہ کا بھی یہی حال ہوا اور خود

جم والی کا بھی ہنسی کے مارے بُرا حال ہوا میں نے کہا "خدا خیر کرے بہن۔ دیوانی ہوگئیں سب بات بہ بات ہنسی مرتی ہو۔"

ہنسی روکتے ہوئے جم والی نے کہا "یہ ہوا بہن یہ ہوا کہ اِدھر میں نے اس کمبخت کو اچھی طرح داب کر ناک مروڑی ہے کہ اُدھر اس نے زور کیا میں نے کچھ روکا۔ کیونکہ اچھی طرح دابے تھی کہ پہلوان کے سے زور کے ساتھ مجھے ایک جھٹکا لگا۔ ہیں" کر کے چادر ایک دوسرے جھٹکے کے ساتھ وہ گری! ... "کون!" گھبرا کر زور سے مجھے ڈپٹا۔ میں چیخ پڑی اور میرا ہاتھ ایک نوجوان کی مضبوط گرفت میں تھا!!"

زینت اور شاہدہ تو ہنسی سے بیقابو ہوگئیں۔ مجھے ہنسی آتی کیا خاک۔ سخت متعجب ہو کر میں نے کہا "مذاق کرتی ہو۔ کیا واقعی۔ .... کون تھا ."

جم والی بولیں "مذاق کاہیکا۔ سچ کہتی ہوں۔ بالکل سچ۔ اب بہن میں کیا بتاؤں کہ میرا کیا حال ہوا۔ کرنے کو پردہ کرتی ہوں اور رہیں بھی مگر یہاں تو معاملہ ہی دوسرا تھا میں نے ایک نظر حیرت میں چار کر کے دوسرے بازو سے اپنا مُنہ چھپایا اور رو دیا۔ مگر ہاتھ میرا گویا بچہ آہنی میں تھا "یا دحشت!" انہوں نے میرا ہاتھ جھٹک کر کہا "آخر تم ہو کون بلا؟" یہ کہکر دوسرے ہاتھ سے میرا ہاتھ پکڑنا چاہا مگر میرا مُنہ اب دوسری طرف تھا کہ میں اس مصیبت کے وقت میں اللہ بھلا کرے اِس کا رینت پھوپھی. .."

"میں کیا بتاؤں بہن میں نے کیا تماشہ دیکھا" رینت بولی "دوڑ کر میں نے بنو بی کو چھڑایا۔ "یہ جم والی ہماری بہن جم والی ہیں خدا کے واسطے انہیں چھوڑ دے" یہ کہکر میں نے بہائی نجمی کی انگلیاں چھڑانا چاہیں۔"

"اچھا! یہ ہیں جم والی.. . . مگر. . یہ علت ہے!" بہائی نجمی نے کہا "انہیں

دیکھیں تو یہ کیسی ہیں" یہ کہکر وہ ہاتھ موڑنے لگے۔ میں نے کہا "بھائی چھوڑ دو نا۔ کوئی تم سے پردہ تھوڑا ہی ہے" وہ بولے "پردہ وردہ یہ کیسے کریں گی۔ . . مجھ سے" یہ کہکر پھر اُنھوں نے اِن کا ہاتھ اینٹھا مگر میں نے چھڑایا اور اِنکی مُنہ دکھائی کرائی۔ سامنے کُرسی پر اِن کو بٹھا دیا گیا۔ اِنکی حالت دیکھنے کے قابل تھی۔ بھائی نجمی بولے "یاد رکھیا جو ہلیں ہی کُرسی پر سے تو دوڑ کر پکڑ لوں گا۔ آئیں وہاں سے ناک مروڑنے والی"

"میں سہمی ہوئی بیٹھی رہی ہوں! اور کیا کرتی" حم والی بھولے پن سے بولیں۔

زینت نے کہا "پھر میں نے بھائی نجمی کو سمجھایا کہ کس طرح میرے دھوکہ میں انکی ناک مروڑی گئی مگر اِسپر وہ بولے "اِنھوں نے جان بُوجھکر مروڑی ہے۔ بچہ تھوڑا ہی ہیں پیر دیکھکر صورت کا پتہ لگانے والیوں میں ہیں یہ . . . جیسے اِن کے جم ہیں"

"مجھے بہت ہی بُرا لگا" حم والی بولیں۔ "یہ سُنکر مجھے بہت بُرا معلوم ہوا کہ وہ بولے۔ ہمیں جم کا خیال آتا ہے ورنہ ہم تو انہیں کہا ہی جاتے"

"تو کیا تمہارے جم کے دوست ہیں" میں نے پوچھا۔

"ہاں سُومنا" حم والی بولیں۔ "یہی تو بات تھی . . بڑے گہرے دوست ہیں . . . رات ہی کو ولایت سے آئے ہیں۔ جم کے پاس سے۔ مجھے بُلوانے والے ہو ہی رہے تھے۔ میں چُپ بیٹھی تھی کہ اُنھوں نے اِس کمبخت (شاہدہ) والا مذاق کیا۔ مجھ سے کہنے لگے۔ کہ "آخر تمنے کالا آدمی کیوں پسند کیا۔ تمہارے جم سے تو لاکھ درجہ میں اچھا ہوں"

"بس بہن میں کیا بتاؤں۔ میرے اوپر گویا بجلی گری۔ تن بدن میں ایک ٹھنڈک سی بیٹھ گئی اس قسم کے بیہودہ الفاظ! میرے کانوں میں جیسے کسی نے سرچھی ماری۔ میں گویا ایک سناٹے میں آگئی کہ ایک دم سے مجھے غصہ آیا۔ آگ سی بدن میں دوڑ گئی۔ ہکلاتے ہوئے میں نے سخت

غصہ میں نہ معلوم کس طرح کہا: "آپ قطعی اس قسم کا مذاق نہیں کر سکتے۔"
اس کے جواب میں نجمی نے اپنے خوبصورت چہرہ کو پُرمذاق بنا کر عجیب شگفتگی سے اپنے ہاتھ سے اپنی ناک مڑوڑ کر کہا: "آپ قطعی "اس" قسم کا مذاق نہیں کر سکتیں۔"
مجھے کچھ ہنسی سی آگئی تو اُنہوں نے اور بھی بُری طرح کہا: "تمہارے کان ٹین" جم بھی عجیب آدمی ہیں "
اب میں مگڑ کھڑی ہوئی اور میں نے کہا "بھائی آپ جم کو. ... "
بات کاٹ کر اُنہوں نے کہا: "بھائی ہونگے تمہارے گھر اور رہے جم تو انکو ڈالو چولہے میں۔"
اب مجھے ضبط کی طاقت نہ رہی میں نے گھٹی ہوئی آواز میں بُرا مانکر ان سے (زینت سے) کہا "بہن مجھے معاف کرو اور اب جانے دو۔" اتنا کہکر گم سُم ہو کر میں کُرسی پر اپنی کہنی سے مُنہ چھپا کر بیٹھ گئی۔
زینت نے بھی شکایت کی کہ اس قسم کا برتاؤ ٹھیک نہیں اور قائل کرنا چاہا تو بجائے قائل ہونے کے پُر رور لہجہ میں بولے: "جانتی بھی ہو میں کون ہوں؟ کون ہوں؟ .. . بولو... اے جم والی. بولو. . "
میں کچھ نہ بولی تو زینت سے بولے: "بہن لانا تو میرا اٹاچی. . یہ ایسے ٹھیک نہ ہوگی۔ ذرا لانا تو میرا اٹاچی میں ابھی ابھی ٹھیک کر دوں۔"
زینت نے اٹاچی کیس اُٹھاتے ہوئے کہا: "کیوں؟ اس میں کیا ہے؟ وہ بولے۔ "اُس میں ایک دوا ہے۔"
اب میں غور سے نجمی کے خوبصورت اور حسین چہرہ کو دیکھ رہی تھی۔ واقعی نجمی خوبصورت نوجوان ہیں اور میرے سامنے اپنے جم کی گویا تصویر پھر گئی جو نجمی سے بھی لاکھ درجہ (مسکراتے

لگیں جم والی)۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہاں۔ تو اُنہوں نے اٹاچی کیس میں سے کچھ کاغذ نکالکر چھپالیا اور اب مجھ سے تحکمانہ لہجہ میں کچھ ڈانٹ کر کہا "بولو جلد۔ ۔ ۔ ۔ جلدی بولو۔ ۔ ۔ ۔ جانتی ہو میں کون ہوں" میں غصہ میں بھری اسی طرح چپ بیٹھی رہی تو کہا "تم یوں نہ مانوگی جب تک۔ ۔ ۔ ۔"

یہ کہکر ایک کاغذ کو میرے سامنے کیا۔ یہ ایک لفافہ تھا۔ میں ایک دم سے چونک سی پڑی کیونکہ یہ تو میرا لفافہ تھا! وہ لفافہ جس میں بند کرکے میں نے جم کو ایک خط بھیجا تھا۔ پتہ کی طرف سے مجھے دکھاکر نجمی نے کہا "یہ خط پہچانتی ہو؟" ایسی ہی تحریر بھلا کیسے نہ پہچانتی میں نے فوراً پہچان لیا اور بیچین سی ہوگئی کہ یا اللہ کہیں اس لفافہ کو معہ میرے خط کے اس ظالم نے جم کے پاس سے نہ اُڑالیا ہو۔ میرے دل میں یہ خیال آنا تھا کہ معاً انہوں نے کہا "اجی منتی جی یہ خالی نہیں ہے۔ اس میں آپ کا خط بھی ہے" یہ کہکر انہوں نے اس میں سے خط نکالا۔ میں دھک سے ہوگئی اور لپک کر اُٹھی۔ یہ کہتی ہوئی "میرا خط" "خوب!" اُنہوں نے اپنے خوبصورت چہرہ کو سنجیدہ بناکر کہا "سبحان اللہ خط میرا ہے۔ بہشت"

خط ان کے ہاتھ میں تھا اور میں نے چڑچڑا کر کہا "میرا خط لائیے" یہ کہکر میں نے لینا چاہا "میں ابھی اسکو زور زور سے پڑھ کر سناؤں گا ورنہ یہ بتاؤ کہ جانتی ہو میں کون ہوں" انہوں نے کہا اور ساتھ ہی خط پڑھنے کو ہوئے۔

میں نے ہار کر جلدی سے کہا "ہاں جانتی ہوں"

خط سامنے سے ہٹاکر کہا "کون ہوں؟" اُنکے چہرہ پر مسکراہٹ اور شرارت عیاں تھی۔

"جم کے دوست ہیں آپ" میں نے کہا "مگر آپ نے سخت زیادتی کی اگر یہ خط اُن کے پاس سے چُرالیا"

"میں جم کا دوست ہرگز نہیں اور نہ میں نے یہ خط چُرایا"

"پھر"

"پھر" نجمی نے ایسے خوبصورت چہرہ کو جما کر کہا: "تم جانتی ہو جم کے کوئی بھائی سگا سوتیلا کوئی نہیں۔ اور یہ بھی جانتی ہو کہ ان کے صرف ایک چچا ہیں۔"

"جانتی ہوں" میں نے کہا۔

"پھر کیا ہے" اُنھوں نے کہا: "تو بس مجھے تم اُن کے چچا کا سگا بھتیجہ سمجھو۔"

"میں یہ مکروہ مذاق ہرگز پسند نہیں کر سکتی" جلکر میں نے بیہودگی کا جواب دیا۔

"میری بلا سے" اُنھوں نے لاپرواہی سے کہا۔

"میں ناشائستہ لوگوں سے بات نہیں کرنا چاہتی" میں نے انتہائی جد سے کہکر خط کیطرف ہاتھ بڑھایا۔

"میں خوبصورت لڑکیوں کے خط پڑھنا چاہتا ہوں جو وہ ناشائستہ لوگوں کو لکھی ہیں"۔ اور یہ کہکر ہاتھ اوچا کر کے خط میں نہ چھین سکوں میری آنکھوں کے سامنے خط نچا کر اوسکو پڑھنا شروع کیا..... "میرے جم۔ "

اُنھوں نے اتنا ہی پڑھا تھا کہ میں چیخ کر جھپٹی کہ خط لیلوں اور ناکام ہو کر روتی ہوئی مُنہ چھپا کر کرسی پر بیٹھ گئی۔ رومال میں مُنہ چھپا کر میں رونے لگی۔

اسپر یہ زینت چلّائی تو نجمی بولے: "ایلو بگڑ گئیں جم والی بگڑ گئیں۔ یہ لو۔ یہ لو .. یہ لو .. بس بس۔ " یہ کہکر خط کو چاک چاک کر ڈالا۔

اس نے (زینت نے) بھی کہا: "آپ ضرورت سے زیادہ مذاق کرتے ہیں۔ بھلا یہ بھی کوئی بات ہے کہ۔ ...."

بات کاٹ کر نجمی نے کہا "تم بھی اِن کے رونے پر جاتی ہو۔ یہ بڑی فیل ہائی معلوم ہوتی ہیں۔

اِن سے کہو کہ ہنسیں۔ ۔ ابھی ... (میری طرف مخاطب ہو کر کہا۔ ۔ ہنسو جی۔ ۔ ہنستی ہو کہ نہیں۔ ۔ "

مگر یہ بھونڈا مذاق مجھے اور بھی زہر معلوم ہوا اور میں اور بھی سُلگ گئی۔

"لانا تو میرا اٹاچی کیس" نجمی نے سنجیدہ صورت بنا کر کہا۔ "ایسے یہ نہیں ٹھیک ہونگی ۔ ۔ اور دیکھتی کیا ہو۔ قسم ہے خدا کی تمہیں، لاؤ تو پھر دیکھو تم نیا تماشہ"

میں نے دل میں کہا کہ نہ معلوم اس سے کیا مطلب۔ میں اُسی طرح ملول اور کبیدہ تھی مگر نجمی کو غور سے اسوقت دیکھ رہی تھی۔ ان کا خوبصورت چہرہ بالکل سنجیدہ تھا۔

یہ اُٹھی اور اٹاچی کیس پھر اُٹھا لائی۔ اب میں بھی آنسو پونچھکر غور سے دیکھنے لگی کہ یہ حضرت کیا کرتے ہیں۔ میری طرف دیکھ کے بولے۔ "ہنسو جلدی" مگر مجھے قطعی ہنسی نہ آئی بلکہ بھونڈے پن پہ اور غصہ آیا۔ جلدی سے اُنہوں نے اپنا اٹاچی کیس کریدکر ایک لفافہ نکالکر میرے سامنے کر دیا۔

میں کیا بتاؤں میں پہلے سے بھی زیادہ متعجب ہو کر چونک پڑی۔ جم کا خط پہچانتی ہوں اس لفافہ پر میرا پتہ لکھا ہوا تھا۔ خط میرے نام تھا! قبل اس کے میری زبان سے کچھ نکلے لفافہ گھما کر اُنہوں نے دوسری طرف مُہر دکھا کر کہا "اطمینان رکھو میں نے کھولا نہیں ہے۔ خط تمہارے نام ہے" میں نے جم کی مُہر کو بھی پہچان لیا۔ اب انہوں نے کہا "ہنسو جلدی" اور میں کمبخت واقعی ہنس دی۔

نجمی ایک دم سے اب کھڑے ہو گئے اور میں نے اب اُن کو ارسر تا پا دیکھا۔ کشیدہ قامت اور اُنکے مردانہ حُسن کو میں نے دیکھا۔ اُن کے خوش رنگ بال دیکھنے میں ریشم کی طرح تھے اُنہوں نے اپنے بال ماتھے پر سے سمیٹے اور اپنی لمبی لمبی پلکیں جھپکا کر کہا "ذرا مُنہ دھو ڈالو" مگر میں نجمی کو

دیکھکر جم کا نقشہ دل میں کھنچ رہی تھی۔ جو کچھ بھی جم کے بارہ میں سُنا ہے اس کا کچھ عشر عشیر میں نے دل میں کہا نجمی میں بھی ہے۔ نجمی کے بالوں کو میں نے ایک نظر پھر غور سے دیکھا جم کے بالوں کو تو کیا پھونچیں گئے میں نے دل میں سوچا مگر بال نجمی کے بھی کچھ کچھ ویسے ہی ہیں۔

نجمی نے پھر کہا۔ "ذرا مُنہ دھو ڈالو . . مگر خیر ابھی نہیں۔ اب تو یہ خط لو" میں گویا چونک سی پڑی خط لیا اور اسکو کانپتے ہوئے ہاتھوں سے کھولکر پڑھا۔ خط کیا ایک مختصر سا نوٹ ہے" یہ کہکر جم والی نے وہ خط نکالکر دیا جو حسب ذیل تھا۔

"جم والی۔ یہ نجمی ہیں۔ گویا جم .... بالکل. ... الگ الگ نہیں ..... جم اور نجمی کی دوستی ؟ ایک جان دو قالب نہیں بلکہ ایک جان اور ایک قالب سمجھا تصویر کے بارہ میں نہیں لکھ چکا۔ ابھی وہ تصویر تیار نہیں جو بھیجا چاہتا ہوں، پھر جم کی تصویر کی جم والی کو ضرورت ہی نہیں مگر ان کے پاس ہے تو اوس پر میرا زور نہیں۔ ہاں کوشش کرکے لیلو۔ شاید دیدیں۔ یا کم از کم دکھا دیں۔ فقط تمہارا جم۔

"کہئے مُنشی جی" نجمی نے ہنسکر مجھ سے کہا "انو مانتی ہو کہ ہوں جم کے سگے چچا کا سگا بھتیجہ" میں ہنس رہی تھی اور نجمی نے اپنی خوبصورت پلکوں میں عجیب طرح آنکھیں گھما کر زینت سے کہا "دیکھا تمنے اس چھوکری کو! ہوگئی نا مجھ سے راضی میری مُرید !"

میں واقعی بیحد خوش تھی کہ ایسا اچھا آدمی جم کا ایسا گہرا دوست ہے۔ ایک جان اور ایک قالب! میرا دل خوشی سے لبریز تھا اور مجھے اب نجمی کی تمام گذشتہ بدتمیزیاں اور گستاخیاں حق بجانب اور دل پسند معلوم ہو رہی تھیں۔ جم کا اتنا گہرا دوست اتنا خوبصورت خوش مزاج دلچسپ شخص!

"لو اب مُنہ دھو ڈالو" نجمی نے کہا۔

"آپ کے پاس کیا تصویر ہے؟" میں نے پوچھا۔

"کس کی؟"

"حم کی۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "حم کی تصویر۔ ۔ ۔ ہے آپ کے پاس؟"

"دیکھو گی؟"

مسکرا کر میں نے سر ہلایا۔

"دیکھو۔" محی نے کہا۔ "قاعدہ ہے کہ کسی خوبصورت اور شکیل جوان کی زیارت کرتے ہیں تو اس سے بیشتر وضو کر لیتے ہیں۔ لہذا تمہیں ایک نہایت ہی قابلِ پرستش، خوبصورت اور لائق و قابل نوجوان کی تصویر جب دکھاؤں گا جب تم وضو نہ سہی کم از کم منہ دھو ڈالو۔"

یہ کہکر میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے برآمدہ میں لا کھڑا کیا اور لوٹا ہاتھ میں لیکر کہا۔ "لو۔" میں ہنسنے لگی، زینت بھی پاس آ کھڑی ہوئی جب انہوں نے دیکھا کہ میں منہ نہیں دھوتی تو لوٹا رکھکر کہا۔ "قسم ہے مجھے بھی بغیر منہ دھوئے تصویر نہ دکھاؤں گا۔" یہ کہکر مجھے اور زینت کو چھوڑ کر کمرہ میں جا بیٹھے۔ میں ہنسنے لگی اور میں نے کہا۔ "لیجئے میں دھوتی ہوں۔" یہ کہکر میں نے منہ دھویا کیونکہ جانتی تھی کہ سحر سے سابقہ ہے نہ مانے گا اور ادھر میں تصویر دیکھنے کو بیحد بیچین تھی۔ جلدی سے منہ دھو کر میں کمرہ میں آئی کہ یہ حضرت تولیہ لیکر بڑھے اور کہا۔ "لاؤ میں پونچھ دوں۔" یہ کہکر میرا منہ پونچھ ہی دیا ہوتا۔ اگر میں سر اوپر کو کر کے ہاتھ نہ روک دیتی۔ میں نے کہا۔ "میں پونچھ لیتی ہوں۔" یہ کہکر میں نے تولیہ لیکر منہ پونچھا۔

جب منہ پونچھکر میں نے کہا کہ تصویر دکھاؤ تو اس کے جواب میں زینت سے بولے۔ "ہم زینت دراز کی صورت دیکھا میری تصویر دیکھنے کے شوق میں مری جا رہی ہیں۔"

میں نے اس مذاق پر ہنسکر کہا۔ "آپ تو باتیں بناتے ہیں۔ دکھانا ہو تو لائیے تصویر۔" میں

دراصل تصویر دیکھنے کے لئے سخت بیچین ہو رہی تھی۔

"موجود تو ہوں سامنے تمہارے" نجمی نے کہا۔ "کیا کروگی دیکھ کے تصویر کا۔ بیکار" مجھے سخت بیچینی تھی اور میں نے اس بیچینی سے تنگ آکر کہا "آپ کو تو مذاق کی سوجھی ہے۔ بھلا ایسا بھی کیا مذاق" زینت نے بھی کچھ زور دیا تو اُٹھے اور اپنا ٹرنک کھولکر تصویر نکالی ادھر میرا یہ حال کہ تصویر دیکھنے کے اشتیاق میں بیچین تھی۔ میں نے ایک گہرا سانس لیا۔ نجمی کے خوبصورت چہرہ پر ایک عجیب ہی قسم کی مسکراہٹ تھی۔ آنکھوں میں بھی وہی شرارت کی چمک تھی۔ پھر مجھے جم کا ایک دم سے خیال آگیا کہ جم نجمی سے کہیں زیادہ خوبصورت ہیں ابھی تصویر ہی ثابت کردیگی کہ جم سے کیا علاقہ۔

"کیوں بہن" جم والی سے میں نے بات کاٹ کر پوچھا۔ "آخر تمہیں کیسے معلوم کہ قطعی طور پر تمہارے جم نجمی سے زیادہ خوبصورت ہیں"

"مجھے کیا معلوم؟" جم والی حیران ہو کر بولیں۔ "میں نے تو اتنی تفصیل سُنی ہے کہ مجھے ان کے شکل صورت اور چہرے مہرے کی اتنی مشرح تفصیل معلوم ہے کہ ... بس .. بس گویا سچ مچ پوری ..."

شاہدہ بیچ سے بات کاٹ کر بولی "یہ سچ کہتی ہیں ابھی جم کے چہرہ کی پوری کی پوری تفصیل معلوم ہے سوائے ایک آنکھ کو چھوڑ کر"

"پھر وہی" جم والی ایک دم سے تیز ہو کر بولیں "اب کیا بیچارے مرے کو سُنوانا ..."

بہن زینت نے جم والی کا منہ بند کر دیا اور رد کا کیونکہ جم والی شاہدہ کو گھسیٹنے لگی تھیں۔ اس حملہ معترضہ کے بعد جم والی نے پھر اپنا قصہ شروع کیا۔

"غرض میں تصویر دیکھنے کے لئے بیحد بیچین تھی۔ نجمی نے مسکراتے ہوئے تصویر میز پر رکھکر کہا۔ "لو دیکھو مگر ایک دم سے نہیں دکھاؤں گا" یہ کہکر ایک کاغذ سے تصویر کو پورا کا پورا چھپا لیا۔

میں ہنستی اور ہمہ تن شوق بنی ہوئی اُٹھی میرا دل حم کے دیکھنے کے لئے بیقرار تھا میں نے کہا "دکھائیے"

نجمی نے کہا "ایسے بڑے! معزز! عالی خاندان! بہادر! خوبصورت! حسین وجمیل اور قابلِ پرستش نوجوان کی تصویر دیکھنے سے پہلے لازمی ہے کہ تم قدموسی کرو۔ یعنی پہلے اس کے مبارک قدم کی زیارت کرو"

یہ کہکر نجمی نے کاغذ کو اوپر سرکا کر تصویر کے پیر دکھائے۔ زہے قسمت میں نے دل میں کہا میں نے دیکھا کہ ایک قالین بچھا ہے رنگ برنگ کا اور اسپر پیر میں سیاہ جوتا اور کتھئی دھاری دار پتلوں۔ تصویر فوٹو کی تھی مگر اس میں رنگ کس خوبی سے بھرے گئے تھے۔ مجھ سے ضبط نہ ہو سکا اور میں نے نجمی کا ہاتھ ہٹاتے ہوئے کہا "پوری دکھائیے"

نجمی نے کہا "آہستہ آہستہ" اور یہ کہکر کاغذ اوپر کو سرکانا شروع کیا میری آنکھوں میں گویا ایک روشنی اور منوّر سماں سا معلوم ہو رہا تھا۔ دل اندر سے باغ باغ تھا اور ایک عجیب پردہ سا آنکھوں کے سامنے سے اُٹھ رہا تھا جو دلکو خوشی سے معمور کئے دیتا تھا میں نے کوٹ تک دیکھا۔ پتلوں ہی کے رنگ کا کوٹ تھا۔ ہاتھ دیکھے کسقدر عمدگی سے کوٹ میں مصوّر نے رنگ بھرے تھے۔ نجمی نے کاغذ اور سرکایا تو ٹائی مطرّیٰ میرے سامنے پوری تصویر سوائے چہرہ کے تھی اور میں نے اب نجمی کا ہاتھ گویا جذبۂ اشتیاق سے قابو ہو کر ہٹانا چاہا مگر نجمی نے زور سے کاغذ دبایا۔ میں نے بیچینی سے پریشان ہو کر کاغذ کو نوچ لیا کہ "یہ لو" کہکر نجمی نے تصویر بالکل میرے مُنہ سے لگا دی۔ ہنستے ہوئے میں نے تصویر کو دیکھا مگر مطر جیتے ہی روح سلگ گئی۔ دل جلکر کباب ہو گیا۔ تن بدن میں مارے غصّہ اور چڑھ کے آگ لگ گئی اور مارے غصّہ کے میں نے ہاتھ سے چھین کر تصویر تہا کر دی پھینکی کیونکہ تصویر خود نجمی کی تھی۔ چڑ چڑا کر اور جھنجھلا کر میں نے کہا "یہ بھی کوئی مذاق ہے"

"مذاق تو بس دنیا میں ایک ہے۔" نجمی نے مجھے چڑاتے ہوئے سر ہلا کر کہا۔ "اور وہ یہ" یہ کہکر اپنے ہاتھ سے خود اپنی ناک مڑوڑی اور کہا۔ "اور یہ مذاق کوئی ہماری چھبیلی جم والی سے سیکھے۔"

میں ایسی غصّہ میں جل رہی تھی کہ ذرہ ہنسی نہ آئی۔ البتہ اسکا (زینت کا) مارے ہنسی کے بُرا حال ہو گیا۔

"اُٹھاؤ تصویر کو جا کے۔" نجمی نے کہا۔

"مت بولئے مجھ سے۔" میں نے تیز ہو کر کہا۔

"ہیں!" نجمی نے اپنے شاندار چہرہ کو کچھ خوفزدہ سا بنا کر کہا۔ "یہ غصہ اور بھروہ بھی کس سے؟۔ ارے مجھ سے؟ مجھ سے؟ کیا بھول گئیں اتنی جلدی۔ کون ہوں میں؟ کون ہوں....؟"

بخدا میرا غصہ ایک دم سے جاتا رہا۔ جم کے خط کا خیال آگیا۔ دل میں میں نے کہا کہ جم کی خاطر مجھے اس شریر کی ہر بات سر آنکھوں پر۔ ابھی ابھی جس مذاق نے میرے تن بدن میں آگ لگا دی تھی اُسی مذاق کا میں شستہ پھلو ڈھونڈھنے لگی۔ میں نے شکایت کے لہجہ میں کہا۔ "آپ ہی تو خواہ مخواہ مجھے پریشان کر رہے ہیں۔" ہنسکر میں نے کہا "آپ کیوں نہیں دکھاتے۔"

"اب کیا دوسری تصویر دیکھو گی؟ اچھا پہلے اُسے اُٹھا لاؤ۔ اُٹھو۔ اُٹھو جلدی۔ ."

میں کمبخت جم کی تصویر دیکھنے کے لئے بیچین تھی۔ جھک مار کر اُٹھی۔ میرے ہاتھ سے تصویر لیکر نجمی نے کھوبیں چڑھا کر رازداری کے لہجہ میں کہا۔ "کہتی تو ہو گی دل میں کہ ہے تصویر کسی.. کسی خوبصورت آدمی کی۔"

"تو آپ کو بدصورت کون کہہ رہا ہے۔" میں نے ہنستے ہوئے کہا۔ "آپ کو تصویر دکھانا ہو تو دکھایئے۔"

"تصویر تو میں دوسری تمہیں ضرور دکھاؤں گا۔ مگر تمسے صبح صبح میری ناک دہر مڑوری اور جگادیا اور اب جاتا ہوں میں غسل کرنے' اس کے بعد نہا دھو کر ناشتہ سے فارغ ہو کر سوچوں گا کہ دکھاؤں بھی یا نہیں۔ کیونکہ میری سمجھ ہی میں نہیں آتا کہ آخر دوسری تصویر کا دیکھکر کیا کروگی جبکہ وہ بھی ہو بہو ایسی ہی ہے' صرف فرق اتنا ہے کہ یہ رنگین ہے اور وہ دوسری سادی۔"

"تو یہ کہئے کہ جم کی تصویر ہی آپ کے پاس نہیں ہے۔" میں نے مایوس ہو کر کہا۔

"دکھا تو دی۔" انہوں نے ہاتھ جھٹک کر کہا: اور کیا جم کے کوئی سینگ ہوتے جب مانتیں۔

زینت نے اسیر تنگ ہو کر میری سفارش کی تو محی نے وعدہ کیا کہ دوسری تصویر بھی دکھا دوں گا مگر شام کو بشرطیکہ میں آؤں اور بیڈمنٹن کھیلنے کا وعدہ کروں۔

اسپر میں نے معاملہ صاف کرنا چاہا اور کہا: "خوب اچھی طرح سمجھ لیجئے کہ میں دوسری آپکی تصویر نہیں دیکھوں گی بلکہ جم کی دیکھوں گی۔ بولئے جم کی تصویر دکھائیے گا؟"

اسپر وہ بولے "حجت کیوں کرتی ہو۔ کہدیا کہ دکھا دوں گا۔ دکھا دونگا۔ دوسری تصویر دکھا دونگا اور وعدہ کرتا ہوں کہ جو دکھائی ہے اس میں سینگ نہیں تھے' اب ایسی دکھاؤں گا ایک تصویر جس میں سینگ بھی ہوں تاکہ تمہارا اطمینان تو ہو جائے!"

میں صاف صاف وعدہ لینے پر تلی مگر اسے ریت سے گھبرا کر کہا کہ "خدا کیواسطے جان چھوڑ دو۔ کہہ تو دیا دکھا دیں گے۔" محی نے پھر کہا: "وعدہ کرتا ہوں .. اب خدا حافظ!" یہ کہکر مجھ سے ہاتھ ملایا اور اس زور سے جھٹکا کہ معلوم ہوا کہ میرا شانہ اوکھڑ گیا۔ اور تو میں نے کچھ نہ کہا مگر اپنا شانہ پکڑ کر کہا: "صبر۔" محی نے کہا "ان اللہ مع الصابرین ... خدا حافظ۔" یہ کہکر وہ چلے کہ ایک دم سے "ارے۔" کہکر رک گئے اور کہنے لگے "بخدا تم تصویر کو پیٹ رہی ہو بھولی لڑکی . . . یہ کہکر آنکھیں کچھ نیم مار کر کے مجھ سے عجیب طرح سے کہا: "تمہیں ایک چیز . "

یہ کہکر اپنا ٹرنک کھولا۔ اِدہر اُدہر کے کونے کُرید کر ایک رومال نکالکر اس زور سے میرے مُنہ پر مارا کہ میں اوچھل سی پڑی۔ رومال میری عینک کی ریحیر میں آکر اٹک رہا۔ لیونڈر کی تیز خوشبو سے مہک رہا تھا۔ چھوٹا سا سفید رنگ کا مردانہ رومال تھا اور استعمال شدہ معلوم ہو رہا تھا۔ "یہ کسکا ہے؟" نجمی نے مسکرا کر مجھ سے پوچھا۔ "بخدا تم سونگھو اور پہچانو۔"

میرا خیال ایک دم سے کہاں سے کہاں پہونچا۔ اسکی بھینی بھینی خوشبو، عطر کی لہر بلکہ جم کی! معاً اس کے کونہ پر میری نظر پڑی۔ سُرخ رنگ سے اوسپر صرف "جے" یعنی "جم" کے نام کا پہلا حرف کڑھا ہوا تھا میری عجیب حالت ہوگئی اور میں نے رومال اپنے ہاتھ میں لیکر کس شوق سے دیکھا۔ نجمی کھڑے مسکرا رہے تھے اور مجھے دیکھکر بولے "بولو۔ بتاؤ کس کا ہے۔"

میری حالت وارفتگی کی سی تھی۔ میں نے کہا "پہچان لیا۔"

"میرا ہے۔" نجمی نے ہنسکر کہا۔

"اس میں دھوکہ نہیں کھا سکتی۔" حم کا ہے۔ میرا دل کہہ رہا ہے آپ کا ہرگز نہیں۔"

"میرا ہے جی۔" مسکرا کر نجمی نے کہا "لاؤ اوہر۔"

مسکرا کر میں نے کہا "ہرگز نہیں۔ میں نہیں دیتی۔" اور یہ کہکر میں نے اُسکو اپنی آستین میں رکھ لیا۔

"اچھا خیر۔" نجمی نے کہا۔ "بولو یہ کیسا تحفہ رہا۔"

"بہت اچھا۔" میں نے کہا "شکریہ آپ کا۔"

مجھکو غور سے دیکھتے ہوئے نجمی برآمدہ میں چلے گئے اور تھوڑی دیر اس سے (ریت سے) لڑنے کے بعد چلی آئی کیونکہ اسی کمبخت نے شاہدہ والا مذاق اُنہیں سنایا تھا۔

راستہ بھر میں جم کے رومال کو سونگھا کی۔ بخدا وہ رومال جم کا ہے اور اُسے میں نے سونگھتے ہی پہچان لیا۔

"چل" شاہدہ بولی "آئی وہاں سے باتیں بنانے والی۔ کسی چیٹے سے تو اب ایسا پلّو باندھ کیونکہ ناک تیری اللہ رکھے چیٹی کی سی ہے کہ رومال میں ستر لگی تھی جو تو نے سونگھ لی۔ ایسی باتیں مجھے رہ رہی لگتی ہیں۔"

جم والی کو تو دیکھو۔ وہ صفا بگڑ کھڑی ہوئیں۔ اپنے شوہر کی لازوال محبت کا جو اترا پہر تھا اور اسکی وجہ سے جو روحانی ترقیاں ان میں رونما ہوئی تھیں اونکا بالتفصیل دعوے کرکے سمجھانے لگیں۔ اس کے جواب میں شاہدہ بولیں "ہیں تم تو حطوں کے ذریعہ سے نکاح ہوتے ہی فرشتہ اور پری ہوکر رہ گئیں۔ آج کسی کا رومال پاگئیں اُسے سونگھ کے پہچان لیا اور کہہ رہی ہو میرے میاں کا ہے کل کو تیری میری جوتی لے بھاگو گی اور سونگھ سانگھ کے کہو گی میں نہیں دیتی میرے میاں کی ہے۔"

اسپر شاہدہ سے جم والی کی خوب خوب چونچیں ہوئیں۔ بڑی مشکل سے شاہدہ کو اور جم والی دونوں کو چپ کیا کچھ بھی ہو ان باتوں سے اُس سچی اور قابلِ رشک محبت کا پتہ چلتا تھا جو جم والی کو اپنے مادیدہ شوہر سے تھی وہ دراصل اپنے شوہر کی محبت میں فنا ہوکر رہ گئی تھیں اور اسی سلسلہ میں دراصل اوندہی باتیں بھی کرتی تھیں مگر اس میں ان کی خطا نہ تھی بلکہ انکی پاک محبت کی۔ اس کے بعد پھر جم والی نے قصہ کا بقیہ دلچسپ حصہ بھی سُنانا شروع کیا۔

(۳)

جم والی بولیں "اسلام تک میں اسی رومال کو دیکھا اور سونگھا کی۔ ..."

"چینٹی کہیں کی" شاہدہ نے لقمہ دیا۔

"ہاں سونگھا کی" جم والی تن کر بولیں تو کوں ؟... "شاہدہ چپ رہی تو جم والی بولیں۔

'شام کو میں اماں جان سے باضابطہ کہکر پہونچی جیسے ہی کمرہ کے سامنے پہونچی کیا دیکھتی ہوں کہ بجمی چائے پی رہے ہیں پیالی ہاتھ میں ہے میں نے کہا "سلام علیکم" اسے ہس بجائے سلام کا جواب دینے کے وہی چائے بھری پیالی اس زور سے پھینکر مجھے ماری ہے کہ میں اگر ہٹ نہ جاؤں تو میرے منہ پر ہی پڑے۔ پیالی کمرہ کے دروازہ سے لگ کر کھیل کھیل ہوگئی اور چائے کے کچھ چھینٹے میرے اوپر بھی پڑے۔ میں نے ستندر ہو کر دیکھا اور کہا 'یہ بھی کوئی بات ہے امیرے لگ جاتی تو"

اس کا ریت کا مارے ہنسی کے برا حال ہوگیا اور مجھے بھی انکی مسخری سی صورت دیکھ کر ہنسی آئی بولے "بھائے بیو" حالانکہ ایک ہی پیالی تھی جو پھوڑ ماری تھی۔ قبل اس کے کہ میں کچھ بولوں عجیب ہی معاملہ درپیش ہوگیا۔ وہ یہ کہ اتنے میں شامت کی ماری۔ "ہنس کر جم والی نے شاہدہ کے زور سے چٹکی لی اور رینت نے ایک زور سے اسکی پیٹھ پر دھموکا دیا اور دونوں نے گویا ساتھ ہی ساتھ کہا "شامت کی ماری یہ بی شاہدہ آپہونچیں"

"کمبختوں مجھے مارتی کیوں ہو؟" شاہدہ نے دونوں طرف حملہ کو روک کر کہا "اس مسخرے کی تم دیکھ لیا جو مجھ سری کی کوئی مل گئی تو جوتی سے ناک کاٹ لیگی"

جم والی بولیں "یہ تو بی برابر والے کمرہ میں کھڑی ستیتہ سے جھانک رہی تھیں دونوں آنکھیں ماتھا اور سر اس بی ستو کا انہوں نے دیکھ لیا اور دیکھتے ہی بولے "ارے ایہ کون ہے کون ہیں یہ ا۔ "

میں نے اور رینت نے ایک دم سے دیکھا اور یہ بی لب سے چھپ گئیں۔

"کون ہیں یہ؟ بجمی نے ایک دم سے عجیب ہی شرارت سے آنکھیں جھپکا کر کہا "کون ہیں یہ؟ پکڑو انہیں"

"میں نے ہنس کر کہا" جم والی بولیں "ایک ہیں۔ سہیلی ہماری" اور رینت نے نام بتایا"

سر ہلا کر بھی نے کہا "شاہدہ! یعنی یہ کہ شیشہ میں سے مشاہدہ کرنے والی اچھا تو بُلاؤ اِنہیں ... کیسی صورت شکل ہے ان کی؟ . "بھی نے رازدارانہ لہجہ میں کہا "کیسی شکل ہے؟ خوبصورت ہیں کچھ؟"

"لُچّا کہیں کا" شاہدہ بولی "وہ اِس لائق تھوڑا ہی ہے کہ کوئی اُس کے سامنے رستے یا مُنہ بولے بہن بھائی کے بہانے سے آئے"

حم والی نے کہا "مجھے ہنسی آئی اور میں نے کہا کیوں بہن! اچھی خوبصورت ہیں" "لاؤ پھانس کے اہیں" بھی نے کہا "تو لاؤ اہیں پھسلا کے جو خوبصورت ہیں تو لاؤ پھانس کے . "

شاہدہ بولی "وہیں سے ایسی جوتی دی ہوتی میں نے سحرے کے مُنہ پہ کہ یاد ہی کرتا کہ کسی اچھی سے مذاق کیا تھا.. سحرا کہیں کا. بھڈیلا ہیں تو آیا وہاں سے پھانسنے اور پھیسوا لے ایسی اماں بہا کو چھوڑ کر"

ہم سب کو شاہدہ کے غُصّہ پر بہت ہنسی آئی۔

حم والی نے کہا "یہ باتیں سُنکر میں دیکھتی کی دیکھتی رہ گئی۔ میں نے ایسی مدتمیری کا ہیکو سُنی ہوگی میں نے کہا "میرے جائیں دشمن۔ میں کیوں کسی کو پھانس کے لائے لگی توبہ توبہ" میں نے سُرا ماتے ہوئے کہا "آپ کیسی باتیں کرتے ہیں .."

"ہیں!" بھی نے ایسے خوبصورت اور بشاش چہرہ کو پُرشکن بنا کر کہا "کتنی بیوقوف اور سیدھی مگر خوبصورت لڑکی ہو۔ ارے لاؤ اُسے. جاؤ بغیر پھانسے ہی سہی میرا مطلب یہ ہے کہ ہمارا ان سے تعارف کراؤ" یہ کہکر مجھے اسکے (شاہدہ) پاس بھیجا۔

یہ کونے میں کھڑی کمبخت ہنس رہی تھی۔ میں نے کہا "چل کمبخت" تو بولی "نہ بہن میں نہیں جاؤنگی اس کے پاس یہ تو بڑا مُنہ پھٹ اور بیہودہ ہے۔ میں کیوں اِسکے سامنے آنے لگی" یہ کہکر

یہ تو سرک گئی اور میں نے آکر کہا کہ "وہ نہیں آتیں بھاگ گئیں"۔ تو محی نے کہا: "تم نے نکال دیا خیر اس کی یہ سزا تمہیں دیں گے کہ تصویر اپنی نہیں دکھائیں گے۔ اب آؤ بیڈمنٹن کھیلیں"

"میں نہیں کھیلتی" میں نے کہا "تاوقتیکہ آپ تصویر نہ دکھا دیں"

"تمہیں دکھائیں گے۔ کھیلنے کے بعد ہمارا وعدہ ہے"

"کھائیے قسم" میں نے کہا۔

"تمہارے سر کی قسم" محی نے کہا: "ایسی تصویر کہ تمہاری طبیعت خوش ہو جائے یعنی دو سینگوں والی" یہ کہکر اپنے سر پر دو انگلیوں سے سینگ بنائے اور پھر کہا: "دو سینگوں والی کیونکہ تمہارا خیال ہے کہ جب تک تصویر میں سینگ نہ ہوں تم جم کی مالکن ہی نہیں" یہ کہکر میرا ہاتھ پکڑ کر باہر نکلے۔

(۴)

ہم تینوں کورٹ پر آئے۔ جال کی ڈوری نجمی نے اتنی تانی کہ ٹوٹ گئی۔ اس میں گرہ لگائی، پھر اس کے بعد جال کا کہنہ گرا دیا۔ اسے ٹھیک کیا تو ایک گیند کے سب نے لوح ڈالے دوسری گیند آئی اور ایک طرف مجھے اور ریت کو کھڑا کر کے دوسری طرف کھڑے ہو کر کھیل شروع کیا، ایک دو سروس کے بعد ہی محی نے کھیل بگاڑ دیا۔ میں تو گیند چھونے ہی نہ پائی۔ گیند واپس کرنے کو تڑپ رہی تھی کہ اسقدر گھبرا کر چلائے کہ "ہیں ہیں ہیں تمہیں جم کی قسم" میں رک گئی۔ تیسری مرتبہ جو یہ حرکت کی تو میں ملا پھینک کے الگ ہو گئی کہ "میں نہیں کھیلتی"

"میں بھی نہیں کھیلتا" محی نے کہا: "تاوقتیکہ چار کھیلنے والے نہ ہوں"

ساتھ ہی محی کی نظر سامنے والے کمرہ پر پڑی جس کے دروازہ سے کھڑی یہ بی ساہدہ پھر جھانک رہی تھیں۔ ان کا جی گھبرا رہا تھا کہ اکیلی ہیں اور ہم دونوں باہر

بجی نے بغیر دروازہ کی طرف دیکھے ہوئے کہا "کیا یہ ہیں کھیلنا جانتیں؟"
میں نے کہا "کیوں نہیں۔ خوب جانتی ہیں۔"
"تو پھر پکڑو اسے" بجی بولے "تم اسے اِدھر سے باتوں میں جاکر لگانا اور پیچھے والے برآمدہ سے کمرہ کے پُشت کے دروازہ سے میں لیتا ہوں۔ دیکھو جانے نہ پائے۔"
یہ کہکر بجی طاہر اباغ کی طرف چلدیئے اور اُدھر سے گھوم کر بائیں جانب کمرے کی پُشت پر پہونچے اور اب میں نے زینت سے کہا "بہن کیا سچ مُچ شاہدہ کو پکڑوا دوگی؟"
یہ بولیں (زینت) "ضرور پکڑوا دو مُردی کو۔"
"اسی کمبخت نے تو مجھے پکڑلیا" یہ کہکر شاہدہ نے زینت کو ٹھوکا۔
جم والی نے ہنستے ہوئے کہا "پھر بہن وہ تو اُدھر گئے اور ادھر سے میں اور شاہدہ دونوں کمرہ کی طرف چلیں۔ برآمدہ میں دروازہ کے پاس جو ہم دونوں پہونچیں تو ان تو بی شاہدہ نے مُسکرا کر دروازہ کھولا۔ ہم دونوں نے دروازہ میں قدم رکھا ہی تھا کہ بی شاہدہ ہسوڑ دُبیا رمانہ کی ہنس کے بولیں "لے بی وہ مسخرا کہاں گیا؟"
مارے ہنسی کے جم والی اور زینت دوہری ہوگئیں اور شاہدہ کو الگ مارنا شروع کیا، بڑی مُشکل سے ہنسی روک کر جم والی نے کہا "اِدھر تو شاہدہ بی نے ہنسکر یہ کہا کہ لے بی وہ مسخرہ کِدھر گیا اور اُدھر دوسری طرف سے بجی کمرہ میں گھُسکر کڑک کر کہا۔ "سدہ یہ حاضر ہے" بس ہیں پھر تمہیں کیا بتاؤں کیا مرا آیا ہے۔ بھاگیں دھر کے یہ ہم دونوں کو بُری طرح دھکیل کے۔ مگر میں گلے میں ہاتھ ڈال کے اسکو لیٹ گئی اور زبردستی اس کو پکڑلیا۔ گھیر کے یہ ماہر لائی گئی تاکہ کھیلے مگر یہ ایک طرآرہ ۔ ۔ ۔"
"بھدی برآمدہ ہی سے چھڑا کر یہ جا وہ جا" شاہدہ بولی "اور وہ مسخرا اپنا سا مُنہ لیکر رہ گیا۔

اری دوڑا تہا کمبخت میرے پیچھے اور میں گرتے گرتے بچی "۔

جم والی بولیں "ہں یہ قصہ جو ابھی کل میں آیا ہے اور جسے سُنانے کو تڑپ رہی تھی"۔

"ایلو" ساہدہ بولی "ہں اصل بات تو قصہ کی یہ چُھپا رہی ہیں۔ انہیں اُس مسخرے نے اِنکے جم کی اصلی تصویر دیدی اور وہ اب میرے پاس ہے"۔

اسیر جم والی کو خوب ہی ستایا۔ میں پوچھوں تو وہ بتائیں نہیں۔ کہنے لگیں "وہ تو مسخرے ہیں، کسی اجار کی تصویر پہاڑ رکھی تہی، وہ مجھے دکھا دی" مگر ساہدہ بہلا کب ماننے والی تہی۔ انہوں نے وہ تصویر کہسوٹ کر گولی بنا کر پھینک دی تہی اور ساہدہ اسے ڈھونڈھ کے اُٹھا لائی تہی، لیک کے وہ کاغذ کی ایک گولی نکال لائی۔ جم والی جیسے لیکیں۔ میں نے کہا "نہ ہں میں ضرور دیکھوں گی"۔ میں نے دیکھی۔ مارے ہنسی کے میرا بُرا حال ہو گیا۔ ایک مکرے کی تصویر تہی۔ کسی اجار کی۔ اس کے بڑے بڑے سینگ روسنائی سے بنے ہوئے تھے۔ ڈاڑھی بہی سی ہوئی تہی اور ایک آنکھ اس کی پھوڑ دی تہی جیسے لکھا ہوا تہا "جم"۔

یہ مریدار قصہ سُنکر میں واپس ہوئی۔ جم والی کے ساتھ میں اور زینت۔ راستہ میں جم والی نے خوشامد کر کر کے زینت سے کہا کہ "بہن تصویر ہو تو یہ لگانا"۔ زینت نے بیشتر ہی کہدیا تہا کہ "میں نے ٹرک کا کوئی کونہ دیکھا مارا کوئی دوسری تصویر ہی نہیں"۔ مگر وعدہ کیا کہ پھر دیکھوں گی۔

میں گھر پر پہونچی تو مولانا کو اپنے لئے بیچین پایا۔

باب ۶

ہنڈیا میں نمک پھیکا

(۱)

"ہنڈیا میں نمک پھیکا" دور سے ساہدہ نے کہا "کلّو!" ساہدہ نے پھر کہا اور ایک آواز اور دی۔ "ہنڈیا میں نمک پھیکا" اب میں نے بھی مُڑ کر دیکھا۔ سانولی رنگ کی بھولی بھالی صورت والی جسکے چہرہ پر بیحد نمک اور نکھار تھا۔ اپنی بڑی بڑی آنکھوں میں پیغام مسرت لئے اور ہونٹوں پر تبسم آمیز لرزش آہستہ سے ہماری طرف بڑھیں۔

"سلام علیکم" انہوں نے تکلفانہ تبسم اور آہستگی سے ساہدہ کی طرف مڑ جاتے ہوئے کہا۔ میں نے جواب دیا۔ ساہدہ بی قصداً اپنے کو ایک اور سحری سے باتیں کرنے میں مشغول دکھانا چاہتی تھیں۔

میں نے تعجب سے جاتوں کے بشاش چہرہ کو دیکھا۔ وہی جاتوں جو کمہلائے ہوئے پھول کی طرح مجھ سے ملنے آئی تھیں اور جسکے نالایق شوہر نے اسکے لئے جہنم مہیا کر رکھی تھی۔ پچھلی مرتبہ مجھ سے ملی تھیں تب اُنکا کیا حال تھا اور آج؟ آج تو اُنکے خوبصورت چہرہ پر نور کی بجلیاں چمک رہی تھیں۔

ساہدہ کی طرف اُنہوں نے ایک دم سے اپنی ستی آنکھوں میں سُرور پیدا کر کے دیکھا۔

وہ شاہدہ کے سر پر ہی کھڑی تھیں۔" سحری کہیں کی۔" انہوں نے عجیب لہجہ میں کہا اور میرے دیکھتے دیکھتے انہوں نے ایک دم سے اپنے دونوں ہاتھ پیچھے سے بی شاہدہ کے گلے میں محبت سے حمائل کر دیئے اور کندھے پر سر رکھکر شاہدہ کو ٹھوڑی پکڑکر ہلا مارا۔

"اونہہ۔" شاہدہ نے جھٹکا دے کر کہا "دیوانی ہوئی ہے لڑکی... چھوڑ... مجھے۔"

یہ کہکر شاہدہ نے اپنے کو چھڑایا۔ وہ گھول کر شاہدہ کے سامنے آگئیں۔

"گھور کیسی رہی ہے گول دڈی... ..." شاہدہ نے خاتوں کی خوبصورت آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا۔

نہایت ہی شوریدہ سری سے گویا اپنی تمام روایاتِ غم واندوہ کو فراموش کر کے بی خاتون بولیں:۔

"میں یہ دیکھ رہی ہوں کہ آج تمہاری وہج کیا ہے! یہ سوجھی کیا ہے۔"

"سوجھی کیا ہے!" شاہدہ نے سادگی سے کہا۔ انکی طرف دیکھا۔ پھر میری طرف اور پھر اپنے حلیہ کی طرف دیکھکر ہنس دی۔

"مسخری کہیں کی۔" خاتوں بی نے کہا۔ "نت نئے ڈھونگ رچانے آتے ہیں تجھے" بات دراصل یہ تھی کہ یہ شہر کی شادی کی ایک محفل تھی اور اپنی وضع قطع چھوڑکر شاہدہ پرانی وضع کے کپڑے پہن کر آئی۔ پھر ریورہی اس قسم کا جو صحیح معنی میں "گہنا پاتا" کہلانے کا مستحق ہے۔ نمعلوم کس سے مانگ لائی تھی۔ شاید دیدہ دانستہ اس سج دھج پر سرمہ ایسا لگایا تھا کہ پھیل کر رہ گیا تھا اور پھر پان پہ پان اسقدر کھائے تھے کہ سارا منہ لال تھا۔

"میری وہج کو تو جانے دو۔" شاہدہ نے خاتوں بی سے کہا۔ "اپنی کہو تو بی یہ تمہاری آنکھوں میں آج پریاں کیسے ناچ رہی ہیں؟"

شاہدہ کا سوال صحیح بھی تھا کیونکہ بی خاتون کے چہرہ پر آج بجائے محرم کے عید کا اکھاڑہ جما ہوا تھا۔ بی خاتون اِس سوال سے اور بھی جگمگا اوٹھیں۔ ایک مسکراہٹ کا پھول لکے چہرہ پہ کھلکر رہ گیا جو اونکے حالات کو جانتا تھا وہ اسکے ایک ہی معنیٰ لے سکتا تھا۔ چنانچہ شاہدہ نے بھی وہی معنیٰ لئے اور بولی۔

"معلوم ہوتا ہے اور کچھ روپیہ تمھارے ماوا نے تمھارے نام کر دیا ہے"

بات دراصل یہ تھی کہ جب خاتون بی کے سوہرے اُن سے روپیہ لیا تھا تو یہ کچھ دن تک اپنے میاں کو روپیہ دیکر خواہ مخواہ خوش ہوتی پھری تھیں۔ میری طرف شاہدہ مُنہ کرکے بولی۔

"اس سے بھی زیادہ احمق کون عورت ہوگی۔ اُٹھایا اور میاں کو رنڈی بازی کیلئے روپیہ دیدیا"

"تو کون؟" ہنسکر خاتون بی نے ڈانٹا۔ "اچھی دیدیا ہم نے۔ ایسا میاں تھا دیدیا کسی غیر کو تو نہیں دیدیا"

غیر کو دیا ہوتا۔ تو پھر لاکھ درجہ اچھا تھا" شاہدہ کچھ سنجیدگی سے بولی "پچھتاتی تو ہوگی اپنی حماقت پر"

ایک دم سے بی خاتون سنجیدہ اور کچھ خوف زدہ سی ہوکر بولیں "خدا گواہ ہے کہ ذرہ بھر جو رنج ہوا کبھی جو پچھتاتی ہوں! کبھی جو خیال آیا ہو بلکہ طبیعت اور خوش ہوتی ہے"

"جہنم میں جائے ایسی طبیعت" شاہدہ نے کہا۔ "بیویاں نہ ہوئیں باندیاں ہوگئیں"

ہم جاتوں کچھ بولے ہی کو تھیں کہ کسی نے ان سے آکر کہا کہ تمہاری ساس بُلا رہی ہیں' ارے" کہکر وہ اٹھیں جیسے کچھ بھول گئی تھیں۔ "ابھی آئی" یہ کہکر وہ ہوا ہوگئیں۔

"دیکھا تم نے اِن لوگوں کو" بی شاہدہ بولیں "دیکھا تم نے! یہ سب ماتیں اور پھر ان کی یہ

حرکت انہ ماما۔ مجھ سے ایسے لوگوں سے کیسے ہے گی۔ کوں لڑکی ایسوں میں حاما یسند کریگی؟ اں سے ذرا یو جھو تو۔ آج اہیں اچھی طرح جھاڑ دوں گی۔"

بات دراصل یہ تھی کہ بی حاتوں اپنے بھائی ابوالحسن صاحب کی شادی شاہدہ کیساتھ کرانا چاہتی تھیں۔ یہ بہت پرانا معاملہ تھا۔ میرے آنے سے بہت پہلے کا۔ شاہدہ کی نسبت دوسری جگہ پکی ہو جانے سے معاملہ رفع دفع ہو گیا تھا۔ اب بی شاہدہ کے پٹواری کے مرنے کے بعد بی حاتون اور اُن کی والدہ صاحبہ بلکہ اصل میں حاتوں ہی پھر اس معاملہ کو چھیڑ رہی تھیں۔

میں نے شاہدہ سے کہا کہ حاتون کے میاں سے اور بھائی سے کیا تعلق۔ خاتون کے میاں عیر مہذب لٹھ تھے لیکن بھائی تعلیم یافتہ اور ہونہار نوجوان تھے۔ اسپر شاہدہ بولیں کہ "بھئی تم جانتی نہیں ہو، وہ بھی پرلے درجہ کے احمق اور "رسٹر ڈ ملاع" ہیں۔ پھر صورت شکل غلاموں کی سی ہے"

اس کے بعد پھر اسیر باتیں ہوئیں کہ آخر بی حاتوں آج اسقدر خوش کیوں ہیں؟ کیا معاملہ ہے؟ دریافت کرنا چاہئے۔ شاہدہ کا خیال تھا کہ انکے میاں نے زیادہ سے زیادہ گھر میں سے ان کی معرفت خوشامد کروا لیا ہوگا یا پھر قمیص میں بٹن ٹکوا لیا ہوگا۔ بس بی حاتوں اسی میں خوش ہو جاتی ہیں۔

"اپنے میاں کو بیحد چاہتی ہے بیچاری" میں نے ہمدردی سے کہا۔

"چاہتی تو واقعی بیحد ہے" بی شاہدہ بھی لیسج کر بولیں "مگر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایسے بدمعاش اور موذی شوہر سے کیسے اہیں اتنی محبت ہے۔ میرا بس چلے تو ایسے کو بھالسی دلوا دوں"

"کیسے؟" ایک دم سے پیچھے سے خاتون بولیں "یہ کیسے بھالسیاں مل رہی ہیں؟ یہ کس غریب پر ظلم ہو رہا ہے؟"

شاہدہ نے اور میں نے مڑکر دیکھا شاہدہ چپ سی ہوگئی۔ مگر بی خاتون تو آج گلاب کے پھول کو مات کر رہی تھیں۔ خاک کے تودے میں سے مسرت کے شرارے نکل رہے تھے۔ ادھر شاہدہ گھبرا سی گئی کہ کہیں خاتون نے پوری بات تو نہیں سن لی اور ادھر خاتون نے اُسی لہجہ میں شاہدہ کی گردن میں ہاتھ ڈالکر چپکے سے کہا۔ "کسے پھانسیاں مل رہی ہیں۔ کسے گھایل کر رہی ہو بہانی جان"

"چل" مگر کر شاہدہ نے جھٹکا دیا۔ "بیہودہ نہیں تو۔ کلوٹی کہیں کی۔ . . . پھر وہی بدتمیزیاں . . . بیہودہ"

یہ کہکر شاہدہ نے ٹیڑھی ٹیڑھی آنکھوں سے خاتون کو دیکھا

خاتون کو یہ کچھ برا سا لگا۔ مگر اُنہوں نے شاہدہ کے غصہ بھرے چہرہ کو غور سے دیکھا۔ پھر مسکرا کر بولیں۔

"اوہو . اتنی بگڑتی ہیں!. . . . . ."

جی ہاں" شاہدہ نے کہا۔ "مجھے معلوم ہے۔ سب معلوم ہے مجھے . پھر وہی حماقت ہو رہی ہے . . . میں مذاق نہیں کرتی خاتون بی۔ یہ اچھی بات نہیں ہے، اچھا نہیں ہے، . . خوب سمجھ لو"

"خوب سمجھ لیا ہے" بی خاتون بولیں ہنستی ہوئی۔ "خوب سمجھ لیا ہے"

شاہدہ نے زہریلی نظروں سے دیکھکر خاتون سے کہا۔ "مجھے تمہارے گھرانے سے اور ڈھنگوں سے نفرت ہے"

بی خاتون نے یہ اہانت آمیز حملہ گویا سر آنکھوں پر لیا۔ دراحانہ ہوئیں مگر دراطنز یہ لہجہ میں بولیں۔

"سبحان اللہ"! دُنیا جہان سے تمہیں نفرت ہے یہ مزاج ایسے ہیں تمہارے لئے کوئی فرشتہ

تو آسماں سے اُترنے سے رہا کیا کسی فرشتہ سے کروگی" یہ کہکر بی خاتون نے ایک مصنوعی ہنسی کے ساتھ کندھا پکڑکر شاہدہ سے پھر پوچھا۔ "کیا کسی فرشتہ سے شادی کروگی؟" اور تیز ہوکر شاہدہ بولی "فرشتوں سے نہیں تو پھر جل کوؤں سے ہی نہیں کرونگی۔ تم قارون کی بیٹی ہو تو ہوا کرو اور ہم غریب ہیں تو کیا ہوا۔ کسی نے خوب کہا ہے۔ اللہ رکھے آوا کا آوا ہی بگڑا ہے۔ اونٹ کی کون کل سیدھی!..

. صورت نہ شکل بہاڑیں سے نکل، وہ مصموں بی تمہارا ہے کہ جلیں وہاں سے بی میڈ کی جان کہ ہمارے بھی لغل ٹھوک دیا"

یہ سخت و سست باتیں سُنکر شاہدہ بی خاتون کے جذبات کو کچھ ٹھیس لگی اُنہوں نے کچھ تیز مُردہ ہوکر کہا۔ "بہن تم تو بگڑ گئیں"

"بگڑنے کی بات ہی ہے بہن"۔ شاہدہ سنجیدگی سے بولی۔ "تم ہی انصاف کرو کہ پہلے تمہارا تو میں تمہاری خوشامد کرچکی تھی اور لواب پھر ہاتھ جوڑتی ہوں۔ مگر تم ہو کہ مانتی ہی نہیں ہو سر پیر کا رو در لگا رہی ہو . . اچھا کہاؤ قسم . . اپنے بھائی کے سر کی قسم کہ پھر وہی حرکت نہیں کررہی ہو"۔

خاتون بولیں کہ "پھر کوئی گناہ تو ہے نہیں۔ میں کیوں جھوٹی قسم کھاؤں ہاں کررہی ہوں"۔

"تمہیں ہرگز ایسا نہ کرنا چاہئے"

"یہ کیسے ممکن ہے؟" بی خاتون بولیں۔ "بغیر تمہارے میرے بھائی کی زندگی تلخ ہوجائیگی اور . "

"مت بیہودہ بکو" بگڑکر شاہدہ بولیں۔ "مہربانی کرکے آپ مجھ سے دُور رہیں میں نہیں بولتی آپ سے"

کس حسرت سے بی خاتون نے شاہدہ کے خوبصورت چہرہ کو دیکھا ہے اور کس خوشامد سے اُنہوں نے کہا ہے کہ بیاں سے باہر۔ کہنے لگیں "میری بہن .. میری شاہدہ ... خدا

کے لئے ... ..."

یہ کہکر شاہدہ کے گلے میں باہیں ڈالدیں اور بڑی محبت سے بولیں "تو مجھ سے خفا ہوگئی" یہ کہکر اپنا سر شاہدہ کے کندھے پر محبت سے رکھدیا۔ "تو مجھ سے خفا ہوگئی"۔ اُنہوں نے پھر درد آمیز لہجہ میں کہا۔

"مجھے یہ چونچلے نہیں آتے ہیں"۔ شاہدہ نے بھویں سکیڑ کر اپنے کو چھڑاتے ہوئے کہا۔ "میں خفا وفا بالکل نہیں۔ مگر تم یہ بیہودہ باتیں چھوڑ دو"۔

کس محبت سے خاتون بی شاہدہ کے غصہ اور خفگی کو برداشت کر رہی تھیں اور کیوں نہ کہ اپنے بھائی کیطرف سے شاہدہ کی عاشق زار تھیں، مجھے مخاطب کر کے بولیں۔

"دیکھتی ہو اس شوخ کو جانتی ہے کہ ایک شخص کس طرح اس سے شادی کرنے پر مٹا ہوا ہے۔ اور پھر یہ بھی خوب جانتی ہے کہ بیس ہزار کا نقد مہر ادا ہوگا۔ ایک کوٹھی ممبئی میں ملیگی۔ موٹر سواری کو اور شوہر تعلیم یافتہ۔ ہزار جان سے چاہنے والا۔ سر آنکھوں پر بٹھائیگا اور پھر۔ "

شاہدہ جلکر بولی "ایک تمہیں لوگ سر پہ رکھے پھر رہے ہیں اور ایک مجھے سر پہ رکھیں گے اور رہا تمہارا روپیہ تو بہن یہی تو مغالطہ ہے تمہیں ..." سر ہلا کر شاہدہ بولی "کہ روپیہ کے زور سے اپنے سب کچھ کرالوگی۔ ماہنا۔ نہ تو مجھے نقد مہر چاہئے اور نہ چاہئے مجھے کوٹھی اور کوٹھا۔ تم جاؤ اور کسی پری سے اپنے بھائی کی شادی کرالاؤ مگر خدا کے واسطے مجھ غریب کو بخشو۔ رحم کرو۔ کہنیوں تک ہاتھ جوڑتی ہوں"۔ "پری ہی سے کرونگی! پری سے ... پریوں کی پری سے"۔ انگلی سے بی شاہدہ کو چھیڑ کر خاتون بولیں۔ اور اُٹھتے اُٹھتے چھیڑتی گئیں "بھائی جان!" آنکھیں خوشی سے پُر نور کر کے اور شرارت آمیز مسکراہٹ سے چھیڑتے ہوئے اُنہوں نے شاہدہ کی طرف اُنگلی جھٹک کر کہا "پری سے کرونگی" یہ کہکر وہ پھر غائب ہوگئیں۔

شاہدہ کٹ کٹ کے کُرا کہہ رہی تھی۔ ہم دونوں کہانے کے لئے اٹھیں۔ شاہدہ نے مجھ سے کہا کہ "ذرا یہ تو لگانا یہ خاتون بی اسقدر خوش آج کیسی ہیں"۔

کہانا ختم ہوگیا تو مجھے بی خاتون سے باتیں کرنے کا موقعہ ملا۔ وہ خوش تھیں اور بیحد خوش۔ میں نے وجہ پوچھی تو معلوم ہوا کہ وجہ بھی خوشی کی عجیب وغریب ہے۔ یعنی یہ کہ انکے میاں نے اپنی رنڈی کے لئے ان سے کہانا پکوالیا۔ میں نے ان کے بشاش چہرہ کو دیکھا۔ کس طرح یہ اپنے آوارہ اور بدقماش میاں کو چاہتی تھیں! انکے اوس محبت آمیز لہجہ سے اُس حقیقی عشق کا پتہ چلتا تھا جو انکو ایسے نالایق شوہر سے تھا۔ کس انداز سے اُنھوں نے اپنی مجبوری کا اظہار کیا ہے کہ "بہن۔ لاکھ دلکو سمجھاتی ہوں۔ جی چاہتا ہے کہ نفرت ہو جائے۔ بگڑ جاتی ہوں۔ تہیہ کر لیتی ہوں دل میں کہ اب کوئی سروکار نہ رکھونگی۔ مگر جہاں صورت دیکھی بس رونا سا آجاتا ہے"۔ یہ کہتے کہتے ایک دم سے اون کی آنکھیں ڈبڈبا آئیں۔ فوراً اُنھوں نے مُنہ پونچھکر پھر وہی بشاش چہرہ بنالیا۔ کس قدر خوش تھیں۔ محض اس نامعقول وجہ سے۔

اس کے بعد اُنھوں نے اپنے بھائی کی باتیں شروع کیں۔ گویا پروپیگنڈا شروع کیا۔ سب سے پہلے تو اون کی لیاقت۔ دہانت اور ہوشیاری پر ایک لکچر دیا۔ پھر یہ بتایا کہ کس طرح وہ شاہدہ کے نادیدہ عاشق ہوگئے۔ شاہدہ کی باتیں، شاہدہ کی دلچسپ شرارتیں۔ اور اُس کے گانے کی مہارت کا ذکر اپنی بہن کی زبانی سنتے رہے۔ آخرش شاہدہ پر اُن کو اس طرح عاشق ہونا پڑا کہ شادی کا پیغام دیا۔ پھر اس شادی کی دُھن میں حماقتیں ملاحظہ ہوں۔ خاتون کی زبانی معلوم ہوا کہ کہیں شاہدہ پیانو کے لئے بیتاب رہتی ہیں۔ بیحد شوق ہے کہ کہیں سے پیانو میسر ہو۔ اسکا علاج اُنھوں نے یہ سوچا کہ بعل میں پیانو کی فہرست دیائے پھر تے یہ بہت بیشتر کی باتیں ہیں۔ ظاہر ہے کہ اب شاہدہ کے پٹواری

کے مرنے پر کیا کچھ باسی کڑھی میں اُبال نہ آ رہا ہوگا۔ کہاں تو بی خاتون الگ تھلگ اپنے غم میں ایک کونے میں مکڑی کی طرح منہ دیئے پڑی رہتی تھیں اور اب ذرا سے بہانہ پر بھائی کی شادی طے کرنے کے لئے تمام رنج و غم کو چھوڑ کر پروپیگنڈا کرنے اُٹھ کھڑی ہوئیں مجھے تمام اونچ نیچ سمجھانے لگیں اور اچھی طرح سمجھایا کہ اُنکے میاں کی عادتوں سے اُنکے بھائی کو کوئی تعلق نہیں۔ پھر شاہدہ کی بہتری کے لئے مجھ سے کہا کہ شاہدہ کو اچھی طرح سمجھانا اور راضی کرنا۔ میں سب کچھ سُنتی رہی اور وعدہ بھی کیا کہ تمہارے بھائی کے لئے کوشش کرونگی۔ پھر کچھ اُنکے میاں کے بارے میں پُوچھا چاہا تو ذرا اُن کو تامل سا ہوا تو میں نے قصہ کو وہیں چھوڑ دیا۔ میں نے بھی دل میں کہا کہ آدمی کو خوشی چاہئے وہ خواہ کسی وجہ سے ہو۔ میں خوش تھی کہ خاتون بی خوش ہیں

اس کے بعد پھر شاہدہ سے خاتون کی ملاقات ہوئی۔ شاہدہ نے میری زبانی جو اُنکی باتیں سُنیں تو اور بھی اُن کے ساتھ بُرا برتاؤ کیا۔

"نہ بہن مجھ سے رنڈیوں کے لئے کہانے نہیں لکھیں گے۔ تم اپنے بھائی کے لئے کوئی زرخرید منگوالو۔ تمہاری بھابی جان تمہارا ہی ہاتھ بٹا لیا کریں گی" غرض اسی قسم کے فقرے شاہدہ نے خوب خوب خاتون کو سُنائے۔ مگر بی خاتون کا یہ حال کہ شاہدہ کی ہر بدتمیزی کو خوش فعلی اور زندہ دلی قرار دیکر پھڑک اُٹھتیں۔ بجائے خفا ہونے کے وہ خوشی سے کھل گئیں اور چلتے چلتے شاہدہ کا ہاتھ پکڑ کر بولیں: "بہن تم چاہو کہ اِن باتوں سے میری محبت جاتی رہے تو یہ ناممکن۔ میں تمہیں ہرگز نہ چھوڑونگی اور تمہیں بھابی جان بنا کے رہوں گی"

"چل" شاہدہ نے ہاتھ جھٹک کر کہا۔ "ہوش میں آتی ہے کہ نہیں۔ آئی وہاں سے بھائی کی جیتی۔ مجھ سے آج سے بات بھی کی ہو تو تم جانو"

بی خاتون نے مسکراتے ہوئے عجیب انداز سے شاہدہ کی طرف دیکھا۔ شاہدہ آگے بڑھی تو مجھ سے مسکرا کر انہوں نے کہا۔ "چراغ لیکے ڈھونڈا ہے بہن میں نے اسے۔ اسے چھوڑوں گی تھوڑی۔ کہدینا تم۔"

اس طرح گویا بی خاتون نے جہاد کا علم کھلم کھلا بلند کر دیا۔

باب گلاب جامن

گلاب جامن بھی عجیب مٹھائی ہے۔ بشرطیکہ اچھی بنی ہو۔ خراب گلاب جامنیں تو وہ ہوتی ہیں جو دیکھنے میں تو سُرخ اور اچھی ہوتی ہیں مگر اندر سے سخت اور ٹھوس۔ بلکہ اکثر ایسی کہ اندر سے خشک قوام تک جذب نہیں ہوتا۔ دوسری وہ جو بڑی بڑی نہایت ہی سُرخ دیکھنے میں۔ ملایم ایسی کہ شیرہ میں ڈالی جاتی ہیں تو رگ رگ میں اکی تہد سا بیٹھ جاتا ہے۔ اندر تک ریشہ ریشہ میں حلاوت اور شیرینی پیوست ہو کر رہ جاتی ہے یہ اسقدر ملایم ہوتی ہیں کہ بیان سے باہر۔ نہایت ہی شیریں نہایت ہی حوس ذائقہ ایسی کہ بس روح خوش ہو جائے یہاں ایسی ہی ایک بڑی سی گلاب جامن کا ذکر ہے جو نہایت ہی رسیلی میٹھی۔ اور انتہا سے زیادہ ملایم تھی۔

اتنا کچھ تو گلاب جامنوں کے بارہ میں۔ اب ذرا بی شاہدہ کے چھوٹے ماموں کی شادی کے دلچسپ ... بلکہ ضروری حالات سُنئے۔

شاہدہ کا ساتھ! ریل کا سفر! آزادی اور شرارتیں اور بدتمیز ماں! مگر یہاں تو صرف ایک انتہا سے زیادہ ملایم گلاب جامن ہی کا قصہ ہے

(۱)

اسٹیشن قریب آرہا تھا اور گاڑی کی رفتار ہلکی ہوتے ہی ہم سب میں کھلبلی سی پڑ گئی۔

حالہ جاں نے کہا کہ "لڑکیوں خدا کے واسطے اب تو برقع یہیں لو"۔ کیونکہ خدا کے فضل سے ہم دونوں نے اپنے اپنے برقعے اُتار کر رکھ دئے تھے اور راستہ بھر تعلیم یافتہ اور شریف مسافروں کے تیز نگاہ کا نشانہ بنا نہایت ہی لاپرواہی سے منظور کیا تھا۔

جلدی جلدی ہم دونوں نے برقعے پہنے۔ گاڑی پلیٹ فارم پر داخل ہوئی۔ میں نے اور شاہدہ نے جھانک کر باہر دیکھا۔ گاڑی رُکی اور شاہدہ کے بڑے ماموں صاحب دوڑ کر ہم لوگوں کی گاڑی کے پاس آئے۔ قلیوں اور مسافروں کی چیخ پکار اور ہم راتوں کی گھبراہٹ اور اندھا دُھند دیکھنے کے قابل تھی۔ جلدی جلدی اسباب اُترنے لگا شاہدہ کے ساتھ ہی میں بھی اُتری۔ ماموں صاحب نے پلیٹ فارم کی دیوار کی طرف اُنگلی اُٹھا کر کہا کہ ویٹنگ روم میں چلی جاؤ۔ شاہدہ کے ساتھ ساتھ میں بھی اُدھر ہی تیزی سے بڑھی۔ بہت جلد ہم دونوں وہی طرف بھک گئیں۔

یہاں میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ نہ تو مجھ میں وہ تیزی ہے جو شاہدہ میں اور نہ میری وہ ہمت ہے جو شاہدہ کی اور نہ میں اتنی بیباک یا نڈر ہوں جتنی کہ شاہدہ اور نہ پھر اتنی سریع "اری کمبخت یہ دیکھ اس کو" شاہدہ نے ایک بڑے موٹے اور زبردست لالہ جی کی طرف اشارہ کیا جو ایک جھاک گیند کی طرح اِدھر ہی لُڑھکے چلے آرہے تھے۔ میں نے اُنہیں غور سے دیکھا میں نے اس قدر بھدا اور موٹا آدمی کبھی نہ دیکھا تھا۔ میں اُنہیں دیکھتی کی دیکھتی رہ گئی۔ اتنے میں وہ برابر آگئے اور میں رُک گئی کہ وہ نکل جائیں جیسے ہی وہ موقعہ سے قریب آتے ہیں کہ اس کمبخت شاہدہ نے برابر سے مجھے ایسا جھٹکے سے دھکیلا کہ میں ہاتھ سے نقاب چھوڑ کر لالہ کے اوپر گری۔ کیسی میں علیحدہ ہوتی ہوں کہ میان سے باہر اور اسقدر بدحواسی کے ساتھ کہ ایک اور کسی سے لڑ گئی اور کتر اکر بال بچی ورنہ ٹھیلہ سے میرے بڑی سخت چوٹ لگتی۔

میرے ہوش جاتے سے رہے اور میں نے بگڑ کر کہا شاہدہ سے "کمبخت۔ خدا تمہیں

سمجھے۔ بھلا یہ کونسا مذاق ہے۔ غضب کرتی ہو۔ مجھے یہ بیہودگی پسند نہیں ہے۔"

اِدھر میرا تو یہ حال اور اُدھر بی شاہدہ ہنسی کے مارے پھولی برقعہ میں سماتی تھیں، وہ ہنسی کے مارے بیحال ہو رہی تھی۔ "کیسا میں نے نرم نرم گدّے پر ڈھکیلا ہے۔" یہ کہکر وہ ہنسی کے مارے بیتاب ہوئی جا رہی تھی۔ میں اس کے برابر آگئی۔ ہم دونوں دیوار کے پاس ہی تھیں اور سمجھ ہی میں نہ آتا تھا کہ ویٹنگ روم کا کونسا دروازہ ہے۔ یہ یا وہ۔ "وہ ہے۔" شاہدہ نے کہا۔ میں اس کے برابر تھی اور میں نے سمجھا کر شاہدہ سے کہا "بہن اِس قسم کا مذاق بڑی بے شرمی اور بیہودگی ہے۔ یہ کوئی تمیز نہیں۔ بھلا کوئی دیکھے گا تو کیا کہیگا!"

میں یہ لیکچر دیتی ہوئی ویٹنگ روم کے دروازہ کے پاس ہی پہونچی تھی کہ کیا دیکھتی ہوں کہ ریل پیل سے ایک بھڑ کیلے نوجوان۔ کچھ جادب نگاہ ٹیڑی ترچھی مانگ نکالے۔ کچھ طالب علمانہ دبیج سے فاختئی رنگ کی شیروانی پہنے۔ ٹوپی ہاتھ میں لئے۔ بدحواسی چہرہ پر تحریر لو کہلائے چلے آرہے ہیں۔ شاہدہ کی بائیں جانب کو۔ جیسے کہ یہ بھی ویٹنگ روم میں جانا چاہتے ہیں۔ معاً مجھے خیال آیا کہ مردانہ ویٹنگ روم تو نہیں میں نے برقعہ کی اندر ہی جالی میں سے دیکھا اور شاہدہ سے چپکے سے کہا کہ "یہ تو مردانہ ہے۔" اِدھر شاہدہ مڑی اور یہ حضرت نہایت ہی احترام کے ساتھ گویا ہم لوگوں کی وجہ سے اپنی تیزی میں رُک گئے اور چاہا کہ ہم دونوں نکل جائیں۔ میری عقل تو دیکھو کہاں تو اس بیہودگی پر شاہدہ کو ڈانٹ رہی تھی اور کہاں میں نے جو موقعہ دیکھا تو کہی جو ایسی شاہدہ سے بھڑ کے لگائی ہے تو بی شاہدہ ان جنٹلمین پر وار دا اور وہ بھی اس طرح کہ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ آسکے یعنی یہ کہ ہاتھ سے نقاب تو یگرے ہی نہیں، لگا جو میری کہنی کا زور سے دھکا تو اِدھر تو پیر ڈگمگائے اور اُدھر ہاتھوں کا توازن بگڑا نتیجہ یہ کہ برقعہ کی ٹوپی ہاتھ کے ساتھ معہ نقاب کے کھسکر شانہ پر پہونچی اور چاند سا مکھڑا سامنے۔ اور پھر کھلے بندوں ہیٹ فارم پر زبردستی ان حضرت

سے عید ملنا پڑی۔

ان حضرت کو بھلا یہ بے موقع عید کب گوارا تھی اور پھر وہ بھی کھلے بندوں اسٹیشن پر نتیجہ یہ کہ یہ گلے ملنا انہیں اسقدر ناپسند آیا کہ اس بُری طرح انہوں نے لوکھلا کر ساہدہ کو الگ پھینکا ہے کہ بیان سے باہر۔ بی ساہدہ تو گھٹنوں کے بل آئیں اور یہ حضرت ٹوپی جھٹک کر یہ جا وہ جا۔

اب مجھے معلوم ہوا کہ اسٹیشن پر یہ شرارت کس خوبی سے ممکن ہے۔ کوئی معلوم ہی نہیں کر سکتا کہ کیا مصیبت آئی۔ اوّل تو ہر کس و ناکس اپنے وبال میں پھنسا ہوتا ہے۔ پھر اس صفائی سے دھکا دیا جانا ممکن ہے کہ کسی کو تمیز تک ہو سکے کہ شرارت تھی یا اتفاق۔

میں زنانہ ویٹنگ روم کے دروازہ کے پاس پہونچی تھی۔ اب میرا بھی وہی حال تھا جو کہ بی ساہدہ کا میں ہنس رہی تھی وہ سُلگ رہی تھی۔

"کہو بی؟" میں نے کہا۔ "اور شرارت کرو گی؟"

"رہ جا" شاہدہ بولی "نہ تجھے ابکی کسی ڈھیٹ پر دھکیلا ہو" ہنس کے بولی ساہدہ "سوچتا تو ہوگا یہ کون کمبختیں ہیں۔۔ اری! اور وہ تیرا میاں! وہ کیا سوچتا ہوگا دل میں؟ یہی کہتا ہوگا کہ فال اچھی ہے صبح صبح ایک خوبصورت چھوکری آ کے توند سے لپٹ گئی تیری قسمت اچھی تھی کہ وہ ڈھما کا ڈھما تھا جسے ہلا جلا دو پھر تھا ورنہ تو ہی گرتی"

میں نے کہا "مجھے تو میرے سے نے بچارے نے دیکھا تک کا نہیں مگر ہاں یہ تیرا والا البتہ کہتا ہوگا کہ اچھی کا مُنہ دیکھا"

"کمبخت نے کیسا اٹھا کے پھینکا ہے مجھے" شاہدہ بولی "میرا گھٹنا ٹوٹ گیا جلن ہو رہی ہے" برابر سے حالہ جان اور بڑی خانم بھی آ گئیں اور ہم سب کی سب ویٹنگ روم میں داخل ہوئیں

ویٹنگ رُوم کے دروازہ پر موٹریں آکر لگ رہی تھیں۔ میں نے اور شاہدہ نے صلاح کی کہ کسی ایسی موٹر میں بیٹھیں جس میں کوئی بڑی بوڑھی نہ آسکے۔ تیسرے نمبر پر چھوٹی موٹر لگی تھی۔ میں نے شاہدہ کو جلدی سے اشارہ کیا اور ہم دونوں جھٹ سے اسی میں بیٹھ گئیں۔ صرف دو کی جگہ تھی اور اطمینان تھا کہ اب کوئی اس میں نہ آئے گا۔ اس موٹر میں صرف دو چھوٹے چھوٹے موڈھے تھے اور سفید چادروں کے پردے اچھی طرح بندھے ہوئے تھے۔ بہت جلد موٹر کا ڈرائیور آگیا ایک اور کوئی آیا۔ دونوں میں آپس میں باتیں ہوئیں۔ یہ طے ہوا کہ بجائے شہر کے جلدی سے باہر والی سڑک سے نکال لیجلو۔ گاڑی اسٹارٹ ہوئی کہ بڑے ماموں صاحب پھر موٹر کا جائزہ لینے آئے اور معلوم کرکے کہ سب ٹھیک ہے۔ چلدیئے۔

ہماری چھوٹی سی موٹر یکوں اور تانگوں کی بھیڑ بھاڑ سے نکلکر صاف سڑک پر آئی اور پھر جو ہمارے اناڑی ڈرائیور نے صاف سڑک پر بے تحاشا چھوڑا ہے تو لطف ہی تو آگیا۔ ہوا کا فراٹا پردوں کو پہاڑے ڈالتا تھا۔ اور تھوڑی ہی دیر بعد اسی ہوا کی تیزی اور تُندی سے وہ آگے کا پردہ جو ہمارے اور ڈرائیور کے درمیان حایل تھا اور جو آگے والی کُرسیوں کے تکیہ میں سدھا تھا ہوا کے فراٹے سے کُھل گیا۔ قبل اس کے کہ کُھل جائے میں نے جھٹ سے دونوں ہاتھوں سے پردہ کو جگہ پر دبا لیا اور شاہدہ سے کہا کہ "بہن میں پکڑے ہوں تو باندھ دے"۔ مجھے کیا معلوم کہ شاہدہ پر شرارت کا جِن سوار ہے۔ اس نے جو دیکھا کہ میرے دونوں ہاتھ گھرے ہوئے ہیں اور پردہ نہیں چھوڑ سکتی تو بجائے پردہ باندھنے کے اُوسے گُدگُدانا مجھے شروع کیا۔

"اری کمبخت" میں نے ہنسی روکتے ہوئے چپکے سے کہا۔ "میں چھوڑے دیتی ہوں"۔

"چھوڑ دے"۔ شاہدہ نے لاپرواہی سے کہا اور پھر میری طرف گُدگُدانے کے لئے انگلی لہلہا کر دوڑائی۔ میں نے ہار مانی اور چُپکے سے اس کے کان سے مُنہ ملا کر اعتراف شکست میں "جیں"

لولدی۔ شاہدہ نے چپکے سے کہا "خیر اب تو چپ رہو گئی اس لئے گدگدا دونگی تو ہیں مگر تو نے مجھے دہکیلا تھا لہذا اسکی یہی سزا ہے کہ اب اسی طرح پردہ کو پکڑے بندھی رہ"۔

بات دراصل یہ تھی کہ پردہ اس طرح کھلا تھا کہ اگر ایک بھی ہاتھ ہٹاتی تو پردہ اُڑ کر باہر کے دونوں بیٹھنے والوں کو گویا سمیٹ کر موٹر کے دونوں حصوں کو ایک کر دیتا۔

میں سوچ رہی تھی کہ کیا کروں۔ کیسے پردہ باندھوں۔ میں نے شاہدہ سے چپکے سے کہا "بہن باندھ دے" مگر وہ نہ مانی۔ میں نے کہا کہ "اگر تو میری جگہ ہوتی تو کیا کرتی"۔ کہنے لگی "میں تو چھوڑ دیتی پردہ کو"۔ اور واقعہ یہ ہے کہ وہ میری جگہ ہوتی تو واقعی چھوڑ دیتی۔ بس یہی مجھ میں اور شاہدہ میں فرق تھا۔

میں سوچ ہی رہی تھی کہ ایک اور معاملہ پیش آیا۔ میں نے کوشش کر کے پردہ کو ایک ہاتھ سے قابو میں کر کے ایسا ماماں ہاتھ آزاد کر لیا اب میں نے پردہ جو باندھنے کی کوشش کی تو کیا دیکھتی ہوں کہ پردہ جو اوپر کو سمٹا تو اوسمیں سے ڈرائیور کی ترکی ٹوپی کا پھندنا اُسکی کرسی کے تکیہ پر سے ہو کر لٹکتا ہوا نظر آیا۔ اب اسے جو شاہدہ نے دیکھا تو مجھے دھمکی دی کہ اگر تو نے پردہ دوسرے ہاتھ سے باندھا تو میں ٹوپی کا پھندنا کھینچتی ہوں ادھر میں نے پردہ کی طرف ہاتھ بڑھایا اور اُدھر اُسے پھندنے کیطرف۔ میں نے اس کا ہاتھ روکا تو اوسکے تو دونوں ہاتھ آزاد تھے اوس نے دوسرا ہاتھ اپنا مجھے گدگدانے کو بڑھایا۔ میرا ہنسی کے مارے الگ بُرا حال تھا مگر میں اب ذرا گھبرائی۔ یا میرے اللہ میں نے دل میں کہا آج اسے کیا ہو گیا ہے۔ میں نے گدگدی کو تو ہمت کر کے ضبط کیا اور چاہا کہ جلدی سے پردہ باندھ دوں۔ شاہدہ نے جو یہ دیکھا تو اوسنے جھٹ سے ٹوپی کا پھندنا پکڑ لیا میں گھبرا گئی اور میں نے اوس سے پریشان ہو کر کہا۔ "خدا کے لئے بہن تو پھندنا چھوڑ دے لے میں ہاتھ ہٹائے لیتی ہوں" میں شاید یہ واہ نہ کرتی اگر کہیں پھندنا میری طرف نہ لٹکتا ہوتا گو میں جانتی تھی کہ شاہدہ پھندنے کو مٹھی میں اسطرح لئے ہوئے تھی کہ اگر ڈرائیور سر ہلائے تو اس سے پہلے ہی وہ چھوڑ دے مگر پھر بھی مجھے

اندیشہ رہا کہ اگر ایک دم سے جھٹکے کے ساتھ اوس کا سر ہلا تو کیا ہوگا۔

میرا گھبرانا حق بجانب تہا۔ خدا کی شان کہ بعض اوقات جو آدمی سوچتا ہے وہی ہو جاتا ہے ایک دم سے توپ کا سا ایک گولا چھوٹا۔ ایک جھٹکا لگا میرے اور شاہدہ کے مُنہ سے ایک زور کی چیخ نکلی یہ وہ میرے ہاتھ سے پھڑپھڑا کر صاف نکل گیا۔ بی شاہدہ اُہی حضرت کی تُرکی ٹوپی کا پھندنا پکڑے ہاتھ میں لٹکائے ہوئے تہیں جنہیں میں نے اُنہیں ڈہکیلا تہا! موٹر رُک چکا تھا۔ ڈرائیور نے قسم کہانیکو تو اپنی ٹوپی کی طرف دیکھا پھر جلدی سے اُدہر وہ اُترے موٹر سے اور ادہر میں نے پردہ درست کیا۔ شاہدہ ایسی بدحواس تہی کہ ابتک ٹوپی اُسی طرح لٹکائے تہی میں نے کہا "مُردی پھینک ٹوپی جلدی سے" میں نے جلدی سے ٹوپی لیکر ڈرائیور کی سیٹ پر ڈالدی۔

اب میں نے شاہدہ کو مارنا شروع کیا کہ بے کمبخت تو مجھے دلیل کراتی تہی میں خوش تہی کہ اچھا ہوا کہ دونوں مردوں نے اسے دیکھ لیا کہ اسنے ٹوپی جھپٹ لی ہے۔

ٹیوب پھٹ گیا تہا اور جلدی جلدی پہیہ اُتار کر دوسرا چڑہایا گیا۔ مجھے اور شاہدہ دونوں کو بڑا تعجب تہا کہ یہ کون ہے۔ ہم دونوں کو تعجب ہوا کہ ہمارا ڈرائیور وہی شخص ہے جسپر میں نے شاہدہ کو ڈہکیلا تہا۔ یہ کون ہے۔ ہم دونوں نے اندازہ لگایا۔ شاہدہ نے غور سے جہانک کر پھر دیکھا اور کہا کہ ہو نہ ہو یہ بھی دولہن کے بہائی بندوں میں سے ہوگا۔

بہت جلد موٹر نے ہمیں منزل مقصود پر پہونچا دیا ہم لوگ بڑے عالیشان مکان میں ٹہرائے گئے تھے۔ بس ماشتہ چُہا ہی جا رہا تہا جب ہم پہونچے ہیں۔

(۴)

دولہن والوں کے یہاں جب جانیکا وقت آیا تو ایک نے ایک سے بڑھ چڑھ کر کپڑے

نکالے۔ ساہدہ نے اپنا بہترین سے فلسن والا جارجیٹ کا دہانی جمپر نکالا اور اُسی کے جوڑ کا دہانی رنگ کا روپٹہ جسپر جے پوری چُندری جھپی ہوئی تھی اور استولی میلیں ٹکی ہوئی تھیں جمپر میں جگہ جگہ امیٹیشن اور سچے آویزے اور موتی ٹکے ہوئے تھے۔ اسی رنگ کی ساٹھن کی شلوار پہنکر شاہدہ بی تو سچ مچ کی نیلم پری بن گئیں طرح طرح سے بال میں پیچ نکالے گئے اور ہر پہلو سے آئینہ میں کھڑے ہوکر دیکھا گیا۔ یہ سب کیوں؟ محض سمدھنوں پر رُعب ڈالنے کے لئے۔ مجھ سے ساہدہ نے کہا کہ "تجھے ایسے کپڑے نہیں پہنے دونگی۔ تو ابھی تاسڑے کے رنگ کی بہاری والی ساڑی پہن"۔ پھر یہ بھی طے ہوا کہ محل میں ہم دونوں پھر روپ بدلیں یعنی وہاں موقعہ سے میں اپنا نیلے رنگ کا موتیوں والا جوڑا پہنوں گی اور بی شاہدہ اپنا سارسی جوڑا نکالیں گی قصہ مختصر یہ ٹھاٹھ بنا کر اور سج سجا کر ہم دونوں دولہن کے گھر روانہ ہوئیں۔

ایک شاندار کوٹھی پر ہماری موٹریں لگیں۔ یہ مردانہ کوٹھی تھی۔ دو بڑے بڑے کمروں میں سے ہوکر سب بی بیاں ایک چھوٹے سے باغیچہ میں پہونچیں۔ یہ کوٹھی کا اندرونی صحن بھی تھا اور باغیچہ بھی اور یہاں ہم سب کا دولہن والیوں نے استقبال کیا یہاں اب ایک تماشہ دیکھا اور تھوڑی دیر کے لئے سب بی بیاں رُک گئیں بائیں جانب کو ایک طرف ایک حوض کے بیچوں بیچ میں فوارہ چھوٹ رہا تھا اور پانی کی دھار پر ایک بڑا سا رنگین سلولائڈ کا گیند یا قمقمہ بلندی پر ناچ رہا تھا۔ ناچتے ناچتے ایک دم سے جالی کے پیالے میں گرتا حوض کے بیچوں بیچ میں پانی کا سوراخ تھا اور جیسے ہی سوراخ پر آتا پھر ناچتا ہوا پانی کی دھار سے اوپر کو بڑے مزے سے چڑھا چلا جاتا۔ سب بی بیاں یہ دیکھنے لگیں کہ اتنے میں ایک چھوٹے سے لڑکے نے قریب کی روش کے پاس بیٹھکر کنٹرول پائپ کو کھولنا بند کرنا شروع کیا۔ اب گیند بڑی تیزی سے گرنے اور اُٹھنے لگا۔ سب نے اسے غور سے دیکھا اور یہاں سے

آہستہ آہستہ پھولوں کے گملوں کو دیکھتی ہوئی سامنے کے دروازہ کی طرف بڑھیں۔ مجھ سے شاہدہ نے ہاتھ پکڑ کر کہا: "کمبخت ذرا ٹھہر تو۔ لا اسے دیکھیں" یہ کہکر اب خود شاہدہ پاتیب کا دستہ کھولنے بند کرنے لگی۔ میں بھی اس تماشہ کو دیکھنے لگی اور ہم دونوں کو اسکی محویت میں خیال بھی نہ رہا کہ سب کی سب بی بیاں گئیں۔ اب میری باری آئی اور میں دستہ کو موڑ رہی تھی کہ کمروں کیطرف سے مردوں کی آوازیں سنائی دیں جو یہ خیال کرکے کہ عورتیں جا چکیں اب اسطرف آرہے تھے، میں گھبرا کر اٹھی اور گویا اب میں نے دیکھا کہ سب بی بیاں گئیں۔ شاہدہ تاک لگا کر ایک پھول پر سے تتلی پکڑ رہی تھی کہ میں نے زور سے اسکے گھونسا دیا کہ "بھاگ" یہ کہکر میں سیدھی تیزی سے زنانخانہ کے دروازہ کی طرف بھاگی جدھر سب بی بیاں گئی تھیں اور میرے پیچھے پیچھے شاہدہ۔

اب ذرا ایک نئی سنئے۔ ہمارے ڈرائیور صاحب۔ وہ حنیر میں سے شاہدہ کو دیکھتا تھا سچ مچ ہمارے اندازہ کے مطابق دولہن کے بھائی نکلے۔ جب ہم سب اتری نہیں تو وہ اندر سے چلے آرہے تھے، ہاتھ میں گلاب جامن بھری رکابی لئے۔ ادھر سے جو ہلڑ ہوا تو مجبوراً انہیں کمرے کے پاس کی ایک کوٹھری میں مدہونا پڑا۔ جب سب بی بیاں اندر پہونچ گئیں تو انہیں رہائی ملی اور یہ ماہر مردانہ کی طرف لپکے، وہ بھی اس طرح کہ بائیں ہاتھ میں گلاب جامنوں کی بھری رکابی اور داہنے ہاتھ میں ایک تگڑی سی شیرہ میں لوٹ پوٹ گلاب جامن جسکو وہ شاید بہت سے شیرہ میں لپیٹ لپاٹ کے لقمہ تر بنایا چاہتے ہی تھے کہ ادھر سے میں اور شاہدہ ڈاک گاڑی کی رفتار سے پہونچیں۔ نتیجہ یہ کہ آگے میں تھی اور گویا گھوڑے پر ہوا کے سوار آرہی تھی۔ اور آندھی اور بجلی کی طرح ایک جھپٹے میں گلاب جامنوں کی رکابی اڑائے بجلی چلی گئی۔ بی شاہدہ دو قدم پیچھے ہوئے کے ذرا جھجکیں۔ اس غریب کا خدا بھلا کرے جو اسے سوچا کہ لڑکی اچھی ہے۔ صبح اسٹیشن پر عید بھی مل چکی ہے۔ پھر راستہ میں ٹوپی بھی اچک چکی ہے۔ گلاب جامن لاؤ اسے ہی

کہلا دوں۔ ادھر بی شاہدہ سے اس سے ٹکر ہوتے ہوتے بچی ہے اور وہ جھجکی ہیں کہ اُسنے شاید یہی سب ماہیں سوچکر آؤ دیکھا نہ تاؤ قبل اس کے کہ بی شاہدہ اپنی تیزی میں رُک سکیں اُسے لپک کے نہایت ہی چابک دستی سے اور قبل اس کے کہ بی شاہدہ دیکھ یا سمجھ سکیں کہ کیا معاملہ ہے وہی شیرہ میں چُور گلاب جامن ایسی دانست میں بی شاہدہ کے مُنہ میں بس ٹھونس ہی تو دی۔ یہ سب جتنم رون کا کام تھا اور بی شاہدہ بَل کہا کر غوطہ مار کر مُنھ سے آلڑیں! یہ سب کچھ بس اتنی جلدی ہوگیا کہ وہ اُدھر نکل گیا اور ہم اِدھر۔ لیکن اب جو میں بی شاہدہ کو دیکھتی ہوں تو عجیب حال! ناک اور مُنہ کا تو خیر ذکر ہی کیا سارے مُنہ پر اس ملایم اور شیرہ سے چُور گلاب جامن کا وہ بڑھیا قسم کا پلاستر ہوا ہے کہ بس دیکھا کیجئے۔ لیکن ایک شاہراہ اس پلاسٹر کی ناک کے مشرق کی طرف ہوکر سیدھی آنکھ میں جیپٹر کا رنگ جماتی سیدھی ماتھے پر سے ہوتی ہوئی بالوں میں گھس گئی تھی۔ وہ دیکھنے کے قابل تھی کس طرح بی شاہدہ نے کاسمٹک سے اپنے مال بنائے تھے اور اب اُنپر گلاب جامن کے شیرہ نے گویا کریم لگادی پھر علاوہ مُنہ کے گردن اور کان تک نہ بچ سکا۔ مگر اصل مصیبت یہ تھی کہ جہتیں جگہ سے جارجیٹ کا حمیر چپک کر رہ گیا اور پھر جارجیٹ کا روپٹہ تو شیرہ اور پلاسٹر میں بس کر اور چپک کر گلے میں اُلجھ گیا۔ قصہ مختصر ایک جھٹانک بھر کی گلاب جامن بالکل مُلایم گھلی ہوئی اور رس بھری ہوئی جمپر۔ روپٹہ۔ منہ۔ گردن اور بالوں پر صرف کردی گئی۔

چونکہ میں نے دیکھا نہ تھا کہ کیا گذری لہذا یہ حالت دیکھکر مجھے تعجب ہوا اور میں نے کہا "اری کمبخت یہ کیا ہوا۔ کیا تو گر پڑی گلاب جامنوں میں؟"

اس نے روپٹہ گلے سے کھینچتے ہوئے اور پلاستر کو گلے پر دوبارہ آزادی سے ملتے ہوئے گویا رو کر کہا "اری بہن میں کیا کروں؟"

"اری لول تو کچھ" میں نے طرح ہنستے ہوئے کہا "یہ تو کیسے سب لتھڑ پتھڑ ہوگئی" پھر

اوسی طرح روکر ساہدہ بولی "بہن میں کیا بتاؤں تجھ کو ۔اب میں کیا کروں ؟" وہ تو کہو خوش قسمتی سے صحن بڑا کشادہ تہا اور ہم لوگوں کی آمد کی وجہ سے ہر کس و ناکس سامنے کے کمروں اور دالانوں کی طرف تہا ورنہ کیا کچھہ نہ تماشہ ہوتا۔ شاہدہ کی آنکھوں میں ایسی یہ دُرگت دیکھکر آنسو نکل آئے اور اب اس نے کوسنا شروع کیا تو میں سمجھی کہ گڑبڑ ہے پھر اِدہر اُس نے کوس کوس کر اصلی بات بتائی اور اُدہر میرا ہنسی کے مارے بُرا حال ۔میں نے کہا کہ بہن تیری یہی سزا ہے۔ چلتوں کو چھیڑتی ہے نا تو یہی تیری سزا ہے یاس ہی آمدار خانہ تہا اور وہاں بیٹھکر بی ساہدہ کو میں نے دُھلانا شروع کیا یہ کارروائی ہوہی رہی تہی کہ ایک مُلازمہ آکھڑی ہوئی۔ اب اس نے یہ معاملہ دیکھکر تنگ کرنا شروع کیا اور لگی سوال ٹیڑھے ٹیڑھے کرنے ۔ مجھے ایسے موقعہ پر اور بہی ہنسی چھوٹی۔ اسکی فضول باتوں کے جواب دیئے نہ تھے کہ ایک اور مُلازمہ باہر سے آئی یہ کہتی ہوئی کہ راستہ میں گُلاب جامنیں کیسی پڑی ہیں؟ پہلے والی جو ہمارا ناطقہ بند کر رہی تہی ایکدم سے بولی "ارے۔ ابھی تو میاں ساہد رکابی لیکر گئے ہیں" اس لفظ ساہد پر ہم دونوں کا چونکنا اور پھر اس کا متکوک نگاہوں سے ہم دونوں کو اس حُلیہ سے دیکھنا کہ ایک گُلاب جامنوں کی چیکا چپکی دھو رہی ہے اور دوسری دُہلا رہی ہے۔ پھر شاہدہ کا پریشان ہونا اور میرا مارے ہنسی کے لوٹے کی دہار بجائے ساہد کے ہاتھ پر ڈالنے کے اس کے گلے میں چھوڑ دینا اور اسکا چیخنا اور مُجھے کوسنا۔ وہ سمجھ گئی اور گُلاب حامیں دیکھکر جو آئی تو مسکراتی ہوئی بولی۔

"کیا ساہد میاں سے .. اُدہر آپ جلدی میں آئی ہونگی"

میری طبیعت اسوقت شاہدہ کی مصیبت کیوجہ سے ضرورت سے زیادہ موزوں ہو رہی تہی چنانچہ میں نے ہنستے ہوئے اس سے کہا "اُن کا نام میاں ساہد ہے ؟ ہماری بہن ساہدہ بی کی ان سے ٹکّر ہو گئی"

"اِن کا نام ا" ملازمہ نے کہا۔

میں نے کہا۔ "ہاں!"

"اور ہمارے چھوٹے میاں کا بھی یہی نام ہے"۔ یہ کہکر اس مُلازمہ نے شاہدہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالکر خود دیکھا ہے تو بی شاہدہ کو دوسری طرف مُنہ کرکے رویٹہ نچوڑنا پڑا۔

میں نے شاہدہ کو اتنا حیران اور اتنا پریشان اور سہما ہوا اور مارے شرم کے عرق عرق شاید کبھی نہیں دیکھا جب اُسنے مجھ سے پوچھا "بیٹی تمہاری تو اللہ رکھے شادی ہوگئی ہے نا!" کہا تو اُسنے یہ مجھ سے اور شاہدہ نے شاید اسوجہ گھبراکر کہ اب میری باری آئے گی مجھے ڈانٹ بتائی کہ فضول باتیں کر رہی ہو سوٹ کیس جلدی نہیں منگواتیں۔ رات کی محفل کے لئے ہم دونوں کے جوڑے اسی سوٹ کیس میں تھے۔

مُلازمہ نے بی شاہدہ کو غسل خانہ کا راستہ بتایا اور میں نے جلدی سے مہمانوں میں پہونچکر سب سے پہلے یہ کام کیا کہ سوٹ کیس غسل خانہ میں بھجوایا تاکہ بی شاہدہ رات والا جوڑا قبل از وقت پہنکر اپنی جان بھیگی جارجیٹ سے بچائیں۔

رات کی محفل نہایت ہی بارونق اور انتہا سے زیادہ دلچسپ رہی کئی ہمعمروں سے خوب دل بہلا، پھر شادی کی گہما گہمی۔ مگر سب سے زیادہ قابلِ ذکر جو بات رہی وہ یہ کہ کئی بیویوں کی نظر بی شاہدہ پر بیطرح پڑ رہی تھی۔ وہ برابر کئی جوڑ آنکھوں کا مرکز بنی رہی۔ خصوصاً دولہن کی ماں جس نظرِ بد سے دیکھ رہی تھیں وہ قابلِ ذکر نہیں بلکہ قابلِ اعتراض تھی۔

ہمارے قصّہ سے متعلق خاص بات کوئی اور نہیں اور یہاں شادی کی تفصیل بیان کرنا بے سود ہے۔ بس یہی کہدینا کافی ہے کہ ایک چاند سی دُولہن کو ہم بیاہ لائے۔

بات "نجمی"

(۱)

حم والی نے گلاب حاس کا قصّہ بڑی دلچسپی سے سُنے کے بعد اپنے بیتی سنائی۔ کہنے لگیں "بہن حسروز تم دونوں شادی میں گئی ہو اُس کے تیسرے روز کا ذکر ہے کہ شام کا وقت تھا اور قطار در قطار کوّے اُڑے ہوئے چلے جا رہے تھے۔ نجمی نے ابا راؤ کی بیل نکالا اور کہنے لگے چلو کوّے ماریں۔ رینت اور میں اور نجمی تینوں باغ کے کنارہ احاطہ کی دیوار کے پاس آ گئے کوّے قطاریں باندھے غول کے غول اُڑے جا رہے تھے اور نجمی نے فیر پہ فیر کرنا شروع کئے۔ دو دفعہ کوّے بال بال بچے کہ آخر ایک کوّے کی دم پہ لگی اور اسکا صرف ایک پر کٹ کر گرا۔ گھومتا ہوا نیچے آیا۔ خوب ہنسی ہوئی اور میں نے بھی کہا کہ آپنے گھنٹہ بھر کی گولہ باری کے بعد مارا بھی کیا، محض کوّے کی دُم! اتنے میں چند پہلے ماس کھیتوں کی طرف سے چلے آ رہے تھے اور میں اور زینت جھٹ سے غوطہ مار کر کمر دیوار کی آڑ میں بیٹھ گئیں۔

"کیا واہیات ہے!" نجمی نے کہا۔ "تم لوگ پردہ کرنی ہو یا مداق گنوار اور دیہاتی میموں گذر گئے تو کھڑی اُچھلتی رہیں"

یہ کہکر ایک صاحب کو پکارے "اجی حضرت یہاں آئیگا۔ قبلہ یہاں آئیگا۔ حی ہاں

.. ...آپ . آیکو.. . ذرا تکلیف فرمائیگا"

"آپ کیوں بُلاتے ہیں؟" میں نے پوچھا۔

"کوّے کے بچے پوچھنے کے لئے" نجمی نے کہا "اب چُپی ہو تو ذرا اچھی طرح دبکی بیٹھی رہو"

ہم دونوں اور بھی دبک کر بیٹھ گئیں۔ اتنے میں وہ حضرت قریب آ گئے۔

کہنے لگے "فرمائیے"

نجمی بولے "اِدھر آئیے"

انکا ہاتھ پکڑ کر نجمی نے ایک جگہ دیوار ٹوٹی ہوئی تھی وہاں سے اُنکو اندر لیکر ہم دونوں کی طرف دِکھا کر کہا "آپ پردہ نشیں خاتونیں ہیں.. . . .."

"ارے!. . . لاحول ولا قوت" کہکر وہ مولانا اُدھر اُچک کر بھاگے اور بڑبڑاتے چلے گئے۔ نجمی نے پچکار کر کہا "اِدھر مت دیکھئے گا" فوراً اُنہوں نے مُڑ کر دیکھا اور ہم لوگوں کو دیکھتے ہی پھر ایک دم سے مُنہ موڑ لیا میرا اور زینت کا مارے ہنسی کے بُرا حال ہو گیا۔

(۲)

نجمی نے پھر کوؤں پر نشانہ بازی شروع کر دی تھی اور آخر کار ایک کوّا مار گرایا۔ یہ احاطہ سے باہر دُور جا کر گرا اور نجمی دیوار پھاند کر لپکے میں نے زینت سے کہا کہ چل مگر وہ کہنے لگی کہ میں احاطہ کے باہر نہیں جاتی لیکن میرے راستہ ہی میں تھا لہذا میں دیوار کُود کر لپکی۔

کوّے کے پر میں لگی تھی مگر اس کے دونوں پیر ثابت تھے اور وہ بھاگا۔ مغرب کا وقت ہو رہا تھا اور کھیتوں میں کوّے کے پیچھے نجمی اور نجمی کے پیچھے میں بھاگتی جا رہی تھی کہ آخر کو کوّے کو نجمی نے پکڑ لیا "مجھے دکھائیے۔ مجھے دکھائیے" یہ کہکر میں نے کوّے کو دیکھا بُری طرح ہانپ رہا تھا، چونچ پھٹی ہوئی تھی اور نجمی نے سیدھے ہاتھ سے اُسکی گردن معہ سر کے پکڑ رہی تھی اور اُلٹے ہاتھ سے دونوں

پیر۔ میں نے کہا "اسے پانی پلائیں گے جلدی لیجئیے۔" اتنے میں اُسنے چونچ ایسی بند کرلی اور بڑی حسرت سے آسمان کی طرف دیکھنے لگا مجھے بڑا ترس آیا میں نے انگلی اُسکی طرف بڑھائی تو نجمی نے کہا کہ "انگلی قریب مت لاؤ ورنہ کاٹ کھائے گا۔ کوّا بڑے زور سے کاٹتا ہے۔" میں ہنسنے لگی اور میں نے اور بھی اُنگلی اس کے قریب کرکے اسکی چونچ پر پھیری۔ وہ کچھ نہ بولا۔ میں چونچ پر اسکی اُنگلی پھیرتی رہی۔ نجمی نے بھی دیکھا کہ کوّا بے بس ہوکر بے حس ہوگیا تو اوسکے تسمے چھوڑ دیئے اور واپس چلے۔ میں نے نجمی کا ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ سے پکڑکر کوّے کو اپنے قریب کرکے اُس کے سر پر اُنگلی پھیرنا شروع کی۔ "بڑا سیدھا کوّا ہے۔" میں نے کہا "آپنے ناحق بیچارے کو مارا۔ دیکھیے .. . دیکھئے .. " یہ کہکر میں نے اپنی اُنگلی اس کی ماچھوں کے پاس چونچ کے اندر رکھدی اُس نے آہستہ سے اور بڑی رسایت سے دبائی اور پھر چھوڑ دی۔ اب مجھے بڑا ترس آیا اور میں نے کہا کہ "کوّے کو مجھے دیدیجئے۔" نجمی نے احتیاط سے کوّے کو میرے ہاتھ میں دیدیا۔ مجھے اور بھی ترس آیا اور میں نے کہا "سچ سچ . آپ نے ناحق اُسکو مارا بڑا سیدھا کوّا ہے"۔ یہ کہکر میں اُسکو چمکار رہی تھی جیسے کوئی بچہ کو چمکارتا ہے "بڑا سیدھا کوّا ہے۔" یہ کہکر جو میں نے مُنہ قریب کرکے اسکو چمکارا تو وہ کمبخت موذی کوّا خدا اُسکو غارت کرے . مر ہی گیا . بس تو کمبخت کو پیار کر رہی تھی اور اس نے اس زور سے میرے گال میں . . اس جگہ بوٹی بھر لی کہ میں ایک دم سے چیخ پڑی .

خدا کی پناہ .. ..وہ نامراد کوّا میرے گال سے لٹک رہا تھا اور پنجوں سے میری عینک پکڑکر جو ایک دم سے اوس نے میرے مُنہ پر پھڑپھڑائے ہیں تو دھڑام سے میں چیخ مار کر گری۔ میں دیوانہ وار گھبراکر مچھلی کی طرح تڑپ گئی مگر وہ کوّا ہے کہ نہیں چھوڑتا۔ نجمی نے گھبراکر دراز دشواری سے کوّے کی ٹانگیں پکڑیں مگر اوس نے تو میرے گال میں چونچ ایسی گاڑ رکھی تھی کہ میرا دم نکلا جاتا تھا۔ اب میری جان عجیب مصیبت میں تھی۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ جیسے دو چاقو گھسے ہوئے ہیں۔ نجمی

بھی گھبرا گئے اور انہوں نے گویا زبردستی اپنے بائیں ہاتھ سے میرا سر اپنے سینہ پر ٹکا کر داہنے ہاتھ سے کوئے کا سر پکڑ کر اوس کی چونچ میں انگلی ڈالکر یا جس طرح بن پڑا اُس کوّے کو ایسا دبایا کہ میری جان چھوٹی۔ ایک بیچی کوّے کو دیکر الگ پھینکا اور پھر پھر "

"یہ بات!" شاہدہ نے کہا اور دہم سے ایک گھونسا جم والی کی پیٹھ پر زور سے دیا اور بولی۔ "میں نہ کہتی تھی وہ ایک بدمعاش اور آوارہ آدمی ہے۔ ایسے کے سامنے بھلا مجھے پکڑ دھکڑ کرتی تھیں" کچھ سنجیدہ ہو کر شاہدہ نے کہا "ایسے لوگ بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ لوگوں کو دھوکا دیکر معصوم سے پھرتے ہیں۔"

جم والی بولیں "بہن میں نے تو جم کی باتوں پر بھروسہ کیا۔ میں کیا جانتی تھی۔ جھوٹا اول نمبر کا دغاباز ہے۔ مارے غصہ کے میرا بُرا حال ہو گیا۔ میں نے ایک جھٹکا دیا اور کہا "شرم نہیں آتی تمکو بدتمیز .. " میں تن بدن سے غصہ میں کانپ رہی تھی۔ ڈانٹ کر میں نے پھر کہا "کمینہ۔ ذلیل۔ شرم نہیں آتی تمکو "

یہ کہکر میں نے لحمی کو از سرتاپا دیکھا سورج غروب ہو گیا تھا سامنے فاصلہ پر ریت دیوار کے پاس کھڑی تھی کپکپاتی آواز سے لحمی نے کہا "معاف کرو مجھ سے غلطی ہوئی۔"

اب میں غصہ کے فوری اشتعال کی تیزی کم ہونے کی وجہ سے صدمہ کے مارے رونے لگی اور سیدھا گھر کا رُخ کیا۔ مگر لحمی ساتھ ہی ہو لئے "معاف کرو۔ خدا کے واسطے معاف کرو مجھ سے خطا ہوئی .. .. اتفاقاً ایسا ہوا خدا کے واسطے معاف کرو "

غرض معاف کرو کی رٹ لگاتے ہوئے وہ میرے آگے آ جاتے۔ کس طرح گڑگڑا گڑگڑا کر انہوں نے کہا مگر میں اپنی دُھن میں رومال میں منہ چھپائے خاموش تیزی سے چلی جا رہی تھی اس طرح گڑگڑا کر فقیروں کے لہجہ میں ایک شریف نوجوان کا اپنی خطا کا اقبال کرنا اور

بے دریغ سجدگی سے خوشامد کرنا میرے اوپر کچھ اثر کرنے لگا۔ جب دیکھا کہ میں قریب پہونچ گئی اور اپنے احاطہ میں قدم رکھنے ہی والی ہوں تو اس بندۂ خدا نے لپک کر میرا ہاتھ پکڑ لیا اور داہنے ہاتھ میں اپنے پستول لیکر کہا "تمہیں قسم کی قسم مجھے معاف کر دو ورنہ اپنے گولی مار دوں گا۔"

معاف کیا" میں نے گھبرا کر کہا۔ "معاف کیا۔ مجھے قسمیں مت دیجئے میں نے معاف کر دیا۔"

"اس کا ذکر۔۔ "

"میں کسی سے نہ کہونگی" میں نے کہا۔

(۳)

دو روز میں نہ گئی تو تیسرے روز زینت نے مجھے بلا بھیجا۔ میں پہونچی تو ایک انقلاب عظیم انجمی کا خوبصورت اور شاندار چہرہ بالکل سنجیدہ تھا۔ پیشتر کی نشاطی کو دیکھتے ہوئے وہاں ایک مردنی سی چھائی ہوئی تھی۔ ایک ناقابلِ بیاں سکوت! خاموشی۔ زینت نے کہا کہ "لحمی بھائی برسوں سے غیب اور رنجیدہ ہیں بھائی کیا بات ہے۔ کچھ تو بولئے" اس کے جواب میں لحمی نے کہا۔ "کچھ نہیں" اور پھر وہی خاموشی۔ ہر دل حوش کن تحریر کو رد کر دیا۔

علیحدہ لیجا کر زینت نے مجھ سے پوچھا "یہ کیا بات ہے؟ کیا کچھ کوسنے والے روز۔۔ "

میں نے کہا "ہاں" اور پوری کیفیت شروع سے آخیر تک کہہ سنائی۔ مجھ سے زینت نے کچھ وحشت زدہ ہو کر کہا "بہن تو اب مت آنا جانا یہ ہی لڑکی۔۔ دیا ہے اور پھر آج کل دراہم لوگوں کو آزادی ملی اور لوگوں نے بے پر کی اڑائی۔"

میں نے ہنس کر کہا "تم بھی کیسی باتیں کرتی ہو۔ اپنا دل سچا ہونا چاہئے اور بس مجھے کسی قسم کا ڈر نہیں ہے۔"

"کمبخت کہیں بھاگ مت جائیو اسکے ساتھ" شاہدہ بولی "نہیں تو ہم لوگوں کو پھر قید ہی

ہو جائے گی۔"

جم والی نے کہا "تو ہی بے سُری اور بے تُکی ہو رہی ہے۔ میرا کیا ہے میں بیاہی ہوئی ہوں اور مجھے ذرا بھر ڈر نہیں۔"

"سمجھی کیا ہے تو اُسکو" شاہدہ نے سر ہلا کر کہا "اُسکے ساتھ زیادہ آنکھ مچولی کھیلے گی تو وایس آنکر تیری چوٹی تو ویسے ہی نہیں ہے سر موڈ لیگا۔"

"کون؟" جم والی چیں بجبیں ہو کے بولیں "کون ہے ایسا؟ کون؟"

"ارے وہی تیرا" شاہدہ نے ایک آنکھ میچ کے کہا "وہی" "اور کون"

"معاف کیجئے گا" جم والی حقارت آمیز لہجہ میں بولیں "نہ میں ایسی اور نہ میرا میاں ایسا، اصل چیز محبت ہے اگر اُنکو میری محبت ہے اور مجھے اُنکی تو نہ تو میں بگڑ سکتی ہوں اور نہ وہ . . . . دُنیا کہتی۔ بکتی ہے . . . . پھر تھوڑی دیر بعد میں وہاں سے چلی آئی۔

اس کے بعد اب برسوں کا ذکر ہے۔ رات کو زینت کا مالی لالٹین لیکر آیا اور کہا آپ کو بلایا ہے۔ ایک رُقعہ تھا میں نے پڑھا خاتون بی کی طرف سے تھا کہ فوراً چلی آؤ میں نے بھائی جان سے پوچھا تو اُنہوں نے کہا چلی جاؤ اور پھر بہلا شاہدہ بہن کی سد عملاتیں اور میں نہ جاؤں یہ کیسے . . . . . .

اری چھوڑ۔ چھوڑ . . . " شاہدہ نے وہی جگہ پکڑلی جہاں جم والی کے کوا لپٹ گیا تھا اور دُکھ رہی تھی۔

"اری چھوڑ . . چھوڑ . . . چیں" . . . . جم والی چیں، بولیں تو شاہدہ نے چھوڑا۔

جم والی اپنا دُکھتا رخسار دبا کر رہ گئیں کیونکہ کوّے کمبخت نے بڑے زور سے کاٹا تھا ایسا کہ رحم ہو کر اب گھر نڈا آگیا تھا۔ جم والی نے پھر سلسلۂ گفتگو شروع کیا۔

"میں بھی سمجھی کہ خاتون بی اپنے مطلب کے لئے آئی ہوں گی۔ جب سے وہ تیرے میرے پاس

برابر دوڑ رہی ہیں جُمایچہ میں چلی گئی رات کو رینت اپنے کمرہ کی چھت پر بیٹھتی ہے میں سیدھی دُوہر چھت پر پہونچی تو کیا دیکھتی ہوں کہ نجمی بدحالا نکہ اُن کا کمرہ اس سرے پر رہا۔ میں کچھ رُکی کہ وہ اٹھ کھڑے ہوئے میں نے کہا "رینت کہاں ہیں؟" وہ بولے "آئی ہیں بیٹھئے" میں بیٹھ گئی تو بولے "آپکو میں نے بُلایا ہے"

"فرمایئے"

"یہ لیجئے" نجمی نے یہ کہکر ایک خط میرے ہاتھ میں دیدیا۔

"ہمیں کیا لکھا تھا؟" ساجدہ نے پوچھا۔

جم والی بولیں" وہ وہیں رہ گیا۔ اسمیں تمام خرافات لکھی تھی۔ مطلب یہ تھا کہ میں جم کو چھوڑ کر اِن سے شادی کرنے پر آمادہ ہو جاؤں" میں نے خط کو پڑھا۔ اِدھر اُدھر دیکھا تو نجمی بولے "آپ بیکار اِدھر اُدھر دیکھتی ہیں۔ گھر پر آج کوئی نہیں ہے سوائے میرے اور آپ کو اس خط کا جواب ابھی ابھی دینا پڑے گا"

میں کچھ پریشان سی ہو گئی کیونکہ نجمی کے چہرہ پر کچھ وحشت سی تھی۔ لیکن میں نے سنبھل کر کہا "نجمی صاحب آپ کیا بچوں کی سی باتیں کرتے ہیں۔ اول تو میں جم کو چاہے جان جائے یا رہے۔ ہرگز ہرگز نہ چھوڑوں گی اور پھر آپ ذرا غور تو کیجئے کہ میری تو شادی انکے ساتھ ہو چکی ہے ایک بیاہی ہوئی لڑکی سے آپکی یہ درخواست!.. ہاں اگر میری شادی نہ ہو گئی ہوتی تو آپ اگر اس قسم کی بات کرتے تو بیجا نہ تھا"

نجمی نے کہا "آپ کو معلوم ہے کہ آپ کا نکاح آپ کے والد کے انتقال کے بعد آپ کے بھائی نے کیا ہے"

"جی ہاں مجھے معلوم ہے"

"جب آپ نابالغ نہیں"

"جی"

"تو اب آپ اسکو فسخ کر سکتی ہیں"

"مگر میں تو نہیں کرنا چاہتی" مگڑ کر میں نے کہا۔

"آپ کو کرنا پڑے گا" کھڑے ہو کر لحمی نے کہا۔

"ہرگز نہیں" کپکپاتے ہوئے میں نے کہا۔

"قطعی" لحمی نے ریوالور نکالکر کہا۔

"مجھے مار ڈالو۔ " میں نے جھکر کہا۔

ایک جھٹکے کے ساتھ چیتے کی طرح وہ ظالم میرے اوپر جھپٹ پڑا۔ اُسکا خوفناک پنجہ میری گردن میں تھا اور قبل اس کے کہ میرے مُنہ سے چیخ نکلے میرا گلا اس نے چارپائی پر ڈالکر گھوٹ دیا۔ گردن دبا کر اس نے کہا "بولو؟" جانکنی کی تکلیف اٹھاتے ہوئے میں نے زور سے "نہیں" کہنے کی کوشش کی اور سر ہلایا کہ ایک دم سے میری آنکھوں تلے اندھیرا آگیا اور پھر مجھے خبر نہیں کیا ہوا۔

"لے ہے!" شاہدہ نے اور میں نے پھُریری لیکر کہا۔ ہم دونوں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں "ڈاکو ہے کمبخت۔ پھر نوکر کیسے آئی اور وہ مودی کہاں گیا؟"

حم والی نے خود پھُریری لیکر کہا "بہن کیا بتاؤں میرے اوپر کیا گذری۔ میری آنکھ کھُلی تو سناٹا تھا۔ میں نیچے آئی۔ کوئی نہ تھا صرف مالی بیٹھا چلم پی رہا تھا۔ معلوم ہوا ریت اور رحمی شہر گئی ہیں۔ میں نے یہ بھی نہ پوچھا کہ لحمی کہاں ہیں۔ مالی کو جھٹ ساتھ لے گھر پہونچی۔ دوسرے روز معلوم ہوا کہ ریت اور رحمی دونوں لکھنو گئی ہیں۔ خاتون بھی کہیں نہیں گئی تھی اور مجھے اُس ڈاکو نے دھوکا دیا تھا"

"اور وہ ڈاکو کہاں گیا؟" شاہدہ نے پوچھا

"معلوم نہیں کہاں گیا؟" جم والی بولیں۔ "اور لطف یہ کہ پرسوں جو جم کا خط آیا تو نجمی کی تعریفوں سے بھرا پڑا تھا۔ اب میں نے سب حال لکھ دیا ہے۔"

یہ عجیب و غریب قصہ جم والی نے سنایا کہ میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ یہ ہیں وہ تعلیم یافتہ مہذب ڈاکو جنکو ایسی نئی تہذیب پر ناز ہے میں نے دل میں کہا۔ مجھے یہ آزادی اور اعتماد ایک خطرناک مگر خوبصورت بلا معلوم دی۔ کس طرح لوگ دوستی اور معصومیت کے پردے میں درندگی اور وحشیانہ مظالم کرتے ہیں۔ خدا کی پناہ ان گندم نما جو فروشوں سے۔ خدا کا شکر اور لاکھ لاکھ شکر کہ میں اس طوفان میں پہونچی تو بعد شادی پہونچی۔ بیچاری جم والی چپ ہو کر رہ گئی اور اس نے اپنی نئی تہذیب کے دلدادہ بھائی سے بھی تذکرہ نہ کیا۔ یہ بھی اچھا ہوا ورنہ معلوم کیا سے کیا خبریں اڑتیں۔ عورتوں کی آزادی واقعی بہترین چیز ہے۔ مگر کس حد تک؟ یہ سوال وقت خود حل کر لیگا مگر قبل اسکے کوئی معیار مقرر ہو واقعات رونما ہونگے۔ اعتماد اور بھروسہ کا محل کس بنیاد پر قایم ہو؟ ایک آدھ دیوار کھسک کر ضرور بیٹھ جائیگی تب پتہ چلے گا کہ ہماری سوسائٹی کی بنیاد کہاں کھوکلی تھی دراصل ہماری سوشل اصلاح کے معمار کو نہ صرف محتاط ہونا چاہئے بلکہ اپنے فن میں ہوشیار بھی ہونا لازمی ہے جو لوگ اسکو صرف اور محض احتیاط کا سبق دیتے ہیں وہ شاید وقت ضائع کر رہے ہیں کیونکہ محض احتیاط کا مطلب ہے کام روک دینا۔ بمصداق ع زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ ساز کام لازمی کرنا ہے۔

آلو کا بھرتہ

(از)

شاہدہ کے ماموں کی شادی سے واپس ہوئے تھوڑے ہی دن ہوئے تھے کہ بی حاتون مجھ سے ملنے آئیں۔

دوپہر کا وقت تھا اور میں کھانا کھا کر پڑے بیٹھی ہی تھی کہ بی حاتون آپہونچیں۔ اپنی حسب معمول سادگی کے ساتھ آج نہایت ہی پاکیزہ لباس پہنے ہیں اور جامہ زیبی کا یہ حال تھا کہ میری نظروں میں کھب کے رہ گئیں۔ انکی بڑی آنکھیں بشاش اور روشن چہرہ پر کسقدر خوبصورت معلوم ہو رہی تھیں۔

مسکراتی ہوئی اُتریں۔ میں نے لاکر کمرہ میں بٹھایا اور انکی طرف دیکھا۔ وہ مسکرا رہی تھیں میں نے غور سے انکو دیکھا کس نفاست سے بال بنائے ہوئے تھیں۔ نوک پلک سے اس طرح درست ہیں کہ میں نے کبھی انہیں اس طرح نہیں دیکھا تھا۔ مجھ سے رہا گیا اور میں نے ہنسکر کہا۔

"بی حاتون آج تو۔ خدا نظر بد سے بچائے ۔ دل میں گھسی جا رہی ہو"

بی حاتون اس توجہ سے خوش ہو کر مجھ سے محبت سے لپٹ گئیں۔ "میری بہن" انہوں نے کپکپاتی ہوئی آواز سے کہا اور مجھے چھوڑتے ہوئے ایک گہرا اور بامعنی سانس لیا وہ پھر اُسی طرح پھول سی ہوئی تھیں۔ بجد! مجھے انتہا خوشی۔ میں نے پھر اُن کی خوشی سے متاثر ہو کر کہا۔ "بہن میری طبیعت تمہیں اسطرح خوش دیکھکر باغ باغ ہو رہی ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ تم خوش ہو۔ کیا کوئی اور بات ہوئی؟"

خاتون کا چہرہ ایک دم سے جیسے مارے خوشی کے بھڑک اوٹھا۔ اونکی خوبصورت آنکھوں سے خوشی کے جیسے ستارے اُڑنے لگے۔ طبیعت میں جیسے ایک دم سے اس تذکرہ سے ہیجان سا پیدا ہوگیا اور چہرہ پر مسرت کی بجلیاں کڑکنے لگیں۔ کس اطمینانِ قلب کا اُنکے رویہ سے اظہار ہو رہا تھا اور اپنے دلچسپ اور عجیب و غریب قصّہ کی کس طرح اُنہوں نے مجسم تمہید ہوکر مجھ سے کہا ہے۔

"خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میری مصیبتوں کا اُس نے خاتمہ کیا۔ سب رنڈیاں اور شُہدے آخر کو میں نے مار بھگائے؟"

"کیسے آخر؟" میں نے کچھ رُکتے ہوئے کہا کہ شاید حالِ دل بتانا پسند نہ کریں۔ کیونکہ کچھ بھی ہو مجھ سے اُن سے کافی تکلّف تھا۔ نہ تو میں اُنکی خدمت میں گستاخ تھی۔ اور نہ آزاد۔

"تمہیں میرا پورا قصّہ نہیں معلوم ہے" بی خاتون بولیں "دراصل بہت کم لوگوں کو معلوم ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ میری اور میرے میاں کی طبیعت میں کچھ مُناسبت ہی نہیں۔ کس عیش و آرام سے میں گھر میں رہی میاں سے باہر اور پھر قسمت تو دیکھو کہ جیسے ہندوستان میں ہوتا ہے مجھے ایک عیاش اور ضرورت سے زیادہ اوباش کے سر تھوپ دیا اور پھر لُطف یہ کہ سب کچھ جانتے ہوئے۔ یہ تو میں تمہیں بتا ہی چکی ہوں کہ کس طرح مہینہ دو مہینہ کی ہمامداری کے بعد ہی ذات کا رمانہ آگیا۔ بڑے مکان سے مِلا ہوا چھوٹا مکان ہے جس میں اکیلے پڑے رہنا اور گھُل گھُلکر مرنا میری قسمت میں لکھا معلوم ہوتا تھا۔ میاں کو گھر میں آنے کی قسم تھی۔ دن رات باہر ہی رہتے تھے اُن کے مُلازم علیحدہ تھے اور اب بھی ہیں۔ سوائے کھانے کے دراصل سب الگ۔ پچاس روپیہ باپ سے ملتا ہے لیکن والدہ صاحبہ کا یہ حال ہے کہ پانچ پانچ ہزار کی ڈگریاں چُھکے سے چُھکاتی تھیں اور دو دو سو روپیہ ماہوار رنڈیاں لیجاتی تھیں میاں کا یہ حال کہ گھر میں کبھی آتے بھی تو تیری سے نکلے چلے گئے۔ ہوتے ہوتے یہ حال ہوا کہ ایک مرتبہ پورے سات مہینہ گذر گئے کہ صورت بھی دیکھنے میں

نہ آئی اور پھر مصیبت یہ مصیبت کے دروازہ سے چار قدم ہی پر بیٹھے رنڈیوں سے ہنسی مذاق ہوتا رہتا آن کا بندھا ہوا کھانا گھر میں سے آجاتا۔ اگر زیادہ مسطور ہوتا تو اپنے ملازم سے الگ پکوا لیتے۔ پان یا دوسری چیز کی ضرورت ہوتی تو ماں سے منگوا لیتے ورنہ پھر یا مداں بھی باہر ہی موجود تھا قصہ مختصر یہ کہ میں یہ سب باتیں تم سے کہہ ہی چکی ہوں کہ اکیلی گھر میں پڑی کڑیاں گنا کرتی۔ ڈھائی تین برس اس طرح نکل گئے اور میری زندگی کے لالے پڑ گئے مگر مجھ سے گھر نہ جانا تھی نہ گئی۔

سب سے زبردست غلطی لوگوں نے یہ کی تھی کہ اپنا روپیہ انہیں دیدیا۔ اور یہ واقعہ ہے کہ اُس دن سے اور بھی آنا میرے سامنے کم کر دیا بلکہ اُس کے بعد سے ایک بات اور کر لی اور وہ یہ کہ غصہ در صورت بنائے رہنے لگے یہ شاید اسوجہ سے کہ کہیں میری ہمت نہ پڑے کہ دل میں یہ خیال کروں کہ اتنا روپیہ دیکر کچھ انکی گردن جھکا لوں گی مگر بخدا میں ذرہ بھر کبھی نہ پچھتائی انہوں نے سب کا سب رنڈیوں کو کھلا پلا کر برابر کیا یہ تو گویا ابھی ابھی کی بات ہے۔ کوئی پرانی بات نہیں۔ روپیہ جو پاس آیا تو رنڈیوں کو لیکر خوب خوب سیریں کرنے لگے میں نے صرف اتنا سنا تھا کہ کسی رنڈی کو لیکر کہیں باہر گئے ہیں۔ کئی روز ہو چکے تھے اور مجھے خیال ہی نہ تھا۔ یہ جبکا ذکر ہے جب تمہاری شادی ہوئی ہے۔ اس سے کچھ ہی پہلے کا۔

ایک روز کا ذکر ہے کہ رات کے بارہ یا ایک بجے ہونگے میں غافل پڑی سو رہی تھی۔ کسی نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہیچا "ذرا اُٹھو تو!" میں چونک کر اُٹھ بیٹھی اور مارے خوشی کے میرا کلیجہ دھک دھک ہونے لگا گھبرا کر میں نے کہا "کہیئے"۔

"اماں جان کے یہاں سے کچھ کھانے کو ہو تو ذرا جا کر لادو" سر کھجا کر کہا "دو تین آدمیوں کے لئے لانا اور ایسے جانا کہ کسیکو معلوم نہ ہو"۔

کیا بتاؤں میری خوشی کا کوئی ٹھکانا ہی نہ تھا زہے قسمت کہ مجھ سے کوئی کام تو لیا۔ دبے پاؤں میں

بڑے گھر میں گئی اور جاکر باورچی خانہ اور نعمت خانہ سب ٹٹول مارا سوائے ایک سوکھی روٹی کے کچھ نہ تھا۔ اسی طرح چپکے سے لوٹ کر آئی اور احوال سنایا۔ میں بھیگی بلی کی طرح ڈر کے مارے چپ کھڑی ہوئی تھی کہ اتنے میں بولے "پھر کیا ہو باہر بھی کوئی نہیں ہے۔"

میں نے کہا "ابھی یک جائیگا۔"

"مگر میں نہیں چاہتا کہ گھر کی ملازمہ سے کام لوں وہ اٹھ کر بڑبڑائے گی۔"

میں نے کہا "جی نہیں میں خود پکا دوں گی کسی کو خبر بھی نہ ہوگی۔"

"بڑی دیر لگے گی۔" انہوں نے کہا

میں نے جھٹ سے کہا "ابھی ابھی پکا دوں گی۔ آلو رکھے ہوئے ہیں۔ اور دو انڈے رکھے ہوئے ہیں آلو کی ترکاری اور انڈے کا حاگیہ بنا کر روٹی ڈال دوں گی"

کچھ سوچنے لگے اور میں دل ہی دل میں کہہ رہی تھی کہ یا اللہ کسی طرح اس بات پر راضی ہو جائیں آخر کو بولے کہ "ذرا اچھی طرح پکانا۔"

"بہت اچھی طرح پکاؤں گی اور ابھی لیجئے۔" یہ کہہ کر میں سیدھی باورچی خانہ میں پہنچی۔ جلدی سے لکڑیاں جمع کر کے چولہے میں تیل ڈال کر چقمق زدن میں آگ جلائی اور آلو جلدی سے چھیل کے کتر کے بہت سی پیاز اور گھی میں خوب اچھی طرح بھونے دودھ بہت سا رکھا تھا اور میں نے بجائے پانی کے خوب بہت سا بالائی دار دودھ ڈال کر پکائے آٹا جلدی سے گوندھا اور وہ بھی دودھ میں اور خوب بہت سا گھی ڈالکر پراٹھے پکا ہی رہی تھی کہ میری چھوٹی سد اٹھ کر آگئی میں اسے دیکھ کر مسکرائی وہ متعجب ہو کر کہنے لگی "آپ یہ کیا کر رہی ہیں؟"

"تمہارے بھائی جان کے لئے پکا رہی ہوں۔" میں نے کہا۔

حمیدہ بولی "ارے آپ غضب کر رہی ہیں بھلا یہ کس کے لئے پکا رہی ہیں آپکو معلوم نہیں ہے۔"

میں نے مسکرا کر کہا "ہاں معلوم ہے تمہاری دوسری بہابی جان کے لئے پکا رہی ہوں جو باہر بیٹھی ہیں۔"

"خدا کی مار اُن کمبخت پر۔ میں آپ کو اُس چڑیل کے لئے نہیں پکانے دونگی۔" یہ کہکر اُسنے آٹا گھسیٹ لیا۔

"خدا کے لئے پکانے دو۔ آج میری قسمت جاگ اٹھی ہے جو مجھ سے اُنہوں نے اپنے ایک کام کو تو کہا مارے خوشی کے میری جو حالت ہے میں ہی جانتی ہوں۔" یہ کہہ کر میں نے اُس سے آٹا چھین لیا اور "نہیں ذرا تم بھی یکوا لیتیں۔ تو مجھ سے خوش ہو جاتے کہ جلدی پکا لائی۔"

اُس نے کہا "بہابی جان آپ کا کام ہوتا تو میں کر دیتی۔ اُس چڑیل کے لئے تو میں ہرگز نہ پکاؤنگی۔"

میں نے ٹھنڈا سانس لیکر کہا "نہیں بس خدا نہ ڈالے وہ تو پھر بھی انسان ہے۔ اگر وہ شیطان کے لئے بھی پکوائیں تو میں پکاؤں اگر وہ بھنگی اور کتوں کے لئے مجھ سے پکوائیں تو میں پکا دوں۔ رونا تو یہی ہے کہ مجھ سے کام ہی نہیں لیتے۔ نہیں اگر میرے اوپر رحم آئے تو میرا ہاتھ بٹا لو۔ شاید وہ اِس سے خوش ہو جائیں کہ میں جلدی سے پکا لائی۔"

میرے اس طرح کہنے پر اُسے رحم آگیا اور وہ کہنے لگی "میں تو کبھی نہ پکاتی۔ مگر لائیے آپ کی خاطر سے کر دوں۔"

میں نے خوش ہو کر کہا "نہیں اگر کرنا چاہتی ہو تو بس اِتنا کر دو کہ چولہے کے اُس طرف آنچ حالی نکل رہی ہے سوتیاں بھونی ہوئی ٹیں میں رکھی ہیں جھٹ سے قوامی سوتیاں پکا دو۔"

میری خوش قسمتی تھی کہ اُس کی سمجھ میں کچھ آگیا اور وہ تیزی سے کام کرنے لگی۔ میں نے جھٹ سے پراٹھے ختم کر کے دودھ کا چھیٹا دے کر الگ رکھے۔ آلو کی ترکاری اُتاری اور انڈوں کو دودھ اور بالائی میں ملا کر پھینٹا اور بہت سا گھی اور پیاز ڈال کر جلدی سے تل دیا۔ وہ کہنے لگی کہ "آپ ہر چیز میں دودھ ڈال رہی ہیں کہیں انڈوں میں بھی دودھ پڑتا ہے؟"

میں نے کہا "پڑتا تو نہ انڈوں میں ہے اور نہ ترکاری میں مگر میں نے تو آج تجربہ کیا ہے۔ مالائی دار دودھ کسی میں ڈالو صرور مزہ دے گا۔"

میں نے اُس سے کہا کہ "تم سویاں پکاؤ۔ میں ابھی کھانا دے کر آتی ہوں" قریبہ سے ایک سیپی میں مَیں نے سب کھانا لگایا اور چھوٹے گھر میں آئی۔ دروازہ پر کنڈی کھٹکھٹائی "بڑی جلدی پکالائیں" یہ کہہ کر اُنھوں نے دروازہ ہی پر سیپی میرے ہاتھ سے لے لی۔ میں دوڑی ہوئی باورچی خانہ میں آئی۔ کچھ تھوڑے سے آلو کے قتلے پتیلی میں اور ریڑے تھے۔ میں نے تیزی سے سل پر اُن کو پیس کر جیتم ردں میں بھرتہ تیار کیا۔ اَدرک اور پیاز اور پودینہ جلدی سے ملا کر داغ کیا۔ اور ایک رکابی میں لیکر دروازہ پر پھر پہنچی کان لگا کر سُنا تو وہ رنڈی کہہ رہی تھی "میں نے عمر بھر میں کبھی اتنی خوش ذائقہ آلو کی بھجیا نہیں کھائی" یہ آواز میرے لئے کس قدر باعثِ خوشی تھی۔ بس کوئی میرے دل سے پوچھے۔ مارے خوشی کے میرا دل چلتے چلتے معلوم ہوا کہ رُک سا گیا۔ کچھ اور باتیں ہوئیں جو میں نے نہیں سُنیں کہ میں نے پھر کُنڈی کھٹکھٹائی۔ کھانا چھوڑ کر دوڑے آئے میں نے رکابی ہاتھ میں دی تو کہا "کچھ اور ہے؟ آج تو تم نے کمال ہی کر دیا ہے!" یہ کہہ کر رکابی لے لی۔ میں وہیں کان لگائے کھڑی رہی۔ "یہ لیجئے بھرتہ بھی چکھئے!" اُنھوں نے رنڈی سے کہا۔

"آخر یہ کون پکار رہی ہے؟" رنڈی نے پُوچھا۔

"ایک نئی ماما آئی ہے!" وہ بولے۔

"مجھے ایک ماما کی خود بڑی ضرورت ہے۔ اگر آپ یہ ماما مجھے دیدیں تو بڑی عنایت ہو" رنڈی نے کہا۔

"تمہارے لئے تو جان بھی حاضر ہے!" اُنھوں نے رنڈی سے کہا "میں دیدو مگر بشرطیکہ

وہ جانے کو راضی ہوئی۔"

"راضی کیوں نہ ہوگی؟" رنڈی لولی۔

"میں تو جانتا ہوں راضی ہو جائے گی۔ میں دوگنی تنخواہ اسکو دونگا۔"

"بھرتہ بھی اس نے کمال کا پکایا ہے۔ آپ کے سر کی قسم میں نے عمر بھر نہ تو ایسا بھرتہ کھایا اور نہ ایسا انڈا کھایا اور نہ ایسی آلو کی ترکاری کھائی۔ اور نہ ایسے پراٹھے کھائے اور پھر طرہ یہ کہ چشم زدن میں سب چیزیں آگئیں۔"

غرض میری خوب خوب تعریفیں ہو رہی تھیں۔ اور میاں تعریفیں سُن سُنکر نہال ہوئے جاتے تھے۔ اور ادھر میں مارے خوشی کے بیدم ہوئی جا رہی تھی میں باتوں میں ایسی محو تھی کہ مجھے سویّوں کا خیال ہی نہ رہا کہ اتنے میں وہ رنڈی لولی "بس کوئی میٹھی چیز اور ہوتی تو لطف آجاتا۔"

"پہلے سے تم نے نہیں کہا۔ بھلا اس وقت کیا ہو سکتا ہے۔"

رنڈی نے کہا "میں نے تو یونہی کہا۔ واقعی بھلا اسقدر جلدی اور پھر اسوقت کیسے ممکن تھا" میں ایک دم سے باورچی خانہ میں دوڑی، وہاں حمیدہ نے سویّاں تیار کر کے ایک کاپی میں رکھی تھیں۔ خوش قسمتی سے میوہ کترا ہوا مل گیا تھا اُس نے وہ بھی ڈال دیا تھا۔ میں پلیٹ لے کر سیدھی دوڑی ہوئی ایسے مکان میں تیر کی طرح آئی۔ پڑے پڑے دن رات کی فکر میں گھُل گھُل کر بیمار سی ہو گئی تھی۔ حکیم صاحب نے سیب کا مُربّہ سونے کے ورق میں لپیٹ کر کھانے کو بتایا تھا یہاں کس کو فکر جسے کی تھی یوں کا لوہی رکھا تھا۔ میں نے جلدی سے ایک سیب کو باریک باریک کتر کے اس کو سویوں میں ملا دیا اور اُوپر سے سونے کا ورق اور اس کے گرد چاندی کے ورق لگا کر دروازہ پر پہنچی اور دروازہ کھٹکھٹایا اُوپہ کر کے

میاں اُٹھے اور آئے تو ذرا جھلا کر کہا کیا ہے" میں سہم سی گئی اور میں نے کہا "کچھ نہیں سویاں ہیں" ایک ہاتھ میں اُنہوں نے چمچے لئے اور دوسرے ہاتھ میں رکابی لی اور کہا بتاؤ کہ کس لہجہ میں اُنہوں نے خوش ہو کر اس سے کہا "بولو کیا دلواؤ گی اگر ہم تمہیں تمہاری مرضی کی اس وقت ایک چیز کھلائیں؟"

"تمہیں ہماری قسم" رنڈی نے کہا۔

وہ خوش ہو کر بولے "واللہ ابھی لو"

یہ کہہ کر اُنہوں نے رکابی رکھدی۔ کیونکہ فوراً ہی اس نے کہا "قسم کھا کر کہتی ہوں میں نے کبھی ایسی سویاں نہیں کھائیں"

وہ خوش ہو کر بولے "تمہیں بھی ہے بہ مُرتہ کا مرغفر ہے"

میں برابر اپنے پکانے کی تعریفیں سُنتی رہی اور وہاں یہ طے ہوا کہ اکثر اس مُلازمہ کے ہاتھ کی چیزیں پکا کریں گی اور خاص طور پر آلو کی بھجیا اور بھرتہ میں نے جیسے ہی آہٹ سُنی کہ کھانا کھا چکے ہیں ویسے ہی میں دروازہ سے ہٹ آئی۔ تھوڑی دیر بعد برتن لیکر آئے تو میں نے دبی زبان سے کہا۔ "آپ نے کیوں تکلیف کی صبح کو آجاتے" میں نے ہاتھ سے برتن لئے تو اُنہوں نے خوش ہو کر میری پیٹھ پر ہاتھ رکھ کے کہا "شاباش تم بڑی اچھی بیوی ہو" کیا بتاؤں کہ میرا کیا حال ہو گیا آہٹ سے میں نے برتن تخت پر رکھدیئے اور اُس ہاتھ کو پکڑ کر چومنے لگی میرا ایک دم سے دل بھر آیا اور اُن کے ہاتھ پر گرم گرم آنسو گرے۔ شاید وہ گھبرا سے گئے کہ ایک دم سے نرمی سے ہاتھ چھڑا لیا۔ اور یہ کہتے چلے گئے کہ "برتن اندر ابھی رکھ آنا" میں برتن لیکر گئی اور چولہا وغیرہ بجھا کر واپس چلی آئی۔

چارپائی پر لیٹی میں اس واقعہ پر غور کر رہی تھی۔ اور اس قدر خوش تھی کہ بیان ہی

نہیں کر سکتی۔ معلوم کتنی دیر تک سوچ سوچ کر دل خوش کیا کی۔ میں دل میں کہتی تھی کہ مجھ سے زیادہ اور کون خوش قسمت ہو سکتا ہے۔ جب سے بیاہ کر آئی آج مجھ سے ایک کام کو کہا اور خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ وہ ہو گیا۔ اور اچھی طرح اور سرخ روئی سے۔

اس روز جو تم ملی ہو اور شاہدہ نے مجھ سے کہا ہے کہ تمہاری آنکھوں میں پریاں کیسی ناچ رہی ہیں تو واقعی اس کا کہنا ٹھیک تھا۔ میں اس وجہ سے خوش تھی۔"

میں یہ قصہ سنکر دنگ رہ گئی اور میں نے کہا "بہن تم نے واقعی کمال کیا شاباش ہے تمہیں۔ تمہارا ہی کام تھا جو تم نے یہ سب کچھ کیا۔ مشکل ہے کسی دوسری سے ہونا۔"

"مشکل کچھ بھی نہیں ہے پڑتا ہے تو کرتے ہی ہیں سب۔ ابھی کیا ہے ابھی اور سنئے صبح کا قصہ سنئے۔

(۲)

صبح ہوئی اور میں منتظر تھی کہ شاید آئیں۔ مگر توبہ کیجئے دو تین روز نہ آئے خدا بھلا کرے اس رنڈی کا کہ اس نے پھر اسی بھرتہ کی فرمایش کر دی۔ میری قسمت جاگی اور ایک روز صبح آئے۔ میرا خوشی کے مارے برا حال ہو گیا۔ اور میں نے کھڑے ہو کر سلام کیا۔ مسکرا کر کہنے لگے "جیتی رہو" میں دل میں خوش خوش چپکی کھڑی رہی کہ بولے "وہ جو بھرتہ اس روز تم نے پکایا تھا۔"

میں نے دبی زبان سے کہا "آپ کہیں تو آج پھر پکا دوں۔ وہ تو جلدی میں پکا تھا آپ کو پسند آیا؟"

وہ بولے "ہاں بہت اچھا تھا۔ پرسوں پکوایا ہے مگر تھوڑا سا آج بھی پکا دینا۔ تاکہ اطمینان سے دیکھیں کہ کیسا پکتا ہے۔"

"بہت اچھا ابھی پکاتی ہوں" میں نے خوش ہو کر کہا۔
وہ بولے "بس میرے کھانے کے ساتھ بھجوا دیا"
بیویاں اپنی سوتوں کو زہر دیا کرتی ہیں اور کچھ نتیجہ نہیں نکلتا۔ میری قسمت ہی عجیب تھی مجھے ایسی ناحائر سوت کو عمدہ کھانے کھلانے میں مزا آتا تھا اور میری عقل نہ کام کرتی تھی کہ کیونکر سوت کو زہر دے کر طبیعت خوش ہو سکتی ہے اکچھ بھی ہو مجھے معلوم ہوا کہ ایک نایاب نسخہ میرے ہاتھ لگا ہے یعنی یہ کہ آلو کے بھرتہ میں دودھ اور بالائی ڈالا۔ آج میں نے اور ہی ترکیب کی۔ چھٹانک بھر بالائی اور چھٹانک بھر بادام اور پستہ ڈالے۔ اور خوشبو کے لئے تھوڑا ناریل پیسکر ملایا۔ اور ان سب چیزوں کو ملا کر خوب پیسا۔ اس کے بعد آدھ سیر گوشت کی یخنی تیار کر کے آلوؤں کو اس میں دودھ ڈال کر اُبالا اور سب پسی ہوئی چیزیں یعنی بالائی اور بادام وغیرہ میں ملا کر ایسا پیسا کہ یکجا کر لیا اس کے بعد بہت سے گھی میں پیاز سُرخ کر کے بھرتہ کے تمام مصالحہ کے ساتھ دھیمی آنچ پر بھون کر اُتار کر یودینہ وغیرہ ملا دیا۔ اب جو اُس کو میں نے چکھا تو خود میری عقل حیران ہو گئی کہ یا الٰہی یہ کیا معجونِ مرکّب بن گئی میں نے دل میں کہا کہ اُس روز بھرتہ پراٹھے کے ساتھ کھلایا تھا۔ اگر آج روٹی ہو گی تو شاید کچھ ذائقہ دب جائے۔ لہٰذا میں نے دودھ اور گھی اور بچی ہوئی یخنی سے آٹا گوندھ کر پراٹھے بھی پکا لئے۔ دوپہر کے کھانے کے ساتھ ساتھ یہ چیزیں بھی باہر گئیں۔
رنڈی نے جو کچھ تعریف کی وہ کی۔ خود میاں چکر میں آ گئے۔ اور نتیجہ یہ نکلا کہ کھانے کے بعد ہی آئے۔ چہرہ سے خوشی ظاہر تھی۔ اور معلوم ہوتا تھا کہ بیحد خوش ہیں۔ میں دیکھ کر باغ باغ ہو گئی۔ کھڑی ہو گئی تو میرے میلے جوتے پر نظر پڑی اور سب بھول کر ایک دم سے بولے "تم کیسا خراب جوتا پہنے ہوئے ہو" میں نے چپ ہو کر نظر نیچی کر لی۔ تو بولے "آج کا بھرتہ تو تم نے ایسا پکایا ہے کہ میں نے عمر

بھر نہیں کھایا۔ بھرتہ کیا تھا کہ نعمت تھی۔" بس برسوں بھی ایسا ہی ہوگا۔ مگر سیر بھر کا ہونا چاہئے۔"
میں نے دبی زباں سے کہا "امی جاں خفا ہو رہی تھیں کہ۔۔ ۔ ۔۔"
"ہاں تم اپنے ہاں پکانا وہاں مت پکانا۔" یہ کہہ کر پانچ روپیہ کا نوٹ نکال کر دیا اور کہنے لگے "یہ جو کچھ خرچ ہوا وہ بقیہ تمہارا انعام ہے۔" یہ انہوں نے مسکرا کر کہا۔
کیا بتاؤں میرا کیا حال تھا۔ رہے قسمت کہ مجھ سے مذاق تو کیا۔ مگر میں نے سوکھے منہ سے کہا "آپ کیوں کسی سے کوئی چیز ماہر یکواتے ہیں؟ میرا انعام تو یہ ہے کہ برسوں دعوت کیلئے کوئی اور چیز بھی مجھ سے یکوائیے۔"
"نہیں اور کچھ نہیں سب انتظام ہو گیا ہے۔ تم بھرتہ ہی یکا دینا" یہ کہہ کر اٹھ کر چلے گئے۔

میں نے دیکھا کہ یہ بھرتہ یکتا دیکھنے دوبارہ آچکے ہیں لہذا کہیں گڑبڑ کی بات انہیں نہ معلوم ہو جائے جو سب حقیقت کھل جائے۔ دراصل بھرتہ یکانے میں میرا ایسا ہنر نہ تھا جو بی تھی تو بادام پستوں اور بالائی وغیرہ کی۔ میں نے آج اور بھی محنت سے بھرتہ تیار کیا۔ اور آج چونکہ کیوڑہ اور زعفران کا چھینٹا جو اور دیدیا تو لطف ہی آگیا خوب خوب رنڈیوں اور تہدوں اور لچوں نے کھایا اور داد دی۔ کسی نے کہا کہ بادام پڑے ہیں۔ کسی نے کہا کہ کھویا پڑا ہوا ہے اور کسی نے کہا کہ آلو نہیں بلکہ گوشت ہے۔ دو تین صاحبوں نے کہا کہ ہم خود ایسا یکوا سکتے ہیں۔ قصہ مختصر ایک دن مقرر ہوا کہ کسی دوسرے دعویدار کے یہاں سے بھرتہ یک کر آئے میری خوش قسمتی سے اس بھرتہ کا خوب قصہ چھڑا۔ مجھ سے آکر یہ سب کیفیت سنائی۔ تو میں نے کہدیا کہ خدا کے فضل سے آپ کی لونڈی جیسا پکائے گی کسی سے نہ یکے گا۔ ایسا ہی ہوا کہ بھرتہ آیا اور سب نے کھایا اور سب نے یہ فیصلہ کیا کہ آپ کی بی باورچن سے اچھا کوئی نہیں یکا سکتا۔ مجھے خود چکھایا تو مجھ

یہ معلوم ہوا کہ بادام ڈالے گئے ہیں اور کہو یا ڈالا گیا ہے مگر گوشت کی یخنی کا ذائقہ اور بادیل کی خوشبو موجود نہ تھی۔ اور علاوہ اس کے معمولی مصالحوں کی طرف غیر توجہی برتی گئی تھی اور پھر طرّہ یہ کہ پراٹھے نہ تھے۔

قصّہ مختصر تین جگہ سے یک کر آیا اور سب کو تسکت ہوئی۔ ایک جگہ سے گوشت پسا ہوا ملایا گیا جو سب کو معلوم ہو گیا۔

جُوتہ میں وہی بہے ہوئے تھی اور نتیجہ اس خدمت کا یہ ملا کہ ایک روز شام کو دو تین جوڑی جُوتے بھجوائے کہ اس میں سے ایک پسند کر لو اب یہ دستور تھا کہ جس روز بھُرتہ پکتا تھا تو اندر آتے تھے یا کسی دوسری جگہ سے بھُرتہ آتا تھا تب آتے تھے۔ ورنہ نہیں آتے تھے۔ میری بدقسمتی سے بھُرتہ کا جبط بھی لوگوں کو ہفتہ بھر سے بند تھا اور وہ بالکل ہی نہ آئے تھے۔ میں پژمردہ ہو رہی تھی۔ اور میں نے یہ کہکر جُوتے واپس کروا دیئے کہ رہنے دیجئے میرے پاس ہیں۔ معلوم ملازمہ نے جا کر کیا کا کیا کہا کہ خود اندر آئے اور کہنے لگے "اِن جوتوں میں سے ایک پسند کر لو"۔

میں نے حسبِ معمول دبی زبان سے کہا "میرے پاس دو جوڑی جُوتے رکھے ہیں"

درا تیزی سے بولے "ہائیں! تو پھر پہنتی کیوں نہیں ہو؟"

"میرا دل ہی نہیں چاہتا کہ کوئی اچھی چیز پہنوں" میں نے ڈرتے ڈرتے کہا۔

"مت پہنو جُوتے میں جاؤ بھاڑ میں پڑو" یہ کہہ کر غصہ میں اُٹھ کر چل دیئے۔

ایک لمحہ بھر تو میں سکتہ کے عالم میں کھڑی رہی۔ ایک دم سے مجھے رونا آ گیا۔ نہ معلوم دل میں کیا سمائی کہ میں دوڑی وہ دروازہ کے پاس ہی تھے کہ میں نے پاؤں پکڑ کر روتے ہوئے کہا "حماقت ہو گئی۔ میں ابھی پہنے لیتی ہوں"

شاید دل پسیج گیا۔ میں نے روتے ہوئے اوپر منہ کر کے دیکھا تو مسکرا کر کہا "اچھا جاؤ۔ جاؤ۔ یہیں لو" میں واپس آئی اور دیر تک رویا کی۔ میں نے اُن جوتوں میں سے ایک رکھ لیا اور دو باقی واپس کر دیئے۔

(۳)

بھرتہ کا قصہ بالکل ہی سرد پڑ گیا تھا۔ اکثر کیا بلکہ رات کو ہمیشہ گھر سے غائب ہی رہتے تھے۔ لیکن کسی روز ایسا بھی ہوتا تھا کہ میری قسمت جاگتی تھی جو وہ رنڈی گھر پر رہتی تھی اور اس روز مجھ سے بھرتہ کی فرمائش ہوتی تھی۔ اب میری عادت سی ہو گئی تھی کہ جس روز وہ آتی ضرور دروازہ پر کان لگا کر باتیں سنتی۔

ایک روز وہ آئی اور میں نے اُس کے لئے علاوہ بھرتہ کے دو تین چیزیں خود اپنی مرضی سے پکائیں اور سب چیزوں میں اپنے خاص نسخہ اور ترکیب سے کام لیا تھیں تو بہت تھوڑی تھوڑی۔ مگر بیحد خوش ذائقہ تھیں۔

میں نے دروازہ پر کان لگائے تو کھانا کھاتے ہی میں مجھے باتوں سے معلوم ہوا کہ وہ اس روز سے تقاضا کر رہی ہے کہ پکانے والی کو مجھے دیدو۔ چنانچہ۔ اس نے کہا کہ "یہ بھی کوئی بات ہے کہ آج کل کر رہے ہو۔ آخر اس نوکرانی کو مجھے دے کیوں نہیں دیتے" یہ کہہ کر اس نے دیر تک نہ معلوم کیا کیا باتیں کیں اور بڑبڑایا کی اور نہ معلوم کیا کیا جواب ملے۔ لیکن آخر کو اُس نے وعدہ لے ہی لیا کہ کل ضرور اسکو یہ بھرتہ پکانے والی مل جائے گی۔ میں نے دل میں کہا یا الٰہی کیا سچ مچ اس رنڈی کو دیدیں گے؟ اگر واقعی خوش ہو جائیں تو مجھ کو یہ بھی منظور ہے۔ اتنے میں کھانا ختم ہوا اور میں کھٹ پٹ سُن کر چلی آئی کوئی آدھ گھنٹہ بعد پھر گئی تو وہاں پھر وہی ذکر تھا کہ بھرتہ پکانے والی کو کل ضرور ضرور لاؤ۔ وہ یہ کہہ کر اُٹھے کہ "میں ابھی دریافت کر کے بتاتا ہوں کہ کل اُسے بھیجو اسکو نگا یا پرسوں" میں

یہ سُنکر گھبرا گئی۔ مگر دوڑ کر ایسی چارپائی پر برآمدہ میں بیٹھ گئی۔ گھر میں کوئی نہ تھا میں نے دیکھا کہ وہ سیدھے میرے پاس آئے میں کھڑی ہوگئی مجھ سے بیٹھنے کو کہا اور خود دوسری چارپائی پر بیٹھ گئے۔ کچھ دیر چُپ رہے میں اسی طرح مودبانہ طریقہ سے کھڑی تھی کہ پھر مجھ سے کہا "بیٹھ جاؤ" میں بیٹھ گئی لیکن میرا دل دھڑک رہا تھا کہ دیکھئے کیا کہتے ہیں۔ کچھ سکون کے بعد کہا "میں تم سے ایک بات کہتا ہوں"۔ میں چُپ اسی طرح کھڑی رہی کہ وہ بولے "میں کل ایک نوکرانی بُلاؤں گا اُسے تم کھانا پکانا سکھا دینا"

"میں خود پکانے کو حاضر ہوں" میں نے ڈرتے ڈرتے کہا۔

"نہیں" کچھ جھلّا کر کہا "تم سے جو کہتا ہوں وہ کر دینا"

"بہت اچھا" میں نے کہا "اس کے پُوچھنے کی ضرورت ہی کیا تھی" یہ کہہ کر میں ذرا قریب بڑھی اور وہ کھڑے ہوگئے۔ میں نے ہمت کر کے ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے کندھے پر رکھ لیا اور کمر میں دونوں ہاتھ ڈالکر بغل میں منہ دیکر رونے لگی محض چند ہی لمحہ گوارا کیا کہ اپنے کو یہ کہکر چھڑا لیا "خوب اچھی طرح سکھا دینا" میں آنسو پونچھتی کھڑی ہوگئی اور وہ چلے گئے مگر یہ خوشی تھی خدا کی شان ہے کہ کہاں تو صورت دیکھ کر ہی چڑ جاتے تھے۔ اور اب مجھ کو اتنی گستاخی کی اجازت اور کچھ نہ کہا میں دل میں سوچا کی کہ اب کی مرتبہ کچھ دل کی بات بھی کہونگی۔

(۴)

مجھ سے سب ہی نے کہا کہ تو بھرتہ کی ترکیب نوکرانی کو مت سکھا۔ مگر میں نہ مانی بار بار غور کیا اور سوچا اور تیار بھی ہوگئی کہ نہ بتاؤنگی۔ مگر پھر یہی خیال آیا کہ انہوں نے تاکید سے کہا ہے اسے سکھانا کہ کوئی شکایت نہ ہو میں نے آخر طے کر لیا کہ خواہ کچھ ہی ہو۔ میں تو اپنے میاں کو دھوکا نہ دونگی جو قسمت کا ہوگا وہ ویسے ہی سامنے آکے رہیگا میں نے خوب اچھی طرح اس نوکرانی کو ترکیب سکھا دی

لیکن یہ ضرور اس سے کہہ دیا کہ حتی الامکان تو اس کی ترکیب کسی کو نہ بتائیو۔ قصہ مختصر یہ ملازمہ سکھا پڑھا کر یہ کہہ کر بیبی کی گئی کہ یہی بھرتہ پکانے والی ہے۔

پہلے روز اس نے بھرتہ یوں بگاڑا کہ مادام چکھ کر نہ ڈالے اور کڑوا کر دیا۔ دوسرے روز جو اس نے پکایا وہ ذرا جل گیا کیونکہ دھیمی آنچ پر نہیں پکایا گیا۔ تیسرے روز جو اس سے مختلف سوال کئے گئے تو بھانڈا پھوٹ گیا کہ اصل پکانے والی کے بجائے دوسری عورت بھیج دی گئی ہے آئی گئی آفت میرے سر عجیب طرح آئی۔ رنڈیوں کے نخرے اور فرمائشیں بھی عجیب ہوتی ہیں۔ اور پھر اُن کے چونچلے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ محض اس بات پر وہ اتنی بگڑی کہ نہ معلوم یہ خفا ہو کر رات ہی کو چلے آئے یا اُس نے نکال دیا۔ قصہ مختصر رات کے بارہ بجے میرے اوپر آکر پھٹ پڑے۔ میں سو رہی تھی کہ مجھ کو جگایا اور ترش لہجہ میں کہا "کیوں جی ہم نے تم سے کیا کہا تھا؟"

میں کانپ رہی تھی اور میں نے ڈرتے ڈرتے پوچھا "کس بارہ میں؟"

"تم نے شاید اس عورت سے کہدیا جو اس نے وہاں جاکر کہدیا کہ میں تو بالکل نئی ہوں۔ اور مجھے ایک دوسری عورت نے بھرتہ پکانا سکھا کر بھیجا ہے۔"

وہ پلنگ پر بیٹھے تھے اور میں کھڑی تھی میں نے ایک دم سے بیٹھ کر پاؤں پکڑ لئے اور کہا "آپ کے قدموں کی قسم جو میں نے ذرہ بھر سکھایا ہو۔ خدا مجھے آپ کی خدمت نہ نصیب کرے جو میں نے ذرا بھی اس کو کسی طرح ورغلایا ہو۔"

دراد یر چپ رہے۔ پھر پلنگ پر میرے ہاتھ سے اپنے پیر چھڑا کر دونوں ہاتھ سر کے نیچے رکھ کے لیٹ گئے۔ میں اُسی طرح کھڑی تھی کچھ دیر سوچتے رہے پھر بولے "وہ عورت بالکل گدھی ہے میں نے اسکو کس کس طرح سمجھایا تھا اور پانچ روپے انعام دیا تھا۔ مگر پھر بھی اُس نے کہدیا۔"

میں از راہِ ہمدردی یہ سُنکر اس عورت کو بُرا بھلا کہہ کر کوسنے لگی کہ خدا کرے اسکو اس دغا بازی کا اجر ملے۔ پھر جیب پڑے رہے۔ برسات کا زمانہ تھا۔ سرد ہوا چل رہی تھی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شاید اُنہیں نیند آرہی تھی کیونکہ بڑی دیر سے بالکل اسی طرح آنکھیں بند کئے پڑے تھے۔ میں کھڑے کھڑے تھک گئی تو آہستہ سے پلنگ کی پائینتی آکر زمین پر بیٹھ گئی اور ہمت کر کے دھیرے دھیرے پاؤں دبانا شروع کئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جاگ رہے تھے کچھ کلبلائے پھر تو میں پائنتی پلنگ پر بیٹھ گئی۔ اور اچھی طرح پاؤں دابتی رہی حتیٰ کہ وہ سو گئے میرا دل ہی نہ چاہتا تھا کہ ہٹوں اور یہی جی چاہتا تھا کہ پاؤں نہ چھوڑوں خدا کی شان تھی کہ وہ اس کے روادار تھے۔ اور میرے لئے اس سے زائد خوش قسمتی کا بھلا اور کون موقعہ ہو سکتا تھا۔ قصہ مختصر میں نے اُسی طرح پاؤں دابتے رات کاٹ دی اور مجھکو ذرہ بھر تکان یا نیند نہ معلوم ہوئی بلکہ مجھے تو ایسا معلوم ہوا کہ جیسے وقت جلدی گذر گیا۔ صبح آنکھ جو کھلی تو کلبلا کر اُٹھ بیٹھے اور کہنے لگے "ارے تم سوئے نہیں گئیں" میں بھلا اس کا کیا جواب دیتی جوتہ وہ دوسری طرف دیکھنے لگے میں نے اُٹھا کر پائنتی سے پاؤں میں پہنا دیا میں نے آنکھ کے گوشہ سے صرف اتنا چُرا کر دیکھا کہ میرے چہرے کو بہت غور سے دیکھ رہے تھے۔ جوتہ پہن کر سیدھے باہر چلے گئے۔

(۵)

دو روز ہو گئے تھے اور جیب ستاٹے میں پڑے تھے میں بار بار حیرت منگاتی معلوم ہوتا کہ بیمار یائی پر مغموم پڑے ہوئے ہیں۔ کیا میں خوش تھی کہ رنڈی سے لڑائی ہو گئی؟ خدا بہتر جانتا ہے کہ میرا کیا حال ہو گیا۔ خوش میں ضرور تھی لیکن رنجیدہ بھی تھی۔ مجھے یہ خیال تھا کہ اُن کی خوشی کا سلسلہ گیا اور لہذا اب خود مجھے خوشی کی امید ہو چلی تھی وہ بھی منقطع ہو گئی اس رنڈی نے صاف کہلوا دیا تھا کہ اگر مجھ سے محبت ہے تو اصل بھرتہ بنانے والی نوکرانی کو دو اُنہوں نے کہدیا تھا کہ بوجوہ چند وہ نہیں مل سکتی۔ آخر کو رنڈی ہی ہاری اور ہار کر اس نے کہلوا بھیجا۔ کہ میں ایسی صد جھوڑ دو گی لیکن طبلہ روزانہ مجھے

بھرتہ پکوا کر بھجوا دیا کریں۔ میں دروازہ پر کھڑی سُن رہی تھی اور اس کا جو جواب اُنہوں نے دیا وہ ایک بیاہتا بیوی کو خوش کر دینے والا تھا۔ ایک دم سے ڈانٹ کر اُس کے نوکر سے کہا "نکل جاؤ یہاں سے اور کہدینا کہ اگر اُن کو ضد کرنا آتی ہے تو ہم بھی بڑے ضدی ہیں" بجائے نکل جانے کے اس کمبخت نے رنڈی کی ماں کی طرف سے پیغام دیا کہ اُنہوں نے کہا ہے کہ "آپ کے فراق میں لڑکی کا بُرا حال ہے۔ مگر کمبخت اپنی ضد نہیں چھوڑتی۔ آپ کے لئے روتی بھی ہے۔ مگر ضد بھی کرتی ہے اور بڑی مُشکل سے سمجھائے بجھائے سے اب اتنا راضی ہو گئی ہے کہ کہتی ہے کہ روزانہ بھرتہ پکوا کر بھیج دیا کریں"۔ مگر وہاں ایک "نہیں" سب کا جواب تھی۔ وہ آدمی آخر شش جھک مار کر چلا گیا۔

میں بڑی مُتفکر تھی کہ کہیں خدانخواستہ طبیعت خراب نہ ہو جائے۔ اور دوسرے روز جب میں نے دیکھا کہ وہ کمبخت اپنی ضد پر بدستور اَڑی ہوئی ہے تو آخر کو ہار کر میں نے جلدی جلدی بھرتہ تیار کیا اور چپکے سے اُن کے خاص مُلازم سے رنڈی کے گھر بھجوایا۔ گھر کے ملازم جتنے بھی ہیں وہ دل سے میرے ہمدرد ہیں اور وہ بیچارہ بغیر کہے لے دے آیا۔ یہاں اُن کو تو کچھ معلوم ہی نہ تھا۔ ویسے ہی اٹوائی کھٹوائی لئے ہوئے پڑے تھے اور وہاں اس کی جو ضد پوری ہوئی تو وہ خود رات کو چلی آئی۔ میں نے بہت کوشش کی مگر کوئی بات نہ سُنائی دی۔ دوسرے روز بھی میں نے بدستور چپکے سے بھرتہ بھیجدیا اور تیسرے روز بھی ایسا ہی کیا میری طبیعت خوش ہو گئی کہ وہ پھر ہنساس لتاش گھومنے لگے اور ایک مرتبہ مجھ سے مات بھی کی۔

چوتھے روز شاید وہاں ذکر ہوا ہوگا جو اُن کو معلوم ہو گیا کہ شکست دراصل انہیں ہوئی ہے اب تک وہ اسی بھول میں تھے کہ میری ضد پوری ہوئی ہے سیدھے میرے پاس آئے میں سمجھ گئی کہ کچھ دال میں کالا ہے میں نے مُلازمہ سے اشارہ کر دیا وہ دروازہ بند کرتی ہوئی بڑے مکان میں چلی گئی

اور مکان اکیلا ہو گیا آکر پلنگ پر بیٹھ گئے اور حسبِ عادت نہایت ترش روئی سے کہا "یہ تم تیس روز سے بھرتہ بیچ رہی ہو؟"

میں ڈر کے مارے کانپ رہی تھی اور اپنی خطا کا اقبال کرتے ہوئے کہا "جی"

"کیوں؟ آخر کیوں؟" نہایت ہی دبنگ آواز میں غصہ سے میری طرف دیکھ کر کہا کہ "آخر مجھ سے بغیر پوچھے یہ تم نے بیچا ہی کیوں؟"

"آخر کیوں؟ کیا سمجھ کے تم نے بیچا؟" زور دے کر مجھ کو ڈانٹا۔

"اس لئے" میں نے رکتے ہوئے کہا "اس لئے کہ کہیں آپ کی طبیعت بے حساب ہو جائے"

"تمہاری بلا سے" وہ جھنجھلا کر بولے۔

میں نے ایک دم سے زور سے کہا "خدا کے لئے خدا کے لئے مجھے معاف کیجئے میرا قصور معاف کیجئے" یہ کہتی ہوئی میں روتی ہوئی ان کے قدموں کی طرف جھکی اور پیر پکڑ کر سر رکھ دیا تھوڑی دیر تک کچھ نہ بولے۔ پھر میرا سر سیدھے ہاتھ سے اٹھا کر دیکھنے لگے۔ مسکرا کر کہا "بیوقوف ہیں تو" شاید ان الفاظ میں لوٹے محبت تھی کہ میں بیتاب ہو گئی اور ان کے گھٹنے پر سر رکھ کر اس طرح روئی کہ مجھے اسی حالت میں چھوڑ کر شاید گھبرا کر چلے گئے دراصل بات یہ تھی کہ اس نامراد رنڈی سے بے طرح ان کا دل ملا ہوا تھا کہ کسی طرح اس کو بھولتے ہی نہ تھے میں دراصل دل ہی دل میں اب خوش تھی کیونکہ حالات بڑی تیزی سے بدل رہے تھے اور مجھ کو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شاید میرے دن پھرنے والے ہیں۔

(۶)

ادھر بھرتہ کا جو رار کھلا تو پھر نا جاتی ہو گئی اور بھرتہ جانا بند ہو گیا تیں چار روز میں نے انتظار کیا میں نے ارادہ کیا کہ باہر دیوان خانے میں آج رات کو ضرور جاؤں گی چنانچہ میں نے خدمتگار

سے چپکے سے کہلوا دیا کہ آج تُو اجازت لیکر گھر چلا جا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

میں نے ڈرتے ڈرتے باہر قدم رکھا۔ کیونکہ اس سے قبل ایک مرتبہ ایسا کرنے پر میری وہ حسرلی حاجکی تھی کہ خدا کی پناہ۔ میں نے دیکھا کہ ادھر اُدھر کوئی نہیں ہے حقہ پی چکے تھے۔ اور ایک ہلکی سی ململ کی دُلائی اوڑھے ہوئے مسہری پر لیٹے ہوئے تھے۔ میں ایسے دبے پاؤں گئی کہ آہٹ تک نہ ہوئی قریب پہنچکر میں نے مجھر دانی کا کنارہ اُٹھایا تو چادر مُنہ سے ہٹا کر بولے "کون ہے؟" میں کھڑی کی کھڑی رہ گئی اور کچھ نہ بولی۔ کیونکہ اُنہوں نے دیکھ ہی لیا تھا پھر اسی طرح مُنہ ڈھک لیا میں ہمت کرکے پلنگ کی پائنتی بیٹھ گئی اور اپنا مشغلہ شروع کیا تھوڑی دیر بعد سرک کر میں اچھی طرح بیٹھ گئی اور پاؤں دباتی رہی۔ آخر کو ہمت کرکے میں نے کہا "میں کچھ کہنا۔۔ چاہتی ہوں"۔

"کیوں؟ کیا ہے؟" چادر کو مُنہ سے ہٹاتے ہوئے پوچھا مگر میں چپ رہی تو پھر کہا "آخر کچھ کہتی بھی ہو"۔

"آپ خفا تو نہ ہوگے"؟ میں نے آہستہ سے کہا۔

"آخر کیا ہے کچھ کہو تو"۔

"میرے اوپر رحم کیجئے" میں نے ہاتھ جوڑ کر کہا "آپ خوش ہوتے ہیں تو یہ سُنکر آپ خوش ہیں میں بھی خوش ہو جاتی ہوں۔ آپ کیوں اپنے دل کو رنج دیتے ہیں؟"

اس کا جواب اُنہوں نے دیا "ہٹ"۔

میں نے مزاح کی نرمی سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے کہا "مجھ بدقسمت کا کیا ہے۔ آپ خفا ہوئیں گے میں بھگت لوں گی۔ جو چاہے میرا حال کیجئے گا"۔

"تو اس سے مطلب یہ ہے کہ کل سے پھر ٹھرتہ بھیجو گی"؟ اُنہوں نے کہا۔

"جی ہاں" میں نے کہا "خواہ کچھ ہی ہو آپ کا رنج تو دور ہو گا"

اُنہوں نے نرمی سے کہا "ہمیں مت بھیجنا"

"پھر آپ رنج کریں گے" میں نے سادگی سے کہا۔

اس کا جواب پھر اُنہوں نے دیا "نہیں" اور کچھ ٹھیر کر کہا "جاؤ تم سو رہو" میں نے کچھ تامل کیا تو پھر یہی کہا کہ "جاؤ اندر جاؤ" اور پھر اس لہجہ میں کہا کہ مجھے ڈر لگنے لگا کہ کہیں تیر نہ ہو جائیں۔ میں بادلِ ناخواستہ اُٹھی اور اٹھتے اُٹھتے ایک کشش سے اُن کا ہاتھ پکڑ کر دونوں ہاتھوں سے ہتھیلی کو دابتی رہی اور چوم کر بے اختیار آنسوؤں سے تر کرتی رہی کہ اُنہوں نے پھر کہا "اب جاؤ" میں سیدھی چلی آئی اور دیر تک خوش گوار خیالات میں محو رہی پھر سو گئی

دوسرے روز صبح کو میرے اوپر خاص عنایت یہ ہوئی کہ باہر جو پاجامہ رہتا تھا وہ اندر میرے پاس بھجوا دیا گیا۔ قمیص میں ٹلی ٹانکے کو بھجوائے گئے۔ گو خود نہ آئے کیونکہ عادت ہی باہر رہنے کی پڑی ہوئی تھی لیکن مجھے معلوم ہوا کہ آج تو بالکل نقاہت ہیں۔

رات کے کوئی گیارہ بجے ہوں گے اور میں سو رہی تھی کہ دروازہ پر زور زور سے کسی کے ہاتھ مارنے کی آواز سنی میں چونک پڑی۔ اور مجھے تعجب ہوا کہ یہ دروازہ تو رات بھر کھلا رہتا ہے کس نے بند کیا۔ ایک دم سے میں اُٹھنے کو ہوئی کہ ملازمہ کو جگاؤں کہ برابر والے پلنگ پر سے آواز آئی "ہوں! رہنے دو" میں نے جلدی میں دیکھا بھی نہ تھا کہ کون بیٹھا ہوا ہے میں فوراً اُٹھ کھڑی ہوئی اور کہا کہ "آپ کھڑے پر نہ بیٹھیں" اس کے جواب میں اُنہوں نے خاموشی کا اشارہ کیا کہ فوراً ہی پھر دروازہ پر کسی نے ہاتھ مارا اور زنانی آواز میں پکارا "کھولو" یہ واقعہ تھا کہ وہ رنڈی آئی ہوئی تھی اور اب یہ خود خفا ہو کر اندر دروازہ بند کر کے آ بیٹھے تھے۔ میں ہو چکی کھڑی تھی اور سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیا کروں۔ اتنے میں پھر دروازہ پر زور زور سے

اُس نے ہاتھ مارا اور چلّائی تو میں نے دبی آواز سے کہا "خدا کے واسطے آپ چلے جائیے ورنہ . . . "
"چُپ رہو" انہوں نے مجھ سے ڈانٹ کر کہا اور سیدھے دروازہ پر جا کر زور سے کہا "نکل جا چڑیل تو میرے یہاں سے ورنہ پولیس میں دیدونگا" ساتھ ہی نوکر کو اندر ہی سے آواز دیکر کہا کہ اِسے جلدی نکالو نوکر نے تھوڑی دیر بعد آکر کہا کہ "وہ نہیں جاتیں اور یہیں سو رہی ہیں" "مرے دو حرام زادی کو" یہ کہہ کر چلے آئے۔

جب ذرا طبیعت سُکون پر آئی تو میں نے اصرار کر کے پلنگ پر لیٹا یا اور گرمی تھی لہذا پنکھا جھلنے لگی پانی مانگا تو اتفاق سے برف موجود تھی۔ میں نے شربتِ کیوڑہ کا گلاس سا کر پلایا اور اسی طرح پہر پنکھا جھلنے لگی۔ تھوڑی دیر میں طبیعت بالکل دُرست ہو گئی میری طرف ٹکٹکی باندھے دیکھ رہے تھے ایک دم سے ہاتھ اُٹھا کر پنکھا روکا اور مجھ سے بہت محبت سے کہا "یہاں بیٹھ جاؤ" میں پٹی پر بیٹھ گئی اور پنکھا جھلنے لگی۔ میرے ہاتھ سے پنکھا لے لیا اور ہاتھ میں ہاتھ پکڑ کر اُٹھ بیٹھے اور میری آنکھوں میں آنکھیں ڈالکر کہا "بیوی" میں اُسی طرح دیکھ رہی تھی مگر میری عجیب ہی حالت تھی کہ پھر کہا "بیوی میں نے جو کچھ بھی تمہارے اوپر ظلم کئے ہیں۔ معاف کر دو"

میرے اوپر ایک بجلی سی گری۔ ایک چیخ میرے مُنہ سے بے ساختہ نکلی اور میں بیہوش ہو کر گری۔
ہوش جو آیا تو دیکھا کہ وہی ظالم میاں جو کبھی خود مجھ سے پنکھا نہ جھلواتے تھے آج خود مجھے پنکھا جھل رہے ہیں میں نے کمزور ہاتھوں سے روکنا چاہا مگر میرے اوپر وہ رقّت طاری تھی کہ معلم ہوتا تھا کہ شاید مر جاؤں گی۔

(۸)

صبح ہونے سے پہلے ہی وہ نامُراد رنڈی سونے کی گھڑی اور کچھ روپے جیب سے نکالکر بھاگ گئی۔ اُس نے بعد میں لاکھ لاکھ کوشش کی مگر بیکار اُس سے ملنے تک کے روادار نہیں اب پندرہ میں روز

سے دُنیا میں اگر کوئی ہمدم اور جلیس ہے تو میں جب سے نہ تو اُنہوں نے اپنے پُرانے مدمعاش دوستوں سے ملاقات کی اور نہ کسی رنڈی سے۔

بہن خواہ کوئی مانے یا نہ مانے میرا تو عقیدہ ہے کہ ذرا سے بہانہ پر میاں نے جو اپنی داشتہ عورت کو چھوڑ دیا تو محض اس وجہ سے کہ چھوڑنے سے پہلے میں نے اُن کے دل میں گھر کر لیا اُن کے سامنے دو عورتیں تھیں جو بالکل مختلف تھیں اور اِس سے پیشتر اُن کے سامنے صرف ایک ہی فاحشہ عورت تھی میرے علم میں ایک دو نہیں بلکہ دس یا پانچ ایسی ہیں جنہوں نے صدی میاں کا بارا اور داشتہ عورتوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے ایسی عورتوں کو رہبر دیا نتیجہ خود ظاہر ہے۔ خواہ مخواہ شوہر کو اس عورت سے زیادہ اُلفت ہو جاتی ہے جو تمام بہا محبت کے پیچھے رہبر یا دوسری سختیوں کا شکار بنتی ہے۔ میاں دل میں سوچتا ہے کہ یہ میری محبت میں ہر طرح کی تکلیفیں اُٹھا رہی ہے۔ حتیٰ کہ رہبر تک اُسے دیا گیا ہے۔ لہذا یہی قابلِ پرستش ہے۔"

میں نے بی خاتون کا یہ عجیب و غریب قصّہ سُنا میں تصویر حیرت بنی ہوئی اُنکو ٹکٹکی باندھے دیکھ رہی تھی۔ صبر اور استقلال کا ایک مجسمہ میرے سامنے تھا جسکے سنگین ارادوں نے کس ہمت سے ایک طوفان کا مقابلہ کیا اور ہر شیطنت کو شکست۔ یہ وہ مقام ہے جہاں عورت احسن التقویم کی تفسیر ہے تو مرد اسفل السافلین مجسم! لیکن ساتھ ہی یہ ماننا پڑے گا کہ اس وحشیانہ سلوک کے لئے نہ تو عورت کی تخلیق ہوئی ہے اور نہ کسی مذہب نے عورت کو یہ درجہ دیا ہے مسلمانوں میں تو سوال اب یہ ہے کہ کیا اب سے ساڑھے تیرہ سو برس پہلے یہ سُلوک اور یہ واقعات ممکن تھے! نہ تو یہ واقعات اس زمانہ میں ممکن تھے اور نہ گوارا کئے جا سکتے تھے مگر اب البتہ یہ معاملہ ہے کہ ہر اُس شخص کی یہی مرضی ہے جس کے مُنہ پر ایک منت اور چار انگشت خدا کا نور موجود ہے کہ میں بھی

اسی طرح آلو کا بھرتہ کہا ؤں یہ وہ ذلت ہے جس کے برداشت کئے بغیر ہندوستانی لڑکیوں کی نہ تو زندگی بسر ہو سکتی ہے اور نہ وہ خوش رہ سکتی ہیں ع تفو بر تو اے چرخِ گردوں تفو۔ جس قوم میں عورت کا یہ درجہ ہو ظاہر ہے کہ اسکی اخلاقی حالت کیا ہوگی۔

میں نے بی خاتون سے کہا "بہن تمنے واقعی کمال کیا۔ مگر کیا ٹھیک ایسے آدمی کا؟" "کیا ٹھیک!" بی خاتون نے چیں بہ جبیں ہو کر کہا "بہن اب تو میرا پلّہ بھاری ہے۔ بس آنکھیں کھلنے کی دیر تھی۔ میں نے آنکھیں کھولدی ہیں۔ بازاری محبت ایک کھوٹی چیز ہے کب تک چلتی"

دیر تک تفصیل سے بی خاتون باتیں کیا کیں اور اپنی کتھا سنانے کے بعد بقول کسے "آمدم بر سرِ مطلب" یعنی شاہدہ کا تذکرہ انہوں نے چھیڑا۔ میں نے اُن سے صاف صاف کہدیا کہ بہن میں تمہارے اصول کے خلاف ہوں۔ شاہدہ کا مزاج اور تمہارا مزاج اور زمین آسمان کا فرق ہے تم تو بھٹکے ہوئے ہو آخر وہ رستہ کس کام کا کہ فریقین میں کشاکش ہو۔ شاہدہ یہ رستہ قطعی پسند نہیں کرتی اور نہ کوئی صورت ہے کہ وہ راضی ہو جائے۔ یہ بات اور ہے کہ اُس کے ساتھ زبردستی کیجائے" بی خاتون نے میری باتوں کو غور سے سنا۔ میری رائے سے اتفاق بھی کیا مگر اپنے مقصد کے فلسفہ کو کسی دوسری طرح سمجھانے کی کوشش کرتے ہوئے بتایا کہ انکی کوشش حق بجانب ہے اور یہ کہ شاہدہ کی مخالفت محض خیالی توہمات پر ہے جو بعد شادی فوراً ہی جاتی رہیگی۔ مجھ سے انہوں نے خواہش کی کہ اس معاملہ میں عملی امداد سے کام لوں لیکن میں نے صاف کہدیا کہ "بہن اس معاملہ میں کچھ نہیں کر سکتی کیونکہ بدقسمتی سے شاہدہ جب تک راضی نہیں میں بھی اس کی ہم خیال ہوں"

انہوں نے سنایا کہ پیغام دے بھی دیا گیا۔ وعدہ بھی ہو گیا۔ شاہدہ کے والد صاحب نے

وعدہ تو کیا ہے مگر نحیۃ جواب نہیں دیا ہے وہ بھی مل جائیگا۔ کچھ صلاح مشورہ کے بعد۔ اور اس دوران میں اُن کی مرضی تھی کہ ہر چہار طرف سے مخالفت کا امکان جاتا رہے۔

چلتے چلتے کہتی گئیں کہ شاہدہ کو سمجھانا بجھانا میں نے پھر زور دیکر کہدیا کہ "شاہدہ اگر راضی ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ شاہدہ کی ملنے والیاں شاہدہ سے پہلے مخالفت کریں گی اور جو اُن سے بن پڑے گا کریں گی۔"

ہنستی ہوئی بی خاتون آئی تھیں اور اسی طرح ہنستی ہوئی چلی گئیں۔

باب (۱۰)
فیروزہ

"فیروزہ!" مولانا کے مُنہ سے نکلا۔

"راہدہ"! میرے مُنہ سے نکلا۔

میرا ہاتھ خود بخود تصویر کی طرف بڑھ گیا۔ میں نے مولانا کی طرف دیکھا۔ اُنہوں نے میری طرف میں تصویر کی طرف دیکھنے لگی اور وہ رہین کی طرف۔

یہ کس کی تصویر تھی؟ میری پیاری سہیلی۔ میری تنہا رازدار اور غمگسار راہدہ یا فیروزہ اور مولانا کی اصلی منسوبہ کی تصویر تھی ہم دونوں میاں بیوی شرمندہ تھے کیونکہ میں نے مولانا کے سحدہ مگر خوبصورت چہرہ کو دیکھا . . ایک دم سے مجھے کچھ ناقابل بیان تکلیف سی ہوئی۔ کیونکہ وہ افسوس کر رہے تھے۔ ضرور افسوس کر رہے تھے۔ اور وہ بھی اسوجہ سے کہ اُنہوں نے خود ہی فیروزہ کے ساتھ بدعہدی تو نہیں مگر ہاں ایک قسم کی زیادتی ضرور کی تھی۔ نسوانی فطرت بھی عجیب ہے اور مجھے دیکھئے کہ مجھے یہ ہرگز مسطور نہ تھا کہ انکو اس امر کا افسوس ہو کہ خود انہوں نے "ایک طرح کی زیادتی" اس کے ساتھ کی۔ میں یہ چاہتی تھی کہ میں خود اسیر تاسّف کر لوں کہ لاعلمی میں مستیت ایزدی سے میں نے اوسکو ایک اچھے شوہر سے نے جانے بوجھے اور محض اتفاقاً محروم کر دیا۔ حالانکہ اگر دیکھا

جائے تو ان کا افسوس کرنا حق بجانب تھا اور میرا افسوس کرنا بیکار تھا۔ انکی تھوڑی بہت خطا تھی بھی کہ دیدہ و دانستہ اُنھوں نے ایسی اچھی لڑکی کو خواہ مخواہ میرے لئے ٹھکرا دیا مگر میری تو ذرّہ بھر خطا نہ تھی۔ مگر غور سے دیکھا جائے تو انکی بھی کوئی خطا نہ تھی کیونکہ اُن پر میری زندگی خراب و تباہ کرنے کا ایسا الزام آتا تھا جس کی ذمہ داری سولہ آنہ اُنہی پر عائد ہوتی تھی۔ پھر بھی مجھے یہ منظور نہ تھا کہ مولانا ذرّہ بھر بھی افسوس کریں۔

میری شادی کا تاریک ترین پہلو اگر تھا تو بس یہی تھا۔ میں نے پھر مولانا کے متین چہرہ کو غور سے دیکھا۔ مجھے زیادہ تکلیف ہوئی۔ مجھے بُرا معلوم ہوا اور میں نے افسردگی سے کہا۔

"تم خواہ مخواہ کیوں اس قسم کی باتیں کرتے ہو؟"

واہ رے تناضی کہ اسکا جواب بھی انہوں نے عجیب دیا ہے۔

"ہیں!" میرے مُنہ سے نکلا مگر وہ میرے ہاتھ سے تصویر جھپٹ کر جا چکے تھے، کیا میں اُن کی اِس حرکت سے خوش ہوئی؟ . . افسوس کہ مجھے اقبال ہے کہ میں خوش ہوئی۔ اب میں جو غور کرتی ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاید اس کے علاوہ دُنیا میں کوئی جواب نہ تھا جو مجھے مطمئن کر سکتا۔

خط پھاڑ کر مولانا بولے کہ۔ "اور تو کچھ نہیں مجھے صرف اتنا خیال آتا ہے کہ وہ آگرہ سے آکر مجھکے سے مجھے دیکھ گئی تھی۔ مجھے بعد میں معلوم ہوا۔"

پہلے بھی کہہ چکے تھے اور مجھے یہ بات معلوم ہی تھی۔ فیروزہ مجھے تین خط لکھ چکی تھی اور میں نے ایک کا بھی جواب نہ دیا تھا۔ اسکو یہ تک نہ معلوم تھا کہ میری شادی کے مہینہ بھر بعد ہی بلکہ اس سے شاید کچھ پہلے جو اُسکا خط میرے پاس آیا تھا، وہ میرے لئے صرف رت سے زیادہ تکلیف دہ تھا۔ اُس نے مجھے لکھا تھا کہ "بہن میری بھی تمہاری سی قسمت ہو گئی" پھر ایک دم سے

اپنے منگیتر کی شادی ہو جانے کا از راہِ تعجب لکھا تھا کہ "یا تو سُنا تھا اب تاریخ مقرر ہو گی اور یا پھر ایک دم سے سُنا کہ معلوم کہاں کسی لڑکی کو ریل میں دیکھکر اُس سے شادی بھی کر لی"! یہ خط میرے گھر کے پتہ پر گیا اور پھر وہاں سے یہاں آیا۔

میں بھلا اس کا کیا جواب دیتی! بلکہ یہ کہئے کہ کیسے دیتی۔ ایک دو نہیں بلکہ بلا مبالغہ درجنوں خط لکھنے کے کا عذر حراب کئے روز کا دستور ہی یہی ہو گیا کہ اوس کا دوسرا خط آیا پہلے خط کے کوئی پندرہ بیس روز بعد۔

اس خط میں پہلے خط کے جواب نہ ملنے کی شکایت تھی اور پھر اپنا حالِ دل تھا۔ دراصل وہاں کچھ کچھ شاہدہ کا سا مضمون پیش ہو گیا تھا واقعہ دراصل یوں ہوا کہ دو جگہ سے اُسکی شادی کا پیغام گیا۔ ایک تو مولانا کا اور ایک اور دوسری جگہ سے دونوں جگہیں اچھی تھیں بلکہ دوسری جگہ ہمارے یہاں سے بھی مالی حالت میں اچھی تھی۔ فیروزہ بی شہر میں اصلی معنی میں روشن خیال اور یہ نہ سمجھیں کہ کہیں بعد میں بھی روشنی "بلا" نہ ہو جائے آزاد تو ہیں ہی شوق چرایا کہ لاؤ منگیتر کو دیکھوں، چنانچہ دوڑیں بی دیکھے آگرہ تو تھا ہی۔ کسی ملنے والی کے ذریعہ سے تاک جھانک کر کے اپنا اطمینان کر کے چلی گئیں اس کے بعد اب ایک نئی صورتِ حال پیش ہوئی وہ یہ کہ ایک کو تو دیکھ کے پسند کر لیا مگر دوسرا دیکھنے ہی میں نہ آیا لہذا اُنہوں نے یہ طے کر لیا کہ بغیر دیکھے ہی اُسے ناپسند کر دیا جائے۔ چنانچہ اِن سے جب گھر والوں نے کسی ترکیب سے عندیہ لیا تو انہوں نے مولانا کے حق میں فیصلہ دیا اور دوسرے صاحب کو ناپسند کر دیا۔

دوسرے منگیتر یا امیدوار کا نام یوسف تھا اور قسمت تو دیکھئے کہ انکی بھی ایک خاتون کی طرح بہن تھیں۔ چنانچہ وہ ہاتھ دھو کر فیروزہ کے پیچھے پڑ گئیں۔ مگر وہ غلطی پر تھیں کیونکہ فیروزہ کے یہاں ضرورت سے زیادہ آزادی تھی اور ایسے معاملات کی وہ اس درجہ تک مختار تھی کہ والدین

اس کی خلاف مرضی کرنے کا خیال بھی دل میں نہ لا سکتے تھے۔

مگر کوشش کرنے والے یہ باتیں نہوڑی دیکھا کرتے ہیں چنانچہ ہم اور بھائی دونوں نے کوشش کرنا شروع کی وہ اس طرح کہ فیروزہ کے عزیزوں۔ رشتہ داروں کے ذریعہ سے سفارشیں ہم پہونچائیں۔ ہر ملنے والے اور ملنے والی کو درمیان میں ڈالا اور انتہک کوششیں کیں۔ ظاہر ہے کہ حرکتیں ایک لڑکی کو کہانتک پسند ہو سکتی ہیں خود بخود فیروزہ "لڑکیوں کے سر پہ ایک نیا فرض تھوپ دیا گیا ہے اور ئی ڈیوٹی لگا دی گئی ہے۔ کہ ہر دم وہ مسلسل کوششیں اس بات کی کرتی رہیں کہ انکی شادی اس لڑکے کے ساتھ نہ طے ہو کر پختہ ہو جائے جس کے ساتھ وہ شادی کرنے پر رضامند نہیں" چنانچہ پھر اس سلسلہ میں فیروزہ نے سخت سخت خط یوسف صاحب کی بہن کو لکھے۔ حد کر دی کہ ان کو اور ان کے بھائی کو کمینہ تک لکھ مارا جب اس حد تک طرفین میں منافرت بڑھ گئی تب جا کر فیروزہ کی جان چھوٹی اور یکسوئی حاصل ہوئی اور جب اُس طرف سے کوئی خدشہ نہ رہا اور شادی مولانا کے ساتھ پختہ ہونے کو ہوئی تو یہ شگوفہ کھلا۔ یعنی میری شادی ہو گئی جب تک فیروزہ پر کچھ نہ گذری تھی اوسوقت تک یہ تمام باتیں اس نے مجھے نہیں لکھیں مگر جب اوس کی بھی شادی چھوٹ گئی تو اوس نے اپنے دوسرے خط میں سارا کچا چٹھا مجھے لکھا اور یہ بھی لکھا کہ اب وہ پھر کوشش میں ہیں۔ مگر میں نے اس خط کا بھی کوئی جواب نہ دیا بلکہ یہ کہو کہ دنیا تو بہت چاہا دے نہ سکی گھنٹوں سوچتی۔ رنجیدہ سی ہو جاتی۔ کاغذ پہ کاغذ لکھنے کی کوشش میں لگا رہتی مگر خط نہ لکھ سکتی۔ مجبور ہو جاتی اور پھر رفتہ رفتہ دھیان سے بات اُتر جاتی۔

اس کے بعد اسکا تیسرا خط آیا اور یہ رجسٹری شدہ تھا لہذا لینا پڑا۔ اس میں میرے جواب نہ دینے پر غصہ کا اظہار ذرا بھی نہ تھا بلکہ اظہارِ پریشانی اور ہمدردی کیا تھا۔ کیونکہ وہ بیچاری تو یہی جانتی تھی کہ میں اور اماں جان دونوں میری شادی ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں اور غریب کو کیا

معلوم کہ میں نعلوم کب کی اس کے انتخاب کی داد بھی دے چکی ہوں۔ اس خط میں اُس نے لکھا تہا کہ "شکر ہے یوسف صاحب سے جان چھوٹی"۔ بڑی تفصیل سے اُس نے یوسف صاحب کی "کمینہ حرکتوں" کا ذکر کیا تہا کہ "اب میکہ دوسری جگہ کوئی واسطہ نہ رہا تہا ممکن تہا کہ میں اتنی مخالفت نہ کرتی مگر یہ کمینہ حرکتیں ایسی ہیں کہ مرتے مرجاؤں یہ بات (یعنی شادی) ہرگز نہیں ہوسکتی"۔

اس خط کا جواب میں نے دیا تہا۔ اس میں بے کم و کاست سچا سچا واقعہ الف سے لیکر ی تک لکہدیا تہا۔ اور یہ بھی لکہدیا تہا کہ تمہارے بیتیتر کے دونوں خطوں کا کس کس طرح جواب لکہنے کی کوشش کی۔

اب لطف دیکہئے کہ میرے اس خط کا جواب ندارد میں بھی جیب ہوگئی۔ آخر کو ایک خط آیا اور اوس میں میری اس عجیب و غریب شادی پر مبارکباد بھی تہی۔ اظہار حوتی بھی تہا اور طرح طرح کے خیالات سے خط پڑہتا اور ٹیپ کا مصرعہ یہی تہا یعنی یہ کہ دوسری جگہ شادی طے ہو رہی ہے بلکہ "پختہ ہی سمجھو"۔ اس جگہ بھی تفصیل تہی۔ بیہران ہونے والے شوہر کی بھی مختصر سوانحعمری معہ روئداد تہی اور لطف یہ کہ ساتھ ہی پھر یوسف صاحب پر تبرا بھی تہا جیسے "کمینہ پن اور خود غرضی کی مثال دنیا میں ملنا مشکل ہے"۔

اس خط کو پڑھ کر میں بہت خوش ہوئی کیونکہ تبادلۂ مبارکباد اسی وجہ سے ممکن ہوا۔

ذرا غور کرنے کی بات ہے کہ فیروزہ اتنے قریب تہی اور نہ میری ہمت پڑتی تہی کہ اُسے ملاؤں کہ بہن صبح آنا شام کو چلی جانا اور نہ انکو خیال کہ لکہیں کہ بہن بہت دن ہو گئے ملاقات کئے ایک دو روز کے لئے آؤ گی۔

جب اس طرح میرے سر سے ایک بار سا اُتر گیا تو ہم دونوں سہیلیوں میں خط و کتابت کا سلسلہ پھر شروع ہوگیا۔ زیادہ تر خطوط میں وہی تذکرہ ہوتا تہا یعنی شادی کا میں لکہتی تہی تو یہی۔ اور یہی دراصل دلچسپ ترین عنوان ہی تہا۔

(۲)

اس کے عرصہ بعد کا قصہ ہے کہ مولانا سے ملنے باہر دو تین لڑکے آئے مولانا تیزی سے میرے پاس دوڑے آئے اور اُنہوں نے مجھے چپکے سے بتایا کہ "وہ دیکھو ٹینس کا بلّا لئے داہنا پیر کرسی پر رکھے کھڑے ہیں۔ یہ ہیں وہ یوسف"

مولانا یہ کہکر جھپٹ کر سگرٹوں کا ڈبہ لیکر پہونچے اور شاید اس خیال سے کہ میں اچھی طرح دیکھ لوں سامنے کے درخت کے پاس سے ساتھیوں کو لئے نکلے چلے گئے۔

میں نے مسٹر یوسف کو غور سے اور اچھی طرح دیکھا خوب گورے چٹے خوبصورت آدمی تھے۔ بالکل صاف اور روشن چہرہ تھا گھنے بال تھے۔ اور اچھا بڑا قد تھا۔ تندرست اور طاقتور معلوم ہوتے تھے غرض نہایت ہی کشیدہ قامت اور خوش رُو جوان تھے جہانتک لباس اور دوسری اُوپری چیزوں کا تعلق تھا صورت سے زیادہ روپیہ پیسہ والے اور اچھے گھرانے کے معلوم ہوتے تھے میری سمجھ میں نہ آیا کہ ان میں کون سی وہ خوبی نہیں ہے جس کی وجہ سے کوئی بھی لڑکی انکو ناپسند کر سکے مگر پھر میں نے سوچا کہ ظاہر بندے کو معلوم ہے اندر کا حال جانے خدا۔ مگر میری سمجھ میں نہ آیا کہ ایسا اچھا نوجوان بھلا کس طرح کمینہ پن پر اُتر آئے گا۔ حالانکہ خود ابوالحسن صاحب کا واقعہ میرے سامنے تھا مگر بجداان میں اور ابوالحسن صاحب میں وہ فرق تھا حور عین اور آسمان میں ممکن ہے۔

شام کو مولانا سے اور تفصیلی حالات پوچھے۔ مولانا بھی اُن سے ملکر کچھ حالات سنا اور سنا اور پوچھا اور سُن چکے تھے، حالانکہ پہلی ہی ملاقات تھی یعنی تعارف آج ہی ہوا تھا ذرا لطف تو دیکھئے کہ یہ حضرت بھی گو دیکھنے میں "پہلے چکے" تھے مگر محض ایسی ہی کے درغلانے پر فیروزہ پر کچھ عاشق سے ہو چکے تھے۔ مگر چونکہ خود انہوں نے فیروزہ کو نہیں دیکھا تھا یہ بھی اتفاق ہی کہئے اور یا ان حضرت

کی سُستی، ورنہ وہ تو بُرقعہ کا نقاب سر پر ڈالے دندناتی پھرتی تھی۔ بس اپنے ماما کی خاطر قسم کھانے کو بُرقعہ ضرور پہنے رہتی تھی) لہٰذا نہ تو اُنہیں فیروزہ کے نہ ملنے کا افسوس تھا اور نہ خیال ہی تھا یہ ضرور کہتے تھے کہ "میری بہن مارے تعریف کے مری جاتی تھی اور اُس نے ضرور بیحد کوشش کی اور تھوڑی بہت میں نے بھی کی"

کچھ اُس کمینہ پن کی اور بھی تفصیل معلوم ہوئی جسکا ذکر فیروزہ نے اپنے خطوں میں بار بار کیا تھا۔ یوسف صاحب کو تسلیم تھا کہ اُنہوں نے تو کم مگر ہاں اونکی بہن نے البتہ یہ کیا کہ معلوم بھی ہوگیا کہ فیروزہ کی مرضی نہیں ہے پھر بھی ایک خاص ذریعہ سے فیروزہ کے چچا اور ماموں صاحب سے ایسا زور ڈلوایا تھا کہ کامیابی ہو ہی گئی تھی۔ مگر یوسف صاحب نے دل کی بات کہدی کہ "سچ پوچھتے ہو تو جب مجھے یہ معلوم ہوگیا کہ خود فریقِ ثانی کی مرضی نہیں ہے تو میری دلچسپی ہی جاتی رہی تھی اور اب تو کبھی بھولکر بھی خیال نہیں آتا"

کچھ بھی ہو یہ باتیں تو محض اب بیکار تھیں، کیونکہ اُدھر فیروزہ کی شادی طے ہو رہی تھی بلکہ ہو چکی تھی اور اِدھر یہ حضرت ولایت جانیکے لئے پر تول رہے تھے۔

میں نے فیروزہ کو لکھنا مناسب نہ سمجھا اور تذکرہ تک نہ کیا کہ میں نے یوسف صاحب کو دیکھا اور انکو کم از کم اسم بامسمیٰ تو ضرور پایا

اس قصہ کو سنانے کی مجھے اسوجہ سے اور بھی زیادہ ضرورت پڑی کہ اور سہیلیوں کے حالات تو میں نے بتائے اگر اپنی سب سے پہلی مُنہ بولی بہن کے حالات محض اِسوجہ سے چھپاتی کہ جہاں اُس کی شادی ہو رہی تھی میری ہوگئی۔ تو یہ سراسر زیادتی ہوتی۔

الٹی میٹم

حاتون کا الٹی میٹم! شاہدہ نے اُسے ہنس کے اُڑا دیا۔ اسکو پختہ امید تھی کہ اسکی مرضی کے خلاف کسی کی نہ چلے گی ایسی باتیں اب ہاد ہمدیڑھے لکھے تعلیم یافتہ گھرانوں میں ہونا ہی ناممکن ہو اور بالخصوص نئی تہذیب اور نئی روشنی کے دور میں۔ جب چھوٹے بڑے سب کی زبان پر یہی ہو کہ لڑکی کی مرضی کے خلاف شادی نہو۔ اور بعیر لڑکی کے مشورہ کے گفت و شنید پختہ نہ ہو تو ڈر ہی کاہیکا بلکہ شاہدہ نے کہا کہ "دیکھنا اس کی عقل ٹھکانے نہ کر دی ہو تو میرا ذمہ"۔

"اے میں نے سُنا ہے بہن خاتون تمہارے ماوانے کسی کوئلہ کی کان کا ٹھیکہ لیا ہے"۔ بی شاہدہ نے ایک جگہ ہم عمروں کے جھمگٹ میں خاتون اور اُن کے گھرانے کی سانولی رنگتوں پر چوٹ کرتے ہوئے کہا۔

مگر خاتون تو شاہدہ کی عاشق زار تھیں سخت سے سخت جملے اور فقرے سے ترا مایں۔ جواب میں بولیں "کوئلہ میں تو کہاتا بیٹھا اب یہ تجارت ہی چھوڑ دیں گے"!

ایک قہقہہ لگا اور بی شاہدہ چمک کے بولیں "تو پھر کیا کریں گے؟"

"کریں گے"۔ خاتون اپنے ملیح چہرہ پر ستر ارت کا نُور اکٹھا کر کے بولیں۔ "اب خیر سے کچھ کہریا کے تاجروں سے بات چیت ہو رہی ہے۔ دیکھو کیا ہوتا ہے۔"

شاہدہ پر یہ کٹتا ہوا جملہ چھا گیا۔ ایک قہقہہ لگا۔ شاہدہ کا میگزین ظرافت ختم ہو چکا تھا۔ لہٰذا آگئیں وہ پتھروں پر، تیر کی طرح اُنہوں نے یہ چوٹ کہائی اور بلبلا کر اور جلکر بولیں۔

"یہ مُنہ اور مسور کی دال اے بہن تمہارے پاس تو روپیہ ہے۔ پھر میں ہرا رہیں تو چار جشنیں آئیں گی گوشتِ خرد ندانِ سگ بمضمون خوب رہیگا۔"

یہ سخت حملہ خاتونِ نے بالکل نئے طریقہ پر لیا۔ بولیں۔ "ہم کیوں جشنوں کو لائیں، ہم تو ایک ترکن لائیں گے"۔ یہ کہکر شاہدہ کی طرف مسکرا کر خاتون نے آنکھیں جھپکائیں۔

"کبھی دیکھی ہے ترکن تم نے؟" شاہدہ سر ہلا کر بولی۔ "کبھی خواب میں بھی دیکھی ہے؟ موئی جشن کوئی دیکھی ہوگی اپنی سری کی ... "

"ہاں دیکھی ہے۔ جشن نہیں ترکن۔ بلکہ ترکن کیسا جیسے ہے اصلی کوہ قاف کی پری دیکھی ہے ارے بہائی جان! ... اے ..... یہ دیکھو۔ کوہ قاف کی پری ہے۔ ....."

یہ کہکر بی خاتون نے لیک کے میز پر سے آئینہ اٹھا کر شاہدہ کے مُنہ کے سامنے کر دیا کہ "یہ دیکھو!"

اس بیان سے باہر ہے جو لطف آیا۔ ایک قہقہہ لگا اور شاہدہ نے بھی کھسیانی ہنسی ہنسکر آئینہ پر ایسا ہاتھ مارا کہ خاتون بی کے مُنہ پر لگا لیکن شاہدہ اب ضرورت سے زیادہ تختۂ مشق بن گئیں۔ مارے غصہ کے ناشائستہ کلمات مُنہ سے نکل گئے "چڑیل کمبخت۔ تیری بہائی جان ہوگی کوئی گنواری۔ ... "

"کوہ قاف کی پری" چمک کر خاتون نے کہا اور جلکر شاہدہ نے خاتون کے گھر کے گھر کو اس

بُری طرح لے ڈالا کہ ہم لوگوں نے بیچ بچاؤ کیا۔ شاہدہ کے تمام سخت و سُست جُملے خاتون نے سُنے مگر چہرہ پر شکن نہ ڈالی۔ بڑی مشکل سے خاتون کو روکا کہ وہ آبندہ بہائی جان نہ کہیں، وہ راضی ہوگئیں اور ہم لوگوں نے چاہا کہ شاہدہ سے انکی صلح کرادیں۔

خاتون نے شاہدہ کے گلے میں باہیں ڈالیں۔ ہاتھ جوڑے۔ جو شاہد کی مگر شاہدہ نہ مانتا تھا نہ مانی بلکہ پھر سخت و سُست جُملوں پر آگئی "دیکھنا ہے" آخر کو جھلکر جھینکے سے خاتون نے کہا۔ "دیکھنا ہے آخر نوبی جانی کہاں ہیں نہ بہائی جان بنا کر چھوڑوں تو خاتون نام نہیں"

شاہدہ نے جب یہ جُملہ سُنا تو کہا "جُڑیل کہیں کی آئی ہے وہاں سے غلاموں کا پیغام لیکر، خدا غلام بنائے مگر غلاموں کی سی صورت نہ دے"

قصہ مختصر نہایت ہی بدمزگی سے خاتون سے لڑائی ٹھن گئی۔

(۲)

مگر خاتون کا پلّا بھاری پڑ رہا تھا۔ صورت شکل تو خدا کی دی ہوئی ہے مسٹر ابوالحسن ویسے نہایت ہی تیز اور ہوشیار طالب علم تھے اور پھر تعلیم کی بھی آخری منزل تھی۔ علاوہ اسکے رئیس کے لڑکے اور خود کفایت شعار نوجوان ایسے کے اس طرح رہتے تھے کہ کسی کو یقین نہ آتا تھا کہ رئیس باپ کے بیٹے ہیں پھر ایسے لڑکے کا پیغام کسی کے یہاں جائے میں ہزار نقد مہر کے ساتھ اور کوٹھی مُنہ دکھائی کو تو بھلا کون ہوگا جو انکار کرے۔ مرد کی قابلیتیں دیکھی جاتی ہیں صورت نہیں دیکھی جاتی اور پھر یہاں تو دُولہا میں قابلیت اور دولت اور تعلیم یہ تینوں انمول خوبیاں موجود تھیں۔ شاہدہ کے ماں باپ بھی نہایت روشن خیال لوگ تھے اور پہلا فرض انہوں نے یہ سمجھا کہ لڑکی کا عندیہ لیں۔ لڑکی کی رائے روزِ روشن تھی لہذا اب ہم لوگوں کو ایک روز بُلا کر شاہدہ کی والدہ صاحبہ نے کانفرنس منعقد کرکے کہا کہ شاہدہ کو سمجھائیں۔ ہم سب نے وعدہ تو کرلیا مگر ایمان کی بات

ہے کہ بجائے سمجھانے کے مسٹر الوالحس کی باتیں سُن سُنکر اور اُلٹا بھڑکایا۔ ساتھ ہی یہ بھی خیال تھا کہ کہیں دوسری جگہ تجویز ہو مگر بس نہ چلتا تھا غرض یہی کشمکش تھی اور محض اسی وجہ سے شاہدہ کے والد صاحب نے باوجود سخت تقاضوں کے الوالحس صاحب کے پیغام کا جواب نہ دیا تھا بلکہ کہدیا تھا کہ ہم سوچ رہے ہیں اسی دوران میں جب ہر طرح حاتون کا پلّا بھاری پڑتا معلوم ہوتا تھا اور شاہدہ بے طرح گھبرا رہی تھی کہ ایک عجیب ہی معاملہ پیش آیا۔

(۳)

ایک روز کا ذکر ہے کہ میں اپنے کمرہ میں بیٹھی سی رہی تھی کہ تانگہ کمرہ کے سامنے آکر رُکا۔ شاہدہ بی جھٹ سے اتریں۔ میں تانگے والے کو دام دینے میں لگی اور شاہدہ بی کمرہ میں جاکر ریلنگ پر لیٹ گئیں۔

"میں کیوں آئی ہوں؟" شاہدہ نے مسکراتے ہوئے کہا

میں نے دیکھا کہ شاہدہ بے طرح مسکرا رہی ہے۔ کہاں تو خاتون کا الٹی میٹم جب سے آیا تھا متفکر رہتی تھی اور کہاں چہرہ پر یہ نور!

میں نے سر سے پیر تک شاہدہ کو دیکھا۔ بے حد شگفتہ پایا۔ "خیر تو ہے" میں نے کہا۔ "کیا کوئی نئی خبر"

"ہاں۔ نئی خبر یہ کہ موذی مرگیا"

"کون!" میں نے کہا "کون مرگیا؟"

"وہی کمبخت ... ... غلام . . . خاتون والا"

"ہیں!" میں نے متعجب ہوکر کہا "ہیں"

ہنسکر شاہدہ نے کہا "پرسوں" اور یہ کہکر میرے مُنہ پر ایک خط پھینک مارا

میں نے خط اٹھاکر کھولا اور پڑھا مارے خوشی کے میں اوچھل پڑی۔ یہ شاہدہ کے چھوٹے

ماموں کا خط تہا جو اُنہوں نے اپنی بہن کو لکہا تہا شاہدہ کی شادی کے بارہ میں اپنے سالے میاں شاہد کے ساتھ۔ وہی گلاب جامن والے۔ شاہد!

میرا یہ حال ہو گیا کہ اوپر کا سانس اوپر اور نیچے کا نیچے، مارے خوشی کے شاہدہ سے لپٹ گئی، اوہ! میں کس قدر خوش تہی بیان نہیں کر سکتی میں نے خط کو پھر پڑہا اور پھر پڑہا۔ ماموں صاحب کی نئی نئی دولہن کی فرمائش تہی، اُنہوں نے کس زور سے اپنی بہن کو لکہا تہا۔ "شاہدہ کو تمہیں دینا پڑیگا۔ میں کوئی عُذر نہ سُنوں گا۔" پھر لڑکے کی تعریف تہی، ہم دونوں سے زیادہ بہلا لڑکے کی تعریف کون جانتا تہا۔

شاہدہ نے کہا: "مجھے تو بس یہ خوشی ہے کہ اُس کا جل ٹوٹی کی اچھی طرح خبر لونگی۔ جینا دوبہر نہ کر دوں تو میرا نام۔"

معاملہ اب پُختہ تہا۔ کل خط لکہدیا جائیگا کہ ہمیں منظور ہے۔ یہ سب باتیں شاہدہ خوب اچھی طرح چُپکے سے سُنکر آئی تہی، خط اپنے والد کے کوٹ کی جیب میں سے اُڑا لائی تہی اور کہنے لگی کہ میں جاتی ہوں اِس دوران میں کہیں آ نہ جائیں۔ میں نے اُس سے کہا "کمبخت اب کہلا ایک دعوت اچھی سی۔" چنانچہ اُس نے فوراً منظور کر لیا۔ کہنے لگی "تو اپنے یہاں چُپکے سے کیجئو۔ بلکہ کل ہی کر دے میں دس روپیہ تک خرچ کر دوں گی مگر ہاں ذرا اسے کلموہی کو ضرور بُلوائیو۔"

یہ کہکر شاہدہ چلی گئی روپیہ اُسی روز شام کو اُسے بہیج دیئے مگر یہ تجویز کیا کہ باضابطہ جب ماموں کے خسر صاحب کے یہاں سے پیغام آجائے اور ضابطہ کا جواب اِدہر سے چلا جائے جب دعوت ہو۔ کیونکہ ابہی تو محض ماموں کو خط لکہا جا رہا تہا کہ آپ پیغام بہجوائیے۔

(۴)

کوئی دس روز مُشکل سے لگے ہوں گے کہ اُدہر سے پیغام آگیا اور اِدہر سے اُسکو قبول کر کے

خواب بھی لکھدیا گیا اور اب شرائطِ شادی طے ہونا رہ گئیں جیسا کہ دستور ہے۔

چنانچہ اب زور کی میں نے ایک چار پارٹی بولدی۔ روپیہ پانچ شاہدہ کی گردن دبا کر اور لئے گئے۔ کسی کو کانوں کان خبر تک نہ ہوئی کہ یہ پارٹی شاہدہ کی طرف سے منگنی کی خوشی میں ہو رہی ہے کیونکہ میں نے دعوتی رقعے بہت سادگی سے بھیج دیئے تھے کہ آج شام کو میرے یہاں چائے کی دعوت ہے اور بس۔

میں نے اور جم والی نے اور زینت نے غرض سب نے شاہدہ کو لطور مبارکبادی اپنے اپنے حصہ کے موافق خوب خوش ہو ہو کر مارا شاہدہ یہ کہنے لگی کہ خاتون بی کو تنگ کریں۔ میں نے صاف کہدیا تھا کہ میں اس کے خلاف ہوں اور پھر میری وہ مہمان ہونگی۔ لطف یہ کہ اُنکو بیچاری کو پتہ تک نہ تھا کہ بالا بالا شاہدہ کی بات چیت دوسری جگہ پختہ بھی ہو گئی۔

جیسے ہی خاتون اُتری ہیں شاہدہ لپک کے بہو بیگم جھک کر مؤدبانہ سلام کیا۔ پھر بڑے پیار سے اُن کے گلے میں ہاتھ ڈالدیا اور بولی "ہٹو سامنے سے ہماری سندھیں یہ اللہ رکھے، رستہ میں سدھیں گی۔ ہمیں بیاہ کے لیجائیں گی۔ بہانی جان بنا کے ہمیں"

کہاں تو اس لفظ سے شاہدہ کے آگ لگتی تھی اور کہاں یہ باتیں۔ خاتون ذرا چکرائی کہ یہ معاملہ کیا ہے ہم لوگوں کی صورت جو دیکھی تو سمجھ گئی کچھ دال میں کالا ہے کچھ چپ سی ہو گئی کہ الٰہی کیا ماجرا ہے شاہدہ نے لاکر بٹھایا اور پھر ایک ٹھوکا دیا کہ "بہن بولتی کیوں نہیں۔ کیا خفا ہو گئیں ہم سے؟" "میں کیوں خفا ہونے لگی تم سے"۔ مسکرا کر خاتون بولیں۔

"ہاں بہن خفا نہ ہونا" شاہدہ نے کہا۔ "سندی تو جاتی ہے اب . . ."

"کہاں؟" مسکرا کر خاتون نے کہا۔ "نہیں کہاں جاتی ہو؟"

"گلاب جامنیں کہانے" ساہدہ نے ہنسکر کہا "اور کہاں ؟ . اے لو بہن تمہیں نہیں معلوم ! گلاب جامنوں کا مجھے بڑا شوق ہے" یہ کہکر سامنے مٹھائی کی ٹوکری سے کرید کر ایک گلاب جامن نکالکر انہیں دکھائی اور کہانے لگی۔

حاتوں کا چہرہ ایک دم سے فق سا ہو گیا ہوائیاں اُڑنے لگیں کیونکہ ساہدہ کا گلاب جامن والا قصہ وہ سُن ہی چکی تھیں۔ اور اب شاہدہ کی خوس دِلی اور گلاب جامن کا نام سُنکر اُس کو معلوم ہو گیا کہ کیا معاملہ ہے۔

غرض طرح طرح سے شاہدہ اِن پر چھیٹے کستی رہی اور یہ کچھ گھرائی سی سُنا کیں مجھ سے اُنہوں نے جب تصدیق کی تو میں نے واقعہ بتا دیا کہ سب معاملہ طے ہو چکا ہے۔ حط بھی گیا۔ بیچاری پر اوس سی پڑھ کر رہ گئی۔

اس جلسہ میں کوئی بات سوائے اِس کے قابلِ ذکر نہیں کہ طرح طرح سے ساہدہ نے خاتوں کو تختۂ مشق بنایا اور کیوں نہ بناتی کہ بن آئی تھی۔

چپکے سے مجھ سے اِجازت لیکر جانے کے بعد ہی حاتون بی ایسی رو جگر ہوئی ہیں کہ شاہدہ ڈھونڈھتی ہی رہ گئیں "اے وہ کہاں گئیں مجھے بہائی جان سا بوالی ؟..... اری میری سد سنے والی کلوٹی . " وغیرہ وغیرہ نہ معلوم خوشی میں کیا کیا کہا۔ خوب خوب اِترائی۔ "نہ بہن کوئی گلاب جامن بغیر میرے یوں ہی مت کہانا" غرض اسی قسم کی باتیں شاہدہ پھلجھڑی کی طرح کر رہی تھیں رات کو خوب خوب ساہدہ نے گانا سُنایا مگر کوئی مصرعہ ایسا نہ تھا جس میں بی حاتوں کا طرّہ ذکر نہ گھسیڑا ہو۔

باب (۱۲)

"گڑ کے لڈو"

(۱)

مہینہ بہر مشکل ہی سے گذرا ہوگا جب ہم سب نے شاہدہ کی منگنی کی دعوت کہائی تہی کہ ایک سرے سے عجیب واقعہ پیش آیا۔ میرے یہاں چاے کی دعوت کے بعد اسی دوران میں دو مرتبہ اور شاہدہ خاتون کی مٹی پلید کر چکی تہی اور اب شاہدہ سے خاتون سے کشاکش ہو چکی تہی شاہدہ کا جارہانہ رویہ خاتون کے لئے ناقابلِ برداشت سے بہی زیادہ ہو چکا تہا اور اپنی ہم عمروں میں خاتوں کا اُٹہنا بیٹھنا دوبہر ہو گیا تہا۔ غرض میرے یہاں کی دعوت کو مہینہ بہر مشکل سے ہوا ہوگا کہ ہم سب کا اسکول کے ایک ڈرامہ میں جانا ہوا۔ ہم میں سے کسی کو خیال بہی نہ تہا کہ ڈرامہ دیکہنے بی خاتون بہی ضرور ہی آئیں گی۔ ہم لوگوں کے بیہو بیٹھتے ہی ایک دم بائیں جانب سے خاتون آئیں۔ ان کے چہرہ پر اس وقت ضرورت سے زیادہ نمک اور نکہار تہا اور مسکرا کر اُنہوں نے عجیب طنز سے کہا: "سلام علیکم بہابی جان کو . . . ."

اُن کی طرف دیکہا تو ایک عجیب معنی خیز مسکراہٹ اُن کے چہرہ پر رقص کر رہی تہی! ایک دم سے شاہدہ جیسے دہک سے ہو گئی۔ مگر لمحہ بہر کے لئے یہ بات تہی کہ وہ چیخ اٹہی "اہا . . بی خاتون . . . ہماری کوئلہ جیسی نند نہیں گی" یہ کہکر مسکراتی اٹہلاتی شاہدہ بی خاتون کو مذاق پہ بہر لینے کو ٹرہی

خاتون نے مسکرا کر بہایت ہی سگھتگی سے کہا۔ "کیوں نہیں۔ اپنی اپنی قسمت ہے" کوئلہ جیسی نند کو چاند جیسی بہاوج خدا نے دی... بہابی جان۔ ذرا اِدہر دیکھو.. گلاب جامنوں بہرا دو نہ وہ تمہارا کیا ہوا؟ وہ گلاب جامنیں کہانے کا شوق کدہر گیا؟" کس طرح چہک کر بی خاتون نے کہا ہے کہ بیان سے باہر۔

"کدہر گیا!" شاہدہ نے عجیب لہجہ میں کہا۔ "کچھ ہوش میں ہو! کاہے سے روٹی کہائی تہی آج؟"

"کچھ بسنت کی بہی خبر ہے؟" خاتون نے کچھ فاتحانہ انداز سے کہا۔ "... بہابی جان۔ کچھ بسنت کی بہی خبر ہے۔ کچھ خبر بہی ہے؟۔ کوئی تار؟..... کہئے؟ کچھ خبر ہے؟. .... گلاب جامنوں کا یا رسل سات سمندر پار ا.... اتو کالے کالے گڑ کے لڈو ہیں کہاؤ تو نہ کہاؤ تو... ."

ایک دم سے شاہدہ کا چہرہ فق سا ہو گیا اور ایک مسرت کی لہر خاتون کے چہرہ پر دوڑ گئی مگر حوش قسمتی سے چار چھ بی بیاں آگئیں اور اُن سے باتیں ہونے لگیں۔ شاہدہ بے حد پریشان سی تہی۔ "یہ تار کیسا؟" میں نے اس سے پوچہا۔ معلوم ہوا تار تو کل ایک آیا تہا یہ نہیں معلوم کہ کیسا تار تہا۔ مگر تہا ضرور ماموں صاحب کی سسرال سے سمندر پار سے یہ مطلب کہ شروع کے خطوں ہی میں وہاں سے لکہکر آیا تہا کہ لڑکے کو ولایت بہیجے کا ارادہ ہے۔ اب خاتون کے نامکمل فقروں کا مطلب صاف تہا یعنی شاید تار اِس مضمون کا آیا ہے کہ لڑکا ولایت جا رہا ہے لہذا خاتون کو امید ہو گئی۔ شاہدہ نے اور میں نے غور کر کے دل کو تو سمجہا لیا کہ کہتی ہے محض ذرا سی بات پر اُمید کا پُل باندہتی ہے مگر اِس طفل تسلیوں سے کام چلنا دشوار تہا۔ میں نے خاتون کو علیحدہ لیجا کر دریافت کیا اور اُس نے یہ خبر جا کاہ سُنائی کہ چار سال کیلئے

میاں شاہد گلاب جامن والے گورنمنٹ کے وظیفہ پر ولایت گئے۔ شاہدہ کے والد نے اتنے دن انتظار کرنے سے انکار کر دیا اور آج ہی شام کو ہمارے یہاں آکر صرف بات ہی پختہ نہیں کر لی بلکہ تاریخ منگنی اور نکاح بھی مقرر ہو گئی۔ خاتون بیحد خوش تھیں اور مجھ سے کہنے لگیں کہ "ہماری بھابی جان سے صلح کرا دو۔ ڈیڑھ دو مہینہ کا تو معاملہ ہی ہے اب گلاب جامنوں کو بہن بھول جاؤ اب تو گڑ کے لڈو ہیں۔ ہنستے ہوئے خاتون نے کہا۔

کہاں کا ڈرامہ اور کہاں کا کھیل۔ شاہدہ واپس گھر بھاگی اور میں بھی اُس کے ساتھ۔ شاہدہ کی والدہ صاحبہ سے میں نے دریافت کیا تو خاتون کا کہنا حرف بحرف صحیح پایا۔ منگنی کرنے کی ضرورت ہی نہ تھی۔ شادی کی تاریخ ہی طے ہو گئی اور ڈیڑھ مہینہ بعد ہی شاہدہ کی رخصت ان للہ وان الیہ راجعون۔ شاہدہ نے دانت پیس کر چپکے سے کہا "کچھ پرواہ نہیں میں صاف انکار کر دوں گی" میں جلدی واپس گھر چلی آئی۔

(۲)

مولانا کا انتظار میں کر ہی رہی تھی کہ آگئے پہلا سوال جو میں نے کیا وہ یہ تھا "آپ کی ابوالحسن صاحب سے ملاقات ہے؟"

"چولہے میں ڈالو ابوالحسن کو" مولانا نے کہا "میں نام تو اُنکا سُن کر الٹا تنگ آگیا ہوں مگر مجھے نہیں معلوم وہ کون ہیں۔ حلیہ اور باتیں سُن کر ایک صاحب پر میں نے شبہ کیا تو وہ منگائی نکلے" کپڑے پھینک کے مولانا کھانے پر آئے تو اکڑ گئے "میں اکیلے کھانا نہیں کھاؤں گا"

دراصل اکیلے کھانا کبھی نہ کھاتے تھے اور سخت چڑتھی میں نے ہنس کر کہا "تم کھاؤ تو میری ہی میں خطا نہیں ہے۔ میں شاہدہ کے ہاں کھا آئی"

"شاہدہ کے یہاں! . . . مگر ہاں تم تو ڈرامہ دیکھنے گئی تھیں"

اسپر میں نے کُل کا کُل قصّہ سُنایا۔ مولانا بھی شاہدہ کے بڑے طرفداروں میں تھے۔ کہنے لگے کہ "ضرور ابوالحسن سے ملوں گا اور اتہائی کوشش کروں گا کہ وہ خود نہ کریں"۔ میں نے کہا کہ "انکو یہاں کل بُلالاؤ۔ میں ہی دیکھ لوں کیسے آدمی ہیں"۔ چنانچہ یہ طے ہوگیا کہ کل ضرور لائیں گے

(۳)

دوسرے روز مولانا کالج جاتے ہی فوراً آگئے۔ "ابوالحسن صاحب ابھی آتے ہونگے"۔ مولانا نے کہا۔

"کیوں؟ کیسے ڈھونڈ ہا تم نے؟" میں نے پوچھا۔

مولانا بولے۔ "احی وہ تو نہایت ہی کم رو اور پھر صورت سے زیادہ غیر وجیہہ آدمی ہیں۔ لیکن ویسے ذہین اور تیز معلوم ہوتے ہیں۔ میں نے انکا کلاس میں پتہ لگا کر اُن سے کہا "جناب کا نام ابوالحسن ہے؟"

وہ بولے۔ "ارشاد۔ فرمائیے"

میں نے کہا۔ "کیا آپ مجھے دس پندرہ منٹ دے سکتے ہیں؟ مجھے آپ سے کچھ ضروری کام ہے"۔ اتنا کہنے پر اُنہوں نے میری طرف دیکھا اور مصافحہ کرکے میرا نام لیکر بولے "احی حضرت مجھے تو خود آپ سے ملنا تھا قصہ مختصر میں اور وہ دونوں سمجھ گئے کہ کیوں ایک دوسرے سے ملنا چاہتے ہیں"۔

"پھر کیا ہوا؟" میں نے مولانا سے کہا۔ "تم اُنکو ساتھ نہ لے آئے"۔

مولانا نے کہا۔ "اُن سے طے ہوگیا کہ آج کی کلاس گول کیا جائے۔ وہ اپنی اور میری دونوں کی حاضری سوا کر آتے ہی ہونگے"۔

مولانا اتنا ہی کہہ پائے تھے کہ وہ آپہونچے۔ جلدی سے میں نے کمرہ کا پردہ کھینچ دیا کیونکہ

ہمارا کمرہ کافی بڑا ہے لہذا بیچ میں بڑا پردہ لٹکا کر اسکو دو حصوں میں تقسیم کر لیا ہے۔ ایک حصّہ سونے کا کمرہ بن جاتا ہے اور دوسرا حصہ ڈرائنگ روم کا کام دیتا ہے۔ میں پردہ کے پیچھے گم سُم ہو کر بیٹھ گئی اور مولانا نے ابوالحسن صاحب کو پڑھکر لیا اور لاکر کمرہ میں بٹھایا۔ میں پردہ کے ایک سوراخ میں سے کونہ سے جھانک رہی تھی کہ ابوالحسن صاحب کو پتہ بھی نہ چل سکے۔ وہ بالکل میرے سامنے تھے اور اُنکی صورت دیکھتے ہی میں نے لاحول پڑھی۔ مولانا نے سگرٹ پیش کیا اور اُنھوں نے اِنکار کر دیا۔ پان سے بھی اِنکار کر دیا شاید تیسرے روز ڈاڑھی صاف کرتے ہونگے جگہ جگہ سے شکنیں پڑی ہوئی طوفان ردہ شیروانی تھی اور اسی طرح کی اُجڑی سی ایک تُرکی ٹوپی تھی۔ یہ سج دھج دیکھکر میرا دل بیٹھ گیا۔

مولانا نے اُن سے گفتگو معاملہ کی شروع کی۔

"غالباً آپ کو معلوم ہے کہ میں آپ سے کیوں ملنا چاہتا تھا"

ابوالحسن صاحب مُسکرا کر بولے "میں نہیں کہہ سکتا کس لئے مگر میرا خیال ہے کہ شاید اسلئے کہ آپ مُجھ سے کہیں کہ اس شادی کے خیال کو چھوڑ دوں نہیں کہہ سکتا کہاں تک میرا قیاس صحیح ہے"

مولانا نے کہا۔ "اچھا یہ تو آپ کو معلوم ہے۔ آپ کا قیاس دُرست ہے مگر۔۔۔۔"

بات کاٹ کر ابوالحسن صاحب بولے "اور مُجھے یہ بھی معلوم ہے کہ مُجھے سخت ناپسند کیا جاتا ہے"

"تو پھر ایسی صورت میں تو آپ خود غالباً میری رائے سے اتفاق کریں گے کہ۔۔۔۔"

بات کاٹکر ابوالحسن نے اس طرح جُملہ پورا کیا "مُجھے آپکی رائے سے اتفاق ہے کہ مُجھے انتہائی کوشش کرنا چاہئے اور بات بھی ٹھیک ہے۔ جب ہی تو آپ کی اور آپکی بیگم صاحبہ کی مُجھے سفارش کی ضرورت ہے"

مولانا کچھ جھلا کر بولے "حضرت آپ نہایت ہی بذلہ سنجی سے کام لے رہے ہیں۔ مگر میرا مطلب یہ ہے کہ جب آپ کو معلوم ہے کہ لڑکی خود آپ سے شادی نہیں کرنا چاہتی تو آپ کو خود ہی یہ رشتہ نامنظور کر دینا چاہئے کیونکہ ناپسندیدگی کی شادی سے بدتر دنیا میں کوئی چیز نہیں، گھر دوزخ ہو جاتا ہے اور زندگی کا لطف جاتا رہتا ہے۔"

"مجھکو یہ باتیں آپ سے بہتر معلوم نہیں۔" وہ بولے "اور میں نے اس معاملہ پر اچھی طرح غور کر لیا ہے۔"

کچھ تیز ہو کر مولانا نے کہا۔ "اور پھر بھی آپ باز نہیں آتے!"

"اجی حضرت۔" ابوالحسن صاحب بولے "یہاں باز آنے اور نہ آنے کا سوال ہی نہیں۔ یہاں تو یہ سوال ہے کہ اس معاملہ میں آپ اور آپ کی بیگم صاحبہ میری کیا امداد کر سکتی ہیں۔"

مولانا نے کہا۔ "افسوس کہ میں یا میری بیوی اس معاملہ میں آپ کو ذرہ بھر مدد نہیں دے سکتے بلکہ ہم تو لڑکی کی مدد کریں گے کیونکہ وہ خود آپ کو منظور نہیں کرتی۔"

"لاحول ولا قوۃ۔" ابوالحسن صاحب نے کہا۔ "آپ غلط فہمی میں پڑے ہوئے ہیں۔ آپ سے میں اس معاملہ میں صرف اس طرح امداد کا طالب ہوں کہ آپ کوشش کر کے اُن کے دل میں جو میری طرف سے بدگمانیاں اور خراب خیالات معلوم کس طرح پیدا ہو گئے ہیں دُور کر دیجئے۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ میری شادی باوجود اُنکی تمام مخالفت کے ہو جانے میں آپ امداد دیجئے بلکہ یہ کہ وہ مخالفت کرنا ہی خود چھوڑ دیں اور از خود اس رشتہ کو پسند کریں۔ میں خود ناپسندیدگی کی شادی نہیں چاہتا۔"

طنزاً مولانا نے جلکر کہا۔ "گویا یہ کہ وہ آپ کو پسند کرنے لگے۔"

ہنسکر ابوالحسن صاحب بولے "جی ہاں اور کیا۔ صورت شکل خدا کی دی ہے اسکو چھوڑ کر مجھ

میں جو خرابی نظر آئے آپ یا آپ کی بیگم صاحبہ اور یا خود وہ مجھکو بتائیں کہ تجھ میں یہ خرابی ہے اور جب تک یہ دُور نہ ہو جائے گی تو قابلِ نفرت ہے۔ پھر اگر اُس کے دُور کرنے میں میری طرف سے کچھ کوتاہی ہو یا میں ناکام رہوں تب آپ شوق سے اس شادی کی مخالفت کریں۔ ورنہ دوسری صورت میں میری سفارش کریں اور میرے حق میں کوشش کریں' ویسے بات تو پختہ ہو ہی چکی ہے مگر ماشاءاللہ وہ خود ہوشیار ہیں اور دراصل کچھ بات پختہ نہیں کیونکہ آخر میں جاکر "ہاں یا ناں" تو اُنہی کے ہاتھ میں ہے۔"

بات تو دراصل ابوالحسن صاحب نے بڑے پتے کی کہی تھی مگر مولانا نے بھی خوب جواب دیا کہنے لگے "آپ کا کہنا بہت ٹھیک ہے مگر کیا معلوم کہ لڑکی آپکو محض صورت شکل ہی کیوجہ سے ناپسند کر رہی ہو۔ معاف کیجئے گا۔" مولانا نے صاف گوئی کے بعد کہا۔ "میرا اِس سے کوئی اور مطلب نہیں۔ سوائے اِسکے کہ ناپسند ہونے کے وجوہات میں کوئی ایک چیز مخصوص نہیں کیجا سکتی سب ہی چیزوں کو دیکھا جاتا ہے۔"

ابوالحسن صاحب بولے "حنا من۔ مجھکو تسلیم ہے کہ میں خوبصورت یا بھڑکیلا اور فیشن ایبل جوان نہیں۔ مگر یہ میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ نہ تو ایک اچھے شوہر کے لئے خوبصورت ہونے کی ضرورت ہے۔ اور نہ پھر بیوی ہی کو بعد شادی خیال ہوتا ہے کہ میرا شوہر بدصورت ہے' یہ سب لڑکیوں کا بچپنا ہے ورنہ واقعہ یہ ہے کہ حسین سے حسین لڑکی بھی اپنے بدصورت شوہر کو عزیز ترین شوہر سمجھتی ہے اور کسی اچھی سے اچھی صورت شکل والے سے کسی طرح اپنے شوہر کو کم نہیں سمجھتی اور نہ پھر کوئی بیوی ایسی ہے جو محض اپنے عزیز شوہر کی صورت شکل کیوجہ سے اپنا گھر بگاڑ دے۔ یہ سب بچوں کی باتیں ہیں جو محض عمر سے متعلق ہیں۔"

مولانا نے کہا۔ "ابوالحسن صاحب۔ آپ ذرا غور تو کیجئے کہ فریق ثانی فلاسفر نہیں اور جو

آپ نے فرمایا وہ صحیح بھی ہے تو میں یا آپ سمجھ سکتے ہیں نہ کہ ایک نوعمر لڑکی۔"

وہ بولے: "بندہ پرور۔ بس اسی وجہ سے تو مجھے لڑکی کے ان خیالات کی چنداں پرواہ ہی نہیں ہے مگر پھر بھی آپ لوگوں کے خیالات کی پرواہ کرتا ہوں اور پھر ذمہ لیتا ہوں کہ لڑکی کو آرام سے رکھوں گا۔ شاید آپ کو معلوم ہو گا کہ میرے والد کے پاس خدا کی دین سے سب کچھ ہے سوائے ایک بہن کے کوئی نہیں۔ بھائی معاف کرنا۔ شیخی نہیں بگھارتا۔ مجبوراً کہتا ہوں آجکل کی لڑکیاں اس بات پر غور نہیں کرتیں! حالانکہ اگر روپیہ پیسہ اور اطمینان نہ ہو تو گھر دوزخ ہو جاتا ہے اور باوجودیکہ میاں اور بیوی دونوں اچھی صورت شکل والے ہوں اور دوسرے کو بیحد پسند ہوں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کی صورت سے لوحہ مالی پریشانیوں کے بیزار ہو جاتے ہیں۔ قصہ مختصر آپ اور آپ کی بیگم صاحبہ انکو اچھی طرح نشیب و فراز سمجھا دیں کہ میں انکو بڑی اچھی طرح رکھوں گا۔ آپ تو سمجھدار ہیں۔ بدصورت میاں تو بہتریں شوہر ہوتا ہے یہ تو مثل مشہور ہے۔"

ہنستے ہوئے ابوالحسن صاحب نے کہا: "وہ مجبوراً ہوتا ہے۔"

مولانا نے کہا: "آپ صحیح ارشاد فرماتے ہیں مگر یہاں بحث طلب بات ہی اور ہے۔ القصہ آپ جائیں اور آپ کا کام۔ مگر میں صاف صاف عرض کئے دیتا ہوں کہ میری دانست میں آپ کو سوچ سمجھکر کام کرنا چاہیے۔ میرا فرض ہے کہ آپ کو آگاہ کر دوں کہ یہاں تو اب یہ معاملہ ہے کہ فریق ثانی موت کو بدرجہا پسند کرتا ہے نسبت آپ کے۔"

وہ مسکرا کر بولے: "ماشاءاللہ۔"

مولانا بولے: "اور پھر آپ فلسفیانہ صد کرتے ہیں میری دانست میں ... میری دانست میں اس بات کے علم سے خود آپ کے حدبۂ خود پسندی کو ٹھیس لگنا چاہیئے اور اسی بنا پر خود آپ کو ایسے شخص سے نفرت پیدا ہو جانا چاہیئے۔"

ابوالحسن صاحب ہنستے ہوئے بولے "مگر میں اس معاملہ میں اول درجہ کا بے حیا ہوں، ضرورت سے زیادہ بے حیا..... ورنہ اور کوئی ہوتا تو جو باتیں میں نے سُنی ہیں اُن کی بناء پر کبھی کا اِس قصہ سے دست بردار ہو گیا ہوتا۔"

"پھر آپ کیوں اپنی ضد پر اَڑے ہیں؟"

وہ بولے "محض اسوجہ سے کہ مُجھکو پھر ایسی خوبصورت لڑکی نہیں ملے گی۔ ایسی اچھی لڑکی جو ہر فن میں طاق ہو اور خصوصًا گانا بہترین جانتی ہو۔ مُجھے ذرا گانے سے زیادہ شوق ہے۔ غرض جو لڑکی تمام سوسائٹی کا پھول ہو اسکو میں کیسے چھوڑ دوں! میں نے انکو دیکھا نہیں مگر ہاں تصویر ان کی روز آنہ دیکھتا ہوں اور وہ مُجھکو ضرورت سے زیادہ پسند ہیں۔"

"آپ کے پاس تصویر کہاں سے آئی؟" مولانا نے پوچھا۔

"یہ دیکھئے... بقول کسے درغل" یہ کہکر اُنہوں نے تصویر نکالکر دکھائی اور کہا "یہ نہ بتاؤنگا کہ یہ کہاں سے آئی۔"

"ہیں! یہ آپ کہاں سے پا گئے؟" مولانا نے تصویر کو دیکھکر کہا "یہ تو میرے ہاتھ کا فوٹو ہے اور میری البم کا۔"

یہ کہکر مولانا اُٹھے اور اپنی البم دیکھی تصویر کی خالی جگہ دکھا کر مولانا بولے "کیوں جناب یہ میرے یہاں سے چوری! کیا میں آپ کی ہمشیرہ عزیزہ کو....."

"ہرگز نہیں ہرگز نہیں" ابوالحسن بولے "میری بہن کے ذریعہ سے یہ مُجھے نہیں پہونچی مگر ہاں مُجھکو یہ تسلیم ہے کہ یہ مالِ مسروقہ ہے۔ مگر چور نے مُجھے نہیں بتایا کہ یہ کہاں سے اس تک پہونچی۔ آپ کی سہی مگر اب تو یہ میری ہے اور میں اِسکو کسی قیمت پر واپس نہیں دے سکتا اور نہ چور کا نام بتا سکتا ہوں۔"

قصہ مختصر مولانا نے انکو بہت کچھ سمجھایا اور انہوں نے مولانا کو سمجھایا۔ مولانا سے ابوالحسن صاحب نے بحث کر کر کے یہ وعدہ لیا کہ کوشش کرونگا لیکن اگر اس نے پھر بھی نہ مانا تو مخالفت کروں گا۔

ابوالحسن صاحب چلے گئے اور کم از کم میں تو انکو اور بھی ناپسند کرنے لگی اور ان کی باتیں سنکر میری خوب ہی جان جلی۔ اب یہ طے ہوا کہ ابوالحسن صاحب کو ایک روز پھر بلایا جائے تاکہ شاہدہ بھی انکو دیکھ لے۔ چنانچہ مولانا نے کہا کہ "پرسوں ہم انہیں تیسرے پہر کو بلا لائیں گے اور تم اور شاہدہ دونوں کمرہ میں چق کے اندر سے ان کو خوب اچھی طرح دیکھنا اور رائے قایم کرنا"

(۴)

مولانا نے جب ابوالحسن صاحب سے پوچھا کہ بولو بر دکھاوے کو چلوگے تو اونکی باچھیں کھل گئیں۔ فوراً راضی ہو گئے۔ یہ کہکر کہ "رہے قسمت" اور پھر شاہدہ کو بھی پوچھا کہ وہ ہونگی یا نہیں تو مولانا نے صاف نہ بتایا۔ بس یہی کہا کہ تمکو اس سے کیا مطلب کچھ لوگ تمکو دیکھنا چاہتے ہیں۔ میں سمجھی تھی کہ ابوالحسن صاحب بر دکھاوے کا سنکر آئیں گے تو شاید کچھ بن ٹھنکر مگر وہ بھی عجیب آدمی ہیں۔ اسی روز کی طرح اجڑی کھسٹی صورت بنائے چلے آئے۔ یعنی باسی ڈاڑھی اور وہی روزانہ کی اچکن اور تین روز کا میلا پاجامہ۔ یہ سب اس بنا پر جیسا کہ انہوں نے مولانا سے مسکرا کر کہا کہ گاہک کو مال بنا کر دکھانا ٹھیک نہیں"

القصہ وہ سامنے برآمدے کے چبوترہ پر آکر بیٹھ گئے۔ میں نے اور شاہدہ نے اچھی طرح ان کو دیکھا اور سخت ناپسند کیا۔ شاہدہ نے کہا "بہن یہ تو بڑا بدتمیز ہے میں اس غلام سے شادی تو بڑی چیز ہے چاہے جان چلی جائے جوتے تک نہ اٹھواؤں گی"

میں نے چپکے سے شاہدہ کا فیصلہ مولانا کے کان میں کہدیا اور اُنھوں نے جاکر ابوالحسن صاحب کے کان میں کہدیا۔ آخر یہ آدمی ہی تھے، حلکر اُنھوں نے بھی چپکے سے مولانا سے کہدیا "انشاءاللہ۔ کہیں خود یہ سعادت اُنھی کو نہ حاصل ہو جائے"۔

حالانکہ اُنکو محض دیکھنے ہی کے لئے بُلایا گیا تھا۔ مگر چائے پلائی گئی۔ اور مولانا سے خوب خوب بحث رہی مگر وہ بندۂ خُدا ٹس سے مس نہ ہوئے وہ کسی طرح شاہدہ سے دست بردار ہونے کو تیار نہ تھے۔

(۵)

ابوالحسن صاحب کا یہ بہاری تو ہو ہی چکا تھا مگر اب اور بھی سونے پر سُہاگہ ہوا۔ شاہدہ کے عزیزوں اور رشتہ داروں نے بھی اس رشتہ کو پسند کیا۔ مگر ہماری موجودہ سوسائٹی کی لڑکیوں کی آزادروش کو دیکھتے ہوئے یہی معلوم ہو رہا تھا کہ یہ شادی نمعلوم کیا نہ کچھ رنگ لائے گی۔

شاہدہ میرے یہاں آکر آکر روتی تھی اور کہتی تھی کہ کوئی تدبیر نکالو۔ پھر شاہدہ کے باپ بھی یہ سب کچھ جانتے تھے مگر سب قدامت پرستی پر تُلے ہوئے تھے۔ میں جو کچھ کر سکتی تھی کر تھکی تھی مگر سب بیکار۔

مولانا خود ابوالحسن صاحب کو سمجھاتے سمجھاتے تھک گئے پھر بوبت خوشامدوں پر پہونچی مگر ابوالحسن اٹل تھے۔ دن ہوا کی طرح گذر رہے تھے اور میری خود کی حالت شاہدہ کی مصیبت کو دیکھ دیکھکر ابتر ہوئی جاتی تھی۔ مولانا تھک کر تنگ آچکے تھے۔ تنگ آمد بجنگ آمد میں نے ایک آخری کوشش کی ٹھان لی اور مولانا سے کہا کہ "ابوالحسن صاحب سے میں خود ملنا چاہتی ہوں۔ میں بالمشافہ اون سے ملکر باتیں کرونگی، ایک روز بُلا لاؤ"۔ یہ میں نے اسوجہ سے

ابوالحسن صاحب سے کہلوایا کہ وہ کئی بار مجھ سے کہلوا چکے تھے کہ ستا ہدہ سے انکو پانچ منٹ کے لئے ملوادوں۔

جب مولانا نے ابوالحسن صاحب سے میری طرف سے ملاقات کا پیغام دیا تو وہ فوراً راضی ہوگئے اور خوش ہوکر مولانا سے بولے "فتح ہے"

اسی اُجڑی کھٹی سج دھج سے ابوالحسن صاحب مجھ سے ملنے آئے۔ مولانا نے رسمی تعارف کرایا بعد علیک سلیک قبل اسکے کہ میں کچھ کہہ سکوں وہ بولے۔

"میں اُمید کرتا ہوں آپ اپنی سہیلی سے میری سفارش کردیں گی"

میں نے کچھ ترشروئی سے کہا کیونکہ جلی ہی بیٹھی تھی:۔

"مجھے سخت افسوس ہے کہ آپ تعلیم یافتہ ہوکر اس قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ہندوستانی عورتوں کو ویسے ہی مویشی سمجھ رکھا ہے اور پھر یہ کہ آپ کے سے نوجوان انکے ساتھ وہ برتاؤ کرنے سے دریغ نہیں کرتے جو وحشی قومیں بھی روا نہیں رکھتیں۔ کیا آپ اپنے اس فعل کی تائید کسی طرح بھی کرسکتے ہیں؟ کیا یہ ظلم دُنیا کے پردہ پر سوائے ہندوستان کے کسی بھی تہذیب یافتہ ملک میں ممکن ہے؟"

ابوالحسن صاحب کچھ سٹ پٹا سے گئے۔ رُک کر بولے "میری عزیز بہن آپ کا فرمانا بجا اور درست ہے مگر میں آپ سے صحیح عرض کرتا ہوں کہ ہندوستان کے سے ملک میں یہ تمام باتیں مجبوراً کرنا پڑتی ہیں"

میں نے کہا "وہ کون سی مجبوری ہے؟ ذرا صاف کیجئے کیا مطلب ہے آپ کا"

ابوالحسن صاحب نے کہا "یہ کہ آپ کی سہیلی صاحبہ سے میں نہیں مل سکتا۔ اس سے زاید ظلم

نہ تو اُنکے ساتھ ممکن ہے اور نہ میرے ساتھ۔ وہ میرے بارہ میں اچھے خیالات نہیں رکھتیں۔ اُن کے اِن خیالات کی وقعت میرے دل میں کیونکر ہو جب اُنکے اور میرے درمیان میں پردے نہیں دیواریں حائل ہیں۔ مجھ سے ملنے کے بعد اور میری عرض داشت سُننے کے بعد اگر وہ مجھکو نامنظور کر دیتیں تو اونکے فیصلہ کی میرے نظروں میں کچھ وقعت بھی ہوتی۔ مگر موجودہ صورت میں کس طرح میں یقین کر لوں کہ اُنکا فیصلہ صحیح ہے اور یہ کہ خود اُنکی ہی نظرِ ثانی کا محتاج نہیں۔ اُنکا فیصلہ اِدہر اُدہر کی غیر معتبر شہادت کے اوپر مبنی ہے لہذا یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ اونکا فیصلہ غلط ہے مجبوراً ہندوستان میں اسی طرح کام چل رہا ہے اور چلتا رہیگا۔"

بات تو دراصل یہ ہے کہ ابوالحسن صاحب نے بڑی باریک بات نکالی تھی مگر میں نے ایک نہ سُنی اور کہا "میں آپ کو یقین دِلاتی ہوں کہ اونکا فیصلہ صحیح اور اٹل ہے اور کسی نظرِ ثانی کا محتاج نہیں۔ بہتر ہے کہ آپ ایک نوعمر لڑکی کو زندہ درگور نہ کریں۔ خدا کے لئے رحم کیجئے" خدا کے غضب سے ڈریئے مظلوم کی آہ خالی نہیں جاتی خوب اچھی طرح سمجھ لیجئے کہ ظلم کی ٹہنی کبھی نہیں پھلتی۔ اسکو آپ قبل از وقت لقمۂ اجل بنا رہے ہیں۔"

ابوالحسن صاحب قطعی متاثر نہ ہوئے بلکہ ہنس کر بولے "آپ کا خیال غلط ہے۔ میں گارنٹی کرتا ہوں کہ وہ اچھی طرح رہیں گی، خوب تندرست اور موٹی تازی پیشتر سے سوا ہو جائیں گی۔ بیمار تک نہیں پڑیں گی۔"

میں نے اِس مراحیہ جملہ پر کچھ توجہ نہ کی اور اُن سے کہا "اُسکو زبردستی شادی پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ شرع کی رُو سے یہ شادی نہیں ہوئی۔"

مگر ابوالحسن صاحب مجھ سے کہیں زیادہ قانون جانتے تھے اور بولے "بہتر ہے کہ ایجاب قبول کے موقعہ پر وہ اِنکار کر دیں۔ ورنہ اگر اُنہوں نے "ہوں" یا "ہاں" کہدیا تو شرعاً وہ جائز شادی

ہوگی۔ کچھ بچہ تو ہیں نہیں۔ بس یہی مفر کی صورت ہے۔"

میں نے کہا "اور کوئی نہیں؟"

"کوئی نہیں۔"

کوئی نہیں؟" پھر میں نے کہا "کیا آپ کی دانست میں اور کوئی نہیں؟... آپ غلطی پر ہیں، ایک مظلوم ان تمام قصوں پر دوسری طرح بھی فتح پا سکتی ہے۔"

ابوالحسن صاحب سمجھ گئے کہ میرا کیا مطلب ہے۔ اور بولے۔ "حرام موت دوسری مفر کی صورت ہے اور اُسکا عذاب آپ کی گردن پر.... آپ سمجھدار ہوکر ایسی باتیں کر رہی ہیں۔"

فلسفیانہ انداز میں ابوالحسن صاحب بولے۔ "آپ کی زباں سے اور پھر ایسی باتیں! آپ کو چاہیئے کہ آپ خود انکو سمجھاتیں نہ کہ ورغلاتیں۔ آخر آپ مجھ میں کیا خرابی پاتیں ہیں۔"

"وہ یہ" میں نے کہا۔ "وہ یہ کہ آپ شاہدہ کو سخت ناپسند ہیں اور پھر اب تو معلوم ہوا کہ آپ حد درجہ کے ظالم بھی ہیں بلکہ معاف کیجئے گا آپ کا ظلم بدرجۂ سفاکی پہونچتا ہے کیونکہ آپ تعلیم یافتہ ہوکر اور یہ جانتے ہوئے کہ عورتوں کی حالت ہندوستان میں بد سے بدتر ہو رہی ہے ایسی باتیں کرتے ہیں! لہٰذا میری دانست میں تو آپ کو کوئی سمجھدار لڑکی ہی پسند نہ کریگی۔"

ابوالحسن صاحب اس طعن کو سُنکر ہنسنے لگے اور بولے۔ "پھر ایک دوسری صورت یہ ہے کہ آپ اپنی سہیلی سے بس صرف دس منٹ کے لئے ملوا دیجئے۔"

"آپ اُن سے ملکر کیا کریں گے اور کیا نتیجہ نکلے گا؟ بالفرض آپ اُن سے ملیں بھی اور وہ آپ کو نامنظور کر دیں تو کیا آپ مان جائیگا؟"

وہ بولے۔ "میرا خیال تو یہی ہے کہ میں ضرور مان جاؤنگا مگر قطعی نہیں کہہ سکتا کیونکہ موجودہ صورت میں وہ جو مجھ سے ملیں گی تو فیصلہ کرنے کے بعد ملیں گی گویا اپنی رائے بدلنے کا خیال

ہی اُن کو نہ ہوگا۔"

میں نے کہا "آپ تو کسی بات پر جمتے ہی نہیں۔ اگر آپ کو منظور ہے کہ آپ اُنکی زبان سے اُنکار سُنیں تو کل ہی سُن لیجئے۔"

ابوالحسن صاحب نے کچھ سوچا اور پھر کچھ رائے بدلکر بولے "مجھکو منظور ہے۔ آپ میری اُن کی ملاقات کرا دیجئے۔ اگر وہ اِنکار کردیں گی تو میں دست بردار ہو جاؤں گا۔" میں نے خوش ہو کر حوصلہ مندانہ لہجہ میں کہا "خدا کے لئے اُسپر رحم کیجئے۔ عمر بھر وہ آپ کو دعائیں دیں گی۔"

ابوالحسن صاحب بولے کہ "آپ کون ہوتی ہیں اب جو اُن کی طرف سے اپیل کریں۔ اب ہم جانیں اور وہ۔"

میں نے کہا "قولِ مرداں جان دارد۔"

"قولِ مرداں جان دارد،، ابوالحسن صاحب مسکرا کر بولے "بہ رت کعبہ بشرطیکہ آپ نہ ورغلائیں۔"

(۷)

شاہدہ کسی طرح اس ملاقات پر راضی ہی نہ ہوتی تھی۔ اُسکی تمام تیزی اور شرارت غائب ہو چکی تھی، وہ جسم بے روح ہو کر رہ گئی اور مارے فکروں کے گھلی جا رہی تھی۔ وہ کہنے لگی "بہن تو کیوں مجھے ذلیل اور رُسوا کرتی ہے۔ وہ ایک مودی ہے۔ وہ تو میری جان لیگا۔"

غرض وہ کسی طرح راضی نہ ہوتی تھی۔ مگر میں نے وقت مقرر کر دیا اور اُسکو جا کر گھر سے پکڑ لائی۔ پھر اُسی اُجڑے حُلیہ سے ابوالحسن صاحب تشریف لائے۔ شاہدہ نے عین موقعہ پر ملاقات سے انکار کر دیا مگر میں نے اور مولانا نے اُسکو زبردستی کُرسی پر لا بٹھایا۔

میں کیا بتاؤں کہ اُسکا کیا حال تھا۔ ہیں! یہ وہی شاہدہ تھی۔ آفت کا پرکالا! شرارت کی پوٹ!

جواب بھیگی بلی سے مدتر تھی!

ابوالحسن اپنی ناراض منگیتر کو دیکھتے ہی سروقد کھڑے ہو گئے۔ کچھ یوہی سی شاہدہ نے مُنہ چھپانے کی کوشش کی۔ میں ٹھوکہ پہ ٹھوکہ دے رہی تھی اور ملی ہوئی بیٹھی تھی۔ مولانا اس گھبراہٹ کے عالم میں چائے بنا رہے تھے۔

ابوالحسن صاحب نے چائے کی پیالی ساکر رو رسے سورۂ اخلاص پڑھ کر پیالی پہ دم کیا اور شاہدہ سے کہا: "اِسکو اللہ شافی کر کے پی جائیے" مجھے بیحد ہنسی آئی کیونکہ ابوالحسن کی پوزیشن اُنکا اُجڑا حلیہ یہ سب چیزیں اور یہ مذاق۔ مگر شاہدہ بُت کی طرح آنکھیں نیچی کئے بیٹھی تھی۔ جیسے کوئی سانپ سُونگھ گیا میں نے کہا بھی کہ "کمخت کیا تجھے سانپ سُونگھ گیا" چائے کی پیالی پر اور میرے ہنسنے پر اُس کے چہرہ پر اور ہوائیاں اُڑنے لگیں کان میں میں نے اُس کے کہا: "جب تجھ سے پُوچھیں کہ میرے ساتھ شادی منظور ہے تو بھٹ سے انکار کر دیجئو"

مجھے بھی ابوالحسن صاحب نے چائے دی اور مولانا بھی بیٹھ گئے چائے پی جانے لگی مگر شاہدہ نے اِنکار کر دیا بڑی مشکل سے اُسنے چائے کی پیالی ہاتھ میں لی۔ اِتنے میں ابوالحسن صاحب نے بغیر کسی تمہید کے شاہدہ سے سوال کر دیا "آپ مجھ سے اس درجہ کیوں ناراض ہیں؟"

میں بول اٹھی "ناراض وا راض کچھ نہیں ہیں"

"براہ کرم درمیان میں آپ نہ بولیں" ابوالحسن صاحب نے کہا اور پھر شاہدہ سے پُوچھا۔

"آپ مجھ سے اسدرجہ کیوں ناراض ہیں؟"

میں نے اور چٹکی لی کہ جلدی بول۔ شاہدہ نے کہا "جی نہیں"

"آپ مجھ سے ناراض نہیں ہیں نا" ابوالحسن صاحب بولے۔

میں نے پھر چٹکی لی تو پھر شاہدہ نے کہا "جی نہیں"

"میں کس زبان سے آپ کا شکریہ ادا کروں" جھک کر شاہدہ سے ابوالحسن صاحب نے کہا اور پھر میری طرف دیکھکر کہا "بہن صاحبہ تسلیم"

میں چونک سی پڑی اور ابوالحسن صاحب کے "شکریہ" اور "تسلیم" کے معنی اب سمجھی۔ میں نے گھبرا کر چائے کی پیالی رکھدی۔ شاہدہ کی طرف دیکھا۔ وہ گھبرائی ہوئی تھی، ابوالحسن صاحب کو دیکھا تو اُنکے چہرہ پر کامیابی کی مسرت آمیز مسکراہٹ تھی، اس چالاکی پر میرے تن بدن میں آگ سی لگ گئی اور میں نے جھلا کر کہا "آپ سنجیدگی کو چھوڑ کر مذاق کی طرف متوجہ ہیں، آپ خواہ مخواہ کسی کی شرم وحیا سے بیجا فائدہ اُٹھاتے ہیں" پھر شاہدہ سے میں نے کہا "دیکھتی کیا ہے کمبخت پتھر بنی بیٹھی ہے۔ پھوٹتی نہیں کہ میں تمہیں ہرگز پسند نہ کرونگی....."

"احتجاج" ابوالحسن صاحب چلّا کر بولے "ہیں! ہیں! یہ کیا! یہ کیا جناب..... واہ آپ کون!....."

میں نے جلکر کہا "بہتر ہے کہ یہ بات یہیں کی یہیں ختم ہو جائے" اور اتنا کہکر شاہدہ کا ہاتھ پکڑ کر میں نے پردہ میں کر دیا اور پھر ابوالحسن صاحب سے غصّہ سے کہا "آپ ایک بیگناہ کی جان لینے پر تُلے ہوئے ہیں"

آخری الفاظ مُشکل سے میری زبان سے نکلے مارے غصّہ اور رنج کے میری آواز گھٹ گئی اور میں بھی پردہ میں چلی گئی اور شاہدہ سے لپٹ کر آنسو بہانے لگی۔

ابوالحسن صاحب مولانا سے معافی مانگنے لگے اور تمام تر اِس سین کا ذمہ دار مجھے ٹھہرایا۔ مولانا نے ابوالحسن صاحب سے کہا کہ لفظی گرفت کوئی چیز نہیں۔ آپ الفاظ سے کھیل رہے تھے"!

ابوالحسن صاحب تیز ہو کر بولے "یہ عجیب ستم ہے۔ الفاظ کی وقعت آپ خود نہیں کرتے اور مجھ سے کرانا چاہتے ہیں بالمشافہ مجھ سے کہا جاتا ہے کہ مجھ سے ناراض نہیں یعنی راضی ہیں۔ رشادی

پر) اور پھر کوشش کی جاتی ہے کہ میں یقین کرلوں کہ مجھ سے راضی نہیں ہیں"

(۸)

قصہ مختصر ابوالحسن صاحب جیتے اور ہم ہارے۔ میں نے کہا آپ تحریر پر راضی ہو جائیں مگر تحریری وعدہ میں انہوں نے شرائط اتنی لگائیں کہ ناممکن تھا کہ کوئی تصفیہ ہو سکے۔ جلسہ برخاست ہونے لگا تو میں نے ابوالحسن صاحب کی بے انتہا خوشامد کی اور دردناک لہجہ میں اپیل کیا مگر وہ یہ کہکر انکار کر گئے کہ میں نے اپنے کان سے اور انکی زبان سے فیصلہ اپنے حق میں سن لیا۔ اب مجھکو کسی کی سفارش کا اعتبار نہیں۔

میں بہت کچھ ساجدہ سے کہتی رہی کہ اری کمبخت نکلکر ایک دفعہ کہہ تو دے مگر اوس کا کہنا یہی ٹھیک تھا وہ کہنے لگی کہ "یہ کہیں گے کہ تمنے بہکا دیا ہم نہیں مانتے تب کیا جواب ہوگا"

ابوالحسن صاحب چلے گئے میں ساجدہ سے خوب گلے ملکر روئی اور کرہی کیا سکتی تھی۔ اور یہ ہماری آخری کوشش تھی۔ "کیا واقعی ساجدہ کی قسمت میں اب گڑ کے لڈو ہی رہ گئے" میں سوچتی تھی اور افسوس کرتی تھی۔

باب (۱۳)

انجامِ نفرت

وقتاً فوقتاً فیروزہ کے خط سے اُس کی شادی کے حالات معلوم ہوتے رہتے تھے۔ دراصل بہت کچھ طے ہو چکا تہا اور بات اب اسیر اٹکی تہی کہ پڑہائی ختم کرنے کے بعد نکاح ہو یا پہلے کیونکہ فیروزہ کی پڑہائی میں ابھی تیرے دو سال باقی تھے۔ فیروزہ کے والد صاحب کا خیال تہا کہ پڑہائی ختم ہونے کے بعد نکاح ہو لیکن خود بی فیروزہ کا خیال تہا کہ نکاح اب ہو جائے اور شادی پڑہائی ختم ہونے کے بعد ہو مگر اس کا سوائے میرے اور کسی کو بھلا کیا پتہ۔ دراصل بی فیروزہ بہی کچھ گڑبڑ کے مزے چکھے ہوئے تہیں اور چاہتی تہیں کہ معاملہ پُختہ یعنی نکاح ہو جائے کیونکہ بُہگت ہی چُکی تہیں۔ ایک لڑکی کے لئے شاید اس سے زیادہ اور کوئی تکلیف دہ امر نہیں کہ سال ڈیڑھ سال وہ ایک کی منسوبہ بنی بیٹھی رہے اور بعد میں نسبت چُھوٹ جائے۔ چنانچہ فیروزہ کا خیال تہا کہ میں شاید اُنکی والدہ کو تحریر کر سکوں۔ لمبے چوڑے خط فیروزہ کے آرہے تھے اور یہی باتیں دریش تہیں میں نے فیروزہ کی والدہ صاحبہ کو چنانچہ خط بھی لکہا تہا۔ وہاں سے عجیب جواب آیا۔ وہ یہ کہ اُنہوں نے یہ لکہا کہ خود فیروزہ کی یہی مرضی ہے کہ بعد پڑہنے کے شادی ہو۔ اور واقعہ بہی یہ تہا کہ درپردہ تو یہ بات تہی لیکن تکلف میں آکر بی فیروزہ نے یہی کہہ رکہا تہا چنانچہ اُنکی ماں نے جس کے ذریعہ سے

فیروزہ کا عندیہ لینا چاہا اُن سے فیروزہ نے دل کی بات نہ بتائی بلکہ یہی کہہ دیا تھا کہ ابھی تو میں پڑھ رہی ہوں (یعنی نکاح بعد پڑھائی کے ہو)

جوں جوں بی فیروزہ کو یہ رشتہ پسند ہوتا جاتا تھا یہ اندیشہ بھی بڑھتا جاتا تھا کہ کہیں کچھ گڑبڑ نہ ہو جائے۔ چنانچہ اب مجھ سے صلاح و مشورہ کے لئے ملنا چاہتی تھیں بلکہ آنے ہی والی تھیں کہ ایک دم سے تجویز پلٹ دی اور دُور کی سُوجھی۔ وہ یہ کہ بمبئی میں ایک پارسی خاتون رہتی تھیں ایک طرف اگر وہ فیروزہ کی ازدار بہن تھیں تو دوسری طرف فیروزہ کی ماں کی نہایت ہی بے تکلف ملنے والیوں میں تھیں اور فیروزہ کی نظر اونیر پڑی۔ ایک آدھ خط لکھا۔ بمبئی والوں کی عادت ہے کہ وہ بُلاوا دینے میں صرورت سے زیادہ فراخدلی کرتے ہیں۔ شاید سوچکر کہ کوئی نہ آئے گا مگر فیروزہ کو تو اون سے کام لینا تھا۔ فوراً راضی ہو گئی اور اُس سے کہا کہ گھر خط لکھکر اجازت اور روپیہ دِلوا دو۔

فیروزہ روشن خیال ماں باپ کی تعلیم یافتہ اور اپنی ذمہ داری محسوس کرنیوالی لڑکی ٹھہری۔ تنہا سفر کرنا اُس کے لئے کوئی نئی بات نہ تھی اور باپ نے اجازت دیدی۔ چنانچہ میرے پاس خط آیا کہ یہ یہ معاملہ ہے اور اس طرح بمبئی جا رہی ہوں تاکہ کوشش کروں کہ جلد سے جلد نکاح ہو کر معاملہ بالکل پختہ ہو جائے اور لگی لگائی شادی چھوٹ جانے کا دھڑکا جاتا رہے کہاں تو مجھ سے ملنے والی ہو رہی تھیں اور کہاں بمبئی کا سفر اختیار کیا۔ مجھے لکھا کہ بمبئی سے واپسی میں تم سے بھی ملوں گی۔

اس خط کے ساتویں روز کا ذکر ہے کہ ایک دم سے تار آیا کہ شام کو پہونچونگی۔ میں خود اسٹیشن پر لینے گئی۔ گاڑی سے اُتارا اور ویٹنگ روم میں لاکر اتنے دن کی جدائی کی سہڑ اس

نکالی۔ مولانا سے پہلی مرتبہ ملاقات ہوئی۔ دونوں طرف سے نہایت ہی خشک قسم کا رُوکھا سا سلام ہوا۔ اور کسی نے بھی دوسرے کی طرف نظر تک نہ اٹھائی۔ گھر پہ لائی۔ اوہ! کتنی مجھے باتیں کرنا تھیں! مگر فی الحال تو بمبئی کے مشن کا نتیجہ پوچھنا تھا کہ کہانتک کامیاب رہا۔ بجائے اس کے کہ دو حرف کہدیتی کہ بمبئی جانے کا کیا نتیجہ رہا اُسنے چپ سی ہوکر کہا کہ تم میرا پورا قصہ سنو۔ اور بتاؤ کہ اب کیا کروں۔ چنانچہ بی فیروزہ نے اپنا قصہ اب اس طرح بیان کیا۔

"... آگرہ فورٹ سے میں نے سکنڈ کلاس کا بمبئی کا ٹکٹ لیا اور زنانہ درجہ میں بیٹھ گئی۔ بہرتپور پہونچکر پنجاب میل ملا۔ میرے ساتھ بہت مختصر اسباب تھا۔ ایک بستر ایک ناشتہ دان کی ٹوکری اور ایک سوٹ کیس۔ گاڑی میں سب چیزیں قرینہ سے لگاکر میں نے اپنی سیٹ پر بستر لگا لیا۔ بہرتپور پر دو تین اخبار لئے تھے ڈبہ میرا بالکل اکیلا تھا اور میں اطمینان سے اخبار پڑھنے بیٹھ گئی۔ پھر اس خیال سے کہ وقت کیوں ضائع کروں کلاس کی ایک کتاب نکالکر پڑھنے لگی۔ پھر سو گئی۔

شام کا وقت آیا۔ کچھ خنکی سی محسوس ہوئی تو میں اٹھی اور برقعہ اُتار کر سرہانہ رکھکر بستر میں نہایت ہی اطمینان سے کمبل اوڑھ کر بیٹھ گئی۔

گاڑی نیانہ اسٹیشن سے گذر چکی تھی۔ شام کا وقت تھا اور بی۔ بی اینڈ سی۔ آئی کا ڈریڈ ایجن گاڑی کو ہوا کی طرح اُڑائے لئے جا رہا تھا۔ کس قدر پُرلطف سفر تھا میرے لئے یہ تنہائی باعثِ فرحت تھی۔ میں اپنے اور اپنے متن کے خیالات میں غرق تھی۔ کتاب میں نے رکھدی تھی اور کھڑکی سے باہر میری نظر تھی۔ کیا ہی پُرلطف سفر ہے میں نے دل میں کہا کس ناقابلِ بیان سُرعت کے

ساتھ بجلی کی طرح گاڑی سنسناتی ہوئی جا رہی تھی، دور دور آبادی کا پتہ نہ تھا اور سارا علاقہ بنجر اور دشت سنگلاخ تھا جو تیزی سے جیسے پھسلتا جا رہا تھا۔

سورج غروب ہو چکا تھا اور رات تھی۔ بڑی دیر تک میں کلاس کی کتاب پڑھتی رہی۔ جب رات زیادہ آئی تو میں نے کچھ ہلکا سا ناشتہ کیا۔ جوتہ اُتارا اور بے اطمینان سے کتاب ہاتھ میں لیکر لیٹ گئی۔

اتنے میں ہوا کے سرد جھونکے تکلیف سی دینے لگے اور میں نے اوٹھکر سوائے ایک کے سب کھڑکیاں بند کر دیں۔ بڑی دیر تک مجھے نیند نہ آئی اور میں کتاب پڑھا کی۔ جیسا میں کہہ چکی ہوں یہ سفر میرے لئے بیحد خوشگوار رہا مگر اسوقت مجھے ایک عجیب غریب بے چینی محسوس ہوئی! تم جانتی ہو کہ میں عورتوں میں نڈر ہوں۔ مُردے چیرتی ہوتی ہوں ڈر سے مجھے کیا تعلق۔ مگر رات کی یہ عجیب غریب تنہائی اور پھر یہ احساس کہ اندھیری رات میں ریل گاڑی ایک مہیب اور جوئی دیو کی طرح چیختی چنگھاڑتی بل کھاتی اور سنسان جنگلوں اور ہیبت ناک پہاڑوں میں گونجتی دندناتی چلی جا رہی ہے! ریل کا مسلسل اور یکساں شور! اور اُسکی رفتار کا زناٹا! میرے لئے اسوقت ایک عجیب ہی سناٹے کا عالم پیدا کر رہا تھا!۔ میں نے کتاب سے نظر ہٹا کر چھت کی طرف دیکھا۔ پھر چاروں طرف دیکھکر کھڑکی سے باہر جو نظر ڈالی تو ایک عجیب غریب اور ناقابل بیان وحشت سی معلوم ہوئی میں نے کھڑکی میں سے دیکھا کہ جیسے تاریکی کا بھوت گاڑی کے ساتھ ایک عجیب غریب شیطنت کے ساتھ تمسخرانہ انداز سے دوڑ رہا ہے گاڑی کی کھڑکی میں سے ہیبت ناک تاریکی نہیں دکھائی دے رہی ہے بلکہ گویا بھیانک تاریکی خود میرے ڈبہ میں جھانک رہی ہے! مگر میں پھر بے توجہ ہو کر کتاب پڑھنے لگی۔

میں کلاس کی ایک کتاب متعلق تشریح پڑھ رہی تھی۔ اس میں ایک انسانی ڈھانچہ کی تصویر تھی

جیسے ہی میری نظر اُس پر پڑی میں نے تیزی سے صفحہ لوٹ دیا فوراً کتاب رکھکر کھڑکی کی طرف دیکھا، بڑی بھیانک اور تاریک رات تھی اور بیشک تاریکی کا عفریت میری کھڑکی میں مُنہ ڈالے جھانک رہا تھا!

مگر میں نے کچھ پرواہ نہ کی۔ کتاب البتہ رکھدی اور اب اخبار پڑھنے لگی۔ پریشان خیالات دل سے قریب قریب نکل چکے تھے کہ میری نظر اخبار کے کالم کی ایک خونی سُرخی پر پڑی ایک دم سے میرا دل ہل گیا! تن بدن کے روئیں کھڑے ہو گئے! تاریکی اور زیادہ ہیبت ناک معلوم دینے لگی! کیونکہ اخبار کی سُرخی ہی ایسی تھی ..... "ریل میں قتل" .... میں سہم سی گئی اور چار و ناچار مضمون پڑھنا پڑا۔

اس مضمون کے پڑھنے کے بعد میری حالت ہی اور تھی۔ میں نے چاروں طرف اپنے ڈبہ میں مشکوک اور وحشت ناک نظریں ڈالیں ڈرتے ڈرتے اپنی بیچ کے نیچے دیکھا کہ کہیں کوئی خونی ڈاکو تو نہیں بیٹھا ہے وحشت اور زیادہ ہوئی اور طرح طرح کے شبہ دل میں آئے۔ اُٹھکر میں نے غسل خانہ کو دیکھا یہ سب میں نے مضمون پڑھکر کیا کیونکہ اس مضمون نے مجھے پریشان کر دیا تھا۔ مضمون یہ تھا کہ ایک یورپین لیڈی جو سکنڈ کلاس کے زنانہ ڈبہ میں کلکتہ سے دہلی آ رہی تھی راستہ میں قتل کر دی گئی۔ نمعلوم کس نے قتل کیا کچھ پتہ نہیں چلا پولیس سراغ لگا رہی ہے۔ معاً مجھے خیال آیا کہ میرے مارہ میں بھی پولیس سراغ لگاتی ہی رہ جائے گی۔

مجھے اب یاد آیا کہ اس قسم کی خبریں میں بیشتر ہی پڑھ چکی ہوں مگر یہ موقعہ اور تھا۔ میں کبھی ڈرنے والی نہیں مگر اسوقت میں نے محسوس کیا کہ مجھے ڈر لگ رہا ہے۔

کھلی ہوئی کھڑکی کی طرف میں بار بار دیکھ رہی تھی۔ اپنی کمزوری پر ہنسنے کی بھی کوشش کی اور دل کو مضبوط کرنا چاہا مگر سب بیکار۔ اب میں پریشان ہو کر اُٹھ بیٹھی چاروں طرف

غور سے دیکھا۔ ایک جھٹکے کے ساتھ ریل کی رفتار میں کچھ کمی محسوس ہوئی اور تھوڑی ہی دیر بعد ایک چھوٹا سا اسٹیشن آیا۔ میں نے سر کھڑکی سے نکالکر دیکھا اسٹیشن کا نام میں نے لالٹین کے شیشہ پر پڑھا۔ کچھ خیال آیا۔ ٹائم ٹیبل اُٹھاکر دیکھا اور حساب جو لگایا تو مجھے بڑا تعجب ہوا۔ کس قدر غیر آباد علاقہ ہے کہ اب دوسرا اسٹیشن پورے گھنٹہ بھر بعد آئیگا۔ اور پھر اس کے بعد جو گاڑی چلے گی تو قریب قریب پورے دو گھنٹے بعد رُکیگی۔

گاڑی چلی اور اسٹیشن آنے سے جو ڈر لگنا بند ہو گیا تھا اسکا پھر احساس ہونے لگا۔ پھر تھوڑی دیر بعد میری وہی حالت ہو گئی۔ اب میں ایسا اطمینان کرنے اُٹھی اور باہر جھانک کر اپنے ڈبہ کے پائیدانوں کی طرف غور سے دیکھا کہ اگر کوئی چلتی گاڑی میں دوسرے ڈبہ سے آنا چاہے تو آسکتا ہے یا نہیں۔ ڈبہ کے پائیدان ایسے تھے کہ چلتی گاڑی میں برابر والے ڈبہ سے کسی کا آنے کی کوشش کرنا اپنے کو موت کے مُنہ میں ڈالنے سے کم نہیں۔ اب میں نے کھڑکی بند کرنے کی ٹھان لی گو کہ میں جانتی تھی کہ کھڑکی بند کرنا بیکار ہے کیونکہ دروازہ کھولنے کا ہینڈل باہر ہی تھا مگر میں مجبور تھی کیونکہ باہر ایک وحشت انگیز سماں تھا۔ چاروں طرف ایک نحوست سی طاری تھی اور بیابان سائیں سائیں کر رہا تھا اور اسی کھڑکی کھلے رہنے سے مجھے ڈر لگ رہا تھا۔ چنانچہ میں کھڑکی بند کر کے اپنے بچھونے پر آگئی اور کتاب سرہانے رکھکر سونے کے لئے لیٹ گئی۔ تھوڑی دیر تک تو ڈر کیوجہ سے نیند نہ آئی مگر آخر کار نیند ڈر اور وحشت پر غالب آئی اور میں سو گئی۔"

فیروزہ نے کس طرح اتنا قصہ سُنایا ہے۔ میں بیان نہیں کر سکتی۔ اُسکی خوبصورت اور چمکدار آنکھوں میں سنجیدگی سی ہوئی تھی اور چہرہ کا صاف اور شفاف رنگ بالکل سا کس تھا۔ جیسے کوئی مُحمد تال ہوتا ہے جس کا گہرا پانی عموماً خاموش ہوتا ہے۔ اس کے دل کی گہرائی کی

تہاہ پر میں پہونچا چاہتی تہی اور کچھ بے چین ہو کر پوچھنا ہی چاہتی کہ اس نے فوراً ہی اپنے قصہ کو آگے بڑہایا۔

(۲)

"۔ ۔ میں سو گئی تہی ۔۔ کتنی دیر تک میں سوتی رہی میں کہہ نہیں سکتی۔ میں سو رہی تہی اور غافل سو رہی تہی کہ میں نے اپنی گردن کے پاس کچھ سوتے اور کچھ جاگتے میں میں ایک ٹہنڈک سی محسوس کی۔ غنودگی کے عالم میں کچھ میں کلبلائی اور کمبل کو سر پر کرنے لگی کہ یکایک مجھے واقعہ کی اصلیت کا علم ہوا!۔۔۔ ۔ ۔ میرے مُنہ سے مارے ڈر کے ایک چیخ نکل گئی کیونکہ یہ واقعہ تہا کہ ایک یوریشین گارڈ میرے مُنہ پر ہاتھ رکہے تہا!

میں اوچہل پڑی اور جہٹک کر اپنا مُنہ کمبل میں چُہپا کر بیٹھ گئی۔ اسکے جواب میں ایک خوفناک غراہٹ کی آواز آئی اور اس کمبخت نے اس زور سے کمبل پکڑ کر جہٹکا کہ میرا سر اور چہرہ کُہل گیا۔ اُس نے میرا بایاں ہاتھ اپنی آہنی گرفت میں لیا اور مجھے ایسا معلوم ہوا کہ جیسے بس میری کلائی ٹوٹی۔ میں نے اپنا سر دوسرے ہاتھ سے ڈہکا اور مُنہ اپنا کمبل اور گہٹنوں میں چُہپا لیا۔ میرا دل مٹیوں اوچہل رہا تہا اور ڈر کے مارے میرا بُرا حال تہا!"

میں بیکل ہو کر بیچ میں بول اُٹہی اور میں نے کہا "بہن پھر کیا ہوا جلدی بیان کرو خدا کے لئے؟"

فیروزہ نے کہا "تم اطمینان سے قصہ سُنو۔ گہبراؤ مت۔۔۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وہ مُوذی اُسی طرح میرا ہاتھ مضبوطی سے پکڑے تہا کہ اب اسنے اپنے دوسرے ہاتھ سے میرا سر اٹھایا اور پہر میرے مُنہ سے ایک زور کی چیخ نکلی تو کمبخت نے زور سے میرا ہاتھ جہٹکا اور غصہ ہو کر کہا "اگر چیخے گی تو مار ڈالوں گا!"

"کیا بتاؤں ہیں میری جان ہی نکل گئی جب یہ کہتے ہوئے اوس نے ڈراسا چاقو نکالکر دکھایا اور پھر کہا "مار ڈالوں گا جو آواز نکالی"۔

میں اب ایسی سہم گئی کہ گویا جان نکل گئی اُس نے مجھے اِس طرح دیکھکر چاقو سامنے والی بیچ پر رکھدیا اور اب میرے پاس بیٹھ گیا۔ مجھے اُس کے قُرب سے اسقدر نفرت ہوئی اور اس قدر ڈر لگا کہ بیان سے باہر۔ مارے پریشانی کے میرے مُنہ سے چیخ نکلتے نکلتے رہ گئی اور اب میں کونے کی طرف اپنے کو کمبل میں لپیٹ کر سُکڑ گئی کہ جسقدر بھی اُس مجسم گندگی سے دور ہوسکوں بہتر ہے۔ اِس کے جواب میں۔ ہاتھ تو میرا اس کی گرفت میں تھا ہی۔ اُس نے مجھے جھٹکے کے ساتھ اپنی طرف گھسیٹا۔

ڈر کے مارے اب چیخ تو میں نکال نہ سکتی تھی لہذا میں نے بھی انتہائی زور لگا کر اُس مُودی سے علیحدہ ہی رہنا چاہا اور ہمت کرکے اب میں نے گویا مالکل ہی مدِمقابل ہوکر کہا "تم مجھے مارو ہیں میں تمہیں سب روپیہ پیسہ جو میرے پاس ہے دیدوں گی"۔

میں نے دیدہ و دانستہ یہ کہا تھا۔ گویا تجاہل عارفانہ۔ اور اِسپر اُس کی باچھیں کھل گئیں۔ اُوس کا منحوس چہرہ اور بھی زیادہ مسخ ہوگیا اور گھڑگھڑاتی ہوئی نہایت ہی کریہہ آواز میں اُس نے کہا۔ "نی نی مجھے روپیہ نہیں چاہیئے"۔

اِدھر اُوسنے یہ کہا اور اُدھر میں نے دیکھا۔۔ ۔ اُسکی آنکھوں سے شیطنت اور خباثت کے شرارے نکل رہے تھے!

میں نے پوچھا کہ "جب روپیہ آپ کو نہیں لینا ہے تو پھر مجھے کیوں مارتے ہیں؟"

اس کا جواب اُس خبیث نے یہ دیا کہ "اگر تم چلاؤ گی تو دیکھو وہ چاقو رکھا ہوا ہے۔ تمہارا گلا کاٹ ڈالوں گا۔ اور چُپ رہو گی تو کچھ نہ کہوں گا"۔

میں نے اس کا جواب دیا "خدا کے واسطے مجھے چھوڑ دیجئے۔ ۔ ۔ ٹکٹ"

"میں کیا بتاؤں بہن اُس نے اِس کا کیا جواب دیا۔ اس نے کہا۔

"بی بی نہ ہم ٹکٹ مانگتے ہیں اور نہ روپیہ" یہ کہکر کہا کہ "ہم تو تم کو مانگتے ہیں" اور ساتھ ہی میری گردن میں ہاتھ ڈال کر زور سے مجھے ایسا کھینچا کہ بس مجھے گود میں اپنی کر لیا۔ میں تمام بزدلی کو چھوڑ کر موت اور زیست کا معاملہ سمجھکر بجلی کی طرح چیخکر اس زور سے تڑپی کہ نیچے گری اور اُدھر اس نے مجھے ایک زور کے جھٹکے کے ساتھ اُٹھا کر بیچ پر اس زور سے پٹخا کہ بیان سے باہر میرے مُنہ سے چیخ پر چیخ نکل رہی تھی اور اس نے مجھے بیقابو کر ہی لیا تھا کہ زور سے کسی نے ڈبہ کے دروازہ کو ایک نعرہ کے ساتھ دھکا دیا۔ "بدمعاش" کہکر گرج کر دروازہ سے بجلی کی طرح ایک نوجوان اس تیزی سے نکلا کہ جب تک گارڈ سنبھلے سنبھلے اور ہوشیار ہو اور اس بلائے ناگہانی کا سامنا کرے لیکنے تیار ہو اُس سے لپک کر گارڈ کی گردن پر اس زور کا مُکا رسید کیا ہے کہ اس نے ایک دم سے گھبرا کر مجھے چھوڑ دیا۔ اور دونوں ایک زبردست اور خونی جنگ میں مشغول ہو گئے۔

گارڈ بھی مضبوط آدمی تھا اور مجھے چھوڑ کر وہ اپنے حملہ آور پر ڈپٹ کر بڑھا اور اس زور سے اُس نوجوان کے کندھے پر پوری طاقت سے گھونسا دیا ہے کہ یاد ہی تو کرتے ہوں گے۔ اب دونوں میں گھونسم گھونسا اور ہاتھا پائی ہونے لگی۔ دونوں طاقتور اور مضبوط آدمی تھے نوجوان میں اگر پھرتی زیادہ تھی تو گارڈ میں طاقت اور بوجھ زیادہ تھا۔ گارڈ کا گھونسا نہایت اطمینان سے مگر زور کے ساتھ پڑتا تھا۔ مگر نوجوان کی تیزی اور پھرتی قابل داد تھی۔ مار پیٹ میں اس کی کوشش تھی کہ وہ گارڈ سے گتھ جائے اور لپٹ پڑے۔ مگر گارڈ چونکہ جسیم اور بھاری بھرکم آدمی تھا اس لئے لپٹ پڑنا ممکن نہ تھا۔ اسی جیقلش کے دوران میں گارڈ نے ایک دم سے لپک کر ایسا بڑا سا چاقو اُٹھا لیا۔ جو سامنے کی بیچ پر رکھا تھا۔ اور اس زور سے بھرپور ایک ہاتھ نوجوان کے عین سینہ پر مارا

کہ میں دیکھ نہ سکی اور میری آنکھیں از خود بند جیسے ہوگئیں اور چیخ پڑی۔ نوجوان نے مجبوراً چاقو کا وار اپنے بائیں ہاتھ پر لیا اور گارڈ کا ہاتھ پکڑنا چاہا۔ میں نے دیکھا کہ چاقو نوجوان کی ہتھیلی پر پڑا مگر اتنے میں اسکو موقعہ مل گیا اور قبل اس کے کہ گارڈ اپنے حملہ کی جھوک سے سنبھلے نوجوان نے غوطہ کھاکر اور چاقو کی سیدھ سے صاف نکل کر بائیں کنپٹی پر گارڈ کی اس زور سے گھونسا دیا ہو کہ وہی سری کا تھا جو جھیل گیا۔ اور پھر قبل اس کے کہ وہ اس سخت حملہ سے سنبھلے نوجوان نے کمر میں ہاتھ ڈالکر کس پھرتی سے ٹانگ سے اسکی ٹانگ لڑائی ہے کہ بوری کی طرح وہ گرا اور گردن دباکر اسکا سر بنچ کے پایہ میں دیدیا۔ مگر گارڈ کے ہاتھ میں چاقو تھا اور اس نے اندھا دھند چاقو کے ہاتھ چلانا شروع کئے۔ مگر نوجوان اب پشت پر تھا اور اس نے ہاتھ بچاکر گارڈ کی کلائی پکڑی اور گردن کو گارڈ کی زور سے جوتہ سے دباکر ہاتھ مروڑ کر چاقو چھین کر کھڑکی سے باہر پھینک دیا۔ اور پھر گارڈ کی گردن اچھی طرح دباکر جو اس نے گھونسے لگانا شروع کئے ہیں تو مارتے مارتے مارتے مارتے گارڈ کا منہ توڑ دیا۔ مجھے ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ نوجوان شاید پاگل ہوگیا ہے کس غیض و غضب سے اس نے بری طرح گارڈ کو مارا ہے کہ میں ہل ہل اور دہل دہل گئی۔ اور پھر مارنا بند نہ کیا۔ مگر گارڈ بھی بڑا مضبوط آدمی تھا اور اب اس نے زور لگاکر اٹھنا چاہا تو پھر اس نے غضبناک شیر کی طرح گارڈ کی گردن اپنے جوتہ سے دبائی اور اندر کو بنچ کے پایہ میں کونے کی طرف گھسیٹ دی اور پھر وہی دیوانوں کی طرح دے گھونسا۔ دے گھونسا۔ اسکو بری طرح مارنا شروع کیا۔ گارڈ نے پھر کروٹ بدلی اور ایکے زور کرکے سر باہر نکال لیا اور میں سمجھی کہ اب یہ نکل آیا مگر اسنے گارڈ کو جیت کرکے اسکی گردن اس زور سے اپنے داہنے پیر کے جوتے کی ایڑی سے دباکر سلی ہے کہ گارڈ کے حلق اور ناک سے ایسی خوفناک آواز نکلی ہے کہ میں سمجھی کہ اب یہ میرا اور نوجوان نے اور بھی زور سے اسکا حلق دبایا میرے اب ہوش جاتے رہے اور اب تک میں بت کی طرح بیٹھی تھی ایک دم سے چلّاکر اٹھی "خدا کے

واسطے گلا مت گھونٹئے۔" یہ کہکر میں نے انتہائی پریشانی میں گارڈ کی جان بچانے کے لئے نوجوان کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا۔ اس کا یہ اثر ہوا کہ پیر کا دباؤ ذرا ہلکا کیا اور میری طرف دیکھا۔ میں نے بازو چھوڑ دیا اور کہا۔ "خدا کے واسطے.... آپ تو مارے ڈال رہے ہیں۔ مار مت ڈالیئگا۔"

نوجوان نے کچھ نہ کہا مگر سر سے پیر تک مجھے ایک نظر بھر کر غور سے دیکھا اور پھر میرے ہولڈال کا تسمہ پکڑ کر کھینچا جو اوپر سے لٹک رہا تھا۔ اس تسمہ سے گارڈ کے دونوں ہاتھ مروڑ کر اور اچھی طرح قابو میں کر کے مشکیں کس دیں اور چھوڑ کر ایک دو ٹھوکریں کس کس کر لگائیں۔ وہ اُٹھا تو اُٹھتے ہی اوسکو سامنے والی بنچ پر زور سے دھکیل کر ایک پوری قوت سے اوسکے چانٹا مارا کہ اس کا مُنہ پھر گیا۔

میرے مُنہ سے پھر نکل گیا۔ "خدا کے واسطے میرے اوپر رحم کیجئے... ان کو مت مارئیے.. میرا دل پریشان ہوا جاتا ہے۔"

اس کے جواب میں پھر انہوں نے میری طرف غور سے دیکھا۔ "یہ اسی لایق ہے۔" مجھ سے کہا۔ "مجھے افسوس ہے کہ آپ کو تکلیف پہونچی۔ اگلے اسٹیشن پر اسے پولیس کے حوالہ کرتا ہوں۔"

(۳)

میری طبیعت کو اب قدرے سکون تھا کیونکہ میں جانتی تھی کہ اب میری جان اور عزت محفوظ ہے۔ مگر میری طبیعت کی کمزوری تو دیکھو۔ جب مجھے ایسا ڈر نہ رہا تو اب گارڈ پر بجائے غصہ یا ڈر کے مجھے ایک طرح کا رحم آرہا تھا۔ اسکو دیکھ دیکھ کر بیحد شرم سی آرہی تھی کہ اپنی بیوقوفی سے کمبخت میرے بہانہ سے اتنی بُری طرح مارا گیا۔ چنانچہ جب انہوں نے کہا کہ اسکو آگے چلکر حوالہ پولیس کردوں گا تو میں نے کہا۔ "نہیں نہیں۔ اسکی ضرورت نہیں ہے۔ انہیں کافی سزا مل چکی۔ مجھے بڑا عجیب معلوم ہو رہا ہے کہ آپ نے انہیں اتنا مارا!"

میں کمبل میں اچھی طرح اوڑھے لپیٹے بیٹھی تھی مگر میرا چہرہ حسبِ عادت پورا کا پورا کھلا تھا اور میں بالمشافہ باتیں کر رہی تھی، میرے اتنا کہنے پر اُنھوں نے پھر میری طرف دیکھا۔ اور شاید تعجب سے دیکھا مگر قبل اس کے کہ وہ بولیں گارڈ نے کچھ دبی زبان سے کہا "میں نشہ میں تھا اور اپنی سزا کو پہونچا مجھے معاف کیجئے"۔ اس کے جواب میں اُنھوں نے پھر غصہ ہو کر گھونسا تانا اور مارنے کو ہوئے کہ میں نے ایک دم سے چلا کر کہا "معاف کر دیجئے"۔

وہ رُک گئے۔ میری طرف پھر تعجب سے دیکھا "آپ جانیں۔ خطا آپ کی ہے۔ لیکن معاف بھی کر دیا جائے تو اسکے یہ معنی تو نہیں کہ انہیں پولیس میں نہ دیا جائے"۔

یہ سُنکر گارڈ نے میری طرف نہایت ہی عجز سے مخاطب ہو کر کہا "میں آپ سے معافی کا خواستگار ہوں، اگر آپ نے معاف نہ کیا تو میری بیوی اور بچے بھوکے مر جائیں گے میں جیل بھیجدیا جاؤں گا اور میری نوکری جاتی رہے گی"۔

بیوی بچوں کی پریشانی کا خیال کر کے میں بالکل پگھل گئی اور میں نے کہا "میں ہرگز نہیں چاہتی کہ آپ کی بیوی اور بچے پریشان ہوں"۔

یہ کہکر میں نے انکی طرف دیکھا۔ اور اب کی بہت اچھی طرح اور نظر جما کر غور سے سر سے پیر تک دیکھا۔ ایک دم سے میں چونک پڑی۔ کیونکہ میں نے دیکھا کہ انکی بائیں ہتھیلی سے خون بہہ رہا تھا جسکو وہ آڑ میں کئے ہوئے تھے۔ میں نے بے ساختہ کہا "ارے! یہ آپ کے ہاتھ سے خون بہہ رہا ہے"۔

یہ دیکھکر کہ میں نے اب دیکھ ہی لیا۔ اُنھوں نے لاپرواہی سے کہا "یونہی سا کچھ زخم آگیا ہے" یہ کہکر ہاتھ اوپر کو کیا۔ اس میں سے تیزی سے خون بہ رہا تھا۔

میں تو اس کی عادی ہی ٹھہری۔ میرے لئے یہ کوئی نئی بات نہ تھی۔ میں نے کمبل علیحدہ کیا

اور کہا "لائیے میں ابھی ڈریس کر دوں"

وہ ہیں ہیں کرتے رہے اور میں نے جلدی سے سوٹ کیس کھولکر اپنا "سفری ڈبہ" نکالا اور اُس میں سے ایک صاف پٹی اور لوشن کی شیشی نکالی۔ میں یہ مختصر سامان ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتی ہوں۔ اس کے بعد میں نے جگ لیکر اُن کا ہاتھ دھونا چاہا۔ وہ ہیں ہیں کرتے رہے مگر میں نہ مانی اور میں نے ہاتھ دھوکر شیشی سے لوشن لیکر کپڑے کی گدی بنا کر نہایت ہی چابک دستی اور صفائی سے پٹی باندھ دی۔

اُنہوں نے پٹی کو غور سے دیکھا۔ پھر مجھے دیکھا۔ کچھ مسکرا کر بولے "معاف کیجئے گا آپ تو پوری ڈاکٹر ہیں"

میں نے بھی ہنسکر کہا "پوری تو نہیں ہاں آدھی تو ضرور ہوں"

مگر اس دوران میں گارڈ صاحب مسلسل معافی مانگے جا رہے تھے۔ بے انتہا خوشامد کر رہے تھے۔ میں نے اُن کی طرف دیکھا اور قابل رحم پایا۔ تو ہمیں میں نے کبھی کسی پورے مرد کو اس طرح پٹتے دیکھا تھا اور نہ اس طرح گڑگڑاتے اور عاجزی کرتے دیکھا تھا۔ شاید میرے دل کی بات اور میری قدرتی کمزوری کا گارڈ کو پتہ چل گیا جو وہ بنچ سے اُتر کر گھٹنوں کے بل میرے سامنے سر جھکا کر معافی مانگنے لگا۔

میرے لئے یہ ضرورت سے زیادہ تھا میں نے ایک دم سے کچھ پریشان سی ہو کر چلّا کر کہا "معاف کیا۔ معاف کیا۔ میں نے معاف کیا" اور پھر اپنے محسن سے میں نے سفارش کے طور پر کہا "آپ بھی ان کو معاف کر دیں"

گارڈ پھر اپنی جگہ بیٹھ گیا تھا اور بڑے غور سے اُنکی طرف دیکھ رہا تھا۔ اُنہوں نے کچھ تامل کے بعد مجھ سے کہا "جب آپ نے خود اُنہیں معاف کر دیا پھر میرے لئے کیا گنجایش رہ گئی

جو میں اُن پر سختی کروں۔ مگر انکو اس طرح چھوڑ دینا اچھا نہیں ہے۔ نہ پھر اسی قسم کی حرکتیں کرینگے"
"ہرگز نہیں۔ ہرگز نہیں" گارڈ صاحب بولے
میں نے بھی کہا "اب یہ ہرگز ایسا نہ کریں گے۔ اگر ان میں ذرا بھی انسانیت ہے تو ایسی غلطی اِن سے پھر کبھی سرزد نہ ہوگی میں اِنکی سفارش کرتی ہوں۔ آپ بھی اِنکے بیوی بچوں پر رحم کیجئے"
میری سفارش پر اُنہوں نے اُٹھکر گارڈ صاحب کے ہاتھ کھولدیئے۔ اور گارڈ صاحب نے شکریہ اور سلاموں کا لامتناہی سلسلہ باندھ دیا۔ اور لطف تو دیکھو کہ لگے میرا پتہ مانگنے۔ جواب میں اُنہوں نے اس بُری طرح گارڈ صاحب کو گھورا ہے کہ وہ گھبرا کر چُپ ہو گئے۔
گاڑی کی رفتار میں کمی ہوئی اُنہوں نے کچھ رُکتے ہوئے کچھ سر جُھکا کر۔ کچھ ہکلا کر انتہائی تکلف سے مجھ سے پوچھا "معاف کیجئے گا۔۔ کیا آپ مجھکو اپنا یا اپنے والد صاحب کا نام۔۔ یا پتہ بتا سکتی ہیں۔ آپ شاید طالبعلم معلوم ہوتی ہیں"
"جی ہاں" میں نے کہا "میں آگرہ میڈیکل اسکول میں پڑھتی ہوں اور۔۔"
چونک کے ایک دم سے وہ بات کاٹ کر بولے "تو کیا آپ کا نام۔ فی۔۔ فی"
"جی ہاں" میں نے کچھ تعجب سے کہا "جی ہاں میرا نام فیروزہ ہے۔ مگر آپ کو کیسے معلوم ہوا؟"

(۴)

بس بہن اب میں کیا بتاؤں تم سے کہ کیا ہوا۔ ایک دم سے اُن کے چہرہ پر متانت اور سنجیدگی انتہائی درجہ کی چھا گئی۔ ایک عجیب خاموشی طاری ہو گئی بُت کی طرح کھڑے کے کھڑے رہ گئے نیچے فرش کی طرف اُن کی نگاہ تھی۔ بجائے جواب دینے کے میری طرف نہایت معصومیت سے دیکھا میں کچھ متعجب سی تھی مگر میں نے پھر پوچھا "آپ کو میرا نام کس نے بتایا؟"
مگر اس کے جواب میں اُنہوں نے پھر ایسی نظر نیچی کر لی اور دو چار سکنڈ کے مختصر وقفہ کے

بعد پھر میری طرف کچھ معموم سا چہرہ سا کر دیکھا۔ اب مجھے شبہ ہوا کہ یہ کون ہیں۔ لیکن میں کچھ ڈر سی گئی کہ انہیں کیا ہو گیا اور میں نے انکی حالت کچھ متغیر اور چہرہ بیحد متاثر دیکھکر کہا۔ "ہیں! یہ آپکی حالت ..... آپ میری بات کا جواب بھی نہیں دیتے" میں نے کچھ گھبرا کر یہ کہا کیونکہ اُن کا چہرہ عجیب وحشت زدہ سا ہو رہا تھا۔

اس کا اُنہوں نے جواب دیا لیکن نہایت ہی تلخی سے کہ میں ششدر رہ گئی۔ وہ بولے "کچھ نہیں۔ مجھکو معلوم ... میں نے سُنا ... سُنا تھا۔ آپ کو اس سے کیا بحث؟"

آخری الفاظ اسقدر اُنہوں نے چیں بہ جبین ہو کر کہے کہ ایک لڑکی کے لئے کسی طرح بھی قابل برداشت نہ تھے۔ میں نے اس جھڑکی کو مشکل سے برداشت کیا کیونکہ وہ میرے محسن تھے اور پھر مجھے شبہ ہوا کہ شاید محسن سے بھی زیادہ ہیں اور اسی وجہ سے شاید مجھے اس تلخی سے اذیت بھی زیادہ ہوئی۔ کیونکہ بظاہر کوئی وجہ ہی نہ تھی۔ چنانچہ مجھے کچھ رونا سا آگیا۔ اُنہوں نے لاپرواہی سے کھڑکی کی طرف جھانکنا شروع کیا۔

میں نے اپنے کو سنبھال کر کہا۔ "آپ مجھکو اس سے بھی زیادہ سخت جھڑکی دیں تو مجھے کوئی شکایت نہیں ہو سکتی۔ میں عمر بھر آپ کی احسان مند رہوں گی۔"

خلافِ توقع اُنہوں نے ذرا بھی میرے رنجیدہ الفاظ کی طرف توجہ نہ کی۔ ذرہ بھی متاثر ہوئے بلکہ چہرہ پر شاید اور کرختگی آگئی جیسے کہ وہ مجھے ذلیل و حقیر سمجھتے ہیں۔ میں اب قطعی سمجھ گئی کہ یہی میرے منگیتر ہیں اور میری اِس آزادی اور بیباکی سے تنہا سفر کرنے کے سخت خلاف ہیں۔ میرا دل جیسے بیٹھ گیا۔ لیکن اب میں نے یہ سوچکر کہ میری اُنہوں نے جان اور عزت بچائی ہے لاؤ ان سے تصدیق تو کر ہی لوں اور سن پڑے تو قائل ہی کر دوں۔ چنانچہ دل میں یہ سوچکر میں نے آخری مرتبہ اُن سے پوچھا۔ "اپنا نام و پتہ تو کم از کم مجھے تو بتا دیجئے تاکہ میرے والد صاحب آپ کو شکریہ کا خط تو

لکھ سکیں۔۔۔۔ کیوں ۔۔۔۔" میں نے اُن کے چہرہ کو غور سے دیکھکر کہا۔ "کیا آپ مجھ سے نفرت کرتے ہیں؟"

اس کے جواب میں ایک دم سے اُنہوں نے جیسے چونک کر مجھے گھور کر دیکھا اُنکا چہرہ اور کرخت ہوگیا اور انہوں نے اور بھی سختی سے حقارت آمیز نظریں میرے اوپر ڈالیں۔ سر سے پیر تک مجھے دیکھا۔ پھر دیکھا کہ اتنے میں گاڑی پلیٹ فارم پر آگئی اور وہ اوسی طرح مجھے دیکھتے رہے ایک جھٹکے کے ساتھ گاڑی رُکی اور جیسے وہ چونک سے پڑے اور ساتھ ہی گاڑی رُکنے کے اُنہوں نے نہایت ہی کرخت اور طنزیہ لہجہ میں جیسے کچھ بگڑکر مجھ سے کہا۔ "معاف کیجئے گا۔ میں آپ سے نفرت کرتا ہوں یا نہیں اسکا تو سوال بیکار ہے مگر یہ واقعہ ہے کہ میں سخت کمینہ ہوں اور آپ کو مجھ سے نفرت ہے۔۔۔۔ میرا نام یوسف ہے!"

میرے اوپر ایک بجلی سی جیسے گری اور میرے مُنہ سے ایک دم سے نکلا "ارے" اور میں ہاتھوں سے اپنا مُنہ چھپاکر گویا بیچ پر گر پڑی۔

مُنہ پر سے جو ہاتھ ہٹاکر دیکھتی ہوں تو نہ وہاں گارڈ ہے اور نہ مسٹر یوسف۔ باہر کھڑکی کے جھانک کر دیکھا تو ایک ویراں سا اسٹیشن تھا اور کسی نے آواز دی "پانی ہندو مامی"

میں نے فیروزہ سے کہا کہ میں بھی یہی سمجھ رہی تھی کہ تمہارے سے سیگیٹر نکلیں گے!

(۵)

فیروزہ نے کہا کہ اہی پورا قصہ سُنو۔

"ریل چلدی اور میں اپنی گاڑی میں پھر اُسی طرح اکیلی تھی۔ سب سے پہلے تو میں نے جھانک کے دیکھا کہ مسٹر یوسف آئے کدھر سے اور کیسے معلوم ہوا کہ برابر کے کمپارٹمنٹ سے آئے۔ کیونکہ میرا زنانہ ڈبہ ایک تیسرے سکنڈ کلاس کا ٹکڑا تھا۔ میری عقل کام نہ کرتی تھی کہ کیسے آئے۔ کیونکہ آنیوالا

صرف ایک طرح آسکتا تہا وہ ایسے کہ ایسی کہڑکی سے چلتی گاڑی میں لٹکے اور پھر جہول کر جہٹکا دیکر اپنے مضبوط ہاتھوں کی قوت پر بہروسہ کرکے چہلانگ مارکر میرے ڈبہ کی کہڑکی یا سلاخ پکڑنے کی کوشش کرے اور یہ کام آساں نہ تھا۔ جب جاکر لٹک کر پائیدان تک پہونچے۔ یہ خیال کرکے کس طرح جان جوکہوں میں ڈالکر آئے ہونگے میرے رونگٹے کہڑے ہو گئے۔

یہ دیکھ کر میں اب اپنی جگہ آکر بیٹھی گذشتہ واقعات میری آنکھوں میں ایک دم سے پھر گئے۔ میں کچھ عجیب ہی شکست خوردہ ہو رہی تہی۔ مجھے سخت اور مُنہ توڑ جواب ملا تہا میں نے اُنہیں اور اُن کے خاندان بہر کو کمینہ کہا تہا ذلیل کہا تہا نُزول کہا تہا۔ اب میں نے دل میں سوچا تو معلوم ہوا کہ بہلا ایسا شخص کس طرح نُزول اور کمینہ ہو سکتا ہے جس نے ایک بیکس اور کمزور لڑکی کو بچانے کی خاطر اپنی جان خطرہ میں ڈالدی۔ کس طرح عین موقعہ پر پہونچے ہیں۔ جیسے کوئی نیکی کا فرشتہ نازل ہوتا ہے۔ اور پھر کس طرح شیر کی طرح ایک قوی ہیکل سے خونی جنگ کی کس گہما گہمی اور جوانمردی سے اُس سے لڑے اور کس بہادری سے دشمن کو زیر کیا اور کس سیر چستی سے اوسکا چاقو چہین کر اوسکو مارا نہیں بلکہ باہر پھینکدیا۔ کس طرح بہرپور گارڈ سے سینہ پرتاں کر ہاتھ مارا تہا۔ اگر صحیح بیٹھ جاتا تو کیا ہوتا؟ قطعی جان کی خیر نہ تھی۔ بہلا ایسا حری اور شیر صفت انساں کس طرح نُزول اور کمینہ ہو سکتا ہے۔

میں نے غور کیا کہ میں نے اُنکو کمینہ کیوں کہا۔ تو معلوم ہوا کہ محض اِسوجہ سے کہ اُنہوں نے اور اُنکی بہن نے انتہا سے زیادہ کوشش کی ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔ دُنیا بہر کی سفارشیں ہم پہونچائیں ہر قسم کے رسوخ اور اثر کو کام میں لائے بس یہی کمینہ پن تہا اور یہی ذلیل حرکت تہی ورنہ اسکے علاوہ اور کچھ نہیں۔

چنانچہ جب میں نے اِن تمام امور پر غور کیا ٹھنڈے دل سے غور کیا تو میرے ضمیر نے

میرے اُوپر سخت ملامت کی۔ میں نے بہت زیادتی کی۔ میں نے سخت ناانصافی کی جو ایسے شخص کو کمینہ اور ذلیل کہا۔

مجھے بیحد صدمہ ہوا۔ بیحد مجھے رنج ہوا۔ بیحد میرا دل کڑہا۔ بیحد میری روح کو تکلیف ہوئی میں سخت ہزیمت خوردہ اور انتہائی روحی تکلیف میں مبتلا تھی کہ ایک دم سے میری نظر بنچ کے پاس ایک سُرخ و سیاہ دھبّہ پر پڑی! میں ذرا آگے کو جھکی کیونکہ مجھے ذرا بھی خیال نہ رہا تھا۔ رومیر برابر جگہ میں خون جما ہوا تھا اور قریب ہی اسکے ایک دوسرا خوں کا دھبّہ تھا مگر یہ مٹا ہوا اور گھسا ہوا تھا۔ جیسے کسی چیز سے رگڑ گیا ہو۔ معًا میرے دل میں بجلی کی طرح یہ خیال کوند گیا "یہ ایک شریف اور بہادر انسان کا خوں ہے . . یہ وہ خوں ہے جو میری جان اور عزت بچانے کی خاطر بہا ہے" معًا مجھے کچھ شبہ ہوا اور میں نے اپنے داہنے پیر کے جُوتہ کو دیکھا . خدا کی پناہ! میں نے اس خون کو اپنے جُوتہ سے رگڑا تھا! ایک دم سے میری حالت بگڑ سی گئی۔ اسقدر زبردست ضرب میرے دل پر پڑی کہ سرد سی ہو گئی۔ یہ گُناہ! . . ایک دم سے میں نے عالم بے اختیاری میں ایسا رومال نکال کر اس پاک خوں کو اچھی طرح رگڑ رگڑ کر پونچھ لیا۔ جُوتہ کو اتار کر اچھی طرح رومال سے پونچھا۔ رومال کو آنکھوں سے لگایا۔ مجھے سخت صدمہ جانکاہ پہونچا۔ ایسا کہ اس سے پیشتر مجھے کبھی ایسا صدمہ نہیں ہوا تھا۔ میرا دل کٹا جاتا تھا اور میری حالت غیر ہو گئی . میں رو رہی تھی . میری ہچکی بندھ گئی اور اس قدر میں پھوٹ کر روئی ہوں۔ اسقدر روئیں ہوں کہ خدا کی پناہ۔

میں نے اسی رومال سے اپنی پُرنم آنکھیں پونچھیں سفید ریشمی رومال تھا اور سارا خوں میں رنگین ہو گیا۔

میں تھک کر اور نیست ہو کر تکیہ لگا کر ٹک گئی۔ کمبل کو میں نے اچھی طرح اوڑھ لیا۔ رومال میرے سینہ پر خوں میں رنگا ہوا رکھا تھا اور میں گویا صدمہ سے نڈھال ہو کر اس رومال کو غور سے

دیکھ رہی تھی۔

دیکھتے دیکھتے میں کچھ سوتے اور کچھ جاگتے میں مجھے ایسا معلوم ہوا کہ جیسے کوئی اسٹیشن آیا اور واقعی اسٹیشن آیا تھا۔ اسٹیشن کی آوازیں مجھے ایسی معلوم ہو رہی تھیں کہ جیسے کوئی دور سے بول رہا ہے۔ اور مجھے یہ بھی نہ معلوم ہوا کہ گاڑی کب چلی۔

ایک دم سے ایک کھٹکا سا ہوا اور آنکھ کھلتے ہی میں نے دیکھا کہ کوئی سیاہ کیڑے پہنے ہوئے میرے ڈبہ میں گھس آیا۔ مارے دہشت کے میرے منہ سے ایک زور سے چیخ نکلی اور میں بیہوش ہو گئی۔

مجھے ہوش آتا معلوم ہوا۔ بہت زور لگا کر میں نے آنکھیں کھولیں جو پھر بند ہو گئیں پھر زور لگا کر میں نے آنکھیں کھولیں کچھ دھندلا سا سایہ سا معلوم دیا۔ میں نے پھر آنکھیں بند کر کے جو کھولیں ہیں تو میں نے مسٹر یوسف کو اپنے اوپر جھکا ہوا دیکھا۔ ایک ہاتھ میں اُن کے میرے بائیں ہاتھ کی نبض تھی اور دوسرے ہاتھ سے وہ میرے اوپر کمبل ڈھک رہے تھے۔ میں نے ایک نظر تو جا کر انکی طرف دیکھا اور پھر فوراً اُٹھنے کی کوشش کی وہ اشارہ سے منع کر کے سامنے والی سیٹ پر بیٹھ گئے۔ میرے ہونٹ بالکل خشک ہو رہے تھے اور حلق میں کانٹا سا پڑا تھا۔ میں نے جگ کیطرف دیکھا تو فوراً انہوں نے گلاس بھر کے پانی مجھے دیدیا میں اُٹھنے لگی تو سہارا دیکر مجھے اُٹھا ما چاہا مگر میں خود اُٹھ بیٹھی اور پانی لیکر پیا تو میری حالت ٹھیک ہو گئی۔

میں نے جس طرح ممکن ہو سکا شکریہ ادا کیا اور کہا "میں کس زبان سے آپکا شکریہ ادا کروں کہ آپنے دوبارہ میری جان بچائی"

ہنسکر انہوں نے کہا "لاحول ولاقوۃ۔ میں ہر اسٹیشن پر آپ کے ڈبہ کی نگرانی کرتا ہوں۔ اتفاق تو دیکھئے کہ جیسے ہی گاڑی چلی ہے میں نے دیکھا کہ ایک سیاہ پوش آپ کے ڈبہ میں گھسا۔ فوراً میں

کود کر چڑھ آیا۔ مگر وہ کود کر دوسری طرف نکل بھی چکا تھا سامنے میں نے اُسے ایک اور آدمی کے پاس کھڑا دیکھا ریلوے کا کوئی قلی تھا۔ اُس پار جانا چاہتا تھا۔ مگر آپ کا خوف کر بابا تھا۔ میں خود ڈر گیا۔"

اتنا کہکر اُنھوں نے خون میں لتھڑے ہوئے رومال پر جو میرے سینہ پر کمبل کے اوپر رکھا ہوا تھا غور سے دیکھا۔ بلکہ نظریں وہیں گاڑ دیں اور وہ بھی اسقدر غور کے ساتھ کہ مجبوراً مجھے بھی رومال کو دیکھنا پڑا۔

بس ایک دم سے میرا چہرہ فق سا ہو گیا۔ معاً اُنھوں نے سوال کیا۔ سخت متعجب ہو کر "یہ رومال کیا... "

میں شرم سے پانی پانی ہو گئی اور قدرتی طور پر میری نظر رومال سے ہٹکر اونکے روشن چہرہ پر پڑی، پھر اوسی جگہ پر جہاں سے میں نے خون پونچھا تھا۔ ساتھ ہی اونکی نظر بھی میری نظر کے ساتھ ساتھ گئی اور اُنھوں نے خون کے پونچھنے کا نشان صاف دیکھا۔ پھر رومال کو دیکھا اور پھر اُس دھبہ کو۔ ایک دم سے اونکا چہرہ جیسے تمتما اُٹھا اور اُنھوں نے میری کمزوری کو اور پریشانی کو دیکھ کر اپنی نظریں نیچی کر لیں۔ لیکن فوراً ہی وہ مصمم کیا کہ مرے پر سو دُرّے۔ کہنے لگے "آپ نے اپنا رومال ناحق خراب کیا کسی کاغذ سے پونچھکر پھینک دیا ہوتا کہ کہیں آپکے جوتہ میں نہ لگ جاتا۔"

یہ چوٹ مجھ سے نہ سہی گئی اور ایک دم سے میں نے کمبل میں مُنہ چھپا لیا۔ میرا دل بھر آیا۔ آنکھیں ڈبڈبا آئیں۔ میں بالکل بے قابو پھر ہو گئی، ابھی ابھی بیہوش ہو چکی تھی۔ برداشت مشکل ہو گئی۔ میں کمبل میں مُنہ بند کئے اپنا بخار نکالا کی۔ اسٹیشن بہت جلد آگیا اور قبل اسکے کہ ریل رُکے میں نے کمبل جو مُنہ پر سے ہٹایا تو وہاں کوئی نہ تھا۔

دوسرے روز بمبئی پہونچ گئی مگر نہ تو اُنھیں کہیں راستہ میں دیکھا اور نہ بمبئی میں۔ بمبئی میں دور دور رہنا دوبھر ہو گیا اور وہاں سے جس طرح ہو سکا جلدی کر کے بھاگی، واپسی میں مارے ڈر کے

تیسرے درجہ کا ٹکٹ لیا۔

اب تم ان تمام معاملات پر غور کرو اور صلاح دو کہ مجھے کیا کرنا چاہئے ؟"

میں نے سارا قصہ بڑے اطمینان سے سنا اور کہا کہ "بہن تمہیں اب یہ کرنا چاہئے کہ جس طرح بن پڑے یوسف صاحب کو راضی کرو۔ میری دانست میں اُن سے زیادہ حقدار تمہارا کوئی نہیں اور میں اس معاملہ میں گلے گلے تمہاری مدد کروں گی"۔

(۶)

میں نے سارا قصہ مولانا کو سنایا۔ اُنہوں نے خوش ہو کر کہا کہ "یہ کون بڑی بات ہے۔ کل ہی لو۔ یوسف صاحب ایسے کم ظرف نہیں جو ایک لڑکی کے خلاف اس طرح دل میں عناد رکھیں گے"۔

میں نے کہا "تم عناد لئے پھر رہے ہو۔ دونوں کی شادی گھٹواؤ"۔ اِسکا بھی جواب اُنہوں نے یہی دیا کہ یہ کون بڑی بات ہے۔

اب لطف سُنئے کہ رات ہی کو وہ یوسف صاحب کے پاس لورڈنگ میں گئے۔ اُنہوں نے اس غیر معمولی توجہ کی وجہ یوچھی یا پھر دوسری طرح کرید کر معلوم کر لیا کہ فیرورہ آئی ہے۔ لہذا ایک سرے سے آنے ہی سے انکار کر دیا اور عذر یہ کہ "میں کیا کروں گا"۔ بہت کچھ مولانا نے رو رو دیا۔ بیحد سمجھایا تو اُنہوں نے کہا کہ میں کسی شریف رادی نوجوان لڑکی سے اِس طرح ملنا جُلنا بہت معیوب سمجھتا ہوں۔ جب اُنہوں نے کہا کہ وہ کچھ معذرت کرے گی اور شکریہ ادا کرے گی تو اُنہوں نے کہا کہ "بخدا تب تو اور بھی مجھے نہ جانا چاہئے کیونکہ میں نے جو کچھ کیا وہ ہر غیور اور نوجوان کا فرض تھا اور رہ گئی معذرت تو اس کی تو ذرہ بھی ضرورت نہیں۔ گذشتہ را صلوات آیندہ را احتیاط"۔

جب وہ اِس طرح بھی قابو میں نہ آئے تو مولانا نے کہا کہ بھئی "اب صاف صاف سُن لو۔ ہماری یہ

رائے ہے کہ اس خدمت کے صلہ میں ہم تمہاری اُن کی شادی تجویز کرادیں"

اس مذاق پر فلسفیانہ انداز سے وہ بگڑ بیٹھے "یہ خوش" انہوں نے کچھ بُرا مان کر کہا "لاحول ولاقوۃ۔ اس کا تو کبھی خیال بھی دل میں نہ لانا۔ عمر میں شاید میں نے ایک ہی کام کیا ہے جسپر میرا ضمیر مجھے شاباش دیتا ہے کہ میں نے بے غرض اور بے لوث ہو کر اپنی جان خطرہ میں ڈالکر ایک بیکس کی موقعہ پر امداد کی اور تم یہ چاہتے ہو کہ میری عمر کا واحد کارنامہ غرض مندی اور صلہ کے لالچ سے آلودہ ہو کر مٹی ہو جائے۔ اس کا تو مجھے خیال ہی نہ کرنا چاہئے۔ اور نہ تم اس کا خیال کرنا"

قصہ مختصر مولانا نے سخت مُنہ کی کھائی اور کچھ خفیف ہو کر واپس ہوئے دوسرے دن پھر گئے تو پھر انہیں اٹل اور ضرورت سے زیادہ اپنے ارادہ پر قائم اور حد درجہ کا متین پایا۔ لاکھ لاکھ سر مارا مگر مدۂ خدا ٹس سے مس نہ ہوا۔ جھک مار کے اور ہار کے بی فیروزہ چلی گئیں کیونکہ زیادہ وہ ٹھہر نہ سکتی تھیں۔

یہ ہوا اُس نفرت کا انجام جو بی فیروزہ کے سینہ میں یوسف صاحب کی طرف سے جاگزیں تھی کہ بی فیروزہ پریشان اور شکست خوردہ تھیں۔ اُن کی زندگی بقول خود اُن کے ایک ذلیل زندگی تھی۔ قصہ مختصر کہ ان کا مقصد حیات اب اُن کے سامنے تھا سب سے پہلے تو اُس نسبت کو توڑنا تھا جس کے چھوٹ جانے کا اندیشہ کسی وقت میں وبال جان تھا اور جو خود اب وبال جان معلوم ہو رہی تھی اور سمجھ میں نہ آتا کہ کس طرح گلو خلاصی ممکن ہوگی۔

دراصل ہماری معاشرت بھی بعض اوقات عجیب و غریب پیچیدہ مسئلے پیش کرتی ہے اور بالخصوص لڑکی خود کی حالت ایسے موقعہ پر قابل رحم ہوتی ہے اگر وہ دراصل اپنے نسوانی وقار اپنے جذبۂ خود پسندی۔ اور اپنے صحیح اور بالغ جذبات کا اظہار کرتی ہے اور اسپر کاربند ہوتی ہے یا ہونا چاہتی ہے تو اسکے تمام افعال صحیحہ کو خود اصل فرستہ حصالی پر مبنی ہوتے ہیں ایک دنیا کی دنیا

کیا عزیز و اقارب اور کیا دیکھنے سُننے والے۔ غرض سب کے سب بازاری عشق اور بدچلنی پر محمول کرتے ہیں۔ سب یہی کہتے ہیں کہ آزادی تو دیکھو آوارگی تو دیکھو۔ بدچلنی تو ملاحظہ ہو۔ یہ کوئی نہیں سمجھتا کہ غریب لڑکی عشق و محبت کا نام تک نہیں جانتی۔ فرماں بردار بیوی بنکر ایک اچھے شوہر کے ساتھ رہنا اوسکا مقصدِ حیات ہوتا ہے اور تمام افعال اسکے بازاری عشق یا بدچلنی اور گندگی سے پاک ہوتے ہیں اور کچھ اور ہی جذبات ہوتے جو لڑکی کو کسی خاص وجہ سے کسی کا گرویدہ کر دیتے ہیں۔ مگر ہاں یہ ہی واقعہ ہے کہ "حدا بخ انگشت بحساں نہ کرد"۔ گو سفند کے لباس میں بھیڑیئے بھی ہیں۔ مگر تُف ہے اوں لوگوں پر جبکو حدیثیں بھی تلاش کرنا آتی ہیں تو ایسی کہ آوارگی اور بدچلنی عورت کا حصہ ہے۔

ذرا غور کیجئے فیروزہ کی حالت پر کیا یہ تقاضائے نسائیت نہیں کہ وہ یوسف کی عمر بھر زرخرید لونڈی بنکر رہنے کی تمنا پر مرمٹے۔

باب (۱۴)

شاہدہ کی شادی

(۱)

شاہدہ ایک پھول تھی جو کُمہلا کر رہ گیا شادی کے غم میں کہہ کر وہ کانٹا ہو گئی۔ اُسکا کھا ما پینا چھوٹ گیا۔ روتے روتے اسکو غش آجاتے تھے اور نہ معلوم کون چیز تھی جو اُسکو خودکشی سے باز رکھے ہوئے تھی میں بہت کچھ سمجھاتی مگر اس کا غم بے پایاں تھا پیشتر جب کبھی وہ ملتی تھی ہنستی اور ہنساتی تھی اور اب وہ ملتی تو روتی اور رولاتی تھی۔ اور وہ بھی ایسی کہ ہچکیاں بندھ جاتیں۔

اُسکا رنگ و روپ سب رُخصت ہو چکا تھا۔ اُس کے شاداب چہرہ پر مُردنی چھائی رہتی تھی۔ افسوس کہ وہ شباب اور جوانی کی بہترین اور جلیلی تصویر اب رنج و غم سے گھل گھل کر ماتم اور افسوس کا اُجڑا سا خاکہ ہو کر رہ گئی تھی۔

ابوالحسن صاحب جب کبھی مولانا سے شاہدہ کی حالت سُنتے تو مسکرا کر کہتے "سب ٹھیک ہو جائیں گی۔ کشمیر لے جاؤں گا" وغیرہ وغیرہ۔ پھر بھی مولانا نے کوششوں میں کمی نہ کی خود میں نے کیسے کیسے ابوالحسن صاحب کو خط لکھے۔ مگر بیکار۔ شاہدہ کی والدہ صاحبہ سے کس کس طرح ہم لوگوں نے کہا مگر وہ بھی ٹس سے مس نہ ہوئیں۔ اُلٹا یہی کہتیں "بیٹی کیا اس خاندان کی عزت گنواؤں گی۔ بڑھاپے میں مُنہ کالا کرواؤں گی۔ سمجھاؤ کمبخت کو"

ہم سب دیکھتے تھے کہ ابوالحسن صاحب کے روپیہ کا زور کیسا ہے۔ جو دیکھتا اور سُنتا شاہدہ کے حق میں دعا کرتا۔

شاہدہ کی اب یہ حالت تھی کہ ہمجولیاں اس سے باتیں کرتیں اور درد بھری باتیں سُنکر مُنہ موڑکر ٹھنڈا سانس لیکر آنکھیں ایسی پونچھ کر رہ جائیں کسقدر اچھی گانے والی تھی۔ ایک روز اُسی کا دل بہلانے کو ہم دو چار لڑکیوں نے گانا شروع کیا۔ پھر شاہدہ کو بھی گانے پر مجبور کیا اس نے اوّل تو انکار کیا مگر پھر اصرار سے مجبور ہو گئی اس نے گانا شروع کیا۔ اس کی سُریلی آواز میں اب عجیب درد و گداز تھا۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ باجہ سے سور نکل رہا ہے۔ گاتے گاتے اُس کی آواز بدل گئی۔ گھُٹ کر بند ہو گئی، وہ خود رو رہی تھی اور ہم سب بھی اُسکے ساتھ اُس کے درد بھرے گیت نے اپنے سوز و گداز سے اوروں کا دل پگھلا دیا! چشم روں میں گانے کی محفل رونے کی مجلس ہو گئی۔

(۲)

شادی کے ہفتہ میں وہ سب سے ملکر رخصت ہوئی۔ خود روتی اور ملنے والیوں کو رُلاتی۔ سب دعا کرتے کہ اللہ تیری مشکل آسان کرے۔ صبر کر۔ مگر وہ تو ارادہ ہی دوسرا کر چکی تھی۔

میرے ہاں وہ آئی۔ اُسکی طبیعت میں عزم و سکون معلوم دے رہا تھا بڑے استقلال سے اُسنے مجھ سے کہا میں سُن سی ہو گئی پیروں تلے سے میرے زمین نکل گئی "وہ خودکشی کرنے پر تیار تھی! لاکھ میں نے سمجھایا۔ بجھایا مگر اوسکو اپنے ارادہ میں مستقل پایا غرض مجھ سے آخری ملاقات کرکے وہ روتی دھوتی چلی گئی۔" کیا واقعی خودکشی کریگی؟" میں نے مولانا سے پوچھا انھوں نے کہا "کیا عجب ہے زندگی سے بیزار ہے!"

رات بھر میں بے چین رہی۔ صبح اُٹھتے ہی دوڑی گئی دیکھوں تو شاہدہ جیتی جاگتی بیٹھی ہے مجھے دیکھکر بے موقعہ مسکرا دی۔ مجھ سے تو وہ ایسی خوفناک باتیں رات کو کرکے آئی تھی کہ میں یہ سمجھی تھی کہ صبح شاہدہ کی موت کی خبر آئے گی میں نے کہا "کمبخت تو اور مصیبت میں مصیبت کئے

ٹے رہی ہے"

اِسپر وہ قسم کہا کر کہنے لگی "پہلے میں نے رسّی کا پھندا حلق میں ڈالکر کسا تو ہن جب گلا گھٹا تو پھڑک کر میں نے دور پھینکا۔ پھر رات کو اُٹھی اور چوڑیاں سل پہ جاکر پیسیں کہ اُنہیں گھولکر پی لوں۔ مگر خیال آیا کہ آنتیں کٹ جائیں گی سخت درد ہوکر مرونگی۔ پیٹ کے درد سے میں ویسے ہی ڈرتی ہوں پھر اس کے بعد کوٹھے پر چپ کے سے چڑھی کہ اپنے کو گرادوں۔ نیچے اندھیرے میں جھانک کے جو دیکھا تو مارے ڈر کے دم نکل گیا۔ بھاگی سیدھی وہاں سے۔ چاقو چھری سے گلا کاٹنا میرے بس کی بات نہیں اور زہر ملتا نہیں۔ میں تو گھل گھل کر اب مرونگی"

میں وہاں سے طے کرکے چلی آئی کہ شادی سے پانچ روز پہلے آجاؤنگی۔

دوسرے روز گھر پر ریت کا خط ملا۔ وہ ایسی بے خبری میں لکھنؤ میں دن گذار رہی تھی کہ یہاں کی اُسکو خبر ہی نہ تھی۔ ستم یہ کیا کہ اپنا پتہ بھی نہ لکھا خط لکھکر کچھ نجمی کا حال احوال پوچھتی۔

(۳)

میں اپنے کپڑے لتے اور سوٹ کیس دُرست کر رہی تھی کیونکہ شام کو شاہدہ کے یہاں جانا تھا اور کم از کم پانچ چھ روز کے لئے۔ میں کپڑے دُرست کر رہی تھی کہ نجم والی آئیں۔ ویسے ہی کچھ دن سے یہ الگ تھلگ تھیں اپنے قصوں کی وجہ سے اُن کے قصے یہی تھے کہ طرح طرح کی باتیں اور شگونے ہر اتوار کو جم کے خط کے ساتھ چھوٹتے تھے ہر ہفتہ کچھ نئے خیالات۔ کچھ نئے تفکرات اُن کی زندگی ہی ایک دل خوش کن خواب تھی۔ ویسے تو ہم سب میں آپس میں بڑی گہری دوستی تھی مگر پھر بھی شاہدہ کو مجھ سے زیادہ لگاؤ تھا اور جم والی کو زینت سے زیادہ لگاؤ تھا۔ بات یہ تھی کہ یہ باتیں گھر کی قربت سے شاید متعلق تھیں۔ قصہ مختصر جم والی حیران اور پریشان پہونچیں۔

"خیر تو ہے؟" میں نے حواس باختہ دیکھکر پوچھا۔
گھبرا کر جم والی بولیں کہ "وہ آگیا!..... نجمی"
"ہیں"! میں نے تعجب سے کہا "نجمی!"
"ہاں" جم والی بولیں "اور میرے یہاں ٹھہرا ہے! بھائی جان کے یہاں! پھر بھائی جان نے خود مجھے بلا کر اُس سے ملایا یہ کہکر "یہ نجمی جم کے بڑے دوست ہیں۔ ملو اِن سے"
میں سخت تعجب میں کھڑی کی کھڑی رہ گئی۔ میں بھلا کیا کرتی محسوراً ایسے ملی جیسے کبھی پیشتر کی ملاقات ہی نہ تھی"
"پھر کیا کروگی تم؟" میں نے جم والی سے پوچھا۔
"کروں گی کیا؟ میں ڈر رہی ہوں"
"تم کہدو مالینے بھائی جان سے اور نہیں تو لاؤ میں کہلوادوں"
"ناہیں" جم والی ڈر کے بولی "مار ڈالے گا مجھے۔ مصیبت تو یہ ہے کہ میں نے شاہدہ کے یہاں جانے کی کوشش کی تو بھائی جان نے کہا کہ "ابھی سے جاکر کیا کروگی گھر میں مہمان آیا ہے۔ اب میں گھبرا رہی ہوں کہ کیا کروں"
میں نے یہی رائے دی کہ اپنے بھائی صاحب سے صاف صاف کہدو ورنہ خیر نہیں۔ چنانچہ جم والی وعدہ کرکے گئیں کہ ضرور کہدوں گی۔ جم والی کہنے لگیں کہ بھائی جان تو اُس سے ایسے بے تکلفی سے ملے جیسے اُنہیں پیشتر سے جانتے ہیں لیکن جب میں نے پوچھا تو معلوم ہوا کہ جم کے دوست ہونے کی وجہ سے بے تکلفی ہے ورنہ پہلے کبھی نہیں ملے۔ جم کا وہ مودی کوئی خط لایا ہے۔ میں اِسوجہ سے اب اور بھی ڈر رہی ہوں کہ اُنہوں نے کہدیا ہے کہ شام کو اُن کے ساتھ موٹر پر گھومنے جایا کروں۔ میں تو ہرگز نہ جاؤں گی"

غرض اسی قسم کی اندیشہ ناک باتیں کر کے حم والی چلی گئیں۔ میں عجیب سوچ میں تھی اور حم والی کی طرف سے سخت متفکر تھی کہ دیکھو کیا ہوتا ہے۔ ایک طرف شاہدہ کی طرف سے فکر کیا کم تھی کہ یہ دوسرا وہم سوار ہو گیا۔

(۴)

شاہدہ کی شادی میرے لئے بدترین مصیبت تھی۔ اُس نے تین روز پہلے کھانا بالکل ہی چھوڑ دیا تھا میں اس لئے آئی تھی کہ اُسے دلاسا دوں گی مگر میرا تو اُس سے بھی زیادہ ابتر حال ہو گیا۔ مگر ذرا غور تو کیجئے کہ آنے والیاں کیا کہتی تھیں ایک بولیں "ہمارا اپنا حال ماں باپ کے غم میں اِس سے بھی بدتر ہو گیا تھا" دوسری بولیں "ہم نے خود دس روز کھانا نہیں کھایا تھا" تیسری بولیں "ہم اِس سے بھی دُبلے ہو گئے تھے" چوتھی بولیں "ہم خود مہینہ بھر دن رات روئے تھے" غرض وہاں کوئی ایسی بی بی نہ تھی جسکو شاہدہ کے حالات قابلِ رحم یا غیر معمولی معلوم ہوتے۔

عین رُخصت والے دن مولانا کا ایک رُقعہ آیا کہ مجھ سے دس منٹ کے لئے مل لوٗ میں تو کر کے میں اُن سے ملی تو اُنہوں نے وہ خبر وحشت اثر سنائی کہ میرے پیروں تلے سے زمین نکل گئی وہ خبر کیا تھی کہ میرے لئے پیغام موت تھا۔ مختصراً کہتی ہوں نجمی حم والی کو موٹر میں لیکر شام کو ہوا کھانے گئے۔ آبادی سے دور مغرب کے وقت سُنسان سڑک پر اُنہوں نے ایک دوسرا موٹر کھڑا دیکھا۔ نجمی نے ڈرائیور سے کہا موٹر روکو۔ ڈرائیور نے موٹر کے پاس موٹر روک لیا۔ دوسرے موٹر کا ڈرائیور مُنہ پر ڈھاٹا باندھے تھا کہ پہچانا نہ جا سکے۔ نجمی نے اپنا پستول نکالکر ہاتھ پکڑ کر حم والی کو دوسرے موٹر میں ڈالا اور حم والی کے گولی مارنے کی دھمکی دے کر حکم دیا کہ میرے ساتھ بیٹھو کوئی آٹھ میل اپنے ساتھ لیجا کر چھوڑ دیا کہ بھاگ جاؤ۔ رات کے دس بجے بیچارہ ڈرائیور گھبرا بوکھلا اور

نئی روشنی کے دلدادہ بھائی سے بہن کی فراری کا قصہ تفصیل کے ساتھ سُنایا۔ بھائی نے ڈانٹ کر کہا "بھاگ جاؤ مت بکو فضول۔ خبردار کسی سے تذکرہ اسکا کیا" اللہ اللہ خیر صلاح !!

میں اس خبر کو سُنکر سر پکڑ کر بیٹھ گئی۔ مولانا نے کہا اِسکا بڑا چرچا ہو رہا ہے بلکہ سب کو یہ شبہ ہو رہا ہے کہ خود بھائی نے بیاہی لڑکی کو دوسرے کے حوالہ کر دیا۔ بالفرض یہ بھی کیا تب بھی جو ستم غریب جم والی پر ہوا اُسکا کسی کو کیا علم ہو سکتا ہے۔ میں نے رنجیدہ ہو کر دل میں کہا دونوں بیچاریوں کی شاہدہ اور جم والی دونوں کی تقدیر پھوٹ گئی۔ شاہدہ تو پھر بھی شاید بچ جائے مگر جم والی کے بارہ میں مجھے قطعی یقین ہو گیا کہ سر پٹک پٹک کے جان دیدے گی

اب میں اپنی سوسائٹی کی موجودہ خطرناک آزادی پر غور کر رہی تھی۔ میں نے دل میں کہا۔ "کیا اسی پر دعوے ہے انکو اپنی تعلیم اور راستگی کا۔ کیا اس آنکھوں کو خیرہ کر دینے والی نئی روشنی کے یہی خطرناک نتائج ہیں۔ کیا اسی شرافت پر یہ دعویدار اِن تہذیبِ جدید اپنی معاشرت کی بُنیاد رکھیں گے اسمیں خطا کس کی تھی ؟ نہ جم والی کی اور نہ اُنکے بھائی کی اور نہ ظالم بجی کی بلکہ اس کورانہ تقلید کی جس کی روا ندھا دھند ہماری سوسائٹی کو بہائے لیجا رہی ہے"!

(۵)

شاہدہ کی شادی اور جم والی کا غم۔ خدا کی پناہ۔ مجھے اپنی شادی سے پہلے کی تمام مصیبتیں یاد آگئیں۔ مگر ان میں اور اُن میں بڑا فرق تھا اُن کا انجام نیک ہوا اور اِنکا انجام ؟ یہ سوال تھا۔

رُخصت کے وقت جو کہرام ہوتا ہے ظاہر ہی ہے اور پھر میں نے اس میں کیا کچھ نہ اضافہ کیا ہوگا جبکہ میں خود شاہدہ سے گلے ملکر بیہوش ہو گئی۔ عرص شاہدہ اِدھر رخصت ہوئی اور اُدھر میں بیمار پڑ کر گھر پر آئی۔

میاں ابوالحسن نے انمول بیوی کو لیکر سیدھے کشمیر کا رخ کیا۔ اُسی روز اُسی گاڑی سے وہ سیدھے کشمیر چلدیے۔

ہفتہ بھر تک میری حالت ابتر رہی۔ جب ذرا طبیعت ٹھیک ہوئی تو دل ٹھیک نہ طبیعت ٹھکانے۔ اپنی عزیز ترین سہیلیوں کا داغ اس طرح اُجڑ گیا۔ میں رہ رہ کر روتی اور شاہدہ اور رحم والی کے حسین اور معصوم چہرے میری آنکھوں کے سامنے آکر مجھے تڑپا جاتے۔ میں بہت دن اپنے کمرہ میں منہ دیئے اپنی سہیلیوں کی یاد میں تڑپا کی۔

!

بی شاہدہ اور جم والی کے وجود کا گویا میرے لئے خاتمہ ہی ہو چکا تھا۔ جم والی کا تو پتہ ہی نہ چلا کہ زمین کھا گئی یا انکو آسمان۔ رینت تو لکھنو کی رینت ہو کر رہ گئیں اور دراصل انکا قیام یہاں پر تھا بھی عارضی اور اب تو شاید والیسی کی امید بھی نہیں تھی۔

شاہدہ کو شادی سے رخصت کرا کے مسٹر ابوالحسن کشمیر لے گئے۔ اور وہاں جا کر وہ رویہ اختیار کیا کہ دل میں میرے ناسور ڈال دیئے۔ میں نے دو خط شاہدہ کو لکھے مگر جواب نہ دارد۔ ایک اور لکھا تو شاہدہ کا مختصر سا جواب آیا۔ وہ یہ کہ "خط ملا۔ مفصل پھر لکھوں گی"۔ اس کے بعد پھر خاموشی میں نے پھر لکھا تو پھر یہی جواب آیا کہ "خط ملا ہے اور مفصل جواب پھر دونگی"۔

صاف ظاہر تھا کہ مسٹر ابوالحسن نے وہ مضمون کر رکھا تھا کہ ع نہ تڑپنے کی اجازت ہے نہ فریاد کی ہے۔ شاہدہ کو وہ دل کا حال کیوں لکھنے دیں گے! میں نے دل میں کہا۔ میں نے غلطی کی جو اوس سے تفصیل پوچھی کہ تمہارے اوپر کیا گذرتی ہے اور کیسا برتاؤ ہے۔

مار کے چھین لیگا میں نے دل میں کہا۔ کس سودی سے کمخت کا پالا لوگوں نے ڈالا ہے۔ غرض تھوڑے دن تک تو کڑھا کی اور رنج کیا کی حب شاہدہ کی مصیبت کا خیال آتا دل

مسوس کر رہ جاتی۔ آنکھیں نم ہو جاتیں۔ دل سے ایک پُر درد آہ نکلتی کہ خدا کی شان ہے۔ دیکھو عبرت کا مقام ہے کہ وہ جو ہر وقت پھول کی طرح کھلی رہتی تھی جس کی رگ و پے میں شرارت اور تیزی زندہ دلی اور خوش دلی بھری ہوئی تھی اسکو گردش نے یوں پیس کر مٹی کر دیا کہ اب تک تو وہ خاموش ہے۔ کوئی مجھے جیسے چھیڑ کر کہتا تھا۔

اے بزم تیرا عشوۂ دلجو کدھر گیا — سر چڑھ کے بولتا تھا وہ جادو کدھر گیا!
کلیاں وہ کیا ہوئیں تیرے دامانِ ناز کی — پھینکی تھیں آتی تھی زُلفِ دراز کی!

میں کیا کہوں کہ وہ سر پہ چڑھ کے بولنے والا جادو کدھر گیا! آنکھیں اسکی غمناک تھیں اور دِل پُر تاب۔ اب تو سرم ہی ویران تھی۔ تمام دامانِ ناز کی کلیاں خزاں کے ہاتھوں مرجھا گئیں تھیں۔

"ابتو یاد ایام عشرت فانی" کہکر میں فیروزہ کی اُلجھنوں میں پڑی ہوئی تھی۔ ایسا صدی فلسفی بھی دیکھے میں کاہیکو آیا ہوگا جیسے مسٹر یوسف۔

"آپ کون ہیں؟" اُنہوں نے ایک روز مولانا سے پوچھا "کیا آپ پیغام بر ہیں؟ یا پھر تناصِ حقیقت یا محض خدائی موجدار! اور پھر کچھ مطلب بھی تو آخر واضح ہو کہ جناب کس حیثیت سے اور کیا فرماتے ہیں؟"

مولانا بولے کہ "بھائی میں یہ کہتا ہوں کہ اس غریب نے جو کچھ کیا حماقت اور جہالت میں کیا اور اسکو سخت شرمندگی اور افسوس ہے"

"آپ کو کیسے معلوم؟"

"اپنی بیوی کے ذریعہ سے"

"اچھا تو پھر؟"

"پھر یہ کہ آپ نے سخت ترین طنز بہ حملے استعمال کئے اور اس غریب کی شکست اور اعترافِ غلطی کو بھی تسلیم نہیں کیا۔"

"یہ غلط ہے۔" وہ بولے "مجھے تسلیم ہے میں نے طنزیہ حملوں سے کام لیا۔ مگر وہ امر قدرتی تھا۔ آپکو معلوم ہے کہ میرے لئے کیا کیا شائستہ الفاظ انہوں نے استعمال کئے تھے خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آسمان کا تھوکا حلق میں آیا۔ لیکن مجھے جب بھی افسوس تھا اور اب بھی ہے میں انکے اعتراف کی قدر کرتا ہوں۔ انکی شرافت کی داد دیتا ہوں اب اور کیا سر دے ماروں۔"

مولانا نے انکی طرف دیکھا۔ کیا تجاہلِ عارفانہ سے وہ کام لے رہے تھے اور پھر بہ ایں ہمہ مولانا نے کہا۔ "پھر آپ کا کیا خیال ہے؟"

"میرا یہ خیال ہے" وہ بولے "کہ وہ ایک اچھی صورت شکل کی ملکہ نہایت ہی خوبصورت لڑکی ہے نہایت ہی شریف اور ایک بھولا اور معصوم مگر جلد باز دل اپنے پہلو میں رکھنے والی۔"

"تو پھر آپ اُن سے شادی کریں گے؟"

"آپ کی کیا رائے ہے؟" اُنہوں نے پوچھا۔

"میری یہ رائے ہے کہ آپ اُنکے یہاں پیغام بھیجیں۔"

"پیغام بھیجوں؟ . . . . اور وہ پھر میری اسی طرح مٹی پلید کریں۔ میں نے عمر میں ایک اور صرف ایک کارنامہ کیا ہے بغیر کسی دنیاوی لالچ کے اور وہ یوں برباد ہو۔" شاید آپ کو معلوم نہیں کہ کس طرح میں نے اپنی جان کو خطرہ میں ڈالا تھا۔"

مولانا بولے "مجھے سب معلوم ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ایسا نہیں ہوگا۔ آپ پیغام تو بھیجیں۔"

"مگر اس کا ثبوت ؟"

"میں یقین دلاتا ہوں"

"معاف کیجئے . . . بالفرض میں یقین نہ کروں تو کیا مضائقہ ہے ؟"

"پھر جس طرح آپ کہیں آپ کا اطمینان کرایا جا سکتا ہے"

"مگر میں شادی نہ کرنا چاہتا ہوں تب ؟"

"شادی تو آپ کی ہوگی اور بالضرور ہوگی اور آپ کریں گے لہذا کیوں نہ یہاں ہو۔ میری درخواست پر"

"آپ کی درخواست ؟ یا اور کسی کی ؟ دیکھئے یہی باتیں آپ کو عمر بھر ستاتی ہیں کس کی درخواست ہے کہ میں اُن سے شادی کروں ؟"

"میری امیری !!! میری !!!" مولانا رو رو دیکر بولے "میری بیوی کی درخواست پر !"

"معاف کیجئے گا، اور گستاخی معاف، آپ کی اور آپکی بیگم صاحبہ دونوں کی درخواست قطعی نامنظور" اب معلوم ہوا کہ آپ پیغام بر نہیں بلکہ خدائی فوجدار ہیں حضرت آپ کون ؟"

مولانا ہنسکر بولے "میں پیغامبر ہوں۔ بخدا خدائی فوجدار نہیں"

انہوں نے جواب دیا۔ "اور میں حتم ہوتے کے بعد پیغام بر تو ٹری چیر ڈاکیہ کے وجود سے ہی منکر ہونے کی فکر میں ہوں کیا وہ خود لکھا نہیں جاتیں ؟ اگر انہیں کچھ مجھ سے کہا سنا یا پیغام بھیجنا ہے تو بسم اللہ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ مجھے انہیں کوئی پیغام نہیں دینا ہے۔ نہ شادی کا نہ ویسا"

مولانا بولے "تو پھر آپ وعدہ کرتے ہیں"

"کس بات کا ؟"

"کہ آپ شادی کا پیغام دیں گے"

"میں نہیں دُونگا۔ نہ میں چاہتا ہوں۔ وُہ چاہتی ہوں تو وہ پیغام دیں ابھی ابھی تو سب کُچھ سمجھا دیا اور سب بُھول گئے! ارے بھائی صاف صاف بات ہے۔ اگر وُہ چاہتی ہوں کہ میں اُن سے شادی کروں بلکہ میں نے غلط کہا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اگر وہ چاہتی ہوں کہ مجھ سے شادی کریں۔ تو خُود مُجھکو شادی کا پیغام دیں.... اپنے ہاتھ سے"

"یہ آپ کی زیادتی ہے" مولانا بولے "آپ ایک مُسلمان لڑکی۔ شریف زادی سے کیونکر ایسی توقع کر سکتے ہیں؟"

وُہ بولے "میں اِسلئے توقع کر سکتا ہوں کہ سب سے پہلی مُسلماں عورت نے خُود حضورِ انور کو پیغام دیکر شادی کی اور پھر ایک اور صحابیہ نے خود بالمُشافہ اور زبانی آپ سے پیغام نکاح دیا کوئی وجہ نہیں جو آج کل کی مسلمان لڑکیاں صحابیات سے بڑھ چڑھ کر اپنا رُتبہ بنائیں۔ اگر ضرورت پڑ جائے تو کیا مُضائقہ ہے۔ اُنہیں اگر ضرورت ہو تو ایسا کریں ورنہ جانے دیں جو انکو بے حیا خیال کرے وُہ ملعون الدہر ہے اور مسلمان نہیں رہ گیا اسکے پیغام کا قبول کرنا تو وہ میرا فعل ہے۔ میں مُختار ہوں اپنے فعل کا، جیسا جی چاہے کرُونگا"

مولانا شکست کہا کر واپس ہوئے، چلتے چلتے یُوسف صاحب دوڑے اور پکار کر کہا "اجی حضرت! واضح رہے میں تحریر کو اچھی طرح پہچانتا ہوں"

میں نے یہ باتیں سُنکر قطعی طے کر لیا کہ یہ عورتوں کی توہین ہے۔ ہرگز ہرگز وہ ایسا ارادہ نہیں۔ ہرگز ہرگز وہ ایسی ذلت نہیں برداشت کر سکتی۔ انکو مغالطہ ہے۔ وہ غلط فہمی میں مُبتلا ہیں وہ اس سے زاید کُچھ نہیں چاہتی کہ اگر ایسا ہوتا تو بہتر تھا۔ اس سے زاید اس کی طرف منسوب کرنا نہ صرف اسکی بلکہ تمام غیور لڑکیوں کی توہین ہے مقصدِ حیات اُسکا اگر کُچھ ہے یا ہو سکتا ہے تو خُودداری وقار

حیا۔ شرم اور ساتھ ہی پھر اظہار تشکر یا مناسبت کو دیکھتے ہوئے ایک ادنیٰ سا خیال اور یہی تائید مبالغہ کی صورت میں سب کچھ ہو سکتی ہیں مجھے یوسف صاحب پر سخت غصہ آیا۔ میں نے ارادہ کیا کہ انکی داستان "خردماغی" فیروزہ کو کل کی کل لکھدی جائے۔

مگر مولانا نے مجھ سے کہا کہ "یوسف صاحب کی تمام حرکتیں" حق بجانب ہیں۔ تمہیں کیا معلوم کہ اُن کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا ہے۔ جب مردوں کی توہین ہوئی تو اب عورتوں کی توہین ہونا چاہیئے۔ کبھی ناؤ گاڑی پر تو کبھی گاڑی ناو پر۔ میری تو بڑی طبیعت خوش ہوئی جو انہوں نے کہری کہری سائی۔ پچھتر دفعہ کسی کو غرض پڑی ہو تو پیغام دیتی پھرے نہیں تو وہ اپنے گھر خوش اور یہ اپنے گھر"

انصاف کی بات یہ ہے کہ تھوڑی سی میری بھی غلطی تھی جو میں نے فیروزہ کی طرف سے دل میں سوچ کر طے کر لیا تھا کہ اب سوائے اس کے اور کوئی چارہ ہی نہیں۔ لیکن واقعہ اگر پوچھئے تو سوائے اس کے کچھ نہ تھا کہ وہ یوسف صاحب کی جرأت اور خدمت سے اسقدر زبردست طریقہ پر متاثر ہوئی تھی کہ ایسی گذشتہ باتیں اوسکو یاد کر کے سخت تکلیف ہونا لازمی تھی پھر معاملہ بھی بیا بیا تھا۔

چنانچہ میں نے جو جلکر اور نمک مرچ لگا کر فیروزہ کو لکھا تو اوس نے وہی جواب دیا جس کی مجھے توقع تھی۔ کچھ تلخی سے اس نے لکھا "خدا نہ کرے میں کسی کی خوشامد کرتی پھروں یہ واقعہ ہے کہ یوسف صاحب نے مجھ پر جو احسان کیا ہے اسکا بدلہ کبھی ادا نہیں ہو سکتا اور اگر اُن سے شادی ہو جاتی تو عین خوش قسمتی سمجھتی مگر اس کے یہ معنی انہوں نے یا تم نے کدھر سے لیلئے کہ میں اُن کے لئے دیوانی ہو رہی ہوں ہاں اگر دیوانی ہو رہی ہوں تو اسقدر کہ بس نہیں میرا کہ کسی طرح انکا شکریہ ادا تو کیا ہو جائے بلکہ اس کا اظہار ہو جائے۔ انکو اختیار ہے کہ جو جی میں آئے مدد زمانی کر سکتے ہیں پھر بھی میرے اوپر کوئی زیادتی نہ ہوگی۔

میری حالت زیادہ سے زیادہ اب یہ ہے اور اگر میں شریف ہوں تو ہونا ہی چاہیئے۔ اور وہ یہ

کہ مجھے خواہ وہ جو کچھ بھی کہیں حق بجانب ہیں ذلیل کرلیں تو انہیں حق ہے۔ حقارت کی نظر سے دیکھیں تو درست ہے اور پھر ان سب باتوں کے بعد بھی اگر وہ میرے ساتھ شادی کرنے کا پیغام دیں تو میری ہمت نہیں کہ انکار کرسکوں۔ اس سے زیادہ اگر تم کچھ اور سمجھیں تو تمہاری محبت ہے اور اگر وہ سمجھے تو ان کا حق ہے۔ میں انکے جوتوں کو سر اور آنکھوں پر رکھنا اگر عین شرافت خیال کرتی ہوں تو یہ تو نہیں ہوسکتا کہ لسوانی وقار یا شائستگی کہو بیٹھوں ... ."

خط پڑھکر میری طبیعت خوش ہوگئی اور مولانا کو بھی معلوم ہوگیا کہ معاملہ کا کیا رنگ ہے۔ وہ کچھ ملول سے ہوگئے اور ہونا ہی چاہیے کیونکہ وہ یہ بھی تو غور کرتے ہونگے کہ میری وجہ سے فیروزہ نے یوسف سے شخص کو ٹھکرایا تھا۔ مگر ساتھ ہی وہ جانتے تھے کہ فیروزہ دب جائیگی اور کہتے تھے "کوئی ہرج نہیں ہے اگر وہ خود خط لکھدے" میں کہتی تھی کہ "ہرگز نہیں لکھ سکتی۔ مگر شادی ضرور ہونا چاہیئے۔"

بہت جلد دونوں طرف سے ناامیدی ہوگئی۔ نہ یہ دبے اور نہ وہ۔ دیکھا جائے تو دونوں حق بجانب تھے وہ اپنے کارنامہ پر نازاں تھے تو فیروزہ بہ حیثیت ایک نوجوان لڑکی ہونے کے حق دار تھی کہ عرض مدعا نہایت ہی عجز و انکسار سے اوسکی خدمت اقدس میں "عرضی سوال" پیش کریں۔ دل کی بات خدا جانے مگر ظاہر میں دونوں اپنے اپنے وقار اور پوزیشن پر قایم تھے صاف معلوم ہوگیا کہ وہ تلوں مزاجی اور وہ قلب کی رقت جسکا کہ فیروزہ نے میرے ہاں آکر اظہار کیا تھا محض ایک عارضی اور وقتی چیز تھی مبالغہ جاتا رہا اور اس کی جگہ سلامت اور میانہ روی اور سنجیدگی اور معاملہ فہمی نے لیلی۔

مگر ایک لطف کی بات سنیئے کہ بی فیروزہ بڑی تن دہی سے اب اس نسبت کو توڑنے کی فکر میں لگی ہوئی تھیں جس کو پختہ کرنے اور "مبدل بہ نکاح" کرنے وہ مری جاتی تھیں! یہ کیوں؟

خدا بہتر جانتا ہے۔

مولانا کہتے تھے کہ "تم دیکھ لینا فیروزہ کو ہار ماننا پڑے گی!"

(۲)

اب ایک اور لطیفہ سُنئے۔

ایک روز کا ذکر ہے کہ دروازوں اور شیشوں پر رنگ کرنے کے لئے سفیدہ اور دوسرے رنگ میں نے تیار کئے تھے مولانا مذاق میں کہہ رہے تھے کہ "یہ کیا بات ہے کہ تم میں (کولتار میں) کوئی رنگ نہیں ملایا جا سکتا!"

یہ اون کا دلچسپ ترین فقرہ تھا۔ ایک مرتبہ مجھ سے پوچھا کہ "تمہارا ڈبہ کہاں گیا؟" مطلب یہ کہ کولتار کا ڈبہ اُسوقت میں بڑی مشغولیت کے ساتھ سفیدی میں سبزہ پھینٹ رہی تھی کہ اتنے میں ڈاکیہ آیا اور ایک "موٹا" سا خط میرے نام کا آیا۔

پتہ دیکھتے ہی فوراً معلوم ہو گیا کہ کس کا ہے۔ بی ساہدہ کا خط تھا۔ "بیچاری شاہدہ" میرے منہ سے ایک ٹھنڈی سانس کے ساتھ پُرغم لہجہ میں یہ الفاظ نکلے "قسمت پھوٹ گئی بیچاری کی"

یہ کہکر میں نے سنجیدہ چہرہ بنا کر خط کھولا کیونکہ جانتی ہی تھی کہ اس خط میں وہ داستانِ غم ہوگی جو گھنٹوں رُلائے گی۔

اب خط کھولکر جو پڑھنا شروع کیا ہے تو فوراً ہی رُکنا پڑا! "ہیں!" میرے منہ سے نکلا۔ مولانا کی بھی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں "مکارہ کہیں کی" اُنہوں نے بھی کہا آپ یقین مانیں کہ خط کا مضمون حسب ذیل تھا۔

میری پیاری بہن۔

تمہارے خط پہ خط پہونچے۔ میں نے اُنکے جواب دیئے مگر سچ پوچھو تو ایک کا بھی جواب نہیں دیا۔

کیونکہ سوائے اِس کے کچھ نہ لکھا کہ تمہارا خط ملا مفصّل پھر لکھوں گی۔ روز یہی کہتی تھی کہ کل لکھوں گی مگر یہ کل بھی عجیب کل تھی کہ آج آئی۔ اب اسکی وجہ میں کیا بتاؤں۔ دراصل اِس سے کہیں پہلے خط لکھ چکی ہوتی مگر لکھا ہی نہ گیا۔ اصل پوچھو تو معلوم کتنی دفعہ تمہیں خط لکھنے بیٹھی۔ مگر یہی سمجھ میں نہ آیا کہ لکھوں تو کیسے لکھوں۔ ایسی حماقت کا خیال کر کے کچھ لکھا ہی نہ جاتا۔ یہ سوچکر کہ سچ سچ لکھتی ہوں تو معلوم تم میرا کیا فضیحتہ کرو گی اور بھائی (مولانا) کیا کہیں گے بس اِسی ڈر کے مارے میں اب تک لکھ ہی نہ سکی پھر اب یہ سوچکر آخر ایک دن لکھنا ہے ہمت کر کے لکھتی ہوں۔ مگر دیکھو، خفا مت ہونا اور نہ میرا مذاق اُڑانا۔

تم نے لکھا تھا کہ مفصل لکھو اور کُل حال لکھو تو میری بہن اب تو کان کھول کر سُن لے اور اچھی طرح سُن لے مگر دیکھ میرا مذاق مت اڑانا۔ تو بہن بات دراصل یہ ہے کہ میں احمق تھی! بلکہ تو بھی اری کمبخت، ابوالحسن صاحب تو بہترین آدمی ہیں! اِن سے بہتر تو جواں دُنیا میں ملنا مشکل ہے بلکہ ناممکن ہے! اِن سے زیادہ لایق ساتھی تو مجھکو چراغ لیکر ڈھونڈھنے پر بھی نہ ملتا! پھر اِس کے علاوہ اِن سے زیادہ دلچسپ اور اِن سے زیادہ زندہ دل اور اِن سے زیادہ خوش مذاق آدمی میری دانست میں تو دُنیا میں دو تین ہی ہونگے پھر محبت کا یہ حال کہ بہن سچ ماننا کہ اِن سے زیادہ بیوی کو چاہنے والا اور محبت کرنے والا شوہر میں نے تو سُنا نہیں۔ بس عاشق زار سمجھو۔ اِن سے زیادہ محبت اور عشق حقیقی رکھنے والا شوہر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ سوائے میرے کسی دُوسری لڑکی کو بھی ملا ہے (شاید تمہیں ہی نہیں۔ یا ملا ہے؟)

وہ سچی محبت، جو ایک شوہر کو بیوی سے ہونا چاہئے اُسکی یہ جیتی جاگتی تصویر ہیں۔ اور اب میری بہن، تم یقین کرنا کہ میری عقل نہیں کام کرتی کہ بغیر اِن کے میری زندگی کس طرح ممکن ہو سکتی ہے۔ ایک دن تو بہت ہوتا ہے۔ اگر ایک گھنٹہ کے لئے وہ کہیں اور ہوتے ہیں تو میرے لئے یہ

جُدائی قیامت ہوجاتی ہے۔ یہ سب کیوں؟ محض اِسی وجہ سے کہ وہ مُحبت جو اُنکو مُجھ سے ہے اِسکا عشر عشیر بھی میں نے کہیں نہیں دیکھا۔

اور اب جو میں گذشتہ واقعات پر غور کرتی ہوں کہ کس طرح میں ہیرے کو ٹھکرا رہی تھی تو یقین مانو کہ کانپ جاتی ہُوں! یا اللہ اگر مُجھے میرا یہی میاں نہ ملتا تو میں کیا کرتی! میری زندگی کس طرح بے سُود ثابت ہوتی۔ میرا اِس دُنیا میں آنا ہی بیکار ہوتا!

خدا کا لاکھ لاکھ شُکر ہے کہ لوگوں نے زبردستی پکڑ کے میری شادی کردی اور خدا کا ہزار در ہزار شُکر ہے کہ اُس نے ہماری اور تمہاری سب کی کوششوں کو ناکام کیا۔ اری کمبخت غضب ہی ہوگیا تھا! کہیں جو سچ مُچ میری شادی نہ ہو! میری تقدیر جاگ اُٹھی جو مُجھے ایسا مُحبت کرنے والا۔ عاشق زار عقلمند سمجھدار اور تعلیم یافتہ شوہر خدا نے عنایت کیا۔ قلم میں طاقت نہیں کہ میرے دِلی جذبات کا اظہار کرکے اُنکی خُوبیاں لکھ سکے۔ قصہ مُختصر یہ سمجھ لو کہ ابوالحسن صاحب تو بیحد اچھے نکلے! مُجھ کمبخت کو کیا پتہ تھا! مُجھے معلوم ہوتا تو میں کاہیکو زمین آسمان ایک کردیتی۔ غرض مطلب میرا یہ ہے کہ میں اپنے میاں سے اِسقدر خوش ہُوں کہ بس نہیں اُسکو دلّی کا بادشاہ سمجھوں۔ بغیر اپنے میاں کے مُجھے دنیا اندھیر ہوجائے تم تو خیر جو کُچھ کہو گی وہ میں جانتی ہُوں مگر جانوں بی کیا کہیں گی۔ میرے ساتھ اُنہوں نے وہ بھلائی کی ہے کہ کبھی نہ بھُولُوں گی۔ ہاں ہاں ایک اور بات ہے وہ یہ کہ وہاں تُم نے ابوالحسن صاحب کو دیکھا تھا؟ وہ ابوالحسن صاحب اب نہیں ہیں۔ وہ پُرانی اَچکن اور کوٹ نہ معلوم اُن کے کہاں گئے۔ یہاں تو اُنکی شاہ خرچی کا یہ حال ہے کہ میرے اشارہ پر سینکڑوں روپیہ لُٹتے نظر آتے ہیں اور میرے خیال میں کشمیر بھر میں شاید ہی کوئی دُوسرا اُن سے زیادہ خوش وضع اور خوش لباس موجُود ہو.... وغیرہ وغیرہ"

"اری کمبخت۔ مُردی کہیں کی تیرا بھلا ہو" میں نے کہا "دیکھو تو کمبخت نے میرا حال کس طرح

اپنے بیچے تباہ کیا۔ کیسی کیسی خوہلکان اور حیراں ہوئی۔ زہر پی رہی تھی چھت پر سے کود رہی تھی جاں دیئے دیتی تھی اور اب یہ لکھتی ہے! نہ جبر لی ہو اچھی طرح کہ یاد ہی کرے۔"

میں آپ سے صحیح عرض کرتی ہوں کہ اس خط کے بیس دن بعد شاہدہ آئی اور آتے ہی ماری گئی۔ دوڑ کر مجھ سے لپٹ گئی اور میں نے اچھی طرح کمبخت کو مارا۔

ابوالحسن صاحب بولے کہ "بہن دیکھ لو تم۔ میں نہ کہتا تھا کہ موٹی ہو جائیں گی"

اور واقعی شاہدہ۔ تندرستی اور خوشی اور بشاشی کا نمونہ بنی ہوئی تھی۔ میں نے کہا کہ "کمبخت تو تو کہتی تھی کہ مجھے دق ہو جائے گی تو تو دوگنی موٹی ہو رہی ہے" کیونکہ وہی بلکہ اس سے کہیں زیادہ اس کے خوبصورت چہرہ پر تندرستی اور شرارت کا نور تھا اور وہی قیامت کی آنکھوں میں شوخی اور تن بدن معطر اور معنبر۔ یسم کے بہترین کیڑوں میں وہ آنکھوں کو چیر کر دل میں گھسی جاتی تھی۔

میری خوشی کا اندازہ لگانا آسان ہے۔ میں نے اوسکو رات کو بھی نہ جانے دیا اور پھر جو باب کھلا ہے باتوں کا تو لوگوں کو دیکھکر ایک الجھن ہو گئی کہ الٰہی یہ انکی باتیں ہیں یا مصیبت! کہ ختم ہونے میں نہیں آتیں۔ ظاہر ہے کہ حم والی کی باتوں سے لیکر فیروزہ تک کی تمام باتیں سنا ڈالیں یہاں فیروزہ کی باتوں سے خاص تعلق ہے

(۳)

شاہدہ نے کہا کہ "بی بی اُن ڈاکٹرنی کو دراٹلاؤ تو ہم بھی تو دیکھیں کہ وہ کیسی ہیں" پھر بولی کہ "وہ انکے یوسف کو بھی بلاؤ" اور خود اُس نے دمہ لیا کہ "نہ دونوں کو گاٹھ دیا ہو تو شاہدہ نام نہیں"

قصہ مختصر فیروزہ کو میں نے تار دیا خط پہلے ہی لکھ چکی تھی کہ شاہدہ آئیگی تو تمہیں تار دیکر بلاؤں گی۔ وہ چلی آئی اور بی شاہدہ نے تھوڑا سا اُن سے مذاق کرنے کے بعد ہی کہا کہ "لو بہن

تم منگاؤ لڈو ابھی ہم تمہاری شادی رچائے دیتے ہیں مگر خبردار جو تم دہیں اُسے غرض پڑے گی سو دعہ تمہاری جوتی پر ناک رگیے گا۔ اور ہی سُنو۔ وہ ہیں کون حضرت جو بہکی بہکی باتیں کرتے ہیں۔ ذرا بلواؤ تو اُنہیں"۔

یہ کہکر مولانا سے کہا گیا کہ کسی طرح یوسف صاحب کو اس طرح بُلا لاؤ کہ اُنہیں پتہ نہ چلنے پائے کہ کیوں بُلایا ہے بس کسی بہانہ سے اُنہیں لگا لاؤ یہاں پھر میں اُنہیں سمجھ لُونگی۔

اِدھر تو اُس نے مولانا سے یہ کہا اور اُدھر فیروزہ کو یہ نہ بتایا کہ واقعی اُنہیں اس طرح بُلوانے کا انتظام ہے۔

جب شاہدہ سے میں نے اور مولانا نے یہ پُوچھا کہ اُنہیں بلا کر پھر کروگی کیا۔ تو اُس نے کہا کہ "اب ندی وہ شاہدہ نہیں ہے۔ پنجاب اور کشمیر کی ہوا کھلے ندوں کہا کر آئی ہے اور ایسے ویسے چھو کرے تو میرے کوٹ کی جیب میں پڑے رہتے ہیں۔ ذرا اُنہیں بُلا کر درست کرونگی مجھے ذرا یہ دیکھنا ہے کہ وہ مجھ سے کیسی منطق گھارتے ہیں"۔

دوسرے روز یوسف صاحب کو مولانا بالکل ہی بے خبری میں ایک اور صاحب کی امداد سے لگا لائے اُنکو تو معاملہ سے آگاہ کر کے سر کا دیا اور اُنہوں نے یوسف صاحب سے کہا کہ ابھی آیا، میں یوسف صاحب کے سامنے ہوتی نہیں تھی اور بیٹھنے کا ایک ہی کمرہ تھا۔ فیروزہ کو یہ کہکر کچھ ملنے والے آئے ہیں میں پہلے ہی لے گئی تھی۔ مولانا اور یوسف صاحب بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ کسی بہانہ سے مولانا "ابھی آتا ہوں" کہکر یوسف صاحب کو کمرہ میں اکیلا چھوڑ کر لپک کر اندر آئے اور مجھ سے کہا کہ اب یوسف صاحب اکیلے بیٹھے ہیں میں نے شاہدہ سے کہا اور شاہدہ اُٹھی مجھے اِشارہ کر کے اور فیروزہ سے کہا "چلو بی ڈاکٹرنی کمرے میں چلیں اب وہاں کوئی نہیں" تُنت کے

کمرے میں آکر شاہدہ نے مذاق میں پیچھے سے میرے دونوں بازو پکڑ کر کندھوں کے پاس زور سے مذاق ہی مذاق میں ریلنا شروع کیا اور سر سے الگ دکھیلا فیروزہ شاہدہ کی اس حرکت پر مسکراتی پیچھے آرہی تھیں میں نے جو شاہدہ کو جھٹکا تو اوسنے "چل ڈاکٹرنی" کہکر فیروزہ کو ریلنا شروع کیا، فیروزہ کلبلاتی ہنستی تیزی سے چلیں۔ چتم ردں میں برآمدے ہوا اور کمرہ کے دروازہ پر پہونچتے ہی اس زور سے شاہدہ نے فیروزہ کو ریلا دیا ہے کہ دیکھتے بہالتے اونکو یوسف صاحب پر یا انکی کرسی پر گرنا پڑا۔ اور قبل اس کے کہ اس طوفانِ بدتمیزی کے شکار سنبھل سکیں شاہدہ سامنے کا دروازہ بند کر کے باہر سے کنڈی لگا چکی تھی اور میں اپنی طرف سے بند کر چکی تھی۔

دوسرے برآمدہ سے ہو کر شاہدہ آنکھیں پھاڑے لپکی ہوئی آئی۔ میں نے کہا کہ "اب کیا ہوگا؟"

"اب کیا ہوگا؟" شاہدہ نے کہا "اے ہی ہوگا یہ کہ دونوں کی عقل ٹھکانے آجائے گی اور کیا ہوگا۔"

اتنے میں دروازہ کو اندر سے فیروزہ نے انگلی سے بجایا۔ اسکے جواب میں شاہدہ دانتوں تلے انگلی داب کر میرا ہاتھ پکڑ کر اندر لے گئی۔ کہنے لگی "بند رکھو دونوں کو اسی میں شام تک۔"

پورے دو گھنٹہ بعد جو شاہدہ نے دروازہ چپکے سے کھولا ہے تو فیروزہ کرسی پر سے سیدھی اٹھ کر آئیں۔ نہایت سنجیدہ مگر چہرہ پر ہوائیاں تھیں کہ شاہدہ نے پوچھا۔

"کہو بہن ڈاکٹرنی تمہارے مریض کا کیا حال ہے؟"

یہ پوچھا ہی تھا کہ ایک ہلکی سی مسکراہٹ فیروزہ کے چہرہ پر آئی اور شاہدہ بولی "دیدیا رہر نگوڑے کو۔"

"وہ بالکل چپ سناٹے میں آ رہ چلی گئیں۔ اور دادی اماں سے باتیں کرنے لگیں۔

اب شاہدہ نے اندر جھانک کر نہایت ہی بے تکلفی سے دیکھا یوسف صاحب سے جو اُس کی لطر چار ہوئی تو کہت لولی "کہیئے حضرت علاج کرا چکے"
اُدھر سے حاکر بی شاہدہ نے ہی دروازہ کھولا مولانا گھر میں چھپے بیٹھے تھے کہ یوسف صاحب کا سامنا نہ ہو کمرہ کھلتے ہی یوسف صاحب سیدھے بھاگے۔

اب یہ بات تو بتانے کی نہیں کہ وہاں کیا باتیں ہوئیں۔ فیروزہ شام ہی کو چلی گئی۔ مگر ہاں نتیجہ اس کا یہ نکلا کہ یوسف صاحب کی کمان ڈھیلی ہو گئی۔ دو دن میں چھ دفعہ دوڑ کر آئے اور کوڑی پھیر الگاتے رہے۔ اور دو تین تار الگ گھر پر دے چکے ہیں۔ قصہ مختصر ہارے اور جھک مارے فیروزہ نے اتنا بتایا کہ "مجھ سے اُنہوں نے خود اُلٹی معافی چاہی اپنے رویہ کی" یہ کیوں اور کیسے؟ اسکا جتنا فضول پوچھا ہے اِس سے زیادہ فضول بتانا۔ بس اتنا ہی بتا دینا بہت ہے کہ بصد ادب یوسف صاحب کو ایک عرضی پیش کرنا پڑی اور معافی مانگی سو علیحدہ تب جا کر چھ مہینہ کی اُمیدواری اور بیسیوں خوشامدیں کرنے کے بعد ڈاکٹرنی ہتھے چڑھی۔ اِس کا ذکر یہاں فضول ہے۔ شاید پھر کبھی۔

فیروزہ کے قصہ کو مشکل سے کوئی پندرہ دن ہوئے ہونگے شام کا وقت تھا اور میں برآمدہ کے سامنے اپنے چبوترہ پر کرسی پر بیٹھی مزے میں دوسری کرسی پر پیر رکھے ہوئے پڑھ رہی تھی کہ کسی نے میری آنکھیں ایک دم سے آکر پیچھے سے بند کر لیں۔
میں سمجھی شاہدہ ہے اور میں نے کہا "چل مسخری" یہ کہکر میں نے ہاتھ جو پکڑے تو کلائی سے کہنی تک ہاتھ دوڑ گیا اور چوڑیاں ندارد۔ شاہدہ کے ہاتھوں میں چوڑیاں تھیں۔ اب حالانکہ

میں اپنی آنکھیں جھپکا سکتی تھی لیکن میں نے خود ہنسکر کہا "ٹھہرو میں بتاتی ہوں"! اوہو! میں نے دل میں کہا کہ آج بی خاتون کی طبیعت میں گدگدی پیدا ہوئی ہے جو اُس طرف اتری ہیں اور اندر سے اِس طرح آئی ہیں۔ چنانچہ میں نے اطمینان کر کے کہا "کیوں بی خاتون یہ چوڑیاں آج کیوں اُتار دیں"! میرے اِس کہنے پر کچھ دبی ہوئی ہنسی سی سُنائی دی۔ اور ایک مردانی آواز میں کسی نے کہا "بتا دو تو دس روپیہ انعام"!

بوکھلا کر میں نے ہاتھ ہٹانا چاہا کہ یہ کون آگیا مگر وہاں میری آنکھوں کو اور اچھی طرح دبایا اور قبل اس کے کہ میں ہاتھ ہٹا سکوں میرے سر پر میز پوش ڈال دیا۔

"کون ہے؟" بگڑ کر میں نے جو چھڑا کر کھڑی ہوتے ہوئے میز پوش پھینکا ہے تو میں جیسے سن سی ہو گئی۔ جم والی کا خوبصورت اور جھکیلا چہرہ ایک طرف گلاب کے پھول کی طرح کھل کر رہ گیا تو دوسری طرف میں صورت شکل ہی سے پہچان گئی نجمی! مگر قبل اسکے کہ میں سنبھل پاؤں جم والی مجھ سے مارے محبت کے لپٹ گئی۔ کس محبت سے اور کس زور سے اُسنے بھینچ ڈالا۔

مجھے چھوڑا تو میرے متحیر اور جھینپے ہوئے چہرہ کو اُس نے غور سے دیکھا میں عجیب چکر میں تھی اور کچھ احمق سی ہو رہی تھی۔ اُس نے میرا ہاتھ لیکر نجمی سے تعارف کرایا اور کہا "جم"!

مُنہ سے تو میں نے کچھ نہ کہا لیکن آنکھوں نے میری سب کچھ کہا تو وہ بولے "گھبرائے مت ایہا نجمی ہی سہی"!

"اوہو! اب میں سمجھی" میں نے کہا "بھائی میٹھو"!

دونوں کو اچھی طرح بٹھایا۔ سر سے پیر تک جم والی کو دیکھا اور پھر نجمی یا جم کو دیکھا۔ سب سے پہلے جو میں نے سوال کیا وہ یہ کہ "کچھ معاملہ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ . . . ، کہ اُنہیں اس طرح کیوں پکڑ لے گیا؟ یہی پوچھتی ہیں نا"!

"ہاں" میں نے کہا۔ "یہ عجیب و غریب طریقہ آخر کیوں پسند کیا؟"

"مجھے حیران کرنے کے لئے۔" جم والی بولیں۔

جم نے کہا۔ "پھر آپ ہی بتائیے کہ دوسری صورت کون سی تھی۔ لاکھ ان سے کہا کہ میں ہی جم ہوں مگر یہ نہ مانیں تو کیا کروں۔ اور پھر آپ بیتی تو آپ خود ان سے پوچھئے گا۔ انہوں نے مجھے بہت ہی دق کیا ہے۔"

جم والی نے جم سے کہا کہ اب آپ تو سیدھے گھر جائیے اور میں آؤنگی اب کل صبح۔ کہانا جی چاہے یہاں کہا جائیگا اور جی چاہے وہاں۔"

چنانچہ جم کو رخصت کر کے اب میں اطمینان سے بیٹھی اور میں نے کہا کہ "ہن اب تو اپنا قصہ تو ذرا سنا۔"

جم والی نے تو پورا اپنا قصہ شروع سے آخر تک سنایا مگر اس کے یہاں دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اتنا کافی ہے کہ جم والی کے بھائی کی اعانت سے جم نے یہ سب کچھ بہروپ بدلا اور وہ بھلا آدمی سب کچھ دیکھا کیا۔ جم والی نے اس طرح اپنا قصہ سنایا

"مجھے موٹر میں ڈالکر اور پکڑ کر بمبئی کے بھیس میں سیدھے دہلی پہونچے۔ وہاں ایک بنگلہ بیشتر سے موجود تھا۔ وہاں جاکر مجھے اتارا۔ کیسے کیسے میں نے ہاتھ جوڑے ہیں خوشامدیں کی ہیں اور کیسا کیسا میں روئی ہوں کہ خدا کی پناہ۔ پھر وہاں دہلی میں پہونچکر مجھے مار ڈالنے کی دھمکی دی۔ کبھی چاقو دکھائے۔ کبھی خنجر دکھائے مگر میں اپنی ضد پر قایم رہی۔ جب مجھے اسقدر اپنے ارادہ پر مستقل پایا تو مجھے ایک کمرہ میں بند کر دیا اور بند کرتے وقت مجھے یہ خط دیدیا۔

"پاگل لڑکی۔ ذرا ٹھنک تو کہو لکر دیکھو۔ یہ سب کچھ اور کس سے؟ اچھا سچ بتانا کیسے ملا ہوں؟"

بس اتنی ہی عبارت تھی۔ میں تحریر پہچانتی ہوں اور دہک سے ہو گئی۔ دوڑ کر ٹرنک کھولا تو اوپر ہی پاسپورٹ رکھا تھا اوسکو کھولکر جو دیکھا تو ہاتھوں میں ایک رعشہ سا آگیا۔ بس بہن بیان نہیں کر سکتی کہ میری کیا حالت ہوئی ہے۔ نجمی اور جم ایک ہی میں! پاسپورٹ کی پوری تفصیل دیکھی اور سولہ آنہ تصدیق ہو گئی۔ پاسپورٹ کے پاس ایک اور خط ملا جس میں اس عجیب و غریب طریقہ پر ملنے کے وجوہات درج تھے۔ یہ بھی لکھا تھا کہ تمہارے بھائی سے پوچھ لیا تھا۔ پھر اپنا اور زینت کا دُور کا رشتہ تھا اوسکی تفصیل بتائی کہ کس طرح زینت کو راز دار بنایا تھا۔ میرے گذشتہ خطوں کے حوالے دیئے تھے۔

میں عجیب ہی خیالات میں غرق تھی کہ کمرہ کھلا تو مارے شرم کے میں جھک سی گئی چپ کی چپ رہ گئی۔

بیٹھکر مجھے تفصیل کے ساتھ سمجھایا کہ کس طرح مجھے بیوقوف بنایا۔ میری سمجھ میں بھی آگیا جب انہوں نے کہا کہ تصویر بھی تو اسی وجہ سے میں نہیں بھیجتا تھا اس کے بعد پھر مجھے اپنا سرٹیفکٹ دکھایا جو ولایت سے حاصل کیا تھا کچھ تمنے دکھائے۔ غرض سیکڑوں ثبوت دے ڈالے۔

اس کے ہفتہ بھر بعد کا حال سنو۔ مجھ سے کہنے لگے کہ اب تم میری بیوی تو ہو ہی گئی ہو لاؤ اب تم کو اصل بات نہ بتا دیں۔

میں نے کہا "وہ کیا؟"

بولے "ہم اصل میں جم دم کچھ نہیں ہم تو واقعی نجمی ہیں"

میں نے ہنسکر کہا "ہوا کرو۔ مجھے معلوم ہے"

کہنے لگے "اری لڑکی میں نے بڑی مشکل سے جم کو پچاس ہزار روپیہ دیکر تجھے لیا ہے، تجھے تو میں یا رسال ہی دیکھ گیا تھا۔ بڑی مشکل سے جم نے تیرے تمام خطوط وغیرہ دیئے ہیں"

میں مسکرا رہی تھی۔ پھر بولے "دیکھو! اب جو ہونا تھا سو چکا جم نے تمہیں چھوڑ ہی دیا میں تمہیں سب حال بتاتا ہوں"

یہ کہکر اُٹھے اور ایک پاسپورٹ دوسرا میرے سامنے ڈالدیا۔ بالکل ویسا ہی یہ نجمی کے نام سے تھا اور تصویر بھی انہی کی۔ صرف نام میں فرق تھا۔

اب ذرا میں چکرائی تو بولے "معاف کرو اب تو جو کچھ ہونا تھا سو ہو چکا۔ اب مجھ سے نکاح اور کرلو"

میں نے غور سے چہرہ پر دیکھا اور مذاق کو سمجھ کر میں مسکرا کر بولی "جائیے بھی۔ اور خط تحریر؟" مجھے دراصل خیال ہی نہ تھا کہ میرے سامنے بیٹھکر کبھی ہمیں لکھا ہے۔

"ہاں ٹھیک کہتی ہو" وہ بولے "یہ دیکھو میری تحریر۔ میں لکھتا ہوں" یہ کہکر لکھا اور کہا "اب تمہیں کچھ یاد پڑا کہ زینت کے یہاں اُس روز جو میں نے لکھا وہ یہ خط ہے یا جم کا خط ہے"

"اور وہ تحریر جو اُس روز ٹرنک میں ملی تھی وہ؟" میں نے پوچھا۔

"وہ جم سے لکھوالایا تھا۔ پچاس ہزار روپیہ کا ہے کو دیئے ہیں۔ اور پھر تمہیں اپنے بھائی کو خط نہیں لکھنے دیتا ہوں یہ دیکھو سب کے سب جو تمنے گذشتہ ہفتہ میں لکھے وہ یہ رہے۔ میں نے ایک بھی نہیں ڈالنے دیا" یہ کہکر خط سب کے سب میرے سامنے ڈالدیئے "پھر تمہاری سمجھ میں یہ بھی نہ آیا کہ آخر میں تو تمہیں پکڑ کر لایا ہوں۔ جم کو بھلا اس کی کیا ضرورت تھی"

یہ کہکر اس طرح سنجیدہ صورت بنائی کہ خدا کی پناہ۔ میں سہم اور لرز گئی اور میں نے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ "خدا کے واسطے مجھے پریشان مت کرو۔ کیوں مذاق کرتے ہو" میرا یہ کہنا تھا کہ اور ثبوت دینے لگے۔ خط کھولکر دکھائے جنمیں انگلستان کی مُہریں تھیں وہیں کے تھے۔ پتہ بھی لکھا ہوا تھا اور جم کے ہاتھ کے خطوط تھے۔ میں نے پہلا خط ہی جو دیکھا ہے اور پڑھا ہے اسکو جم نے لکھا تھا میرے

مارے میں پچاس ہزار روپیوں کا ذکر اور شرط یہ کہ کُل خطوط دیدوں گا اور جو خطوط لکھوا دُ گے سب لکھہ دوں گا۔ مجھے نہیں معلوم کہ میرا کیا حال ہوا۔ چکر سا مجھے آتا معلوم ہوا۔ کمرہ گھومتا دکھائی دیا اور پھر میں وہیں بیہوش ہو کر رہ گئی۔

جب مجھے ہوش آیا تو کیا دیکھتی ہوں کہ جھکے ہوئے مجھے دیکھ رہے ہیں اور مسکرا رہے ہیں میرے چہرہ پر بل پڑ گئے اور کچھ کہنے ہی والی ہی کہ ہنسکر بڑی محبت سے بولے "جم کی دیوانی میں جم ہوں۔ ذرا اُٹھ میں ابھی تجھے سب بتاتا ہوں" میں ایک دم سے خوش سی ہو گئی "اللہ کرے یہ قطعی جم ہوں" میں نے دل میں کہا اور انہوں نے سہارا دیکر مجھے اُٹھایا۔

اب انہوں نے بہائی جان کے خط دکھانا شروع کئے جو انہوں نے اس تجویز کے بارہ میں لکھے تھے۔ انہوں نے صلاح دی تھی کہ تمہاری یہ تجویز کہ تم اپنی بیوی سے اس طرح بھیس بدلکر ملو تمہاری رائے میں دُرست ہو تو میری دانست میں ٹھیک نہیں اور آیندہ تمہیں اختیار ہے۔ پھر ایک دوسرا خط اور دکھایا۔ اس میں بھی یہی لکھا تھا اور آخر میں صاف صاف لکھا تھا کہ بیوی تمہاری ہے تمہیں ہر طرح کا اختیار ہے اب میں پھر اسی طرح باغ باغ ہو گئی۔ بے ہوشی کا صدمہ مجھے معلوم ہی نہ دیا گھنٹہ بھر بعد ہی چاق و چوبند ہو گئی۔ شام کو بولے کہ ہم نے دیکھا کہ تو مری جا رہی ہے لہذا مجبوراً تجھے اُلٹے سیدھے خط دکھا کر راضی کر لیا ورنہ ہم تو شرطیہ نخمی ہیں۔ اری بیوقوف تو نے یہ نہ دیکھا کہ وہ خط تو جم کو لکھے گئے تھے۔ یہ تجویز بیشک جم کی تھی لیکن اُسے روپیہ دیکر ہمیں یہ سب خرید لئے اور اب ہم کر گذرے" اب میں پھر چکرائی تو اور دو ایک ثبوت دیئے اور میں حیران ہوئی تو پھر مجھ سے کہا کہ بڑی احمق ہے ارے میں ہی تو جم ہوں" میں نے کہا کہ اچھا ان باتوں کی تردید کر دو تو کہا صبح کر دیں گے

بہن میں کیا بتاؤں کہ مجھے کیسا دق کیا ہے صبح بات کر دیتے کہ جم ہوں اور شام کو

پھر بھی تمام باتیں خطوں کے ذریعہ سے اور تحریر کے ذریعہ سے۔ آخر کار پھر میں نے تحریر بھی لکھوائی تو جم کی سی تھی جب تحریر میں نے دیکھ لی تب مانی۔ لیکن پھر دوسرے دن طرح طرح سے یہ ثابت کر دیا کہ میرا انکا خط ایک سا ہے۔ میں نے مشق کی ہے اور غور سے اگر دیکھو تو فرق معلوم ہو جائے۔ دن بھر مجھے طرزِ تحریر کو شناخت کرنے کے طریقے بتائے اور پھر ایک روز یہی ثابت ہو گیا کہ جم نہیں بھی ہیں۔

غرض کہاں تک کہوں۔ میں نے آخر کو تنگ آکر اسپر غور کرنا ہی چھوڑ دیا۔ جب ایک دفعہ ثابت ہو گیا کہ جم یہی ہیں تو پھر اُس کے بعد میں نے کہہ دیا کہ اس کی میں تردید ہی نہیں سنونگی لیکن خدا کی پناہ! آج سے پندرہ سولہ روز پہلے کا ذکر ہے جب ہم شملہ میں تھے۔ وہاں جب انہوں نے دیکھا کہ اب میں اس کی تردید ہی نہیں سنونگی کہ جم نہیں ہیں تو عجیب ترکیب چلی۔ دو تین روز ڈاک اس طرح لیتے کہ مجھے شبہ ہوتا کہ کوئی خط مجھ سے چھپا کر رکھ لیا۔ میں نے پوچھا تو ٹال دیا۔ میں بھی بھول گئی۔ دو ایک دفعہ اسی طرح کیا اور ٹال دیا۔ مجھے روپیہ کی ضرورت تھی میں نے جو کہا کہ روپیہ چاہئے تو کہا کہ "میرے بھورے کوٹ کی جیب سے لے لینا"۔

میں نے جو بھورے کوٹ کی جیبیں دیکھیں تو وہاں ایک نوٹ بھی نہیں۔ ہاں ایک خط نکلا جسپر سُرخی سے لکھا تھا "خفیہ"۔ میں نے جو اسے پڑھا تو میرے ہوش جاتے رہے۔

کسی دوست نے اُنکے دلی سے لکھا تھا۔ اُس میں یہ لکھا تھا کہ "تم جم کا پارٹ خوب کھیل رہے تو اب ذرا ہوشیار رہو۔ جم بمبئی آگئے ہیں اور وہیں سے اُنہوں نے پولیس میں رپورٹ کرا دی ہے اور رسید ہے دہلی آرہے ہیں۔ تار میں تمکو دے چکا ہوں۔ دہلی سے انہیں پتہ چل جائیگا کہ شملہ میں ہو لہذا بہتر ہے کہ فوراً تم نینی تال چلے جاؤ یا اور کہیں چھپ جاؤ اور اس سے پیشتر جو تمہیں دو خط لکھے ہیں تو انہیں بھی احتیاط سے پھاڑ کر پھینک دینا۔ اب تمہیں

بیحد ہوشیاری سے کام لینا چاہیئے۔" وغیرہ وغیرہ۔ غرض اسی قسم کی باتیں لکھی تھیں۔
اب مجھے پھر کرید سی ہوئی اور میں نے تمام ٹرنک اور کپڑے تلاش کرنا شروع کئے تو وہ تار بھی مل گیا اور دونوں خطوط بھی مل گئے۔ ان میں بھی یہی سب باتیں لکھی ہوئی تھیں اور ایک میں وہ فقرہ لکھا تھا کہ میں سناٹے میں آگئی۔ لکھا تھا کہ تم جو کہتے ہو کہ لڑکی بہت بھولی اور سیدھی ہے تو کیا اتنی احمق ہے کہ وہ سمجھی ہی نہ ہوگی کہ آخر اب تک بھائی سے خط و کتابت ناممکن ہے اس میں کوئی راز نہیں ہے۔ ایسی تو احمق کوئی لڑکی نہیں ہو سکتی۔ غرض اسی قسم کی باتیں لکھی ہوئی تھیں۔ اب میں سخت چکرائی۔
اُدھر باہر سے جو آئے تو قبل اس کے کہ میں کچھ زبان سے نکالوں مجھ سے عجیب ہی گھبراہٹ میں کہا کہ "جلو بینی تال چلیں۔"
اب میں سناٹے میں آگئی۔ پھر کیا بتاؤں کہ کس کس طرح تنگ کیا ہے۔ اقبال کر لیا کہ میں بجی ہوں اور بہت سے ثبوت دیئے میرا کیا کیا بُرا حال ہوا ہے۔ مجھ سے کہا کہ اب پھر کیا چاہتی ہو۔ میں نے جواب دیا کہ سوائے موت کے کچھ نہیں چاہتی ہوں مگر بھائی سے ذرا مجھے ملوا دو کہ مرنے سے پہلے انہیں تو جی طرح بتا دوں کہ جان بوجھ کر مجھے کہاں جھونکا۔ اب یہاں جو آج آئی ہوں تو بھائی جان نے گلے لگا کر کہا کہ پاگل ہوئی ہو اور رحم سے کہا کہ "اب جو تمنے اسے تنگ کیا تو ہم تمہیں ماریں گے بہت۔" انہوں نے کہہ دیا ہے کہ اب سچ مچ اگر یہ بجی ہیں تب بھی تو نہ ماننا۔ غرض آج میں نے اطمینان کا سانس لیا ہے۔"
حرم والی نے اپنے عجیب و غریب شوہر کا قصہ ختم کیا ہے اور اس قصہ پر میں اپنے دلچسپ قصہ کو ختم کرتی ہوں۔ والسلام

"کولتار"

نوٹ

اس کتاب کو پڑھ کر اور بالخصوص اِس آخری باب کو پڑھ کر اگر کسی صاحب کو اسبات پر مصنف پر غصہ آئے کہ اُسنے "بالشویزم" کی تبلیغ کی ہے اور وہ اس کتاب یا اس کے باب کو معاشرتی۔ اخلاقی یا مذہبی نقطۂ نظر سے قابلِ اعتراض سمجھتے ہیں تو اگر وہ صاحب غیر مُسلم ہیں تو کچھ نہیں ورنہ اگر مسلمان ہیں تو اسکے جواب میں مُصنف اُن سے ڈانٹ کر کہتا کہ "خاموش! مقامِ ادب ہے۔ زبان تھام کر! کہیں جہنّم میں نہ جا پڑو! بہتر ہے کہ پہلے مُصنف کی کتاب قرآن اور پردہ کا باب "کورٹ شپ اور اسلام" پڑھ لو کہ وہ کتاب مُصنف نے اپنی تمام کتابوں کے لکھنے سے پہلے ہی لکھ کر رکھدی ہے۔

مرزاجی

ملک کے مشہور ادیب حضرت ایم اسلم نے اس کتاب میں ایک دُنیا سے نرالے کردار کی تخلیق کی ہے۔ مرزاجی کے واقعات پڑھکر اسقدر ہنسی آتی ہے کہ سنجیدہ سے سنجیدہ آدمی بھی لوٹ لوٹ جائیں۔ مرزاجی سے متعلق مضامین کے علاوہ بے شمار اور مزاحیہ مضامین اس کتاب میں شامل ہیں اس شان کی کتاب اب تک آپکی نظر سے نہیں گذری ہوگی۔ ضخامت تقریباً (۳۵۰) صفحات قیمت عہ/

ملنے کا پتہ ساقی بکڈپو۔ دہلی

مزاحیہ کُتب کا بیش بہا ذخیرہ

کُتب مصنفہ مرزا عظیم بیگ چغتائی

روحِ ظرافت آٹھ مزاحیہ افسانوں کا دلکش مجموعہ "انگوٹھی مصیبت" "کولتار" "الشذری" "ساطر کی بیوی" وغیرہ مع مقدمہ از جناب مرزا فرحت اللہ بیگ صاحب دہلوی قیمت عہ

روحِ لطافت "روحِ ظرافت" کا دوسرا حصہ۔ اسمیں بھی "مہارانی کا خواب"۔ "ٹیلیفون"۔ "ممتحن کا پان" اور "کہر یا بہادر" جیسے آٹھ نادر افسانے ہیں قیمت عہ

چینی کی انگوٹھی اور لوٹیکا راز۔ یہ کتاب پلاٹ کے لحاظ سے بھی ایسی ہی عجیب و غریب ہے جیسا کہ اس کا نام۔ ایک لوٹے نے دو افسانوں کی زندگی میں کس طرح انقلاب پیدا کر دیا؟ قیمت ۸ر

تفویض ایک حیرت انگیز طویل خواب جسمیں مصنف عورت بن جاتا ہے اس حالت میں کیا کیا واقعات پیش آئے دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ قیمت (۵ر)

قرآن اور پردہ۔ آیات قرآنی سے پردہ کی حقیقت بیان کی ہے اسلامی پردہ کیا ہے اور رسمی پردہ مسلمان عورتوں کے لئے کیا عذاب بن گیا۔ مصنف نے نہایت تحقیق و کاوش سے یہ کتاب لکھی ہے قیمت عہ

خانم۔ اس کتاب میں گھریلو زندگی کا اسقدر دلچسپ نقشہ کھینچا گیا ہے کہ آج تک کسی اور کتاب میں آپنے نہیں دیکھا ہوگا دیورانی جٹھانی کی نوک جھونک باہمی شکر رنجیاں پُر لطف مزاحیہ پیرایہ میں بیان کی گئی ہیں (زیر طبع)

ملنے کا پتہ

ساقی بک ڈپو دہلی